Presented by: Rana Jabir Abbas

بسم اللہ الرحمن الرحیم

SABEEL-E-SAKINA
www.ziyarat.net

شیخ المضیرہ

ابوھریرہ
تاریخ کے
آئینہ میں

تصنیف
علامہ محمود ابوریہ (مصر)

ترجمہ
سید محمد موسیٰ رضوی

نظر ثانی
سید حسین مرتضیٰ

ادارۂ عظمت انسانیت
تنویر منزل ۳/۴۸۱ ۔ لیاقت آباد ۔ کراچی

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نام کتاب: شیخ المضیرہ

طبع: اوّل ۱۳۹۸ھ یکم محرم (۱۹۷۷ء)

مؤلف: شیخ محمود ابوریہ (مصر)

ترجمہ: سید محمد موسیٰ رضوی

اہتمام: انصار حسین واسطی

پیشکش: امیر علی سجن

طابع: المشہد پرنٹنگ ایجنسی
۳/۲۸۱ لیاقت آباد کراچی

طباعت: ابن حسن پرنٹنگ پریس کراچی

قیمت :- ۲۰/۰۰ روپے

ناشر

ادارۂ عظمتِ انسانیت

۳/۲۸۱ لیاقت آباد کراچی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ترتیب

۱۔ عرضِ ناشر	۱۰
۲۔ پیش لفظ	۱۱
۳۔ تقریظ	۱۷
۴۔ نگاہِ اولین	۳۵
۵۔ مولف کتاب	۴۹
۶۔ ماخذ کتاب	۵۱
۷۔ مقدمہ	۵۵
۸۔ سرآغاز	۶۳
۹۔ ابوہریرہ	۶۵
۱۰۔ ابوہریرہ کے نام میں اختلاف	۶۷
۱۱۔ ابوہریرہ کا سلسلۂ نسب اور انکی پرورش	۷۰
۱۲۔ خیبر میں پیغمبرؐ کے حضور ابوہریرہ کی شرفیابی	۷۲
۱۳۔ پیغمبر اکرمؐ سے ابوہریرہ کی مصاحبت کا سبب	۷۶
۱۴۔ ابوہریرہ کی زندگی بعد از اسلام	۷۸
۱۵۔ صفہ میں ابوہریرہ کی سکونت۔	۸۰
۱۶۔ صفہ میں ابوہریرہ کی بسر اوقات۔	۸۲
۱۷۔ ابوہریرہ اور حضرت جعفر بن ابی طالبؑ۔	۸۵
۱۸۔ ابوہریرہ کی شکم پروری	۸۸
۱۹۔ شیخ المضیرہ۔	۹۰

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۲۰۔ حدیث "زر غبا تزدد حبا" ۹۵

۲۱۔ "انصر اخاک ظالما او مظلوما" ۹۶

۲۲۔ ابوہریرہ کی شوخیاں۔ ۹۹

۲۳۔ ابوہریرہ بحرین میں اور ان کی پیغمبر اکرم کے ساتھ مصاحبت۔ ۱۰۲

۲۴۔ ابوہریرہ کا تجاہل عارفانہ۔ ۱۱۰

۲۵۔ ابوہریرہ کعب الاحبار سے نقل حدیث کرتے ہیں۔ ۱۱۲

۲۶۔ حدیث "نیل، سیحون اور فرات بہشت کی نہریں ہیں۔" ۱۱۷

۲۷۔ ان نہروں کا بہشت سے جاری ہونا ایک قدیم افسانہ ہے۔ ۱۱۷

۲۸۔ حدیث "خداوند عالم نے زمین کو ہفتے کے دن خلق کیا۔" ۱۲۱

۲۹۔ ابوہریرہ کی روایت شدہ احادیث ناقابل اعتبار ہیں۔ ۱۲۶

۳۰۔ حضرت عمرؓ کا ابوہریرہ کو تازیانے لگانا۔ ۱۲۹

۳۱۔ ابوہریرہ کی کثرت احادیث۔ ۱۳۲

۳۲۔ کس طرح ابوہریرہ اپنے آپ کو من مانی روایات کا حقدار سمجھنے لگے۔ ۱۳۶

۳۳۔ صحابہؓ کا ابوہریرہ سے انکار اور ان کی عیب جوئی۔ ۱۳۸

۳۴۔ حدیث "من اصبح جنبا فلا صوم لہٗ" ۱۴۱

۳۵۔ "میرے دوست نے کہا اور میں نے اپنے دوست سے سنا" ۱۴۶

۳۶۔ حضرت عمرؓ، حضرت عثمانؓ، حضرت عائشہؓ اور مولا علیؑ نے
یرہ کی تکذیب کی ۱۴۷

۳۷۔ حدیث "شعر" ۱۵۰

۳۸۔ حدیث "لا عدوی ولا طیرہ ولا ھامہ" ۱۵۴

۳۹۔ ابوہریرہ پر تابعین کی نکتہ چینی اور انکا انتقاد۔ ۱۵۷

۴۰۔ ابوہریرہ لوگوں کی تضحیک کا نشانہ بنے۔ ۱۶۲

۴۱۔ ابوہریرہ کا اعتراف کہ لوگ ان کی تکذیب کرتے ہیں۔ ۱۶۴

۴۲۔ اسلام میں متہم ہونے والا پہلا راوی۔ ۱۶۶

۴۳۔ پیغمبر اکرم پر جھوٹ بولنے والے کی سزا۔ ۱۶۸

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۶۹۔ خالد بن ولیدؓ ۲۷۶

۷۰۔ ابوہریرہ حضرت عثمانؓ کے بعد اُبھرے ۲۷۷

۷۱۔ وہ واقعات اور جنگیں جس میں ابوہریرہ نے شرکت نہیں کی اور ظاہر کیا کہ وہ ان میں شریک تھے۔ ۲۷۹

۷۲۔ ابوہریرہ کی روایات کے چند نمونے ۲۸۳

۷۳۔ حدیث "مگس" ۲۸۹

۷۴۔ مکھی کی ہنگامہ آرائی ۲۹۱

۷۵۔ اکابرین صحابہ کی نقل کردہ روایات ۲۹۹

۷۶۔ حضرت ابوبکرؓ کی روایات ۲۹۹

۷۷۔ حضرت عمرؓ کی بیان کردہ روایات ۳۰۰

۷۸۔ حضرت علیؑ کی روایات ۳۰۰

۷۹۔ حضرت عثمان کی بیان کردہ روایات ۳۰۲

۸۰۔ زبیر بن عوامؓ ۳۰۲

۸۱۔ عبدالرحمٰن بن عوفؓ ۳۰۲

۸۲۔ سعد بن ابی وقاصؓ ۳۰۳

۸۳۔ ابی ابن کعبؓ ۳۰۴

۸۴۔ زید بن ثابت الانصاریؓ ۳۰۴

۸۵۔ سلمان فارسیؓ ۳۰۵

۸۶۔ وہ اکابر صحابہ جنہوں نے پیغمبر اکرمؐ سے کوئی روایت نہیں کی۔ ۳۰۶

۸۷۔ ابوہریرہ کے بارے میں ایک مجمل گفتگو۔ ۳۰۸

۸۸۔ خاتمہ کلام ۳۱۴

۸۹۔ ایک اہم گفتگو ۳۲۲

۹۰۔ ضمیمہ ۳۲۵

۹۱۔ فرمان نبویؐ برائے سلمان فارسیؓ (المجوسی) ۳۲۹

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۴۴۔ ابوہریرہ تدلیس سے کام لیتے ہیں۔ ۱۷۰
۴۵۔ تدلیس اور مدلسین۔ ۱۷۳
۴۶۔ تدلیس شدہ حدیث ۱۷۵
۴۷۔ حکم تدلیس۔ ۱۷۵
۴۸۔ حدیث مرسل ۱۷۸
۴۹۔ ابوہریرہ دیگر صحابہ کے مانند نہیں ہیں۔ ۱۸۴
۵۰۔ رجال حدیث کی نقتیض گوئی۔ ۱۸۸
۵۱۔ ابوہریرہ کی بنو امیہ سے وابستگی۔ ۱۹۱
۵۲۔ عوام النّاس اور معاویہ ۲۰۱
۵۳۔ ابوہریرہ اور معاویہ کی پیروی۔ ۲۱۰
۵۴۔ ابوہریرہ بنی امیہ کی حکومت میں کس طرح شامل ہوئے۔ ۲۱۴
۵۵۔ حدیث "بسط ثوب" ۲۱۸
۵۶۔ ابوہریرہ کے حافظے کی کمزوری۔ ۲۲۸
۵۷۔ حدیث "دعائین" ۲۳۴
۵۸۔ حدیث "مزود" ۲۴۵
۵۹۔ آل ابی العاص اور تمام بنی امیہ کے حق میں ابوہریرہ کی خدمات ۲۵۱
۶۰۔ معاویہ کا رُخِ زیبا ۲۵۶
۶۱۔ ابوہریرہ حضرت علیؑ کی بدگوئی میں احادیث جعل کرتے ہیں۔ ۲۵۷
۶۲۔ ابوہریرہ کے لئے بنی امیہ کی امداد اور بخشش ۲۶۲
۶۳۔ ابوہریرہ کی تن پروری اور خوشگذرانی ۲۶۴
۶۴۔ بحرین کی حکومت میں ابوہریرہ کی سیرت ۲۶۷
۶۵۔ والیوں کے انتخاب میں حضرت عمرؓ کا طریقہ کار ۲۷۰
۶۶۔ دیانتدار والیوں کی چند مثالیں ۲۷۲
۶۷۔ حذیفہ بن الیمانؓ ۲۷۳
۶۸۔ سلمان فارسیؓ ۲۷۵

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

لفظ

کی بات اور نبیؐ
پائیں۔ آئتیں
ضیح وتشریح فرماتے
و فعل کے بارے

ب مگران ہی چند
ہوئی ہے!
سنت عرفان و
ہوئے!
ے کبھی محراب
ں میں بیٹھے تو ان
کی حفاظت کا

جنبش اور ذات
ن ہوئی۔
نیچے بنے، دفاع

ابتدائیہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

و استحکام کے اسلوب سامنے آئے اور سب سے بڑی بات یہ کہ کائنات بشری ایک انقلاب آفریں سیرت اور ایک تاریخ ساز دور سے متعارف ہوئی۔

حضور اکرمؐ کے بعد آپ کے باصلاحیت جانشینوں نے ان آثار جلیلہ کو اپنے کلیجے سے لگایا اور پھر خون جگر دے کر انھیں اس سلیقے سے پھیلایا کہ سلسلۂ حدیث کے ہر نقش جمیل نے ایک مستقل اور وسیع علم کی صورت اختیار کر لی!

اسلام کے خزانہ عامرہ میں دانش و بینش کے لعل و گہر ملتے ہیں، وہ سب حدیث کی بدولت ہیں۔ حدیث نہ ہوتی تو خدا جانے ہم کتنے بڑے سرمائے سے محروم ہو جاتے!

مگر ان تمام حقائق کے باوجود حدیث پر بہت کڑے وقت آئے، بڑی سخت افتاد پڑی۔ چشم فلک نے ایک وہ دور دیکھا کہ اس نوع سخن پر زبان کٹتی تھی کسی کی مجال جو حدیث کا نام لے سکے! پھر اس پر کام کرنے کا کیا سوال پیدا ہوتا ہے؟

البتہ چند گنے چنے لوگ تھے جنھیں تلوار کے پانی میں زندگی کی موجیں نظر آتی تھیں۔ بس وہی اس متاع بے بہا پر اپنی جانیں چھڑکتے رہے۔

ایمان کی بات یہ ہے کہ اگر یہ سراپا ہمت اور ہمہ تن خلوص ہستیاں نہ ہوتیں تو پھر حدیث کا خدا ہی حافظ تھا۔

اور لیجئے اب دوسرا رخ بھی ملاحظہ کیجئے۔ یا تو حدیث پر پابندی کا یہ عالم کہ نہ کوئی لکھے نہ پڑھے نہ سنے نہ سنائے۔ بڑے بڑے حافظان حدیث دن بھر منہ سیئے رہتے۔ پھر بھی راتوں کو عتاب و سزا کے بھیانک خواب دیکھتے! اور جب حالات نے پلٹا کھایا تو معلوم ہوا کہ پورے بلاد اسلامیہ میں "حدیث سازی" کے بے شمار کارخانے لگ گئے ہر شہر میں راویوں کی ریل پیل ہو گئی اور گلی گلی اخبار فروشی کی دکانیں سج گئیں!

یا اللہ! — یا آں بے نمکی دیا بایں شورا شوری! خیر! وقت کی یہ الٹ ایسی نہیں تھی جو قابل فہم رہتی۔ بالآخر لوگوں کو معلوم ہو گیا کہ حکومت کی نوازش

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

jabir.abbas@yahoo.com

ابتدائیہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عرض ناشر

قاری سے یہ بات پوشیدہ نہیں ہے کہ اس زمانے میں کسی کتاب کا پیش کرنا کس قدر دشوار ہے مگر حوادث زمانہ کا مقابلہ بھی بہر حال اہل حق پر واجب ہے۔

زیرِ نظر کتاب علامہ محمود ابوریہ کی تالیف ہے جسکا ترجمہ جناب سید محمد موسیٰ رضوی صاحب نے اپنی گوناگوں مصروفیات کے باوجود انتہائی لگن، کاوش اور جانفشانی سے کیا اس کا اندازہ قاری کو کتاب پڑھنے کے بعد خود ہی ہو جائیگا نیز ترجمہ پر نظر ثانی کا اہم فرض سید حسین مرتضےٰ ایم اے، ریسرچ اسکالر نے انجام دیا ہے۔

لیکن قاری کو بخوبی علم ہے کہ صرف ان مراحل سے گزرنے کے بعد کتاب زیور طبع سے مزین نہیں ہوتی اس اہم اور کٹھن منزل سے گزرنے میں ہماری معاونت جناب امیر علی ساجن صاحب نے کی۔ جناب امیر علی ساجن صاحب اگر ہماری ہمت افزائی نہ فرماتے تو شاید یہ کتاب آپ کے ہاتھوں تک نہ پہنچتی۔ سچ ہے کہ اللہ نیک کام کے لئے اپنے بندوں میں جس کو چاہتا ہے چن لیتا ہے۔ ہماری دعا ہے کہ خداوند کریم الرحیم محترمی امیر علی ساجن صاحب کو اپنے لطف وکرم سے مزید نوازے۔

ناشر

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پیش لفظ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جب دنیا میں اسلام کی صبح صادق طلوع ہوئی تو اللہ کی بات اور نبیؐ کی ذات بس یہی دو حقیقتیں تھیں جو دین الٰہی کا علمی سرمایہ قرار پائیں۔ آیتیں اترتی رہتی تھیں اور صاحب "وما ینطق عن الھویٰ" ان کی توضیح و تشریح فرماتے جاتے تھے۔ کبھی زبان سے، کبھی عمل سے اور گاہے کسی کے قول و فعل کے بارے میں رضایت مندانہ خاموشی کے ذریعے۔

خدا کی کتاب اور رسولؐ کا خطاب، کہنے کو تو دو چار لفظ ہیں مگر ان ہی چند لفظوں میں اسلام کے متاع دین و دانش کی آفاق گیر تاریخ چھپی ہوئی ہے!

وحی الٰہی یا قرآن کریم گفتار و کردار رسولؐ یا مجموعۂ حدیث و سنت عرفان و آگہی کے وہ سرچشمے ہیں جن سے تمام علوم اسلامی کے دریا موجزن ہوئے!

پیارے نبی نے کبھی فراز منبر سے معرفت کے پھول برسائے کبھی محراب مسجد میں خلوص کے بے مثال سجدے بسائے۔ دوستوں کی محفل میں بیٹھے تو ان کے دل کی ساری کدورتیں دور کر کے آگے بڑھے۔ کبھی لوح و قلم کی حفاظت کا انتظام گاہے تیغ و علم کی بلندی کا اہتمام!

غرض کہ نفس نفس اور قدم قدم حضورؐ کے وجود گرامی کی ہر جنبش اور ذات اقدس کے ہر انداز سے علم کے سوتے پھوٹے اور عمل کی روشنی معین ہوئی۔

یعنی تفسیر کی طرح بڑی فقہ کا ظہور ہوا، امن و ترقی کے سانچے بنے، دفاع

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

واستحکام کے اسلوب سامنے آئے اور سب سے بڑی بات یہ کہ کائنات بشری ایک انقلاب آفریں سیرت اور ایک تاریخ ساز دور سے متعارف ہوئی۔

حضور اکرمؐ کے بعد آپ کے باصلاحیت جانشینوں نے ان آثار جلیلہ کو اپنے کلیجے سے لگایا اور پھر خون جگر دے کر انھیں اس سلیقے سے پھیلایا کہ سلسلۂ حدیث کے ہر نقش جمیل نے ایک مستقل اور وسیع علم کی صورت اختیار کر لی!

اسلام کے خزانۂ عامرہ میں دانش و بینش کے لعل و گہر ملتے ہیں، وہ سب حدیث کی بدولت ہیں۔ حدیث نہ ہوتی تو خدا جانے ہم کتنے بڑے سرمائے سے محروم ہو جاتے!

مگر ان تمام حقائق کے باوجود حدیث پر بہت کڑے وقت آئے، بڑی سخت افتاد پڑی۔ چشم فلک نے ایک وہ دور دیکھا کہ اس نوع سخن پر زبان کٹتی تھی کسی کی مجال جو حدیث کا نام لے سکے! پھر اس پر کام کرنے کا کیا سوال پیدا ہوتا ہے؟

البتہ چند گنے چنے لوگ تھے جنھیں تلوار کے پانی میں زندگی کی موجیں نظر آتی تھیں۔ بس وہی اس متاع بے بہا پر اپنی جانیں چھڑکتے رہے۔

ایمان کی بات یہ ہے کہ اگر یہ سراپا ہمت اور ہمہ تن خلوص ہستیاں نہ ہوتیں تو پھر حدیث کا خدا ہی حافظ تھا۔

اور لیجئے اب دوسرا رخ بھی ملاحظہ کیجئے۔ یا تو حدیث پر پابندی کا یہ عالم کہ نہ کوئی لکھے نہ پڑھے نہ سنے نہ سنائے۔ بڑے بڑے حافظان حدیث دن بھر منہ سیئے رہتے۔ پھر بھی راتوں کو عتاب و سزا کے بھیانک خواب دیکھتے! اور جب حالات نے پلٹا کھایا تو معلوم ہوا کہ پورے بلاد اسلامیہ میں "حدیث سازی" کے بے شمار کارخانے لگ گئے ہر شہر میں راویوں کی ریل پیل ہو گئی اور گلی گلی اخبار فروشی کی دکانیں سج گئیں!

یا اللہ! ــ یا آن بے نمکی و یا با این شور اشوری! خیر! وقت کی یہ الٹ پھیر ایسی نہیں تھی جو قابل ہضم رہتی۔ بالآخر لوگوں کو معلوم ہو گیا کہ حکومت کی نوازش

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نے اس شعبہ کو کلیدی صنعت کا درجہ دیا ہے اور سیاست کی کرم فرمائیوں سے بھی روایتوں کی پیداوار میں دن دونی رات چوگنی ترقی ہوئی ہے!

اس عہد کی ایک اور قابل ذکر خصوصیت یہ کہ پیشہ ور اور تربیت یافتہ راویوں نے نو بہ نو حدیثیں ڈھالنے میں تو حیرت انگیز حد تک چابکی کی صفائی دکھائی تھی۔ غضب یہ کہ ان آفت کے پرکالوں نے ہزاروں حدیثوں کے ساتھ کوئی ڈیڑھ سو صحابہ بھی گھڑ ڈھالے اور طرفہ تماشہ یہ کہ ان کے بیسیوں کردار اور کارنامے بھی تخلیق کر لیئے! مگر حیرت ہے کہ ان روح فرسا اقدامات کے خلاف کوئی محاذ نہیں لگتا۔ کوئی آواز نہیں اٹھتی! آخر کیوں؟ شاید اس لیئے کہ یہ عوامی سطح کا مسئلہ نہیں تھا اور خاص لوگ ارباب اقتدار کی دلچسپیوں کا احترام واجب گردانتے ہوں گے۔ بعض علماء نے توجیہ و تاویل کا سہارا لیا ہوگا اور کچھ دانشوروں نے یہ کہہ کر چپ سادھ لی ہوگی کہ ؎

جو چاہے آپ کا حسن کرشمہ ساز کرے

لیکن وہی محافظ جماعت اور قدر شناس گروہ جس نے اپنا خون پسینہ ایک کر کے ذخیرہ حدیث کو ملیا میٹ ہونے سے بچایا تھا اس صبر آزما موقع پر بھی کام آیا۔ یعنی امت مسلمہ میں آثار نبویؐ کی عظمت، اہمیت اور تقدس کے احساس کو زندہ کیا اور ساتھ ہی ساتھ رشد و ہدایت کے اس عظیم اثاثے کو کانٹ چھانٹ کرنے دغل فصل، ترمیم و تحریف سے محفوظ رکھنے کا شعور بھی پیدا کر دیا۔!

یہ خلوص و فدویت میں رچی ہوئی جماعت وہ تھی جس کے راس و رئیس "باب مدینۃ العلم" امیر المومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام تھے۔ ہاں! یہ علی ہی تھے جنھوں نے جمع و تدوین حدیث کی بنیاد ڈالی اور حکومت کی پرواہ کئے بغیر بار بار یہ اعلان فرماتے رہے کہ "علم و دانش کو قلمبند کر لو" نیز علیؑ ہی نے حدیث کی قدر و قیمت سمجھنے کے لئے مسلمانوں کو یہ وقیع نظریہ عطا فرمایا کہ "نادان لوگ تو روایت تک پہنچ کر رہ جاتے ہیں مگر دانشمند کا ذہن درایت کی بلندیوں کو

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

چھوتا ہے۔

مکتب علویؑ کے اس انداز تبلیغ و تلقین کا یہ اثر ہوا کہ وہ کلمہ گو جو ہر سیاسی خرافات کو پیغمبر خداؐ کی بات سمجھ کر سر تسلیم خم کرنے کے عادی ہو گئے تھے وہ جاگ گئے اور کسی قول کو قبول کرنے سے پہلے اسے جانچنے پرکھنے اور اس کی اصل و حقیقت معلوم کرنے پر اتر آئے ۔۔ اور پھر رفتہ رفتہ یہ جذبہ یہاں تک بڑھا کہ صاحبان فکر و نظر نے روایت کی ساخت اور راوی کی شناخت کیلئے قاعدے قانون بنا ڈالے !

اس تمام علمی جدوجہد سے جہاں علم حدیث میں قیامت کا نکھار آیا وہاں دانش مندوں میں کلمہ حق کہنے کی بھی غیر معمولی جراٴت پیدا ہو گئی ! جو لوگ شخصیتوں سے مرعوب رہتے تھے جرح و تعدیل کے اصول نے انھیں توانائی بخش دی۔ اور اس توانائی سے زبان و قلم میں بے باکی آگئی ! اور اس بے باکی نے زندگی کے ہر شعبہ کو اپنی گرفت میں لے لیا۔

چنانچہ علمار کا یہ شعار بن گیا کہ وہ ہر معاملہ کا احتساب کرنے لگے اور ہر مسئلہ پر تنقیدی نگاہ ڈالنا شروع کر دی۔

سید جمال الدین افغانی اس مزاج کا بہترین مظہر تھے اور جامعہ ازہر میں انھوں نے جو فکری تربیت کی مہم شروع کی تھی شیخ محمد عبدہٗ مرحوم اس کا عظیم شاہکار ثابت ہوئے پھر ان کے شاگردوں میں شیخ مصطفےٰ عبدالرزاق اور شیخ محمد مصطفےٰ مراغی کی شخصیتیں ابھریں تو شیخ عبدالمجید سلیم نے ان ہی سے فیض حاصل کیا۔ پھر شیخ محمد شلتوت کو یہ شرف حاصل ہوا کہ وہ شیخ عبدالمجید سلیم کے حلقہٴ درس میں شامل ہو کر اپنے جوہر دکھائیں ۔۔ شیخ محمود ابوریہ شلتوتؒ ہی کے شاگرد رشید ہیں اور شیخ المضیرہ ابو ہریرہ آپ ہی کی علمی کاوشوں کا نتیجہ ہے۔

یہ ٹھیک ہے کہ ابوریہ نے حق گوئی و بے باکی اپنے اسلاف سے ورثہ میں پائی تھی، مگر حرف حق بلند کرنے کے لئے بڑے دل جگر کی ضرورت ہوتی ہے اور یہ نعمت بھی انھیں حاصل تھی۔ شیخ ابوریہ نے اپنی اس وقیع تصنیف میں جس جراٴت و ہمت کا مظاہرہ کیا ہے بہت کم لوگوں سے اس کی توقع کی جا سکتی ہے۔ چنانچہ وہ خود " احادیث

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عائشہؓ" کے مصنف علامہ سید مرتضیٰ عسکری مدظلہ سے مخاطب ہو کر اس حقیقت کی نشاندہی کرتے ہیں کہ:

"میں نے اس میدان میں قدم رکھ کر بڑے کڑوے گھونٹ پئے ہیں۔ آپ بھی میرے ہمسفر ہیں۔ خدا کرے کہ استقامت و پامردی ہمیشہ آپ کے ساتھ رہے"

شیخ المضیرہ پڑھنے کی چیز ہے۔ اور اس کو سمجھنے کی ضرورت ہے۔ عزیزم سید محمد موسیٰ رضوی نے اس کا ترجمہ کر کے ذوقِ سلیم کا ثبوت دیا ہے۔ رضوی صاحب کو علم اسلامی میں بھی دستگاہ حاصل ہے اور وہ لسانیات پر بھی خاصی قدرت رکھتے ہیں۔ اس لئے ترجمہ میں بڑی خوبیاں ہیں۔

خداوند عالم ان کی توفیقات میں مزید اضافہ فرمائے اور ہماری یہ بھی دعا ہے کہ وہ ہمیشہ علمی مشاغل میں منہمک رہیں۔

سید ابنِ حسن نجفی

رئیس دانشگاہ اسلامی۔ کراچی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حدیث کی سرگزشت

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پروردگارِ عالم کی حمد و ثنا اور رسول و اہلبیت رسول علیہم الصلوٰۃ والسلام پر درود و سلام :۔

"قرآن حکیم" کے بعد مسلمانوں کے لئے سب سے محترم، سب سے زیادہ قابل توجہ اور واجب الاتباع چیز "حدیث" ہے۔ ہم یہاں "حدیث" کے مفہوم سے بحث نہیں کر رہے ہیں کیونکہ یہ بات اس وقت ہمارے موضوع سے خارج ہے، یہاں تو ہمیں صرف اتنی سی بات کرنا ہے کہ "حدیث" "فقہ اسلامی" کا دوسرا اہم ماخذ اور حکم قرآنی کے مطابق تمام مسلمانوں کے لئے واجب الاتباع ہے، کیونکہ "حدیث" کے بغیر "قرآن حکیم" کا سمجھنا اور اس کے احکام پر عمل کرنا ناممکن ہے۔ چنانچہ ارشاد باری ہے :۔

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ بِاِذْنِ اللّٰهِ [1]

"ہم نے کسی کو رسول کو اس کے علاوہ اور کسی مقصد کے تحت نہیں بھیجا کہ خداوند عالم کی اجازت سے اس کی اطاعت کی جائے۔"

مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ [2]

"جس نے رسول کی اطاعت کی اس نے خداوند عالم کی

---

[1] سورۂ نساء (۴) آیت ۶۴ [2] سورۂ نساء (۴) آیت ۸۰

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اطاعت کی"

اس لئے اے رسولؐ ان لوگوں سے کہہ دیجئے کہ :-

قُلْ إِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّونَ اللَّهَ فَاتَّبِعُونِي يُحْبِبْكُمُ اللَّهُ ۵۳

"اگر تم لوگ اللہ عزوجل سے محبت کا دم بھرتے ہو تو میری پیروی کرو اللہ عزوجل تمہیں چاہنے لگے گا"

کیونکہ اس کا حکم ہے کہ :-

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَلَا تُبْطِلُوا أَعْمَالَكُمْ ۵۴

"اے صاحبان ایمان! اللہ عزوجل کی اطاعت کرو اور رسولؐ کی فرمانبرداری اختیار کرو (اور ان میں سے کسی ایک کو بھی ترک کر کے) اپنے اعمال ضائع نہ کرو"

اور اس کا یہ حکم اس لئے ہے کہ :-

وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوَىٰ ۝ إِنْ هُوَ إِلَّا وَحْيٌ يُوحَىٰ ۝ ۵۵

"رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کوئی بات اپنی خواہش سے کہتے ہی نہیں، وہ تو جو کچھ کہتے ہیں وہ قطعی طور پر سوائے اس وحی کے کچھ ہوتا ہی نہیں جو ان پر خداوند عالم کی طرف سے نازل کی جاتی ہے"

یہی وجہ تھی کہ حضور ختمی مرتبت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جہاں "قرآن حکیم" کی حفاظت کے سلسلہ میں یہ اہتمام کیا کہ ہر آیت کو نازل ہوتے ہی اصحاب کے حافظوں میں محفوظ کروانے سے پہلے اس کو تحریری صورت میں محفوظ کرانے کے سلسلہ میں سختی اور پابندی اختیار کی وہیں حدیث کے سلسلہ میں اصحاب کو بار بار محتاط رہنے اور اسے محفوظ کرنے

---

۵۳ سورۂ آل عمران (۳) آیت ۳۱ ۵۴ سورۂ محمدؐ (۴۷) آیت ۳۳ ۵۵ سورۂ نجم (۵۳) آیت ۳

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کی جانب متوجہ رہنے کی شدید تاکید فرمائی اور ایک طرف :-

"فَلْيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ الغَائِبَ" ۵۶

"جو لوگ سامنے موجود ہیں وہ ہمارا پیغام ان لوگوں تک پہنچا دیں جو اس وقت یہاں نہیں ہیں"

نیز :-

"قَيِّدُوا العِلْمَ بِالكِتَابِ" ۵۷

"تحریر کے ذریعہ علم کو محفوظ کر لو"

جیسے احکام جاری فرما کر مسلمانوں کو حفاظت و اشاعتِ حدیث کی طرف توجہ دلائی اور دوسری جانب نہ صرف یہ کہ امیر المؤمنین حضرت علی بن ابی طالب علیہ السّلام کو "صحیفۂ علی علیہ السلام" کے نام سے مشہور ہونے والی مفصل "امالی" املاء کروائی جو تمام احکام شریعت پر محیط تھی، بلکہ دوسرے معتمد اصحاب کو بھی احادیث محفوظ کرنے اور انہیں اہل لوگوں تک پہنچانے کے سلسلے میں ایسی تربیت دی جس کی بناء پر خود عہد نبویؐ میں اس "امالی" کے علاوہ مسند سلمان محمدی رضوان اللہ علیہ صحیفۂ ابوذر رضوان اللہ علیہ، مسند ابوذر رضوان اللہ علیہ اور حضرت ابورافع رضوان اللہ علیہ کی "کتاب السنن والاحکام" جیسی کتابیں وجود میں آئیں ۵۹

لیکن، اسلام اور رسول اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مسلسل کامیابیوں سے

---

۵۶ ابن شعبہ حرانی رحمۃ اللہ تحف العقول ص ۳۴

۵۷ ابن شعبہ حرانی رحمۃ اللہ: تحف العقول ص ۳۶

۵۸ آغا بزرگ رحمۃ اللہ: الذریعہ ج ۲ ص ۳۰۶ - ۳۰۷ و ابی داؤد: سنن ج ۲ ص ۲۹۱ و کلینی رحمۃ اللہ: الکافی ج ۱ ص ۱۸۳ و ۱۸۵ - ۱۸۸ و مسلم: صحیح ج ۱ ص ۳۴۲ و ۵۹۴ و ج ۲ ص ۱۶۱ و نجاشی رحمۃ اللہ: رجال ص ۲۵۵ تفصیلات اور حوالوں کے لئے دیکھئے: شعبہ کتب حدیث کی تاریخ تدوین ص ۳۹ - ۴۸

۵۹ ملاحظہ فرمائیے: شعبہ کتب حدیث کی تاریخ تدوین ص ۴۹ و ۵۰ صدر: تاسیس الشیعہ ص ۲۸۰ - ۲۸۲

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سے کفار و مشرکین اور دوسرے اسلام دشمن عناصر بہت زیادہ پریشان تھے۔ انھوں نے ان کامیابیوں کے تسلسل کو روکنے کے لئے بہت سی رکاوٹیں پیدا کیں لیکن انہیں ہر طرف سے ناکامی کا سامنا کرنا پڑا، تب انھوں نے منافقت کا طریقہ اختیار کیا جس کے ذریعہ انھوں نے ظاہری طور پر اپنے آپ کو مسلمان اور مومن بنا کے پیش کیا۔ اس طرح وہ مسلمانوں کی صفوں میں در آئے اور وہ بھی صحابہ میں شمار ہونے لگے۔ اس کے ساتھ ہی انھوں نے اپنی اس موقعیت سے سوءِ استفادہ کرتے ہوئے مسلمانوں کی صفوں میں انتشار اور ان کے درمیان سوءِ تفاہم اور تشکیک پیدا کرنے کی کوششیں شروع کر دیں۔ دشمنان اسلام کی یہ حرکت اتنی زیادہ خطرناک تھی کہ خداوند عالم کو بار بار مسلمانوں کو ان سے بچنے کی تلقین کرنا پڑی اور قرآن حکیم نے خداوند عالم کو بار بار مسلمانوں کو ان سے بچنے کی تلقین کرنا پڑی۔ اور قرآن حکیم نے مختلف مقامات پر پوری قطعیت کے ساتھ ان کے صفات اور ان کے مقاصد پر روشنی ڈال کر مسلمانوں کو متنبہ فرمایا۔ چنانچہ سورۂ بقر کی ابتدائی آیتوں میں ان کا ذکر یوں کیا گیا ہے کہ:-

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالْيَوْمِ
الْاٰخِرِ وَمَا هُمْ بِمُؤْمِنِيْنَ ۸ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَالَّذِيْنَ
اٰمَنُوْا وَمَا يَخْدَعُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ۹ فِيْ
قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا وَلَهُمْ عَذَابٌ
اَلِيْمٌ بِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ ۱۰ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَا
تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ قَالُوْآ اِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ ۱۱
اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُوْنَ وَلٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ۱۲
وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا كَمَآ اٰمَنَ النَّاسُ قَالُوْآ
اَنُؤْمِنُ كَمَآ اٰمَنَ السُّفَهَآءُ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَآءُ
وَلٰكِنْ لَّا يَعْلَمُوْنَ ۱۳ وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚۖ وَاِذَا خَلَوْا اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ ۙ قَالُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ ۙ اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۱۴﴾ اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ فِىْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۱۵﴾ ؎۱

"لوگوں میں کچھ ایسے بھی ہیں جو کہتے تو ہیں کہ ہم اللہ اور یوم آخر پر ایمان لے آئے ہیں لیکن درحقیقت وہ مومن نہیں ہیں۔ یہ لوگ اپنی دانست میں (یہ کہہ کر) اللہ عزّ وجل اور ایمان لانے والے لوگوں کو دھوکہ دینا چاہتے ہیں حالانکہ یہ (لاشعوری طور پر) اپنے نفوس کے علاوہ اور کسی کو دھوکا نہیں دے پاتے۔ ان لوگوں کے دلوں میں مرض نے گھر کرلیا ہے اور (چونکہ یہ اس کی پرورش کر رہے ہیں اس لئے) خداوند عالم نے اس مرض کو اور بڑھا دیا ہے، اور ان کے لئے اس جھوٹ کی وجہ سے بہت دردناک عذاب ہے جس کو انھوں نے اپنا وتیرہ بنا رکھا ہے۔ ان لوگوں کا حال یہ ہے کہ جب ان سے کہا جاتا ہے کہ (اپنے نفاق کے ذریعہ) زمین میں فساد کو عام نہ کرو تو یہ کہتے ہیں کہ یقیناً ہم لوگ تو اصلاح چاہتے ہیں۔ یاد رکھو! کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ یہی لوگ فسادی ہیں، لیکن یہ اس بات کا شعور نہیں رکھتے۔ اور جب ان سے یہ کہا جاتا ہے کہ جس طرح لوگ ایمان لائے ہیں، اسی طرح تم بھی ایمان لے آؤ تو یہ لوگ کہتے ہیں کہ کیا ہم بے وقوفوں کی مانند ایمان لے آئیں خبردار رہو! کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ یہی لوگ احمق و نادان اور عقل سے پیدل ہیں۔ لیکن یہ اس بات کو جانتے نہیں ہیں۔ اور ان لوگوں کی حالت یہ ہے کہ جب مومنین سے ملتے ہیں تو

؎۱ سورۂ بقرہ (۲) آیات ۸ تا ۱۵

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کہتے ہیں کہ ہم ایمان لے آئے، اور جب اپنے شرپسند رہنماؤں (شیاطین) کے پاس خلوت میں جاتے ہیں تو کہتے ہیں، ہم تو تمہارے ہی ساتھ ہیں، بے شک ہم ان لوگوں کو بنا رہے ہیں۔ (نہیں ایسا ہرگز نہیں ہے یہ مومنین سے استہزار کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتے بلکہ) اللہ ان کو بنا رہا ہے اور انہیں ڈھیل دے رہا ہے اور یہ اپنی سرکشی میں خود ہی بھٹک رہے ہیں"

اس کے باوجود اس نفاق نے اتنی زیادتی اختیار کی کہ خداوند عالم کو مکمل قطعیت کے ساتھ فرمانا پڑا کہ:-

إِذَا جَاءَكَ الْمُنَافِقُونَ قَالُوا نَشْهَدُ إِنَّكَ لَرَسُولُ اللَّهِ وَاللَّهُ يَعْلَمُ إِنَّكَ لَرَسُولُهُ وَاللَّهُ يَشْهَدُ إِنَّ الْمُنَافِقِينَ لَكَاذِبُونَ ۝ اتَّخَذُوا أَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوا عَن سَبِيلِ اللَّهِ إِنَّهُمْ سَاءَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ [۱۱]

"جب منافقین آپؐ کے پاس آتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم گواہی دیتے ہیں کہ یقیناً آپؐ اللہ کے رسول ہیں (تاکہ اس طرح وہ آپؐ کی قربت حاصل کر کے اپنے بُرے مقاصد حاصل کر سکیں) اور اللہ (یہ بات اچھی طرح) جانتا ہے کہ آپؐ یقیناً اس کے رسول ہیں اس کے باوجود وہ (ان کے نفاق کی پردہ دری کے لئے) گواہی دیتا ہے کہ بلا شبہ یہ منافق اپنے قول میں جھوٹے ہیں۔ ان لوگوں نے قسموں کو اپنی ڈھال بنا رکھا ہے اور اس کے ذریعہ لوگوں کو اللہ کے راستہ سے روکتے ہیں۔ بے شک یہ جو کچھ کر رہے ہیں بہت

---

[۱۱] سورۂ منافقون (۶۳) آیات ۱، ۲

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بُرا کر رہے ہیں۔"

اسی کے ساتھ ساتھ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی مسلمانوں کو وقتاً فوقتاً ان کی شرارتوں کی جانب متوجہ کرتے رہے۔ جس کی وجہ سے صحابہ میں بالبصیرت قسم کے افراد تو ان کی نیتوں اور شخصیتوں کو پہچان گئے اور اپنے ساتھیوں کو بھی ان کی شرارتوں کی جانب توجہ دلاتے رہے لیکن سادہ لوح قسم کے صحابہ ان منافقین کے زیر اثر رہے اور صحابی ہونے کے ناطے ان کے خلاف ہونے والی درست باتوں کو بھی غلط سمجھتے رہے۔ ان منافقین کے پیشِ نظر سب سے اہم کام خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شخصیت کو ہر پہلو سے کمزور بنانا تھا کیونکہ وہ جانتے تھے کہ خدا کا پیغام اور دینِ اسلام آپؐ سے اس طرح وابستہ ہے کہ اسے آپؐ کی ذات اقدس سے کسی طرح جُدا نہیں کیا جاسکتا۔ اس لئے اسلام کی اشاعت کو روکنے اور اس کے قوانین کو بے اثر بنانے کا سب سے مؤثر طریقہ یہ ہے کہ آپؐ کی شخصیت کو مشتبہ اور بے اثر بنا دیا جائے۔ اس لئے انھوں نے اور بہت سی نازیبا حرکتوں کے ساتھ ساتھ حضور ختمی مرتبت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے متعلق غلط بیانی سے کام لینا شروع کر دیا اور سادہ لوح صحابہ کے درمیان خود حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیات طیبہ میں پوری ڈھٹائی کے ساتھ اُلٹی سیدھی باتیں آپؐ سے منسوب کرکے مشہور کرنا شروع کر دیں۔ اسی بنا پر مومنین کرام کو یہ حکم دیا گیا تھا کہ :-

یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِنْ جَآءَكُمْ فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ فَتَبَیَّنُوْۤا [۱۲]

"اے ایمان لانے والو! جب کوئی فاسق شخص تمہارے پاس کوئی خبر لے کر آئے تو تم خوب اچھی طرح تحقیق کر لیا کرو۔"

---

[۱۲] سورۂ حجرات (۴۹) آیت ۶

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اس کے باوجود سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر بہتان طرازی کا یہ سلسلہ اتنی تیزی سے بڑھتا رہا کہ آخرکار آپؐ کو سختی سے اس کے تدارک کی جانب متوجہ ہونا پڑا اور آپؐ نے صحابہ کے ایک اجتماع سے خطاب فرماتے ہوئے انتہائی سخت لہجہ میں ارشاد فرمایا :-

أَيُّهَا النَّاسُ! قَدْ كَثُرَتْ عَلَيَّ الْكَذَّابَةُ، فَمَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّداً فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ [۱۳]

"لوگو! اب مجھ سے جھوٹی باتیں منسوب کرنے کی انتہا ہوگئی ہے، اس لئے میں تمہیں خبردار کر رہا ہوں کہ جو جان بوجھ کر مجھ سے جھوٹی بات منسوب کرے اس کا ٹھکانہ جہنم ہے"

ظاہر ہے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے متعلق جھوٹی باتیں منسوب کرنے والے یہ لوگ صحابہ ہی کے درمیان پائے جاتے تھے اور مسلمان شمار ہوتے تھے، لیکن درحقیقت یہ اسلام دشمنوں کے وہ کارپرداز تھے جو اسلام اور اہل اسلام کی تباہی کے لئے سر توڑ کوششوں میں مصروف تھے۔ یہی وجہ تھی کہ آپؐ نے معتمد، باصلاحیت اور اہل صحابہ کو اس قسم کے اصحاب کے ناموں اور کارکردگی سے آگاہ کر دیا تھا اور عام مسلمانوں کو یہ کلیہ تعلیم فرما دیا کہ :-

"إِنَّ عَلَى كُلِّ حَقٍّ حَقِيقَةً وَعَلَى كُلِّ صَوَابٍ نُوراً، فَمَا وَافَقَ كِتَابَ اللهِ فَخُذُوهُ وَمَا خَالَفَ كِتَابَ اللهِ فَدَعُوهُ" [۱۴]

"بے شک ہر سچائی کی حقیقت اور ہر ٹھیک بات کا نور ہے، تو جو بات کتاب اللہ کے موافق ہو اُسے لے لو اور جو اس کے

---

[۱۳] کلینی رحمۃ اللہ : الکافی ج ۱ ص ۶۲ [۱۴] کلینی رحمۃ اللہ ج ۱ ص ۹۶ سند یہ ہے "علی بن ابراہیم، عن ابیہ، عن النوفلی، عن السکونی، عن أبی عبداللہ علیہ السلام قال :- قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ"۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas
jabirabbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

خلاف ہو اسے ترک کر دو۔"

" یہی سبب ہے کہ صحابہ کے درمیان بہت سی متضاد روایتیں عام تھیں، سادہ لوح قسم کے صحابہ اس تضاد پر نظر نہیں رکھتے تھے، اور بعض صحابہ میں ان متضاد روایتوں کی وجہ سے مختلف قسم کے غلط رجحانات پیدا ہو رہے تھے لیکن محتاط اور ذمہ دار افراد ان باتوں پر غور کرتے اور ان کی چھان بین کی کوشش کرتے تھے، سُلیم بن قیس ہلالی اس ہی قسم کے ایک عالم تھے۔ اس لئے انھوں نے امیر المومنین علی بن ابی طالب علیہ السلام سے عرض کی :-

" مولا! میں نے سلمان، مقداد اور ابو ذر رضوان اللہ علیہم سے قرآن حکیم کی ایسی تفسیریں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی ایسی احادیثیں سُنی ہیں جو عام طور سے لوگوں کے معلومات کے خلاف ہیں۔ لیکن ان باتوں کی تصدیق میں نے آپؑ سے بھی سُنی ہے، نیز میں نے لوگوں کے پاس تفسیر اور حدیث کے سلسلہ میں ایسی باتیں دیکھی ہیں، کہ آپ حضرات ان کی مخالفت فرماتے ہیں، تو کیا آپؑ کے خیال میں لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم پر جھوٹ باندھتے اور اپنی رائے سے قرآن حکیم کی تفسیر کرتے ہیں!

" سُلیم کی یہ بات سُنکر امیر المومنین علیہ السّلام آگے بڑھے اور آپؑ نے فرمایا :-

"تم نے سوال کیا ہے تو جواب کو خوب اچھی طرح سمجھ لو! دیکھو!

" لوگوں (کے درمیان جو تفسیر و حدیث متداول ہے اس میں ان) کے پاس حق و باطل، سچ اور جھوٹ، ناسخ و منسوخ، عام اور خاص، محکم و متشابہ اور حفظ و وہم (یعنی المختصر ہر قسم کی باتیں) سب کچھ موجود ہے۔"

" پھر، حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے عہد میں بھی لوگ آپؐ پر جھوٹ باندھتے تھے (اور اس بات میں ان کی ہمتیں اتنی بڑھی ہوئی تھیں کہ) یہاں تک کہ آپؐ نے کھڑے ہو کر خطبہ دیا اور فرمایا :-

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

"لوگو! مجھ پر جھوٹ باندھنے کی رسم بہت بڑھ گئی ہے اس لئے خبردار رہو (اور جان لو) کہ جس نے جان بوجھ کر مجھ پر جھوٹ باندھا وہ اپنا ٹھکانا جہنم ہی میں تلاش کرے۔"

"اس کے باوجود آپؐ پر آپؐ کی رحلت کے بعد بھی جھوٹ باندھا جاتا رہا۔ اس لئے یاد رکھو!

"تم سے جو لوگ حدیث بیان کرتے ہیں وہ قطعی طور پر چار قسموں میں اس طرح محصور ہیں کہ ان کی کوئی پانچویں قسم ہے ہی نہیں۔

"ان میں سے پہلی قسم اس شخص کی ہے جو منافق ہے اور ایمان کا اظہار کرتا ہے، بناوٹی طور پہ اپنے آپ کو مسلمان ظاہر کرتا ہے، حالانکہ اس کا حال یہ ہے کہ وہ نہ گناہ سے بچتا ہے اور نہ حضور ختمی مرتبت صلی اللہ و آلہ وسلم پر عمداً جھوٹ باندھنے میں کوئی باک محسوس کرتا ہے

"تو اگر لوگ یہ جان لیں کہ یہ شخص منافق اور جھوٹا ہے تو نہ تو وہ اس کی بات قبول کریں اور نہ ہی اس کی تصدیق کریں، لیکن ان کا حال یہ ہے کہ وہ (سوچے سمجھے اور پرکھے بغیر) کہتے ہیں کہ:- اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی صحبت کا شرف حاصل کیا ہے ان کی زیارت سے مشرف ہوا ہے اور ان کی گفتگو سُنی ہے۔ اس لئے وہ اگرچہ اس کے حال سے بے خبر ہیں لیکن اس سے روایت لے لیتے ہیں۔

"حالانکہ خداوند عالم نے انہیں منافقین سے پوری طرح باخبر کر دیا ہے اور ان کا پورا تعارف فرمایا ہے، چنانچہ اس صاحب عزت وجلال نے فرمایا:-

وَاِذَا رَاَيْتَهُمْ تُعْجِبُكَ اَجْسَامُهُمْ وَاِنْ يَّقُوْلُوْا تَسْمَعْ لِقَوْلِهِمْ ۵لہ

"کہ جب تم انہیں دیکھو گے تو ان کا ڈول تمہیں ورطۂ حیرت

۵لہ سورۂ منافقین (۶۳) : آیت ۴

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میں ڈال دے گا اور جب وہ کوئی بات کہیں گے تو تم سنتے ہی
رہ جاؤ گے (کہ کتنے حسین و خوب صورت ہیں اور کتنی عقل
مندی کی باتیں کرتے ہیں!!"

"پھر یہ لوگ، آپؐ کے بعد بھی باقی رہے اور انھوں نے بیہودہ باتوں، جھوٹ اور بہتان کے ذریعہ گمراہی کے پیشواؤں اور جہنم کی آگ کی جانب بلاتے والے افراد کا تقرب حاصل کرلیا، یہاں تک کہ ان لوگوں نے ان منافقین کو معاملات کا نگراں بنا دیا، انھیں لوگوں کی گردنوں پہ مسلط کر دیا اور ان کے ذریعہ (خوب جی بھر کر) دنیا کو کھایا۔ یقیناً لوگ اپنے بادشاہوں کے ساتھ ہوتے ہیں اور دنیا صرف اسی کا ساتھ دیتی ہے جو اللہ عزّ وجل کی نافرمانی کرے۔

"ان میں سے دوسری قسم کا آدمی وہ ہے جس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کوئی بات سُنی لیکن وہ اُسے ٹھیک سے سمجھ نہ سکا (یا یاد نہ رکھ سکا) اور وہ اس سلسلہ میں وہم اور شبہ میں مبتلا ہوگیا، لیکن وہ اس بات کے سلسلہ میں جان بوجھ کر جھوٹ نہیں بول رہا ہے جو اس کے پاس ہے۔ اس لئے وہ اسے کہتا ہے، اس پر عمل کرتا ہے اور یہ کہہ کر اس کی روایت کرتا ہے کہ:۔

"میں نے اسے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے
سُنا ہے،،

"تو اگر مسلمانوں کو معلوم ہو جائے کہ یہ وہم ہے تو وہ اسے نہ مانیں اور اگر خود اسے یہ معلوم ہو جائے کہ یہ وہم ہے تو وہ خود بھی اسے چھوڑ دے۔

"ان میں سے تیسری قسم اس شخص کی ہے جس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کسی بات کا حکم دیتے ہوئے سُنا، پھر آپؐ نے اس سے منع فرمایا۔ لیکن یہ ممانعت اس کے علم میں نہیں آئی، یا اس نے آپؐ کو کسی کام سے منع فرماتے ہوئے سُنا پھر آپؐ نے اسے انجام دینے کا حکم دیا، لیکن یہ دوسری بات اس کو معلوم نہ ہوئی۔ تو اس طرح اس نے منسوخ کو یاد رکھا اور ناسخ کو یاد نہ رکھ سکا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

" اب، اگر اس شخص کو معلوم ہو جائے کہ یہ بات منسوخ ہے تو وہ خود ہی اسے چھوڑ دے۔ اور اگر مسلمانوں کو اس کی بات سنتے وقت یہ معلوم ہو جائے کہ یہ منسوخ ہے تو وہ بھی اسے چھوڑ دیں۔

" ان میں آخری اور چوتھی قسم اس شخص کی ہے جو کسی حال میں آپؐ پر جھوٹ نہیں باندھتا، کیونکہ وہ اللہ عزّ وجل کے خوف اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعظیم کے سبب جھوٹ سے نفرت کرتا ہے اور نہ ہی وہ بھولتا ہے۔ بلکہ جو چیز سنتا ہے اسے (پورے مفاہیم کے ساتھ) بعینہٖ یاد رکھتا ہے۔ پھر وہ اسے اسی طرح بیان کرتا ہے۔ جس طرح اس نے اسے سنا تھا۔ وہ نہ اس میں کوئی بات بڑھاتا ہے اور نہ اس میں کوئی چیز کم کرتا ہے۔ نیز وہ ناسخ و منسوخ کا عالم بھی ہے اس لئے وہ ناسخ پر عمل کرتا اور منسوخ کو ترک کرتا ہے۔

" کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے احکام بھی قرآن حکیم کے احکام کی طرح ناسخ و منسوخ اور محکم و متشابہ ہیں، نیز کبھی کبھی آپؐ کی گفتگو پہلو دار بھی ہوتی تھی، جس کے دو رخ ہوتے تھے: ایک عام اور ایک خاص، جیسے قرآن حکیم۔

" چنانچہ اللہ عزّ وجل نے اپنی کتاب میں فرمایا ہے :

وَمَآ اٰتٰكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ۚ وَ مَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا ۚ [16]

"رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو چیز تمہارے پاس لائیں اسے اختیار کر لو اور وہ جس سے تمہیں روکیں اس سے رک جاؤ۔"

" اس لئے ایسی گفتگو ان لوگوں کے لئے مشتبہ ہو جاتی تھی جو اس بات سے پروردگار عالم اور رسول اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مراد لئے ہوئے معانی کی

---

[16] سورۂ حشر (۵۹): آیت ۷

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

معرفت اور علم نہیں رکھتے تھے؛

کیونکہ حضور ختمی مرتبت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب میں سب کے سب ایسے نہیں تھے جو کسی چیز کے متعلق سوال کر کے اسے سمجھ لیتے ہوں۔ بلکہ ان اصحاب میں ایسے بھی تھے جو سوال تو کر لیتے تھے لیکن جواب سمجھ نہیں پاتے تھے۔ یہاں تک کہ وہ یہ چاہنے لگے تھے کہ کوئی بدو یا اجنبی مسافر آ کے آپؐ سے کچھ پوچھے تاکہ وہ بھی کچھ سُن سکیں"۔ ١٧

امیر المومنین علیہ السّلام نے اس خطبہ میں حدیث سے متعلق اہم ترین تاریخی اور نفسیاتی حقائق کو انتہائی مجمل انداز میں واضح طور پہ بیان فرما دیا ہے۔ یہی تاریخی اور نفسیاتی عوامل تھے جن کی بنا پر علمار اسلام کی روایات کے متون اور اسناد کی جانچ پڑتال کے لئے ٹھوس قواعد بنانا پڑے اور اس علم کو "علم درایت" کا نام دیا گیا۔ "علم اصول حدیث" یا "علم درایت" کا کام یہ قرار پایا کہ وہ روایات کے اسناد اور متون کو پرکھ کر حضور ختمی مرتبت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس کی نسبت کی صحت و عدم صحت پر فیصلہ صادر کرے تاکہ اس کی سچائی کے ثبوت کے بعد اس پر عمل اور اس کے جعل کے ثبوت کے بعد اس کو رد کرنے کا مرحلہ آسان ہو سکے اور مسلمان شکوک و شبہات کی وادیوں میں بھٹکنے سے محفوظ رہیں۔

اس علم کے ذیل میں کسی بھی روایت کی صحت و سقم کی پرکھ کے لئے سب سے پہلے راوی کی حیثیت پر بحث کی جاتی ہے، کہ اگر وہ قابل اعتبار اور سچا ہو تو اس کے علمی مرتبہ کے مطابق اس بات کی روایت کو قبول کر لیا جائے اور اگر وہ مشتبہ حیثیت کا مالک،

---

١٧ کلینیؒ: الکافی ج ١ ص ٦٢-٦٤، اس کے علاوہ ملاحظہ فرمائیے: ابن شعبہ حرانیؒ: تحف العقول ص ١٩٣-١٩٦، سید رضیؒ: نہج البلاغہ خطبہ ٢٠١ اور دوسرے ماخذ۔

ثقۃ الاسلام کلینی رحمۃ اللہ نے اس کی سند یوں بیان فرمائی ہے :-

علی بن ابراہیم، عن ابیہ، عن حماد بن عیسٰی، عن إبراہیم بن عمر الیمانی، عن أبان بن ابی عیّاش، عن سُلیم بن قیس الہلالی"

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دروغ گو، منافق یا نسیان کا مریض ہو تو مراتب کے مطابق اس کی روایت کو رد کر دیا جائے
اہل السنۃ الجماعۃ کے عظیم مصری عالم اور بالبصیرت و مسلّم محقق شیخ محمود ابوریہ مرحوم کی کتاب "شیخ المضیرہ ابوہریرہ" جو دانش گاہ اسلامی کے ایک مؤسس رکن دانشمند محترم جناب سید محمد موسیٰ صاحب رضوی بالقابہ کی کوششوں سے اپنے فارسی ترجمہ کے واسطہ سے اُردو زبان میں آپ کی خدمت میں پیش کی جا رہی ہے، اُسی فن کے ذیل میں حدیث کے ایک ایسے راوی کے حالات اور اس کی حیثیت پر گفتگو کرتی ہے جو اصول درایت کی زد میں آنے کے سبب مسلمان علماء و محققین کے نزدیک بالاتفاق ایک بے اعتبار حیثیت کا حامل ہے، لیکن بہر حال وہ صحابہ کی صف میں شمار ہوتا ہے اور اس نے نہ صرف یہ کہ حضور ختمی مرتبت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے منسوب بے شمار من گھڑت روایتیں بیان کرنے میں بڑی فیاضی سے کام لیا ہے بلکہ مسلم و بخاری جیسے بڑے بڑے راویوں کی مسلّم کتابوں میں بھی اس کی روایتیں بھرپور انداز میں شامل ہیں، جس کی وجہ سے نہ صرف یہ کہ مسلمانان عالم انتشار و افتراق کا شکار ہو چکے ہیں بلکہ اکثر مسلمان علماء بھی بے شمار الجھنوں میں گرفتار نظر آتے ہیں

ابوہریرہ پر شیعہ سُنی علماء درایت نے ہر زمانہ میں سخت جرح کی ہے اور انہیں راوی حدیث کی حیثیت سے تقریباً متفقہ طور پر رد کر دیا ہے۔

چنانچہ شیخ ابوریہ نے اپنی اسی کتاب میں شرح نہج البلاغہ کے حوالہ سے جہاں امیر المومنین علیہ السّلام کا یہ قول نقل کیا ہے کہ :-

" اکذب الاحیاء علیٰ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) لأبو ہریرۃ الدوسی [۱]

" زندوں میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سب

---

[۱] ابوریہ : شیخ المضیرہ ص ۱۳۵

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

سے زیادہ جھوٹ باندھنے والا شخص ابوہریرہ دوسی ہے۔"

وہاں شیخ محمود ابوریہ اور سید شرف الدین موسوی رحمۃ اللہ نے بالترتیب اپنی کتابوں شیخ المضیرہ اور ابوہریرہ میں موصوف پر خلفاء ثلاثہؓ اور جناب عائشہؓ کی سخت تنقید و تکذیب نقل کی ہے اسی کے ساتھ ان حضرات نے تابعین اور ان کے بعد کے اکابر فقہاء و علماء کی جانب سے بھی اسی قسم کی آراء بیان کی ہیں اور ابن سعد کی طبقات، ابن حجر عسقلانی کی لسان المیزان اور اس پایہ کی دوسری بات بہت سی کتابوں کا مطالعہ کرنے والے خود بھی ابوہریرہ کے بارے میں ان اکابرین کی رائے سے آگاہ ہیں۔

مگر، اس کا کیا کیا جائے کہ عام مسلمان اپنی سادہ لوحی کی بنا پر آج کے روشن دور میں بھی "فریبِ ابوہریرہ" کا شکار ہیں، اور صحابی ہونے کے ناتے ان پر کسی قسم کی تنقید برداشت کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں۔ حالانکہ ان کے عقیدے کے مطابق نعوذ باللہ خود حضور ختمی مرتبت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بھی بعض معاملات کے سلسلہ میں خطا و نسیان کا امکان نظر انداز نہیں کیا جا سکتا اور آپؐ کو بھی معصوم عن الخطا نہیں تسلیم کیا جا سکتا۔

عجیب بات تو یہ ہے، کہ اسلام دشمن عناصر نے بڑی ہوشیاری سے ایک طرف تو رسول اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیثیت کو کمزور کرنے کے لئے مسلمانوں کے ایک گروہ کے درمیان یہ بات عقیدے کے طور پر عام کر دی دوسری طرف مسلمانوں میں تشتت و افتراق عام کرنے کے لئے اسی گروہ میں آپؐ ہی کی نسبت سے اعزاز پانے اور محترم گردانے جانے والے صحابہ کے متعلق یہ متضاد عقیدہ راسخ کر دیا کہ وہ صحابی ہونے کے ناتے عدول اور معصوم عن الخطاء ہیں، اور ان پر کسی قسم کی تنقید روا نہیں ہے !!!

یہی وجہ ہے کہ ابوہریرہ کے متعلق ہر قسم کے معلومات کے باوجود عام مسلمان ان کی شخصیت کو احترام کی نگاہ سے دیکھتے، ان پر ہونے والی ہر تحقیق کو بدعت سمجھتے اور

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ان کے متعلق کہی جانے والی کسی سچی بات کو ماننے کے لئے کسی قیمت پر آمادہ نظر نہیں آتے ہیں۔

لیکن ـــــ کیا، اس قسم کے رجحانات کی پشت پناہی اور ان کی نشو ونما کا اہتمام کسی بھی صورت مناسب ہے۔؟

ظاہر ہے، ہر دانش مند اور ہر با بصیرت مسلمان کے نزدیک اس سوال کا جواب یہی ہوگا کہ اس قسم کے رجحانات کو ہر قیمت پر ختم کرنے کی ضرورت ہے، اور مسلمانان عالم کو اس قسم کے رجحانات سے نجات دلانا یا نجات دلانے کی کوشش کرنا راہ حق میں ایسا جہاد ہے جس کا اجر انشاء اللہ المستعان کبھی ضائع نہیں ہوسکتا۔

اسی بنا پر، مختلف اکابر علماء اہل سنن نے بھی اس قسم کے موضوعات پر بڑی جرأت سے قلم اٹھانا شروع کردیا ہے اور وہ بھی اس میدان میں قابل تحسین اقدامات کر رہے ہیں۔ ان ہی موضوعات میں سے ایک ابوہریرہ کی شخصیت سے متعلق ہے جس پر مشرق وسطیٰ کے عظیم المرتبت علماء نے وقیع تحقیقات کی ہیں۔ جن میں ایک کتاب کو جو آیۃ اللہ شرف الدین موسوی رحمۃ اللہ کی تالیف ہے۔ مولانا محمد باقر صاحب قبلہ نقوی صدر الافاضل مدظلہ العالی اردو زبان میں منتقل کرکے لکھوا ہندوستان سے شائع فرما چکے ہیں اور دوسری کتاب یہ ہے جو دانشمند محترم جناب سید محمد موسیٰ صاحب بالقایہ کی محنتوں کے ثمر کے عنوان سے آپ کے سامنے پاکستان سے اُردو زبان میں پیش کی جارہی ہے، تاکہ ہم وطنان عزیز بھی علم ودین کے بارے میں بین الاقوامی رجحانات، جدید تحقیقات اور مسلم الثبوت علماء کے افکار سے مستفید ہوکر راہِ حق میں پیش قدمی کے لئے ٹھوس اقدامات کے قابل ہوسکیں۔

شیخ محمود ابوریہ نے جن حالات میں اس موضوع پر کام کیا اور اس کام کے بعد انہیں جن مصائب ومشکلات کا سامنا کرنا پڑا وہ فطری تو ضرور تھیں لیکن ان کا مقابلہ شیخ موصوف ہی کا کام تھا، جس کی بنا پر وہ یقیناً اجر کے مستحق ہیں اور ان کے مساعی ہم سب کی نظر میں مستحسن اور قابل اتباع ہیں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دانش مند محترم جناب سید محمد موسیٰ صاحب رضوی دامت توفیقاتہ بھی ہم سب کی صمیمانہ دعاؤں اور مخلصانہ تعاون کے مستحق ہیں جنہوں نے اس کتاب کو اُردو میں منتقل فرما کر نصرت حق کا فریضہ سرانجام دیا اور آگے بڑھ کر مجاہدین کی صف میں شامل ہو گئے۔

خداوند عالم سے دُعا ہے کہ وہ موصوف کی توفیقات میں اضافہ فرمائے، امام زمانہ علیہ الصلوٰۃ والسّلام کے ظہور میں تعجیل فرمائے۔ اور ہم سب کو ایمان کی سلامتی کے ساتھ شہادت کا مرتبہ حاصل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

آمین بحق محمد و آلہ الطاہرین

مآخذ :-

۱- قرآن حکیم

۲- آقائی بزرگ تہرانی رحمۃ اللہ، شیخ محمد محسن م: ۱۳۹۰ھ/۱۹۷۰ء:
الذریعہ الی تصانیف الشیعہ (ع.بی) نجف اشرف، ۱۳۵۵ھ

۳- ابن شعبہ حرانی رحمۃ اللہ، حسن بن علی بن حسین بن شعبہ:
تحف العقول عن آل الرسول صلی اللہ علیہم (ع.بی) تہران ۱۳۷۶ھ

۴- البوریہ، شیخ محمود مصری:-
شیخ المضیرۃ ابوہریرہ (عربی)، مصر، طبع ثالث ۱۹۶۰ء

۵- ابی داؤد، حافظ سلیمان بن اشعث سجستانی م: ۲۷۵ھ
السنن لابی داؤد (ع.بی)، مصر، ۱۳۶۹ھ/۱۹۶۰ء

۶- حسین مرتضیٰ سید:-
شیعہ کتب حدیث کی تاریخ تدوین (اُردو) کتاب خانہ دانش گاہ پنجاب، ٹائپ شدہ ۱۳۹۰ھ/۱۹۷۰ء

۷- سید رضی رحمۃ اللہ۔ محمد بن حسین بن موسیٰ م ۴۰۶ھ/۱۰۱۵ء:

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نہج البلاغۃ (عربی و اردو) شیخ غلام علی اینڈ سنز لاہور، ۱۹۶۳ء

۸۔ شرف الدین رحمۃ اللہ، سید عبد الحسین موسوی :۔

ابو ہریرہ (عربی) نجف اشرف طبع ثالث ۱۳۸۴ھ/۱۹۶۴ء

۹۔ صدر رحمۃ اللہ سید حسن م: ۱۳۵۴ھ :

تاسیس الشیعۃ لعلوم الاسلام (عربی) کاظمین ۱۳۷۰ھ/۱۹۵۱ء

۱۰۔ کلینی رحمۃ اللہ، ثقۃ الاسلام محمد بن یعقوب م ۳۲۸ یا ۳۲۹ھ/۹۴۰ یا ۹۴۱ء

الکافی (عربی)، تہران، ۱۳۸۸ھ

۱۱۔ مسلم، مسلم بن حجاج قشیری م ۲۶۱ھ :۔

الصحیح للمسلم (عربی) کراچی، ۱۳۴۹ھ

۱۲۔ نجاشی رحمۃ اللہ، ابو العباس احمد بن علی احمد بن عباس م: ۴۵۵ :

رجال نجاشی (عربی) بمبئی، ۱۳۱۷ھ

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی محمد وآلہ الطاہرین وعجل فرجہم

سید حسین مرتضیٰ
ڈائریکٹر ریسرچ سیل
دانش گاہ اسلامی، کراچی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نگاہِ اولین

خداوند علی و اعلیٰ کے اعترافِ وحدانیت و رحمانیت کے بعد اور حضرت محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ و آلہٖ وسلّم کی مدح و ثنا کے ساتھ۔ زیر نظر کتاب پر ابتدائی اور اسبابی گفتگو کی سعادت حاصل کر رہا ہوں تاکہ صاحبِ فکر و نظر قاری مولف کے نظریات کی گہرائیوں تک پہنچ سکے۔ اور کلام کی رُوح کو پا سکے۔

اَلصَّحَابَۃُ کُلُّھُمْ عَدُوْلٌ: "تمام صحابہ عادل ہیں یعنی ان میں سے کسی کی پیروی کر لو، نجات پاؤگے۔" یہ مشہور قول ہے جناب محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کا۔ اور اس قول سے تحریم و تکریم صحابہ رضوان اللہ علیہم ثابت ہے۔ مگر یہ فرمان صرف ان افراد ہمعصر کے لئے ہے کہ جو صحابیت کے معیار کو آخر تک باقی رکھے ہوئے تھے اور جن میں شرائطِ صحابیت موجود تھیں۔

مُسلم گھرانے میں پیدا ہونے والا اور کلمہ پڑھنے والا ہر فرد مسلمان ہے۔ مگر ایسا کوئی بھی شخص صرف آئینی حیثیت کا مُسلمان ہے نا کہ حقیقی مسلمان اور مومن! یعنی وہ اپنے والدین کے ترکے کا وارث ہے۔ اس کا نکاح اسلامی طریقے پر ہوگا۔ اور تجہیز و تکفین بھی اسلامی طریقے پر ہی ہوگی۔ اور بس! پوری ہوئی رسمِ مُسلمانی !!

لیکن حقیقی مسلمان بننے کے لئے ضروری ہے کہ مسلمان ہونے کا دعویدار قرآن و سنّت پر بھی عمل پیرا ہو۔ یعنی متّقی ہو، مومن ہو، عابد ہو، زاہد ہو، صابر ہو، رحم دل ہو، صادق و امین ہو، ہمدرد و پرہیزگار ہو اور مجاہد ہو تب ہی حقیقی معنیٰ میں مسلمان کہلانے کا مستحق ہوگا۔ لیکن اگر کوئی ان شرائط کو پورا نہ کرتا ہو۔ تب بھی ہم اس کو مسلمانوں کے زمرے میں شمار کرنے پر مجبور ہیں۔ گو! مراعاتی اور آئینی حد تک ہی سہی مگر بہر حال مسلمان ہی سمجھنا ہوگا۔ بِالکل یہی صورت صحابہ کے لئے بھی ہے۔ یعنی ہر وہ فرد صحابی کہلائے گا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جس نے جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ایک سرسری سا ہی دیدار کر لیا ہو۔ یعنی آئینی طور پر بظاہر صحابی کہلانے کے لیئے ہوش وحواس، سن وشعور اور ایمان وایقان کی کوئی شرط نہیں ہے۔ آپؐ کے وصال سے ذرا قبل پیدا ہونے والا ہر وہ فرد صحابی ہے جو مدینہ کی حدود اور مسلم گھرانے میں پیدا ہوا ہو۔!

ہمارے نزدیک تمام صحابہ معزز و محترم ہیں مگر یہ بھی حقیقت ہے کہ صحابی کی حیثیت سے شہرت پانے والا ہر شخص صحابیت کے اعلےٰ وارفع معیار پر پورا نہیں اُتر سکتا تو ہر صحابی "اَلصَّحَابَۃُ کُلُّھُمْ عُدُوْلٌ" کے زمرے میں کس طرح آسکتا ہے۔ اور اس اصول کو پرکھنے کے لئے ہمارے پاس قرآن، حدیث، تاریخ اسلام، عقل وشعور اور حقیقت پر مبنی دلائل موجود ہیں۔ اگر اس عنوان پر کوئی تفصیلی گفتگو کی جائے تو کئی ضخیم صفحے ترتیب پاجائیں۔ مگر ظاہر ہے کہ ہم اس عنوان پر کوئی مستقل کتاب ترتیب نہیں دے رہے ہیں بلکہ صرف زیرِ نظر کتاب کی اشاعت کے سبب پر گفتگو کر رہے ہیں۔ لہٰذا انتہائی مختصراً چند اشارے اور بس! "تفصیل سے جاننے والوں کے لئے بازار میں اکثر کتب موجود ہیں۔

پہلے یہ جان لینا ضروری ہے کہ نفاق ہمیشہ سینوں میں چھپا ہوتا ہے! ظاہر ہو تو شرک ہے!! یعنی منافق وہ ہے جو بظاہر مسلمان بھی ہو! مگر بہ باطن مسلمان نہ ہو، بلکہ دشمنِ خدا، دشمنِ رسول، دشمنِ امام اور دشمنِ اسلام ہو۔ اور یہ بھی طے ہے کہ ہم مسلمانوں کی صفوں میں اکثر منافق ہیں جو اپنے نفاق کے ذریعے ان صفوں میں انتشار پھیلا کر اسلام کی قوت کو کمزور کرنے کی مذموم سعی کرتے رہتے ہیں۔ قرآن نے ایک سو سولہ مقامات پر منافقین کا تذکرہ کیا ہے اور اکثر مقامات پر خداوند قدوس نے اپنے رسول صلےّ اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو آگاہ کرتے ہوئے فرمایا ہے "اے رسولؐ! آپ کے اطراف بیٹھنے اور مومن

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہونے کا دم بھرنے والوں میں اکثر منافق ہیں۔"

چنانچہ قرآن میں ہے:۔

إِذَا جَاءَكَ الْمُنَافِقُونَ قَالُوا نَشْهَدُ إِنَّكَ لَرَسُولُ اللَّهِ ۗ وَاللَّهُ يَعْلَمُ إِنَّكَ لَرَسُولُهُ وَاللَّهُ يَشْهَدُ إِنَّ الْمُنَافِقِينَ لَكَاذِبُونَ ۝ اتَّخَذُوا أَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوا عَن سَبِيلِ اللَّهِ ۚ إِنَّهُمْ سَاءَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝

(سورۃ منافقون ۶۳ آیت ۱،۲)

ترجمہ:۔ اے (رسول) جب منافقین تمہارے پاس آتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم تو اقرار کرتے ہیں کہ آپ یقیناً اللہ کے رسول ہیں۔ اور اللہ بھی جانتا ہے کہ یہ لوگ (اپنے اعتقاد کے لحاظ سے) یقیناً جھوٹے ہیں۔ ان لوگوں نے اپنی قسموں کو سپر بنا رکھا ہے اور یہ (اسی کے ذریعہ سے) لوگوں کو اللہ کے راستے سے روکتے ہیں۔ بیشک یہ لوگ جو اس طرح کے کام کرتے ہیں بے حد برُے ہیں۔

اس ضمن میں اکثر احادیث بھی محدثین نے نقل کی ہیں نیز تاریخ اسلام کے لکھنے والوں نے اکثر واقعات بیان کئے ہیں۔ اور ان کے ذریعے سے ہمیں اکثر روایات ملتی ہیں۔ مثلاً وہ تمام مرتدین جن کی سرکوبی کے لئے خلافت اولیٰ کے دور میں مہمیں روانہ کی گئیں۔

ان تمثیلات کے بعد یہ بات واضح ہوجاتی ہے کہ صحابی کہلانا آسان ہے مگر صحابیت کی منزل پر فائز ہونا دشوار۔

ہمارے نزدیک بھی صحابی قابلِ تعظیم و تکریم اور لائق اتباع و پیروی ہیں: مگر صرف وہی صحابہ جنہوں نے صحابیت کا عظیم المرتبت مقام پانے اور اسے باقی رکھنے کے لئے پُرخلوص جدوجہد کی۔ حصول منزل اور ایفاء عہد و وفاداری کے لئے کٹھن سے کٹھن راہوں سے گزرے۔ بڑے سے بڑے شدائد و مصائب

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

برداشت کئے اور اس طرح کہ پیشانی پر بل تک نہ آنے دیا۔ جب ہم ان صحابہ کرام کی زندگانی پر نظر ڈالتے ہیں تو وہ کفار مکہ کی بڑی سے بڑی پیشکش کو فقر و فاقہ اور آلام و مصائب کے عوض حقارت سے ٹھکراتے نظر آتے ہیں۔ اور یہ صرف اس لئے کہ وہ خود کو ایمان و ایقان کی اعلیٰ منازل پر فائز رکھ سکیں۔ پس! یہی وہ عظیم ہستیاں ہیں کہ جن کے سامنے جبینیں خود بخود جھک جاتی ہیں۔

یہی وہ معزز و محترم صحابہ عظام ہیں کہ جن کی وجہ سے آج بھی ایمان و ایقان کی شمع روشن ہے اور اسلامی و انسانی عظمتوں کے مینار بلند ہیں۔

انہی کی پیروی ہمارے لئے راہِ حیات اور باعثِ نجات ہے مگر ہمارے دین کی بنیاد چونکہ حق و صداقت پر ہے۔ یہی وجہ ہے کہ نہ ہم کسی ناقص کو رہنما تسلیم کرتے ہیں اور نہ کسی غلط کار کا اتباع۔ اور ہم کسی سے بھی نہیں چاہتے کہ وہ ایسا کرے۔! ہم صاحبانِ عصمت و طہارت کے پیرو ہیں اور ہر ایک سے ایسا ہی کرنے کی خواہش رکھتے ہیں۔ یہ ضروری ہے کہ ہر شخص حق و باطل کے درمیان تمیز رکھے۔ یعنی حق کو حق جانے اور باطل کو باطل کی حیثیت سے پہچانے۔ اور اگر کوئی ایسا نہیں کرتا ہے تو گویا وہ انسانیت کے تقاضوں کو بھی پورا نہیں کرتا ہے۔

تحقیق کے نام پر باطل کی اشاعت کو بند ہو جانا چاہیئے:۔ کیونکہ تحقیق تلاشِ حق کا نام ہے۔ نا کہ اشاعت و تبلیغ باطل کا! مگر بعض مسلمانوں کی عجب حالت ہے۔ ان کے سامنے جب باطل کو حق کہا جائے تو فوراً قبول کر لیتے ہیں اور حق کو باطل کہا جائے تو بھی کوئی اعتراض نہیں کرتے! یہی وجہ ہے کہ خارجی عناصر داخلی انتشار کے کام میں مصروف ہیں۔ اور کسی حد تک کامیاب بھی! انہیں راسخ العقیدہ مسلمانوں کے درمیان رہتے ہوئے بھی اپنی ناپاک سازشوں کو بروئے کار لانے کی پوری آزادی حاصل ہے۔ یہ کینہ پرور عناصر ہزاروں سالہ پرانی دشمنیوں کو اب تک فراموش

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نہیں کر سکے ہیں! یوں تو یہ دشمنیاں اور رنجشیں بہت قدیمی ہیں مگر زیادہ طور پر ان کی "طرح" احد، بدر، اور احزاب کی جنگوں کے بعد سے پڑی ہے اور آج تک باقی ہے۔ یہی وہ عناصر ہیں کہ جو تحقیق کے نام پر آلِ رسولؐ اور محسنین اسلامؑ کو مخالف دین اور دشمن اسلام ثابت کرنے کی گھناؤنی کوششوں میں مصروف ہیں اور حقیقی دشمنان اسلام و منافقان دین کو محافظانِ دین و بانیان اسلام یا بانیانِ اسلام کا ہم رتبہ ثابت کرنے پر تُلے ہوتے ہیں۔ یہ خارجی عناصر تحقیق جدید و تفتیش عمیق کے نام پر ایک طرف تو خانوادہ جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے مراتب کم کرنے اور ان "یطھرکم تطھیرا" کی مصداق ہستیوں میں اخلاقی وَ انسانی خامیاں ثابت کرنے کی انتہائی کوششیں کر رہے ہیں اور دوسری طرف خاندانِ ابوسفیان وَ مروان کے نقائص کو دُور کر کے ملمّع سازی کے کام میں مصروف ہیں اور وہ فضیلتیں جو رسولؐ و آل رسولؑ کے لئے مخصوص ہیں۔ آہستہ آہستہ ان کے نام منتقل کی جا رہی ہیں۔ تاکہ ان دونوں گھرانوں کو برابر کی سطح پر لاکر کھڑا کیا جا سکے۔ مفکرینِ اسلام اچھی طرح جانتے ہیں کہ یہ شرمناک کوششیں کن عوامل کی جانب سے ہو رہی ہیں مگر خاموش ہیں۔ اِنا معلوم کیوں؟ غالباً حُبِّ معاویہ ہی ہو۔! یا پھر بغضِ علی علیہ السّلام!! ان عوامل و عناصر کو تو مفکرین کے علاوہ عام مسلمان بھی خوب پہچانتے ہیں۔ کیونکہ یہ وہی لوگ ہیں کہ جو جناب رسالت مآبؐ کو ایک عام آدمی کا درجہ دیتے ہیں! یا زیادہ سے زیادہ بڑے بھائی کا رتبہ!! وہ بھی "تکلفاً" یا عام مسلمانوں کے خوف سے (خوف خدا ہرگز نہیں)۔ گو۔ جناب رسالتمآبؐ کو عام آدمی کہنے اور مُردہ تصوّر کرنے والے بھی اچھی طرح جانتے ہیں کہ قرآن نے آپؐ کو نذیر، بشیر، شفیع اور رحمۃ للعالمین کے القابات سے نوازا ہے۔ آپؐ تمام عالمین کے لئے رحمت ہیں اور عالمین مکہ، مدینہ،

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جزیرہ عرب، یا صرف اس کرۂ ارض کا نام نہیں ہے۔ اور نہ ہی زمانہ ۱۱ء عیسوی سے ۶۲۳ء عیسوی تک محدود و مقید ہے۔ ہمارا ایمان ہے (تمام مسلمانوں کا) کہ گو آپؐ کا ظاہری وجود تو ہمارے درمیان صرف ترسیٹھ سال رہا ہے۔ مگر آپؐ تمام مخلوقات سے پہلے خلق ہوئے اور سب کے فنا ہو جانے کے بعد تک موجود رہیں گے۔ یعنی آپؐ روز اوّل بھی ہمارے درمیان موجود تھے۔ آج بھی ہیں اور ہمیشہ رہیں گے۔ وجود ظاہری نہ ہو مگر وجود حقیقی تو بہر حال ہے اور رہے گا۔!

ان چہروں کا بے نقاب ہونا ضروری ہے:۔ جن چہروں کو ہم بے نقاب کرنا چاہتے ہیں کیونکہ یہ مسلمانوں کے مفاد میں بھی۔ یہ وہی لوگ ہیں، جنہوں نے اسلام کے ابتدائی دور میں اسلام کی مخالفت کی۔ حتیٰ کہ مکّہ کی وسعتوں کو مسلمانوں پر تنگ کر دیا اور شہر حرام کو مسلمانوں کے لئے شہر عتاب بنا دیا۔ بعد میں یہی مکّہ مدینہ کے مقابلہ میں ایک مضبوط کافر مرکز کی حیثیت اختیار کر گیا۔ مگر جب مکّہ کی کافر فوجوں پر مسلمان مجاہدین کو جناب رسالت پناہؐ کی معیت میں فتح حاصل ہوئی اور خطۂ عرب پر ایک مضبوط اسلامی مملکت کے قیام کا وقت آیا تو کفار مکّہ کے سرکردہ سیاسی قائدین و سردارانِ قریش اور دشمنانِ اسلام بظاہر مسلمان ہو گئے مگر اس طرح کہ ان کے سینے بغض و کینہ اور عداوت و دشمنیِ اسلام سے لبریز تھے۔ وہ جو تمام قبائل عرب کو چند مسلمانوں کے مقابلے میں مجتمع کر کے کوئی نقصان نہ پہنچا سکے تھے۔ آج صرف اس لئے مسلمان ہو گئے کہ اپنے ناپاک منصوبوں کو اندرونی طور پر سازشوں کے ذریعہ پایۂ تکمیل تک پہنچا سکیں کیونکہ رحم دل مسلمانوں اور شفیق رحمۃ للعالمینؐ کی تلوار سے بچنے کا ان کے پاس صرف ایک ہی ذریعہ تھا (ان کے خیال میں) اسی لئے مسلمان ہونا قبول کیا لیکن صرف آئینی مسلمان! نا کہ حقیقی مسلمان!! یہی وجہ ہے کہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مسلمان ہوتے ہی خصوصی مراعات کے حصول کی فرمائشیں شروع کر دیں۔ چنانچہ ابوسفیان کے ایمان لانے اور مسلمان ہونے کا واقعہ بیان کرتے ہوئے تقریباً تمام مورخین اسلام نے یہ یا اسی قسم کے واقعات بیان کئے ہیں جن کو ہم یہاں مفہوماً نقل کر رہے ہیں۔

جب رسالت مآبؐ نے ابوسفیان سے پوچھا کہ "اے ابوسفیان کیا اب بھی تم کو اللہ کے معبودِ واحد ہونے کا یقین نہیں ہے" تو ابوسفیان نے جواباً کہا۔ "بے شک کوئی دوسرا خدا ہوتا تو وہ میرے کام ضرور آتا"۔ جناب رسالت مآب نے فرمایا۔ "افسوس ہے تم پر کہ تم کو اب بھی میری رسالت کا یقین نہیں ہوا"۔ ابوسفیان نے کہا۔ "ہاں اس باب میں مجھے اب بھی تردّد ہے"۔ مگر پھر عباس بن عبدالمطلبؑ کے کہنے پر بلکہ تنبیہہ پر گھبرا کر کلمہ پڑھ لیا۔ مگر اس کے بعد ایک بلند ٹیلے پر کھڑے ہو کر اسلامی افواج کا مکہ میں داخلہ دیکھتے ہوئے عباس ابن عبدالمطلبؑ سے کہا۔ "عباس، تمہارے بھتیجے نے تو بڑی شاہانہ (پیغمبرانہ نہیں) قوت حاصل کر لی ہے"۔

ایمان و ایقان ابوسفیان کو پرکھنے کے لئے یہ چند جملے کافی تھے مگر مزید تشریح کے لئے چند مثالیں اور ہدیۂ قارئین ہیں۔

جب ابوسفیان بظاہر مسلمان ہونے کے بعد اپنے گھر پہنچا تو اس کے مسلمان ہو جانے کی اطّلاع "جنگل کی آگ" کی طرح اس سے پہلے اس کے گھر پہنچ گئی تھی۔ نتیجتاً ابوسفیان کی بیوی (جگر خورندۂ امیر حمزہؑ) ہندہ نے ابوسفیان سے باز پُرس کرتے ہوئے کہا کہ کیا یہ سچ ہے کہ تم پر بھی عبداللہؑ کے یتیم کا جادو چل گیا۔ اگر ایسا ہے تو اب تیرا اور میرا راستہ جدا جدا ہے مگر

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابو سفیان نے یہ کہہ کر اپنی بیوی ہندہ کو مطمئن کر دیا کہ میں تو صرف مصلحتاً مسلمان ہوا ہوں اور وہ بھی اس عزم کے ساتھ کہ اسلام کو نقصان پہنچانے کا کوئی دقیقہ اپنے ہاتھ سے نہ جانے دوں گا۔ اور جو کام میں اسلام کی کھُلی ہوئی دشمنی کے ذریعہ نہ کر سکا وہی کام اب مسلمانوں کی صفوں میں رہتے ہوئے کروں گا۔

چنانچہ بعد میں ایسا ہی ہوتا بھی رہا۔ مثلاً

بعد وفات جناب رسالت مآب صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم۔ شوریٰ میں خلیفۃ المسلمین کی حیثیت سے حضرت ابوبکرؓ کا انتخاب ہو گیا تو ابوسفیان حضرت علیؑ کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ کو مسند خلافت کے حصُول کی جدوجہد پر اکساتے ہوئے اپنی مکمل حمایت کا یقین دلایا۔ مگر حضرت علیؑ کے پاس سے مایوس ہی لوٹنا پڑا۔

یا —

ابوسفیان کے پوتے یزید کے وہ الفاظ جو اس نے اسیرانِ کربلا۔ کے دربار میں موجودگی کے وقت کہے اور اپنے تاثرات اس طرح بیان کیے کہ "نہ کوئی فرشتہ آیا نہ قرآن اُترا۔ بس یہ تو بنو ہاشم کا رچایا ہوا ایک ڈھونگ تھا (معاذ اللہ) اگر آج میرے وہ بزرگ زندہ ہوتے جو احد و بدر میں قتل ہو گئے تو دیکھتے اور خوش ہوتے کہ میں نے ان کا بدلہ لے لیا۔

کاش ابوسفیان مسلمان نہ ہوا ہوتا۔! کاش ابوسفیان اپنے ماضی کے کردار پر نادم ہوتا !! کاش سچا مسلمان بن جاتا !!! یہ ہر سچے مسلمان کی تمنا ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہی کچھ صورت حال اپنی ڈگر پر چودہ سو سال سے قائم ہے اور اسی روش کا ایک واضح اشارہ اس وقت بھی ملتا ہے کہ جب برصغیر کے مسلمانوں نے ہنود کی متعصبانہ ذہنیت سے تنگ آکر علیحدہ مسلم مملکت کے قیام کی تحریک کا آغاز کیا۔ اس تحریک کی مخالفت کا کام گاندھی اور کانگریس سے زیادہ کانگریسی ٹولے کے مسلمان زعماء و علماء نے کیا۔ ان لوگوں نے کانگریس کی ہمنوائی کرتے ہوئے مسلم لیگ اور مسلم لیگی رہنماؤں خصوصاً بانیٔ پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے خلاف مذہبی نوعیت کے اعتراضات کا محاذ کھول دیا اور سیدھے سادے مسلمانوں کے مذہبی جذبات کو بھڑکا کر مسلم لیگ کے خلاف اور کانگریس کی حمایت میں ایک مضبوط محاذ قائم کر دیا۔ چنانچہ مسلم لیگ اور تحریکِ پاکستان کے مخالف کانگریسی ہمنواؤں نے مسلمانوں سے تقریباً چھبیس ۲۶ فی صد ووٹ حاصل کر کے مسلم لیگ کو کسی حد تک کمزور اور پاکستانی سرحدوں کو کچھ محدود کر دیا۔ ان انتخابات میں مسلم لیگ کو مسلمانوں کے ۶۶ء۷۴ فی صد ووٹ ملے۔ اس طرح مسلمانانِ برصغیر کی مجموعی قوت خود مسلمانوں کے ہاتھوں ہی کم ہو گئی۔ مگر ان کی مخالفت کے باوجود پاکستان دنیا کے نقشے پر ابھر کر رہا۔ اور ان کی تمام سازشیں ناکام ہو گئیں۔ مگر ان سازشی ذہنوں نے شکست تسلیم نہیں کی بلکہ اپنی مخالفت کو نئے انداز میں بروئے کار لانے کیلئے تیار ہو گئے۔

اپنی سازشوں کو نیا رنگ دیتے ہوئے اور اپنے اسلاف کی چودہ سو سالہ ماضی کی تاریخ کو دہراتے ہوئے پاکستان قائم ہوتے ہی اس پاک سرزمین پر در آئے۔ جیسے اس ملک کے حصول میں ان کی قربانیاں بھی شامل ہوں۔ وہ اپنے تخریبی عمل میں مصروف ہو گئے۔ حتیٰ کہ ملکِ عزیز دو ۲ حصوں میں تقسیم ہو گیا مگر یہ اب بھی مطمئن نہیں ہیں۔ اس لئے کہ یہ تو دشمن ہیں وجود کے، وجودِ پاکستان کے، ہر مسلم مملکت کے، اسلام کے، یہی وجہ ہے کہ یہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ملک کو نقصان پہنچانے کے لئے انتشار کو ہوا دیتے ہیں۔ کبھی صوبائی عصبیت کو بھڑکاتے ہیں اور کبھی مذہبی جذبات کو مشتعل کرتے ہیں۔ کبھی علاقیت کو ہوا دیتے ہیں۔ کبھی طبقہ واریت پھیلاتے ہیں۔ کبھی اسلام کا نام لے کر اسلام کو کمزور کرتے ہیں۔ کبھی مسلمانوں کو مسلمانوں سے لڑاتے ہیں اور کبھی پاکستانیوں کو پاکستانیوں سے لڑاتے ہیں۔ گو! سرآپ پر یہ خوش ہیں! مگر ناکامی و شکست ان کا مقدر رہے۔

حکومت کا فرض ہے کہ وہ ایسے ملک و اسلام دشمن عناصر پر نظر رکھے اور ان کے فتنوں کو آگے نہ بڑھنے دے۔ خصوصاً ایسے عناصر کی روک تھام ضروری ہے کہ سُنّی لبادے میں خارجیت کے نظریات کی اشاعت کر رہے ہیں۔

اب تک ہم مملکت پاکستان اور دین اسلام کی محبت و مفاد کی خاطر خاموش ہیں ورنہ دنیا جانتی ہے کہ ہمارے ہاتھ میں بھی قلم ہے اور قلم میں زورِ تحریر۔ ہمارے منہ میں بھی زبان ہے اور زبان میں زورِ تقریر۔ ہمارے سینوں میں بھی دل ہیں اور ان میں حرارتِ ایمانی۔ ہمارے پاس بھی احساسات ہیں اور ان میں ایک انقلابی رُوح۔

ہم مناظرہ نہیں چاہتے، گو ہم نے آج تک کوئی مناظرہ نہیں ہارا اور نہ آئندہ کبھی ہاریں گے کیونکہ حق ہمارے ساتھ ہے اور ہم حق پر ہیں۔ ہمارے خیال میں مناظرہ مفید بھی ہے اور مضر بھی۔ مفید اس طرح کہ یہ حق کو واضح کرتا ہے اور باطل کا ابطال۔ علوم کو سنوارتا ہے اور افکار کو نکھارتا ہے۔ ذہن سے تاریکیوں کو چھانٹتا اور روشنیوں کو اجاگر کرتا ہے۔ حق کے متلاشیوں کے لئے راہوں کا تعین کرتا ہے اور گمراہوں کو ہدایت بخشتا ہے۔ صدق کو نمایاں کرتا ہے اور کذب کو فنا۔ مگر یہ سب ان کے لئے جو حق کی تلاش میں ہوں اور جو حق سے فرار چاہیں اور ہدایت حاصل کرنا ہی نہ چاہیں تو

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

خَتَمَ اللّٰہُ عَلٰی قُلُوْبِہِمْ وَعَلٰی سَمْعِہِمْ ؕ وَعَلٰٓی اَبْصَارِہِمْ غِشَاوَۃٌ وَّلَہُمْ عَذَابٌ عَظِیْمٌ ؏ (سورۃ البقرۃ ۲ آیت ۷)

(ترجمہ) اللہ نے ان کے دلوں پر اور کانوں پر مہر لگا دی ہے اور ان کی آنکھوں پر پردہ ڈال دیا ہے اور ان کے لئے بڑا عذاب موجود ہے۔

پھر مناظرہ ایک ایسی بیماری ہے جو ایمان کو مزید کمزور کرتا ہے اور عقائد کو نحیف۔ یہ انسان کو ہٹ دھرم اور ضدی بناتا ہے۔ آنکھوں اور عقلوں پر پڑے ہوئے پردوں کو مزید دبیز کرتا ہے۔ نفرتوں کی خلیجوں کو زیادہ وسیع اور دشمنیوں کو سخت بناتا ہے۔ محبت و اخوت کے رشتوں کو منقطع کر کے اتحاد کو آناً فاناً تباہ و برباد کرتا ہے۔ قوموں کی عظمتوں کو تباہ، آباد بستیوں کو ویران اور مضبوط مملکتوں کو نیست و نابود کر دیتا ہے۔

یہ بات تو طے ہو گئی کہ وہ افراد جو حیات طیبہ میں موجود تھے اور آپؐ کے اطراف بیٹھتے تھے تمام کے تمام شرائط صحابیت پر پورے نہیں اترتے تھے۔ اور یہ کہ تمام صحابہ کے درجات مساوی نہیں تھے۔ اور یہ کہ ان میں اکثر منافق بھی تھے۔ جیسا کہ خود خدائے بزرگ و برتر نے ایک اور مقام پر فرمایا ہے۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰہِ وَبِالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَمَا ہُمْ بِمُؤْمِنِیْنَ ؁ (سورہ بقرۃ ۲ آیت ۸)

(ترجمہ) اور بعض لوگ ایسے بھی ہیں جو (زبان سے تو) کہتے ہیں کہ ہم خدا پر اور قیامت پر ایمان لے آئے۔ حالانکہ وہ (دل سے) ایمان نہیں لائے۔

اور یہ کہ ان میں سے بعض ایسے بھی تھے کہ جو اپنی بات منوانے کے لئے آپؐ سے کچھ جھوٹی باتیں منسوب کر دیتے تھے۔ چنانچہ خود آنجنابؐ نے فرمایا۔

ایہا الناس! قد کثر علی الکذابۃ فمن کذب علی متعمداً فلیتبوء مقعدہ من النار

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(ترجمہ) لوگو! اب مجھ سے جھوٹی باتیں منسوب کرنے کی انتہا ہوگئی ہے۔ اس لئے میں تمہیں خبردار کر رہا ہوں کہ جو جان بوجھ کر مجھ سے جھوٹی بات منسوب کرے گا اس کا ٹھکانہ جہنم میں ہوگا!!

ظاہر ہے کہ ان حالات میں ہم تمام احادیث کو آنکھیں بند کر کے قبول نہیں کر سکتے۔ کسی حدیث کو قبول کرنے کے لئے ہم پر واجب ہے کہ ہم پہلے اس کو عقل کی کسوٹی پر کس لیں، اصول کے پیمانوں پر پرکھ لیں اور قرآن الحکیم سے مطابقت کر لیں۔ یہ کام تو ہم اب بھی کرتے ہیں مگر گروہ در گروہ۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ تمام عالم اسلام اور تمام مسالک کے مفکرین یکجا ہو کر اور پورے خلوص و غور و فکر کے بعد احادیث کے ذخائر کی طہارت کا کام انجام دیں۔ اور اپنے اپنے عقائد پر کاربند رہتے ہوئے بنیادی مراکز پر مجتمع ہو جائیں۔ تاکہ ہم خود بھی حقیقی اسلام پا سکیں اور نوع انسانی تک بھی اصلی و مثالی پیغام پہنچا سکیں۔

زیر نظر کتاب اسی مقصد کے حصول کے سلسلے کی ایک انفرادی کاوش ہے۔

گر قبول افتد!

اور یہ عظیم کاوش ہے! مصر کے قابلِ فخر محقق جناب شیخ محمود ابوریہ کی اور اس کے ترجمے کی سعادت حاصل کی ہے۔ پاکستان کے مایہ ناز ادیب جناب سیّد محمّد موسیٰ رضوی نے۔ یہ ہے تو ترجمہ مگر اس کی روانی تسلسل کا اندازہ آپ کو کتاب پڑھنے کے بعد ہی ہوگا۔ موسیٰ رضوی ایک دیندار اور مخلص مسلمان ہونے کے ساتھ ساتھ صاف ستھرے ذہن کے ادیب بھی ہیں۔ عربی، فارسی، اُردو اور انگریزی زبانوں پر خاصہ عبور رکھتے ہیں.......

اس کتاب پر پیش لفظ لکھنے کی زحمت فرمائی ہے علاّمہ سیّد ابن حسن نجفی صاحب نے۔ علاّمہ نجفی صاحب ملک کی مشہور و معروف شخصیت ہیں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور اسلام کے عظیم اسکالر کی حیثیت سے پورے عالم اسلام میں پہچانے جاتے ہیں۔ آپ نے عالمِ اسلام اور کئی یورپی ممالک کے دورے کئے ہیں اور وہاں کے نامور اسکالروں سے دینی و اسلامی یک جہتی کے امور پر مذاکرات کر چکے ہیں۔ مقدمہ لکھنے کی زحمت فرمائی ہے۔ ایران کے عظیم مفکر جناب محمد وحید گلپائیگانی نے۔ اور یہ ادارے کی خوش قسمتی پر ہی محمول کیا جا سکتا ہے۔ جناب سید حسین مرتضیٰ نے تقریظ لکھ کر احسان فرمایا ہے۔

سید حسین مرتضیٰ ریسرچ اسکالر کی حیثیت سے ابھر رہے ہیں اور برصغیر کے مشہور عالمِ دین سید مرتضیٰ حسین فاضل لکھنوی کے صاحبزادے ہیں۔

مولانا سید مرتضیٰ حسین متعدد کتابوں کے مولف و مصنف ہیں۔ اب ان کے صاحبزادے بھی اسی میدان کے شہسوار بن رہے ہیں اور یہ ایک اچھی مثال ہے۔

ان عظیم مفکرین کی۔ اس بے مثال و منفرد کاوش کو آپ کے ہاتھوں تک پہنچانے میں ادارے کی معاونت فرمائی ہے جناب امیر علی سجن صاحب نے۔

امیر علی سجن کے متعلق یہ چند جملے میں اس لئے نہیں لکھ رہا ہوں کہ انہوں نے اس کتاب کی اشاعت کے تمام اخراجات برداشت کئے اور اس طرح ادارے کی مالی اعانت فرمائی۔ کیونکہ میرے نزدیک معیار انسانیت خریدنے کے لئے دولت کے انبار کی نہیں، اعلیٰ کردار کی ضرورت ہوتی ہے۔ گو امیر علی کاروباری اور خوجہ خاندان کے چشم و چراغ ہیں۔ مگر کاروباری مصروفیات کے باوجود علمی مشاغل میں بھی مصروف رہتے ہیں۔ چنانچہ اس سے قبل بھی اکثر علمی خدمات انجام دیتے رہے ہیں۔ علماء کی محفلوں میں باقاعدگی سے شرکت کرتے ہیں۔

مزاج میں سادگی، خلق میں بلندی، کردار میں پختگی، عادات میں شائستگی، حیات میں زہد و تقویٰ، طبیعت میں انکساری اور سینے میں حساس دل رکھتے ہیں۔ کاروباری حضرات تو اکثر مصلحت کوش ہوتے ہیں مگر امیر علی سجن... صاف گو اور بے باک قسم کے انسان ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ آپ پہلی ملاقات میں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کچھ اچھے تاثر لے کر نہیں اُٹھیں گے (کم از کم میرے ساتھ تو یہی ہوا) مگر دوسری اور تیسری ملاقات کے بعد یقیناً متاثر بلکہ گرویدہ ہو جائیں گے۔ امیر علی سجن اس سے پہلے "دین حق" کی طباعت کر چکے ہیں اور آئندہ بھی کئی اہم و نادر کتابیں شائع کرنے کا عزم رکھتے ہیں۔ غرض یہ کہ علم اور کتاب کے رشتوں کو بخوبی پہچانتے ہیں۔ اور جانتے ہیں کہ دولت کے بل پر چند برس بھی نام باقی نہیں رہتا مگر کتاب سے بقائے دوام حاصل ہوتا ہے۔

اس کتاب کی اشاعت میں معاونت حاصل رہی ہے مُلک کے مشہور مصوّر سیّد تصدّق حسین نقوی کی۔ کتابت کے فرائض انجام دیئے ہیں۔ رشید رستمِ قلم، ثناء اللہ، صغیر احمد، سلام لائلپوری اور عثمان صاحب نے۔ بائنڈنگ کے فرائض انجام دیئے ہیں غلام عباس فاروقی نے۔ ان حضرات کے علاوہ بھی چند احباب کے مشورے شاملِ حال رہے ہیں۔ میں فرداً فرداً ان تمام حضرات کا شکرگزار ہوں۔

آخری بات:۔ ادارۂ عظمتِ انسانیت کے قیام کا مقصد تعلیماتِ محمدؐ و آلِ محمدؐ کو عام کرنا۔ تحقیقی مقالات کی اشاعت کرنا اور نادر تخیّلات کو منظرِ عام پر لانا ہے۔ مگر ان تمام کٹھن مراحل سے گزرنے کے لئے آپ کی اعانت و رہنمائی ضروری ہے۔ ارادے وسیع اور دشوار گزار ہیں مگر ہمیں اُمید ہے کہ محمدؐ و آلِ محمد علیہم السّلام کی سرپرستی اور آپ کی پُرخلوص دُعاؤں کے طفیل تمام مشکلیں حل ہو جائیں گی۔

انصار حسین واسطی
ادارۂ عظمتِ انسانیت
تنویر منزل ۱۸۱/۳ لیاقت آباد۔ کراچی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مولف کتاب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اس کتاب کے مولف علامہ شیخ محمود ابوریہ کا شمار مصری سواد اعظم کے ان بلند پایہ علماء میں ہوتا ہے جن کی شخصیت تبحرّ فکری، قوت ارادی اور حق کی حمایت میں اظہار جرأت کے لئے مشہور عام ہے۔ انھوں نے دین کی طرفداری، بیانِ حقائقِ مذہبِ اسلام اور دین کی حقیقی اور اساسی مبادیات

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پر مسلمانوں کی ترغیب و تحریص کے سلسلے میں اتنی تن دہی، استقامت اور استقلال کے ساتھ اپنی کوششوں کو جاری رکھا کہ ظاہر بیں اور سطحی فکر کے حامل افراد یکلخت ان پر ٹوٹ پڑے اور انہیں ہدف طعن و تشنیع قرار دیا۔ پھر آل علی علیہم السلام کی صادقانہ جانبداری اور خالصانہ تمجید کے سبب بعض شیوخ اور علماء ازہر کی بے مہری کا سبب بنے اور رفض و تشیع کا الزام ان کے سر پر آیا جس کے نتیجے میں مناقشات اور ہرزہ گوئی کا ایک سلسلہ شروع ہوگیا جیسا کہ انھوں نے خود اس واقعے کو لبنان سے شائع ہونے والے ایک ماہنامے "**المنہج**" کے دو شماروں میں "ازہر یونیکے ساتھ میری داستان" کے عنوان سے دو مفید اور مستدل مقالوں میں لکھا۔ ان مقالوں میں انھوں نے فی مابین اختلافات کو ہر دشوار گذار موڑ پر بڑے شائستہ انداز سے شیرینیٔ کلام اور حلاوت زبان کی رعایت کے ساتھ بیان کیا۔

یہاں ہم اختصار اور سب سے بڑھ کر ان نامطلوب نتائج کے باعث جو اس طرح کی کشمکش سے مسلمانوں کے درمیان پیدا ہوتی ہے اور وہ بھی اس دور میں جبکہ اتحاد اور یگانگت ان کے لئے ایک حیاتی پہلو رکھتی ہو اس کی تفصیلات سے صرف نظر کرتے ہیں اور اس رب جلیل سے ارواح مقدس حضرت خاتم الانبیاء ائمہ اطہار اور اولیاء اسلام علیہم السلام کی استشفاع کے ساتھ اسلام کے مایۂ ناز پرچم تلے مسلمانوں کی سربلندی، کامیابی، سعادت اور وحدت کلام کے خواہاں ہیں۔

محمد وحید گلپائیگانی (تہران)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

jabir.abbas@yahoo.com

مآخذ کتاب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۱۔ قرآن حکیم

۲۔ ابوہریرہ، علامہ عبدالحسین شرف الدین مرحوم

۳۔ الاحکام فی اصول الاحکام، آمدی

۴۔ الاحکام فی اصول الاحکام، ابن حزم

۵۔ الاستیعاب ابن عبدالبر

۶۔ اسدالغابہ ابن اثیر

۷۔ الاصابہ ابن حجر عسقلانی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۸۔ اصل الشیعہ واصولہا، استاد محمد حسین کاشف الغطاء مرحوم
۹۔ الفیہ سیوطی اور اس کی شرح، احمد بن شاکر۔
۱۰۔ الفیہ اور اسکی شرح، عراقی
۱۱۔ انساب الاشراف بلاذری
۱۲۔ البدایۃ والنہایہ ابن کثیر
۱۳۔ تاریخ آداب العرب، استاد مصطفےٰ صادق الرافعی
۱۴۔ تاریخ ابن خلدون
۱۵۔ تاریخ الخلفاء سیوطی
۱۶۔ تاریخ کبیر ذہبی
۱۷۔ تاریخ مختلف الحدیث ابن قتیبہ
۱۸۔ تذکرۃ الحفاظ ذہبی
۱۹۔ تفسیر ابن کثیر
۲۰۔ تفسیر امام محمد عبدہٗ
۲۱۔ تفسیر سورہٴ اخلاص، ابن تیمیہ
۲۲۔ تفسیر طبری
۲۳ تفسیر کشاف علامہ زمخشری
۲۴۔ التقریب، نودی
۲۵۔ توجیہ النظر جزائری
۲۶۔ جامع ابن وہب
۲۷۔ جامع بیان العلم ابن عبدالبر
۲۸۔ جامع ترمذی
۲۹۔ الحلیہ ابونعیم
۳۰۔ حیواۃ الحیوان دمیری
۳۱۔ ربیع الابرار زمخشری
۳۲۔ رد الدارمی علی المریس
۳۳۔ الروض الباسم۔ وزیر الیمانی
۳۴۔ روض الاخبار محمد بن قاسم بن یعقوب
۳۵۔ سنن ابی داود
۳۶۔ سنن نسائی
۳۷۔ سیرت ابن ہشام
۳۸۔ سیرۃ اعلام النبلا، حلبی
۳۹۔ سیرۃ الحلبیہ، حلبی
۴۰۔ شذرات الذہب فی اخبار من ذہب عمار حنبلی۔
۴۱۔ شرح صحیح مسلم، نودی
۴۲۔ الشعر والشعراء ابن قتیبہ
۴۳۔ صحیح بخاری اور اسکی شرح۔ ابن حجر عسقلانی۔
۴۴۔ الصداقہ والصدیق، البوحیان توحیدی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۴۷ - طبقات ابن سعد مطبوعہ یورپ
۴۸ - عقد الفرید، ابن عبد ربہ
۴۹ - فتوح البلدان، بلاذری
۵۰ - فجر اسلام، ڈاکٹر احمد امین
۵۱ - الفخری، ابن طقطقی
۵۲ - الفصل والنحل
۵۳ - قواعد التحدیث قاسمی
۵۴ - کتاب الانصاف بطلیوسی
۵۵ - کتاب المعمرین سجستانی
۵۶ - لسان العرب، ابن منظور
۵۷ - المثل السائر فی ادب الکاتب والشاعر ابن اثیر۔
۵۸ - مجلہ الرسالہ
۵۹ - مجلہ الکاتب
۶۰ - مجلہ المنار
۶۱ - مختصر تاریخ ابوالفداء
۶۲ - مختصر کتاب المومل ابوشامہ
۶۳ - مراۃ الاصول ملا خسرو (خطی)
۶۴ - مسند احمد
۶۵ - مسند بقی
۶۶ - المضاف والمنسوب ثعالبی
۶۷ - المعارف ابن قتیبہ
۶۸ - معجم الادباء، یاقوت حموی
۶۹ - معجم البلدان، یاقوت حموی
۷۰ - معجم الحیوان، امین المعلوف
۷۱ - المغنی، ابن ہشام
۷۲ - مقامات بدیع الزماں ہمدانی اور اس کی شرح، امام محمد عبدہٗ۔
۷۳ - مناقب ابی حنیفہ، مکی
۷۴ - الموافقات شاطبی
۷۵ - النجوم الزاہرہ، ابن تغری بردی
۷۶ - نہایہ الارب، النویری
۷۷ - نہج البلاغہ اور اسکی شرح۔ امام محمد عبدہٗ۔
۷۸ - ہدی الساری، ابن حجر عسقلانی
۷۹ - الوحی المحمدی، محمد رشید رضا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas
jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مقدمہ مولف

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یہ مختصر مجموعہ "اضواء علی السنۃ المحمدیہ" کی کتاب کا ایک حصہ ہے جس کی اشاعت عالم اسلام کے چپّے چپّے میں ہو چکی ہے۔ یہ کتاب "فی الشعر الجاہلی" کے بعد اس دور کی سب سے زیادہ مشہور اور معرکتہ الآراء کتاب ہے۔ اور باوجود اس کے کہ الحمدللہ بلند پایہ دانشوروں اور صاحبان فکر ونظر کی جانب سے نہایت قدردانی اور تعریف وتوصیف کا سبب بنی۔ تاہم بعض فکری جمود کے شکار، ظاہر بین اور تنگ نظر نگاہوں نے دشنام طرازی اور ہرزہ گوئی کے ساتھ ہمارا استقبال کیا۔ مگر ہم نے انکی کوئی پرواہ نہیں کی اور ان کو اپنے حال پر چھوڑ دیا تاکہ وہ اسی طرح ضلالت اور گمراہی کی زندگی بسر کریں اور اگر یہی لوگ ہماری طرح راہ راست اختیار کرتے اور علمی سرمائے کے ساتھ یہ پسندیدہ روش اختیار کرتے تو ہم بھی نہایت خندہ پیشانی اور رضا و رغبت کے ساتھ ان سے بحث و گفتگو کا آغاز کرتے مگر نہایت افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ انہوں نے ضد، بدگوئی، اور دشنام طرازی کے لجن زار میں غوطہ ور ہوکر راہ راست سے انحراف کیا جسکی بنا پر ہمیں بھی ان کے ساتھ گفتگو سے صرف نظر کرنا پڑا۔ جس چیز نے سب سے زیادہ ہمیں مطعون اور بد دہن ہرزہ گویوں کا ہدف بنایا وہ "ابوہریرہ" کی تاریخ تھی جس میں ہم نے حیرت انگیز حقائق کا انکشاف کیا اور جوان کے لئے ایک انوکھی بات تھی جس سے وہ پہلے یکسر بے خبر تھے۔ اس اچانک اطلاع نے انھیں مبہوت بنا دیا اور قریب تھا کہ فرط تعجب سے ان کی چیخ بلند ہوتی کہ ایسے میں آہستہ آہستہ ہواس بجا ہوئے اور انھوں نے طے کیا کہ اپنی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شکست کا ازالہ کریں مگر ہماری ضرب اتنی کاری تھی کہ انھیں فحش اور ناسزا گوئی کے علاوہ اور کوئی راہ دکھائی نہ دی جس میں وہ وحید عصر تھے۔ اسلئے انھوں نے اپنی زبانوں کو ہمارے دشنام کے لئے وا کیا اور نوک قلم کو اس مدعا کے لئے بروئے کار لائے۔

اس بدکلامی کے مقابلے میں سب پر فائق آنے والی ایک شامی اورازہری شخصیت ہے جو اپنے آپ کو "ڈاکٹر مصطفےٰ السباعی" کے نام سے جانتی ہے اور (الحق بدزبانی کے میدان میں وہ یکہ تاز عصر ہے اور فن ہرزہ گوئی کا بے نظیر ڈاکٹر ہے) اس نے اپنی گفتگو کو جس عریانی اور فحاشی کے ساتھ ہمارے حوالے کیا ہے۔ شاید روئے ارض کا پست ترین آوارہ اور ہرجائی انسان بھی اس کی ادا مثل سے عاجز ہو اور شاید وہ اس طرح یہ سمجھانا چاہتا ہو کہ اسے فن ہجا اور ناسزا گوئی میں تمام فحاشیوں پر دسترس حاصل ہے اور الحق کہ ایسا ہی ہے۔ مگر اس میں حیرانی اس لئے نہیں کہ ہم تاریخ کے اوراق میں اس کی زندگی کو پرکھ چکے ہیں اور ہم پر واضح ہوگیا ہے کہ اس قسم کی حماقتوں اور جمود کو اس نے اپنے قبیلے سے ورثہ میں پایا ہے اور گالم گلوچ کو بھی اس نے اپنے اساتذہ سے سیکھا ہے۔ ایسی صورت میں ہمارا فرض تھا کہ اس کو ہم عدالت کے کٹہرے میں لا کھڑا کرتے تاکہ وہ اپنے گفتار و کردار کے اثرات سے بہرہ ور ہوتا اور اپنے ہم عصروں کے لئے عبرت کا نمونہ بنتا لیکن ہم نے رحم کھا کر اس پر شفقت کی اور اپنی جوانمردی سے دور دیکھا کہ ایک ایسے انسان سے الجھا جائے جو خود ایک مزمن بیماری کا شکار ہو اور اپنے علاج سے مایوس حیات و ممات کے دوراہے پر کھڑا ہو۔ لہٰذا حسِ عاطفہ و جوانمردی نے مجھے ابھارا کہ میں یہودیوں کے شفاخانے میں اس سے ملنے جاؤں جہاں وہ حکومت کے خرچ سے زیر علاج تھا میں نے اسکی تمام اہانتوں کو یکسر فرو گذاشت کیا اور ۲۸ رمضان المبارک ۱۳۸۰ھ مطابق ۱۵ مارچ ۱۹۶۱ء کو بدھ کی دوپہر اس سے ملنے گیا اور نہایت خلوص کے ساتھ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

بارگاہ خداوندی میں اس کے لئے شفائے عاجل کا طلب گار ہوا اور عید الفطر
کی آمد پر از قبل اسے مبارک باد دی میرا گمان تھا کہ اگر اس شخص میں ذرا بھی
حمیت نفس ہوگی یا اس کا نَسَب محترم ہوگا تو وہ ان عواطف انسانی کو قدر کی
نگاہوں سے دیکھے گا۔ اور بہتر نہ سہی تو کم از کم اسی سطح پر مجھ سے سلوک
کرے گا۔ اس کا ضمیر اسے آواز دے گا اور جو کچھ اس نے دیگر فحاشوں اور بے
ادبوں نے ایک ایسے انسان کے حق میں روا رکھے گا اور جو برتاؤ پچھلے خطوط
میں میرے ساتھ کئے انہیں پر اکتفا کرے گا۔ مگر اس شخص نے کہ خدا اس کے تمام
امراض کو دور کرے ایسا نہیں کیا۔ کچھ ہی عرصے بعد اسکی فطرت اور طبع سرکش
نے اس پر غلبہ کیا اور اس کو اس بات پر آمادہ کیا کہ وہ از سر نو رکیک گالیوں کی
باڑ پر مجھے لے آئے اور ان تحائف کو عیناً "الاہرام" کے مجلے میں منعکس کرے۔
خدا رحمت کرے عرب کے شاعر متنبیٰ پر جس نے کہا ہے۔

اذا انت اکرمت الکریم ملکتہ   وان انت اکرمت اللئیم تمردا

"کسی محترم اور عالی نسب انسان کی تکریم اس کو خرید لیتی ہے اور اگر پست
فطرت اور کم مایہ انسان کی تکریم و تعظیم کی جائے تو وہ اسے سرکش بنا دیتی ہے۔"

انھیں ظاہر بین، کوتاہ نظر، جمود پذیر فکروں کے شور و غوغا اور ہنگامہ آرائیوں
نے ہمیں اس بات پر مجبور کر دیا کہ "شیخ الضمیرہ ابوھریرہ"[1] کی تاریخ پر من جمیع
الجہات تجدید نظر کی جائے تاکہ اس مشہور صحابی کی حقیقتِ ہستی کما حقّہ سب پر آشکار
ہو جائے اور سب اس کو باحسن الوجوہ پہچان لیں۔ اس بنا پر ہم نے ان تمام مصادر
و ماخذ سے جو ارباب روایت کے نزدیک معتبر اور موثق ہیں اور جن پر ہمیں دست
رس حاصل ہے رجوع کیا اور اس بحث و تحقیق میں فقط انہی پر اعتماد کیا اور

---

[1] کتاب المضاف والمنسوب ثعالبی کے صفحہ ۸۶ اور اس کتاب کے صفحہ ۲۵ پر ابو
ہریرہ کی اس وجہ شہرت کو ملاحظہ فرمائیں۔

Presented by: Rana Jabir Abbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دیگر ماخذ سے قلم روک لیا تاکہ احمق اور نادان لوگ ہم پر تشیع کا الزام نہ دھریں اور یہ نہ کہہ سکیں کہ ایسی باتیں ہم سے کہتا ہے جن سے نہ ہمیں آشنائی ہے اور نہ اعتماد اور اس طرح ہم نے اس بحث میں اس مواد سے استفادہ کیا جسکو ہم نے اپنی عظیم الشان کتاب کی تالیف کے موقع پر مذکورہ کتب کے درمیان مطالعہ اور تحقیق کے دوران نکالا تھا وہ مطالعہ و تحقیق جس میں پندرہ سال سے زیادہ وقت صرف ہوا اور آخر کار مذکورہ کتاب کی پہلی اشاعت میں جو کچھ ہم سے جمع ہو سکا اکھٹا کر دیا۔ کیونکہ اختصار اور جمود پسند ظاہر بین دونوں ہمارے پیش نظر تھے ایسا نہ ہو کہ ہماری باتوں کو ان کے دل و دماغ قبول نہ کریں اور وہ ضائع ہو جائیں ہم نے ان تمام ماخذوں سے رجوع کیا تاکہ ابوہریرہ کی تاریخ کے لئے ایک مکمل اور دلچسپ بحث تیار ہو سکے۔ ہم نے بحث کی طوالت یا اختصار پر کوئی توجہ نہیں دی کیونکہ اسکا موضوع بڑی اہمیت کا حامل ہے اور اس کے بارے میں گفتگو آسان نہیں۔ پھر ہم نے اس موضوع کے لئے ایک واضح اور مستقیم مورخانہ روش کو اختیار کیا جو سچائی اور امامت کا راستہ ہے جس سے انحراف سراسر گمراہی اور دربدری ہے۔ اس کے بعد ہمیں کسی کی پرواہ نہیں کہ مثلاً زید ہم سے خوش ہو گا یا عمر ناراض۔ اہل مطالعہ پر یہ واضح کرنا ضروری ہے کہ اس روش کو اختیار کرنا آسان نہیں تھا۔ مگر ہم نے اس دشواری کو اپنے لئے گوارا کیا اور اپنے کئے پر نہایت خوش ہیں اس لئے کہ حق ہم پر واضح ہو گیا اور راہ حق پر جادہ پیمائی کے لئے ہم نے اپنے پروردگار سے مدد چاہی جس نے ہماری ہر قدم پر راہ نمائی کی۔

بہر حال ابھی بحث و تحقیق سے فراغت حاصل نہیں ہوئی تھی کہ ہم نے محسوس کیا کہ موضوع نے کچھ طوالت حاصل کر لی ہے اور صفحات کی تعداد ۱۵۰ تک پہنچ گئی ہے درآں حالیکہ اصل صفحات شاید ۵۰ سے زیادہ نہیں تھے۔ اور اگر ہم کمیت قلم کی باگ اس پر چھوڑ دیتے تو کتاب کے صفحات مزید سیاد

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہو جاتے لیکن ہم نے راستہ روک کر اسی پر اکتفا کیا اور پھر خیال آیا کہ اس بحث کے لئے ایک جداگانہ کتاب مرتب ہونی چاہیئے تاکہ زیادہ مفید اور زیادہ قابل استفادہ ہو۔ اس طرح اب یہ کتاب مکمل تحقیق کے ساتھ پڑھنے والوں کی خدمت میں حاضر ہے۔ جس میں بغیر کسی شک و تردید کے مشہور صحابی ابوہریرہ کی خیبر کے دن پیغمبرؐ کے حضور نہایت فلاکت و تنگدستی کے عالم میں شرف یابی سے لے کر کمال بے نیازی کے ساتھ عتیق کے ایک عالیشان محل میں موت کی تصویر سرتاپا منعکس ہے۔ اس صاف و شفاف آیئنے میں ہر پڑھنے والا ابوہریرہ کی شخصیت واضح اور آشکار طور پر دیکھ سکتا ہے اور پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفاء کے دور میں انکی زندگی اس پر روشن ہو سکتی ہے۔ نیز یہ بھی معلوم ہو سکتا ہے کہ اس دور فترت میں صحابہ کے نزدیک انکی کیا قدر و منزلت تھی اور یہ کہ حضرت عمرؓ نے کس طرح ان کو احادیث پیغمبرؐ بیان کرنے سے منع کیا تھا اور اسی امر پر انھیں تازیانے لگائے تھے۔ اور شہر بدر کرنے کی دھمکی بھی دی تھی اور پھر بحرین پر حاکمیت کے دوران امانت میں عدم رعایت کے سبب ان کے اموال کا کچھ حصہ بھی بحق سرکار ضبط کر لیا تھا۔

پھر جب انھوں نے بزرگ صحابہ سے میدان خالی دیکھا اور حضرت عمرؓ کے اس تازیانے کا خوف باقی نہ رہا ۔ جو ہر وقت روایت حدیث پر انکی پیٹھ زخمی کرتا تو انھوں نے حدیث گوئی کا سلسلہ شروع کر دیا اور پیغمبر اسلامؐ کی مختصر مصاحبت کے باوجود اتنی کثیر تعداد میں حدیثیں نقل کیں کہ مورد الزام ٹھہرے اور عالم اسلام کے پہلے متہم راوی محسوب ہوئے۔ اسکے بعد انھوں نے اپنے آپ کو بنی امیہ سے منسلک کر لیا جو غاصب حکمران تھے اور جنھوں نے اسلام میں شوریٰ کی اہمیت کو ختم کر دیا تھا اور شاہانہ صورت اختیار کر لی تھی جن کے دستِ قدرت میں امر و نہی عزل و نصب سب ہی کچھ تھا۔ ابوہریرہ نے ان کے دوستوں اور مبلغین کے حلقوں میں شمولیت اختیار کی اور انھیں اپنی زبان اور روایات کے ذریعے کمک پہنچاتے رہے اور اس طرح وہ ان کے الطاف و عواطف عطایا اور من بھاتے کھانے بالخصوص "مضیرہ" میں شریک

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہو گئے جس کا شمار معاویہ کے اعلیٰ ترین کھانے میں ہوتا تھا۔ اس غذا کی طرف ابو ہریرہ کی رغبت اس حد تک تھی کہ بالآخر اس نام سے پکارے جانے لگے اور یہ لقب ہمیشہ ان کے ساتھ چسپاں رہا عرصہ دراز تک یہی لقب ان کا طرۂ امتیاز تھا۔ جیسا کہ آپ اسی کتاب میں ملاحظہ فرمائیں گے اور اسی لئے ہم نے بھی اپنی کتاب کو اسی نام سے منسوب کیا۔ علاوہ ازیں ابو ہریرہ کی تاریخ کا مطالعہ کرنے والے ایک اور عجیب وغریب داستان سے دوچار ہوں گے جس کے تین مراحل ہیں اور اس کا تعلق اس دور سے ہے جب وہ معاویہ کے دربار میں خدمت گزار تھے اور یہ قصہ وہی "بسط ثوب" دعائیں اور رمز ود" والی داستانِ حدیث ہے اور اس میں شک نہیں کہ اسکا شمار ابوہریرہ کے تاریخِ حیات کی سب سے انوکھی اور دلچسپ داستانوں میں ہوتا ہے۔

اس طرح ہم نے ابوہریرہ کی روایات، ان کے صدق گفتار کا پیمانہ اور پیغمبر اکرمؐ سے ان کے احادیث کی نسبت کے بارے میں ان اہم ترین مطالب سے پردہ اٹھایا ہے جس کا جاننا مسلم اور غیر مسلم دونوں کے لئے نہایت ضروری ہے تاکہ حقیقت کھل کے سامنے آئے اور اپنے وزن کی صلاحیت کے مطابق مورد قبول واقع ہو متذکرہ روایات میں ایسا مواد شامل ہے جس سے ایک طرف اسلام دشمن عناصر ہماری ضد پر اتخاذ سند کرتے ہیں اور دوسری طرف مومنین شک وتردید میں پڑ جاتے ہیں اور اس کا سبب یہ ہے کہ ابوہریرہ روایات میں تدلیس سے کام لیتے تھے۔ تدلیس جیسا کہ علمائے حدیث نے کہا ہے حکم مرسل میں آتا ہے اور علمائے فن کے نزدیک اسکی قبولیت میں اختلاف ہے اور بعضوں نے تو کلی طور پر اس کو رد کر دیا ہے۔ اسی سبب تمام صحابہ کے برخلاف ابوہریرہ کی تاریخ ہماری توجہ کا خاص مرکز بنی۔

یہ ہے ہماری کتاب کے مواد کا ایک حصہ۔ اس میں دوسرے علمی حقائق بھی منضبط ہیں جو اس سے قبل کہیں کسی کتاب کا سرمایہ نہ بن سکے۔ مجھے معلوم ہے کہ اس کتاب کی طباعت کے بعد میرا کیا حشر ہوگا مگر اس راہ میں جو بھی میرا حال

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہوگا وہی میرا مطلوب ہے اور اس کے لئے میں بالکل تیار ہوں۔ خدا رحمت کرے ابن حزم پر جس نے کہا تھا:۔

'جب کوئی کسی امر کی تحقیق پر کمر بستہ ہو جائے اور اپنی ہستی کو حقیقت کی راہ میں محکم بنائے۔ اگرچہ آغاز کار اس کے لئے مشکل ہوگا اور اسے بہت دکھ سہنے پڑیں گے۔ مگر ایک ایسا مقام حاصل ہوگا جہاں وہ لوگوں کی ستائش سے زیادہ انکی بدگوئی سے محفوظ ہوگا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سرآغاز

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یہ طے شدہ امر ہے کہ تمام احادیث نبوی قرآن کریم کی طرح دین کی اساس ہیں کیونکہ دین کی عمارت بغیر ان کے استوار نہیں رہ سکتی اور اصل و حقیقت دین کا اس راہ سے ہٹ کر معلوم کرنا ناممکن ہے نیز ہر فرد مسلمان پر یہ بھی لازم ہے کہ ان احادیث کو سمجھے اچھی طرح یاد رکھے اور ان میں جو احکام ہیں ان کی پیروی کرے بالکل اسی طرح جیسے قرآن کی ہدایات پر عمل کیا جاتا ہے۔ نیز یہ بھی مسلم ہے کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیشہ اپنے اصحاب کو

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حفظ ونقل حدیث کے لئے تاکید فرمائی ہے تاکہ وہ آپکے بعد ہمیشہ باقی رہ سکے ایسی حالت میں لازم ہے کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وہ تمام صحابی جنہوں نے نقل حدیث میں زیادہ حصّہ لیا ہے، دین کی منزل میں بلند ترین مرتبہ پر فائز ہوں، ایمان میں سب سے زیادہ ثابت قدم اور علمی مدارج میں سب سے اونچے ہوں اس کے برعکس جنہوں نے ان کے مقابلے میں کم حدیثوں کو نقل کیا دین وفضیلت وعلم میں ان کا مقام کچھ کم اور قدر ومنزلت کے لحاظ سے انہیں پہلے گروہ کی نسبت دوسرے درجہ پر فائز ہونا چاہیئے۔ لیکن عجیب بات ہے کہ مشہور کتب کی شہادتیں ہمیں اس امر کے خلاف ثبوت بہم پہنچاتی ہیں کیونکہ صحابہ کا وہ گروہ جو مرتبہ میں افضل اور مقام ومنزلت میں زیادہ بلند اور علوم دین میں دوسروں سے زیادہ واقف اور تمسک دین اور اس کی وفاع اور جانبداری میں ہر ایک پر سبقت لے جانے والا تھا۔ جسنے درحقیقت اصول وفروغ دین کو اپنے عظیم مربی یعنی جناب سرورِ کائنات صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ سے ورثہ میں پایا تھا بالخصوص ایسے افراد جنہیں عہد پیغمبر ہی میں منصب فتویٰ سونپا گیا۔ مثلاً خلفاء اور انصار ومہاجرین کرام یا جن کے بارے میں کہا جاتا تھا کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان سے راضی خوشی دنیا سے رخصت ہوتے یہ تمام کے تمام وہ بزرگ تھے جنہوں نے جناب پیغمبر صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ سے بہت کم حدیثیں نقل کیں، ان میں بعض ایسے صحابی بھی تھے جنہوں نے پیغمبر صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ سے ایک حدیث بھی نقل نہیں کی، اصحاب کے اس گروہ نے نہ فقط یہ کہ نقل حدیث سے کنارہ کیا بلکہ ہم یہ دیکھتے ہیں کہ ان کے بعض بزرگوں نے نقل حدیث سے اعتراض کرتے ہوئے دوسروں کو بھی اس کام سے روکا اور نقل حدیث میں اس درجہ احتیاط کی کہ آخر کار وہ اپنی لکھی ہوئی احادیث کو خود اپنے ہی ہاتھوں نذرِ آتش کرنے لگے[1]

۱۔ مذکورہ مطالب کے اجزاء کو ہم اپنی کتاب "اضواء علی السنۃ المحمدیہ" میں تفصیل سے بیان کرچکے ہیں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

"ابوہریرہ"

اور یہی واقعہ اس بات کا موجب بنا کہ ہم اس کتاب کی تالیف کریں جو اس وقت اہل مطالعہ کے ہاتھوں میں ہے اور اس میں ایک ایسے شخص کی شرح زندگی پر گفتگو کریں جس نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تمام اصحاب میں سب سے زیادہ کثیر تعداد میں حدیثیں نقل کیں درآں حالیکہ وہ بالتحقیق رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مصاحبت

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میں ایک سال اور چند ماہ سے زیادہ نہ رہے۔ نیز یہ کہ اصحاب میں بھی ان کا کوئی خاص مقام یا مرتبہ نہیں تھا اور کسی بھی اعتبار سے وہ قابل ذکر نہ تھے، اس شخصیت کو تاریخ ابوہریرہ کے نام سے جانتی ہے۔

ان کی روایات ہیں کہ ....!!!

کاش نہ ہوتیں وہ تمام روایات جن کو حدیث کی مشہور کتابوں نے ان سے نقل کیا اور جس نے مسلمانوں کے دلوں میں صداقت و اعتبار کے ساتھ گھر کر لیا اور ان کے افکار و خیالات میں رچ بس گئی اور آخر کار اصول و فروغ دین میں داخل ہو کر احکام و قوانین دین میں فقہا کے لئے ماخذ اور سند قرار پائی اور صاحبان مذہب و ملت اور متکلمین کے درمیان ان کے عقیدہ و آراء میں دلیل و مدرک بنی اس بندش کے ساتھ کہ اس طرح کی احادیث نے جن مشکلات کو جنم دیا ان سے مومن اور غیر مومن دانشوروں کے افکار عجیب طرح کی حیرانی میں مبتلا ہیں۔ ان میں ایسے شبہات اور خرافات پائے جاتے ہیں جو دین پر طعن و تمسخر کا سبب بنے ہوئے ہیں۔ پھر ان روایات میں ایسے اسناد بھی داخل ہیں جن کا تعلق اسرائیلیات [1] سے ہے اور جن پر کمال بے اعتنائی کے ساتھ بھروسہ کیا گیا ہے۔

مختصر یہ کہ اگر ابوہریرہ کی احادیث میں ان تمام معایب و مصائب کا وجود نہ ہوتا تو ہم کبھی اپنے قلم کو اس بحث کی طرف متوجہ نہ کرتے اور اپنا قیمتی وقت اس پر صرف نہ کرتے، مگر ان کی روایات ہیں کہ......!

۱۔ اسرائیلیات ان احادیث و روایات و قصص کو کہا جاتا ہے جو یہودیوں کی طرف سے اسلامی روایات میں داخل ہوئیں اور جن میں بیشتر جھوٹ اور خرافات کی بھرمار ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابوھریرہ کے نام میں اختلاف

عصر جاہلیت اور عہد اسلام دونوں ادوار میں ابوہریرہ کی طرح کسی کا نام اتنی فراوانی کے ساتھ مورد اختلاف نہیں ٹھہرا اسی وجہ سے انکا خاندانی نام جس سے وہ گھر میں پکارے جاتے تھے صحیح طور پر ثابت نہیں ہے۔ اسی طرح ان کے والد کے نام میں بھی کافی اختلاف پایا جاتا ہے۔ "نووی" لکھتے ہیں ابوہریرہ اور ان کے والد کے ناموں میں اختلاف ہے جس کے لئے تقریباً ۳۰ تک نام نقل

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کیے گئے ہیں جو تمام کے تمام حاکم کی کتاب "الکنیٰ" میں مذکور ہیں۔ اس موضوع کو ابن حجر نے الاصابہ میں بھی نقل کیا ہے سلہ حافظ غرب ابن عبد البر نے اپنی کتاب "الاستیعاب" میں لکھا ہے، ابو ہریرہ اور ان کے والد کے ناموں میں اس کثرت کے ساتھ اختلاف پایا جاتا ہے کہ جس پر عصر جاہلیت اور دور اسلام دونوں وقتوں میں احاطہ ممکن نہیں۔ پھر مزید لکھتے ہیں۔

اور ظاہر ہے اختلاف و اضطراب کا یہ سمندر ہمیں اس بات کی اجازت نہیں دیتا کہ ہم کسی ایک بات پر بھروسہ کریں۔ ہاں جو بات پایۂ ثبوت کو پہنچتی ہے وہ یہ ہے کہ ان کی کنیت ان کے نام پر غالب تھی اور حقیقتاً ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ابو ہریرہ ان افراد کی طرح ہیں جو کنیت کے علاوہ کوئی نام نہیں رکھتے۔ بہترین مقام جہاں ان کا نام آسکتا ہے وہ صاحبان کنیت کی فہرست ہے سلہ اور "اسد الغابہ" میں ہے کہ۔ ابو ہریرہ کے نام میں بہت اختلاف ہے ایسا اختلاف کہ ان سے پہلے اور ان کے بعد کسی شخص کے نام میں اتنا اختلاف نہیں پایا گیا۔ سلہ البتہ ان کی والدہ کا نام جیسا کہ کہا جاتا ہے "امیمہ" تھا، ان باتوں سے پتہ چلا کہ قطعی اور یقینی طور پر ابو ہریرہ کے لئے صحیح نام کی دریافت حدس وتخمین کے سوا کچھ نہیں لہذا ہم ان کا ذکر ان کی کنیت کے ساتھ کرتے ہیں جس میں وہ شہرۂ آفاق تھے اور ان کی وجہ شہرت کے تذکرہ کو خود ان پر چھوڑتے ہیں، جہاں وہ کہتے ہیں:

"میں اپنے گھر کی بکریاں چرایا کرتا تھا۔ میرے پاس ایک چھوٹی بلی تھی جسے میں رات کو درختوں میں چھوڑ جاتا اور جب صبح ہوتی تو اس کو

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ساتھ لے کر صحرا میں نکل جاتا ۱ جس کے سبب لوگ مجھے "ابوہریرہ" کہنے لگے" کوئی حرج نہیں اگر ہم اپنے بارے میں ان کے اس اقرار و بیان کو تسلیم کریں، ایسا معلوم ہوتا ہے وہ بلی مدینہ میں بھی ان کے ساتھ ساتھ رہی ہے کیوں کہ جس طرح فیروز آبادی نے "قاموس المحیط" میں تحریر کیا ہے۔ ایک موقع پر پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ابوہریرہ کو اس طرح دیکھا کہ وہ ایک بلی کو گود میں سنبھالے ہوئے تھے ۲

---

(۱) شاید بلی سے اتنی شدید طور پر دلچسپی نے انھیں اس سلسلے میں روایت بیان کرنے پر مجبور کیا۔ جس کے سبب وہ حضرت عائشہؓ کے اعتراض کا ھدف بنے اس روایت کی داستان کو علامہ "دمیری" نے اپنی کتاب "حیواۃ الحیوان" میں لفظ "ھرہ" کے ذیل میں نقل کیا ہے جس میں وہ لکھتے ہیں "مسند ابو داود الطیالسی میں شعبی نے علقمہ سے روایت کی ہے کہ ایک دن ہم حضرت عائشہ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے ہمارے ساتھ ابوہریرہ بھی موجود تھے ایسے میں حضرت عائشہ نے ابوہریرہ سے مخاطب ہو کر کہا "ابوھریرہ تم نے رسول خدا سے یہ حدیث نقل کی ھے کہ خدا بلی کو صدمہ پہنچانے کے سبب ایک عورت کو دوزخ کے عذاب میں مبتلا کریگا"؟ ابوہریرہ نے کہا ھاں میں نے رسول خدا سے ایسا ھی سنا تھا، حضرت عائشہؓ نے کہا کہ مومن کی ذات اللہ کے نزدیک اس سے کہیں زیادہ بلند و محترم ھے کہ وہ بلی کی خاطر آگ کے عذاب میں مبتلا ہو۔ شاید بلی کو تکلیف دینے والی عورت کافرہ ہو، ابوھریرہ جب تم کوئی حدیث نقل کیا کرو تو اچھی طرح دیکھ بھال لو کہ کیا کہہ رہے ہو اور کس بات کو نقل کر رہے ہو۔

۲ ۱۵۹ - ج ۲ -

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابوہریرہ کا سلسلہ نسب اور ان کی پرورش

ابوہریرہ کے سلسلۂ نسب کے بارے میں جو کچھ دریافت ہوا ہے اس کے مطابق ان کا تعلق سلیم بن فہم کے خاندان، قبیلۂ ازد اور آخر کار عرب کے ایک جنوبی قبیلے "دوس" سے تھا، مگر ان کی پرورش کے بارے میں کہنا پڑیگا کہ کسی کو اس کے بارے میں کوئی علم نہیں ہے۔ اسی طرح خود انکو ان کی سرزمین یمن کے لوگ بھی نہیں جانتے جس میں وہ اسلام لانے سے قبل برسہا برس

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

رہ چکے تھے، جو کچھ ہمیں ان کے بارے میں معلوم ہوا ہے وہ خود ان کی زبانی ہے۔ جس میں انہوں نے کہا ہے کہ وہ بکریاں چرایا کرتے تھے، فقیر و مسکین آدمی تھے اور اپنی بھوک مٹانے کے لئے ہر خاص و عام کی خدمت کیا کرتے تھے، پھر ایک اور مقام پر بتاتے ہیں کہ انہوں نے کچھ عرصہ ابن عفان اور غزوان کی صاحبزادی کے پاس کام کیا۔ ابن سعد نے خود ان سے نقل کیا ہے کہ وہ کہتے تھے "میں نے کچھ عرصے ابن عفان اور غزوان کی صاحبزادی کے پاس کام کیا ہے۔ جہاں میں اپنے پیٹ کی آگ کو بجھاتا تھا اور جب وہ سفر اختیار کرتے تو ان کی سواریوں کو ہنکاتا اور جب پڑاؤ ڈالتے تو انکے لئے حدی خوانی کیا کرتا تھا[1]۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ ابوہریرہ ناخواندہ بھی تھے اور لکھنے پڑھنے کی صلاحیت سے آخر عمر تک محروم رہے۔

---

[1] ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس خوبصورت حدی خوانی نے انہیں اس بات پر ابھارا کہ وہ عامل بحرین علاء بن الحضرمی کے حضور موذن بننے کی درخواست کریں اور اس طرح سے انہوں نے ۶۰ سال سے زیادہ کا عرصہ عشق موذنی میں گذارا۔ کیونکہ بطور تحقیق وہ مروان بن حکم کیلئے اس وقت اذان کہا کرتے تھے جب وہ ۴۱ ہجری میں معاویہ کی طرف سے حاکم مدینہ مقرر تھا، جیسا کہ بعد میں اسکا ذکر آئے گا۔

[2] ص ۵۳۔ ج ۴۔ طبقات حصہ دوم۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

خیبر میں پیغمبرؐ کے حضور ابوہریرہ کی شرفیابی

جس وقت ابوہریرہ کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بعثت اور آپ کی تبلیغات سے آگاہی ہوئی تو وہ بھی دوسرے اشعریین کی طرح خیبر میں پیغمبرؐ کے حضور شرفیاب ہوئے اس وقت انکی عمر ۳۰ سال تھی اور خیبر مسلمانوں کے ہاتھوں فتح ہو چکا تھا، جیسا کہ وہ خود کہتے ہیں۔

"میں اس وقت پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں مشرف ہوا جب آپ خیبر میں تھے اور مسلمانوں نے اسے فتح کر لیا تھا[1]"، اور جب ابوہریرہ کی نظریں مال غنیمت کے انبار پر پڑیں تو لالچ آڑے آیا اور انہوں نے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس مال میں اپنی شمولیت کی درخواست کی۔ اور پھر اس کے بعد انہوں نے ان باتوں میں دخل اندازی کی جن سے ان کا کوئی تعلق نہیں تھا جیسے انہوں نے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے درخواست کی کہ ابان بن سعید کو جو جنگ میں شریک تھے اس مال سے محروم رکھا جائے۔ جس کے سبب ابان بن سعید ان پر معترض ہوئے اور ان سے خشونت آمیز گفتگو کی، چونکہ ابان کا خیال تھا کہ جب ابوہریرہ نے اس جنگ میں کسی بھی صورت شرکت نہیں کی تو پھر وہ کس طرح اپنے آپ کو اس مال میں شریک بنانا چاہتے ہیں اور آخر کار جھگڑے اور پرخاش نے یہ نوبت اختیار کی کہ ابان نے ابوہریرہ کو مخاطب کرکے کہا

---

[1] ص ۳۱ — ج ۶ فتح الباری اور ص ۳۶ — ج ۲ سیر اعلام النبلاء ذہبی۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

"والے ہو اس" وبر[1] پر جو "قدوم ضمان[2]" سے آکر ہم میں شامل ہو گیا" ایک دوسرے قول کی بنا پر ابان نے کہا: "اے "رأس ضال" سے ہمارے سر لگنے والے "وبر" اس وقت پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا، ابان بیٹھ جاؤ اور ابو ہریرہ کو اس مال میں حصہ دار نہیں بنایا۔ اس طرح ابو ہریرہ ابان کی جانب سے شدت کے ساتھ ہدف تنبیہ بنے اور انھیں کوئی مناسب جواب نہ دے سکے۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ ابان کی اس گفتگو کی ایک مفسر نے اس طرح تعبیر کی اور کہا کہ ابان کی مراد ان باتوں سے ابو ہریرہ کی تحقیر تھی اور وہ انہیں سمجھانا چاہتے تھے کہ ان کی اتنی اہمیت نہیں ہے کہ وہ کسی کے سہم و عطا پر اظہار نظر کریں کیونکہ وہ جنگ و جہاد میں واماندہ و ناتواں ہیں۔ ابوالحسن قابسی سے منقول ہے کہ: ابان کی گفتگو کا منشا یہ ہے کہ ابو ہریرہ جنہوں نے اپنے آپ کو قریشی سے منسلک کیا ہے انکی مثال اس خار و خاشاک کی سی ہے جو بھیڑ بکریوں کے بدن پر چسپاں ہو جاتا ہے اور اگر ابو ہریرہ کی کوئی شخصیت ہوتی تو وہ اس کی قدر جانتے اور اسے برقرار رکھنے کی کوشش کرتے یا پھر کسی نفس محترم کے حامل ہوتے تو اس کی حفاظت کو اپنا فریضہ سمجھتے اور اپنا ہاتھ کسی ایسی شے کی طرف نہیں بڑھاتے

۱۔ دبر (بر وزن جبر) بلی کی مانند ایک چھوٹا جانور ہے۔ ابو علی قالی نے ابو حاتم سے نقل کیا ہے کہ عربوں کے بعض گروہ حشرات الارض سے متعلق ہر رینگنے والے کیڑے کو "وبر" کہا کرتے تھے۔ امین معلوف پاشا نے اپنی کتاب "معجم الحیوان" میں لکھا ہے کہ "وبر" خرگوش جتنا ایک خاکستری زہریلا جانور ہے جس کی دم چھوٹی ہوتی ہے اور ہمیشہ اپنے نچلے جبڑے کو جنبش دیتا رہتا ہے جیسے کوئی چیز چبا رہا ہو۔

۲۔ "قدوم ضمان" سرزمین دوس (قبیلہ ابو ہریرہ) کا ایک پہاڑ ہے اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ضمان ایک پہاڑ کی چوٹی ہے کیونکہ اس جگہ غالباً بھیڑ بکریوں کی چراگاہ تھی۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جس کے وہ حقدار نہیں یا اپنی آنکھوں کو ان جنگی غنائم کی طرف نہیں پھیرتے جس میں وہ شریک نہیں۔ غرض یہ کہ وہ ایک ایسے وقت میں تحقیر و تمسخر کا نشانہ بنے جب وہ پہلی بار رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ کے اصحاب سے ملاقات کر رہے تھے۔ چاہیئے تو یہ تھا کہ ایسے موقع پر وہ عزت نفس اور بلند ہمتی کا مظاہرہ کرتے مگر تعجب یہ ہے کہ ابوہریرہ کے ساتھ پیغمبرؐ کے حضور مشرف باسلام ہونے والے ۵۰ سے زیادہ اشعریین جن میں ابوموسی اشعری[۱]، عمران بن حصین خزاعی اور عبید بن خلف (اعلام النبلاء ذہبی۔ ص ۳۶۳۔ ج ۲) شامل ہیں کسی نے ایسی حرکت نہیں کی جو ابوہریرہ سے سرزد ہوئی۔ بلکہ وہ تمام کے تمام چپ سادھے بیٹھے رہے، پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لوٹنے والوں کے حصے سے نہیں بلکہ غنائم خیبر سے انکو حصہ دیا۔ اس بنا پر ابوہریرہ سے سرزد ہونے والا یہ فعل جو روز اول ہی سے ان کے پوشیدہ مقاصد، باطنی اغراض اور نفسانی حقائق کا آئینہ دار ہے مورخ کے پاس ان کی شخصیت کی کلید ہے اس میں کوئی شک نہیں کہ ابوہریرہ پیغمبر اکرم

۱۔ ابوموسی اشعری کہتے ہیں، جس وقت پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعثت اور آپؐ کے حملے کی خبر ملی اس وقت ہم یمن میں تھے۔ ہم نے اپنے قبیلے کے پچاس سے زیادہ افراد کے ساتھ جس میں میرے دو بڑے بھائی بھی شامل تھے کشتی کے ذریعہ راہ سفر اختیار کیا۔ ہماری خوش قسمتی تھی کہ کشتی نجاشی کے دائرہ اثر حبشہ میں لنگر انداز ہوئی اس طرح ہماری ملاقات حضرت جعفر بن ابیطالب ؑ اور ان کے ساتھیوں سے ہوئی جو اس وقت حبشہ میں مقیم تھے۔ حضرت جعفر بن ابیطالب ؑ نے فرمایا کہ ہم پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حکم ہی سے یہاں ٹھہرے ہوئے ہیں آپ لوگ بھی ہمارے ساتھ یہیں رک جائیں ہم لوگوں نے بھی وہیں پڑاؤ ڈال لیا، یہاں تک کہ سب کے سب ایک ساتھ روانہ ہوتے اور پیغمبرؐ کے حضور اس وقت پہنچے جب خیبر فتح ہو چکا تھا۔ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے غنائم کا کچھ حصہ ہمیں بھی عطا فرمایا (فتح الباری۔ ص ۱۸۲۔ ج ۶) عطا اور بخشش، اسہام سے الگ شے ہے۔ سہم کیلئے ضروری ہے کہ جنگ میں شرکت کی جائے اور اس کے صدمات کو برداشت کیا جائے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نظروں سے گر گئے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے نزدیک ان کی کوئی قدر و منزلت نہ رہی اور آپؐ نے اصحاب کے درمیان ان کو وہی مقام دیا جس کے وہ حقدار تھے۔ جس کا ثبوت یہ ہے کہ آپؐ نے ابان سے انکی سخت اور ذلت آمیز گفتگو پر باز پرس نہیں کی۔ حالانکہ جب کوئی صحابی کسی کے ساتھ توہین آمیز سلوک کرتا تو آپؐ شدت کے ساتھ غضبناک ہوتے جیسے خالد بن ولید اور عبدالرحمن بن عوف کے سلسلے میں برعکس ان دونوں کے غضبناک ہوئے جس وقت خالدؓ بن ولید نے کسی غزوہ میں عبدالرحمنؓ بن عوف سے اپنی گفتگو کے دوران سخت کلامی کی اور یہ بات گوش ہمایوں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک پہنچی تو آپ نے ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے نصیحتاً ارشاد فرمایا میرے اصحاب کو دشنام نہ دو۔۔۔۔۔۔ لیکن ابان اور ابوہریرہ کے سلسلے میں آپ نے خاموشی اختیار کی اور ابان کو کچھ نہ کہا بس فقط انہیں بیٹھنے کے لئے فرمایا اور ساتھ ہی ابوہریرہ کو اس مال میں حصہ دار نہیں بنایا اور خاموشی اختیار فرما کر آپ نے انھیں حسرت اور غیض و غضب کے عالم میں چھوڑ دیا۔ گویا اس طرح آپؐ ابان کی تائید فرما رہے تھے۔ ابوہریرہ اس دن مہمان کی حیثیت سے تھے اور یہ ایک عام بات ہے کہ مہمان محترم ہوتا ہے جس کی بنا پر اس کی عزت و تکریم ضروری ہے ولو یہ کہ ایک میٹھی اور اچھی بات ہی کو اس کا ذریعہ کیوں نہ بنایا جائے مگر ابوہریرہ کے ساتھ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سلوک اس کے برعکس تھا۔ جس کے نتیجہ میں آخرکار انھیں تمام صحابہ کے سامنے خفت و رسوائی اٹھانی پڑی کیونکہ اگرچہ وہ مہمان اور تازہ وارد تھے مگر کسی طرح بھی مستحق تعظیم و تکریم نہ تھے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ابوھریرہ کی مصاحبت کا سبب

ابوہریرہ نے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مصاحبت کے سبب کو بڑی صراحت کے ساتھ بیان کیا ہے اور اپنے ان تعلقات کی استواری سے برجستہ طور پر دلیری کے ساتھ پردہ اٹھایا ہے۔ انہوں نے باقی تمام اسلام لانے والوں کی طرح یہ نہیں کہا کہ وہ دوستی اور نجات کی خاطر پیغمبرؐ کی رفاقت اور مصاحبت اختیار کر رہے ہیں بلکہ یہ کہا کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پیٹ کی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

خاطر یاری گانٹھ رہے ہیں۔ جیسا کہ احمد، امام بخاری اور حضرت مسلم بن حجاج نے زہری کے ذریعے عبدالرحمٰن بن الاعرج سے روایت کی ہے کہ میں نے ابوہریرہ کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ:

"میں ایک مفلس آدمی تھا اور میں نے اپنے پیٹ کی خاطر پیغمبر اکرمؐ سے وابستگی اختیار کی۔"[1] اور ایک دوسری روایت میں "لشبع بطنی" اور کشمیہنی کی روایت میں "بشبع بطنی" کے الفاظ آئے ہیں[2] مسلم کی روایت میں اس طرح ہے کہ "میں ایک مفلس آدمی تھا اور اپنی بھوک مٹا کر پیغمبرؐ کی خدمت کیا کرتا تھا"۔ مسلم کی ایک اور روایت میں یوں ہے کہ "میں اپنی بھوک مٹانے کی خاطر پیغمبرؐ کی خدمت کیا کرتا تھا"۔ ابن حجر عسقلانی نے شرح احادیث بخاری میں لفظ "لشبع" اور "بشبع" پر گفتگو کرتے ہوئے لکھا ہے کہ ان دونوں کے مفاہیم میں فرق ہے حرف "با" کے ساتھ آنے والے لفظ کے معنی معاوضہ و مبادلہ ہے مگر لام کے ساتھ استعمال ہونے والا لفظ مطلق طور پر معاوضہ کے مفہوم میں نہیں آتا مگر اس کی نفی بھی نہیں کرتا۔ اس صورت میں "لشبع بطنی" سے مراد یہ ہوگی: تنہا اپنی بھوک مٹانے کی خاطر اور اسی طرح ابن حجر نے لفظ "ولشبع" پر آنے والی روایت کی شرح میں لکھا ہے "لشبع" لام تعطیل کے ساتھ بیشتر روایتوں میں آیا ہے اور صحیح بخاری کے علاوہ دوسرے مقامات پر بھی لام ہی کے ساتھ لکھا گیا ہے[3]۔

یہ ہیں وہ باتیں جو ابوہریرہ نے خود اپنے لئے کہی ہیں اور ہم نے اس کو بالکل اسی طرح ظاہری صورت کے ساتھ پیش کیا ہے۔ مگر اس کے علاوہ ان کے دل میں اور کیا تھا یہ ایک علیحدہ امر ہے۔ جسے واقف اسرار، خدا ہی بہتر جانتا ہے۔

۱۔ فتح الباری۔ ص ۲۷۱ اور ۲۷۲ — ج ۱۳

۲۔ فتح الباری۔ ص ۶۱۔ ج

۳۔ فتح الباری۔ ص ۱۸۳ — ج ۱

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابوھریرہ کی زندگی

بعد از اسلام

خیبر کی فتح کے بعد جب پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم مدینہ واپس تشریف لائے تو ابوہریرہ بھی دوسروں کی طرح آپ کے ساتھ تھے۔ اس وقت خیال تھا کہ ابوہریرہ بھی اوروں کی طرح تلاشِ معاش میں جستجو کرتے یا تجارت و زراعت میں سے کسی ایک کے درپے ہوتے تا کہ زندگی کی راہیں آبرومندانہ طریقے سے طے کرتے۔ مگر انہوں نے کام کرنے سے پہلو تہی کی اور ایک ایسا راستہ اختیار کیا جس کے راہی ہر طرح کی سعی و کوشش سے آزاد ہیں اور ہمیشہ صدقات اور نیکوکار لوگوں کے اموال سے اپنی جھولی بھرتے رہتے ہیں۔ وہی صدقات جس کے لئے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا تھا کہ یہ مال و متاع کا میل ہے اسطرح ابوہریرہ اور ان کے ساتھی جنہوں نے ان کی طرح سستی اور کاہلی کو سرنامہ حیات بنایا تھا گدی نشینوں اور خانقاہی مکینوں کی طرح زندگی بسر کرنے لگے اور اگر ابوہریرہ ایک ایسے کام کو منظور نظر بناتے جو مردوں اور ان افراد کے شایان شان ہوتی ہے جو اپنی شرافت کی حفاظت کے درپے ہوتے ہیں یا اسی حدیث کی پیروی کرتے جس کو انہوں نے رسول مقبول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے نقل کیا ہے کہ آپ نے فرمایا: "اس ذات پاک کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے اگر کوئی شخص بندھی ہوئی لکڑیوں کی گٹھڑی کو اپنی پشت پر لاد کر مارا مارا پھرے بہتر ہے اس سے کہ کسی دولت مند کے آگے دست نیاز دراز کرے خواہ وہ سرمایہ دار اپنی دولت سے اسے کچھ دے یا نہ دے۔"[1]

۱۔ بخاری، مسلم اور نسائی سبھوں نے اس حدیث کو نقل کیا ہے!

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اگر ابوہریرہ اس روش کو اپناتے تو یقیناً زیادہ شرافت مند زندگی کے حامل ہوتے مگر انہوں نے راہ سوال اختیار کیا جس سے کبھی وہ پاتے اور کبھی محروم رہ جاتے۔ جیسا کہ انہوں نے بارہا اس بات کی تصریح کی ہے جس کو ہم آگے بیان کریں گے۔ ان مطالب کو پڑھکر ابوہریرہ اور عبدالرحمٰن بن عوف کے درمیان فرق بخوبی واضح ہوجاتا ہے۔ جن کو پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے ایک مالدار شخص سعید بن ربیع کا بھائی قرار دیا تھا اور جب سعید نے عبدالرحمٰن سے کہا کہ میں اپنے مال کا آدھا حصہ تم کو دیتا ہوں اور تمہارے لئے موزوں رشتہ تلاش کرتا ہوں تو عبدالرحمٰن نے ان کے جواب میں کہا کہ خدا تمہارے اہل و مال میں برکت دے مجھے بازار کا راستہ بتا دو۔[1] اس صورت سے اگر کوئی شخص ابوہریرہ کی اس خستہ حال زندگی کا جس کی انہوں نے خود تصریح کی ہے۔ مطالعہ کرے تو دیکھے گا کہ مدینہ میں قیام کے دوران انکی زندگی کتنی تلخ اور دردناک تھی یہاں تک کہ مفلسی اور بھوک نے انھیں صرع کا شکار بنا دیا تھا اور یہی صرع کا اثر تھا۔ جس کو بعض افراد نے ان کے حق میں جنون سے تعبیر کیا ہے۔

۱۔ فتح الباری۔ ص ۲۳۲۔ ج

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

صفہ میں ابو ھریرہ کی سکونت

لیکن جس جگہ ابو ہریرہ نے پناہ لی اور اسے اپنا مسکن ٹھہرایا وہ "صفہ" کا مقام[1] تھا۔ جیسا کہ ابو نعیم نے "حلیۃ الاولیا"[2] میں لکھا ہے کہ ابو ہریرہ اہل صفہ کے معروف ترین اشخاص میں سے تھے۔ انہوں نے کبھی اس جگہ سے کوچ نہیں کیا۔ وہ درحقیقت اس جگہ بسنے والوں میں سب پر سبقت رکھتے تھے، خود ان

۱۔ "صفہ"، مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے شمالی حصہ میں ایک مسقف جگہ تھی جس کے رہنے والے تاریخ ابو الفداء کے مطابق گھر بار اور خاندانی جھمیلوں سے آزاد تھے۔ اسی لئے انہوں نے مسجد کے زیر سایہ پناہ لی اور صفہ کو اپنا ٹھکانا بنایا جس کی بنا پر اسی نام سے منسوب ہوئے۔ شام کے شام پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ماحضر تناول فرماتے تو ان میں سے کچھ افراد کو پاس بلا کر اپنے ساتھ کھانے میں شریک کر لیتے اور باقی کو اصحاب میں بانٹ دیتے تاکہ وہ ان کی تواضع کریں۔ اصحاب صفہ کے گروہ میں شادی بیاہ، سفر یا پھر کسی ذمہ داری کو قبول کرنے کے سبب ہمیشہ کمی بیشی ہوا کرتی تھی مگر ان تمام افراد میں ابو ہریرہ ہی ایک ایسی شخصیت تھے جنہوں نے کبھی اپنی جگہ سے جنبش نہیں کی یہاں تک کہ وہ بحرین منتقل ہو گئے جس کا بیان آگے آئے گا۔

۲۔ فتح الباری۔ ص ۲۷۶۔ ج ۱

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کا کہنا ہے کہ: میں اہل صفہ سے تھا۔ اور جب رات کی سیاہی چھانے لگتی تو پیغمبر خدا ہمارے پاس آتے اور اپنے ساتھیوں سے فرماتے کہ ہم میں سے ایک یا زیادہ افراد کو صرف طعام کیلئے اپنے ساتھ لے جائیں۔ انہوں نے نیز یہ بھی کہا ہے کہ "میں نے اصحاب صفہ کے ستر افراد کی یہ حالت دیکھی ہے کہ ان کے پاس پہننے کیلئے درست کپڑے تک نہیں تھے۔ کچھ لوگ پرانی اور کچھ ایسی پھٹی ہوئی پوشاک پہن کر گذارہ کر رہے تھے جو فقط گلے کے ساتھ بدن پر لٹکی ہوئی تھی وہ بھی اس طرح کہ کسی کے پاؤں نمایاں تھے اور کسی کی نصف ٹانگیں۔ مگر کچھ ایسے بھی تھے جن کے ٹخنوں کو پوشاک نے ڈھانک رکھا تھا۔ تاہم ان سب میں ایک بات مشترک تھی اور وہ یہ کہ ان سب کو اپنی پوشاک سمیٹنی پڑتی تھی تاکہ ان کی شرمگاہیں کھل نہ جائیں۔ واثلہ بن اسقع نے اسکا مزید اذکر کیا ہے کہ: میں اصحاب صفہ میں سے تھا اور ہم میں سے کسی کے پاس بھی ڈھنگ کے کپڑے نہیں تھے جن کے سبب پسینے اور غبار نے ہمارے بدن پر گھر کر لیا تھا۔

۱۔ فتح الباری۔ ص ۴۲۶۔ ج ۱

۲۔ فتح الباری۔ ص ۳۷۸۔ ج ۱

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

صفہ میں
ابوھریرہ کی بسر اوقات

jabir.abbas@yahoo.com

صفہ میں ابوہریرہ کی بسر اوقات کے بارے میں اس بحث کو ہم خود ان پر چھوڑتے ہیں "تاکہ ان کی زبان سے یہ واقعات ہمارے سامنے آئیں پھر ہم اس میں اپنی طرف سے کوئی اضافہ بھی نہیں چاہتے۔ "تاکہ اہل شورش اور جمود پذیر افکار طعنِ ابوہریرہ کے جرم میں ہمیں موردِ الزام نہ ٹھرائیں۔

ابوھریرہ کے متعلق "ابو نعیم نے "حلیتہ الاولیاء" میں ان ہی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

سے نقل کیا ہے کہ "میرا تعلق اہل صفہ سے تھا۔ ایک دن روزہ کی حالت میں گزرا شام ہوئی بھوک سے میرا برا حال تھا ایسے میں قضاء حاجت کے لئے صفہ سے کچھ دور نکل گیا۔ جب واپس لوٹا تو اغنیاء قریش کا لایا ہوا کھانا ختم ہو چکا تھا۔ میں سوچنے لگا کہ اب کہاں جاؤں اور کیا کروں کہ ایسے میں کسی نے کہا عمر بن خطابؓ کے پاس جاؤ، میں حضرت عمرؓ کی خدمت میں اس وقت پہنچا جب وہ نماز سے فارغ ہو کر تسبیح میں مشغول تھے۔ میں نے توقف کیا۔ جب وہ عبادت سے فارغ ہو کر گھر کی طرف جانے لگے تو میں نے ان کے قریب جا کر کہا۔ کیا آپ میری قرائت سننا پسند فرمائیں گے۔ درآں حالیکہ مجھے ان سے کھانے کے علاوہ اور کچھ نہیں چاہیئے تھا۔ حضرت عمرؓ نے مجھ سے آل عمران کی چند آیتوں کو سنا اور اپنے گھر میں داخل ہو گئے۔ میں باہر ان کا انتظار کرتا رہا۔ جب انتظار نے کچھ طوالت اختیار کی تو میں نے دل میں سوچا کہ شاید کپڑے بدلنے میں دیر لگ گئی ہو ابھی کھانا لیکر آتے ہی ہوں گے۔ مگر جب کافی انتظار کے بعد بھی وہ لوٹ کر نہ آئے تو میں بالکل ہی مایوس ہو گیا[۱]۔" اور بخاری نے ان سے روایت کی ہے کہ انہوں نے کہا: "خدائے وحدہٗ لاشریک کی قسم بھوک کی وجہ سے کبھی میرا یہ حال ہوتا تھا کہ میں اپنے جگر کو زمین سے لگا دیا کرتا تھا اور کبھی شدتِ گرسنگی سے اپنے پیٹ پر پتھر باندھ لیا کرتا تھا۔ اسی کیفیت کو لئے ہوئے ایک دن میں مسجد سے نکلنے والوں کی راہ میں بیٹھا ہوا تھا کہ ایسے میں حضرت ابوبکرؓ کا گذر ہوا، میں نے بڑھکر ان سے کلام اللہ کی ایک آیت کے بارے میں سوال کیا۔ میرے سوال کا مقصد بجز اس کے کچھ نہ تھا کہ (مجھے سیر کیا جائے) لیکن حضرت ابوبکرؓ گذر گئے اور انہوں نے کچھ نہ کیا۔ اس کے بعد حضرت عمرؓ آئے میں نے پھر کلام اللہ کی ایک آیت کے بارے

۱۔ فتح الباری۔ ص ۲۳۶ اور ۲۷۳۔ ج ۱۱

۲۔ سیر اعلام النبلاء۔ ص ۲۷۔ ج ۲

Presented by: Rana Jabir Abbas

میں ان سے سوال کیا۔ میرے سوال کا مقصد بجز اس کے کچھ نہ تھا کہ وہ مجھے اپنے ساتھ لے جائیں مگر انہوں نے ایسا نہیں کیا........ الخ۔ بخاری ہی نے ایک اور روایت میں ان سے نقل کیا ہے کہ میں شدید فلاکت میں گرفتار تھا۔ حضرت عمرؓ کے پاس گیا اور استفادہ کی خاطر کلام اللہ کی ایک آیت کے بارے میں ان سے سوال کیا۔ حضرت عمرؓ نے گھر پہنچ کر میرے لئے دروازہ کھولا میں دروازہ سے چند ہی قدم گیا ہونگا کہ شدت بھوک سے ان پہ گر پڑا، بخاری ہی کی ایک اور روایت میں ہے کہ ان کا کہنا ہے: کبھی یہ دیکھنے میں آتا تھا کہ میں منبر رسول اللہ[۳] اور حجرہ عائشہؓ کے درمیان منہ کے بل پڑا ہوں اور وہاں سے گزرنے والے عابرین میرے سر و گردن کو کھندل رہے ہیں اور مجھے دیوانگی کی حالت میں دیکھ رہے ہیں۔ درآں حالیکہ میں دیوانہ نہیں تھا بلکہ بھوک تھی جس نے میرا یہ حال بنا رکھا تھا[۱]۔ صفہ میں ابوہریرہ کی زندگی سے متعلق اس طرح کی باتیں کثرت کے ساتھ ملتی ہیں مگر ہم نے انھیں چند روایات پر اکتفا کیا ہے۔ ہمارا مقصد ان روایات سے ابوہریرہ کی عیب جوئی اور ان کی فلاکت کا مذاق اڑانا نہیں ہے۔ کیوں کہ فقر و افلاس عیب و ننگ نہیں۔ بلکہ ہمارا مقصد ان کی تاریخ حیات کے ایک حصّہ کو پیش کرنا ہے جس کی وضاحت ضروری ہے۔

۱۔ فتح الباری۔ ص ۲۵۹ اور ۲۶۰۔ ج ۱۳

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابوہریرہ اور حضرتؑ جعفر بن ابی طالبؑ

ایسے موقع پر ابوہریرہ کی دستگیری کرنے والی شخصیت حضرت جعفر بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ذات گرامی تھی جب وہ لوگوں سے کھانے کی درخواست کرتے اور ان کی یہ درخواست کبھی قبول اور کبھی رد کردی جاتی جیسا کہ بخاری نے خود ان سے نقل کیا ہے[2]۔۔۔!

۱۔ حضرت جعفر ابن ابی طالب کو فقراء اور مساکین سے محبت تھی آپ ان کے ساتھ نیکی سے پیش آتے اسی سبب پیغمبر اکرم (ص) نے آپکی کنیت ابوالمساکین رکھی تھی۔ ابوظفر العقیلی کی کتاب "ابناء نجباء الابناء" میں مذکور ہے کہ: ایک دن ابوسفیان بن حرب اپنی لڑکی ام حبیبہ کے گھر آیا جو پیغمبر اکرم (ص) کی شریک حیات تھیں۔ اس نے وہاں جعفر بن ابی طالب کو دیکھا جو ابھی بچے ہی تھے اس کے بعد اپنی لڑکی سے مخاطب ہو کر پوچھا ام حبیبہ یہ کون بچہ ہے جس کے چہرے سے کرم و شرف و حیا کی کرنیں پھوٹ رہی ہیں۔ ام حبیبہ نے کہا: تمہارا کیا خیال ہے؟ ابوسفیان نے کہا: شمائل سے معلوم ہوتا ہے کہ ہاشمی ہے۔ ام حبیبہ نے کہا: ہاں درست ہے! مگر کس خاندان کا فرد ہے؟ ابوسفیان نے کچھ تامل کے بعد کہا: اگر ابی طالب کا فرزند نہ ہو تو مجھے بطحا کے سچوں میں شمار نہ کرنا۔ ام حبیبہ نے کہا بالکل درست ہے۔ ابی طالب کا بیٹا ہے۔ ابوسفیان نے کہا: وہ شخص کبھی نہیں مر سکتا جس نے اس شان کا بیٹا اپنے پیچھے چھوڑا ہو۔

۲۔ فتح الباری۔ ص ۶۱ اور ۶۲۔ ج ۷

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

"اکثر ایسا ہوتا کہ میں ـــــ لوگوں سے قرآن کی کسی آیت کے بارے میں پوچھتا تاکہ اس ذریعے سے لوگ میری طرف متوجہ ہوں اور نتیجتاً مجھے اپنے ساتھ کھانے پر مدعو کریں۔ ان تمام افراد میں سب سے زیادہ غریب پرور، مسکین دوست اور خیر خواہ ترین شخصیت حضرت جعفر بن ابی طالب کی تھی جنھیں ہمیشہ میرا خیال رہتا تھا اور جو کچھ گھر میں ہوتا وہ ہماری خاطر داری میں صرف کر دیتے تھے۔"

اسی طرح ترمذی نے ان سے نقل کیا ہے کہ: "میں جب کبھی حضرت جعفر سے کسی آیت کے بارے میں پوچھتا تو آپ کوئی جواب نہیں" دیتے یہاں تک کہ گھر پہنچ جاتے[۱] شاید اسی لئے[۲] حضرت جعفر ابوہریرہ کی نگاہوں میں سب سے زیادہ افضل تھے اور آپکو حضرت ابوبکر، حضرت عمر اور دیگر تمام اصحاب پر ترجیح دیتے تھے، چنانچہ ترمذی اور حاکم نے اسناد صحیح کے ساتھ ابوہریرہ سے روایت کی ہے کہ: پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد کسی نے پاپوش نہیں پہنی اور پشت زین پر سوار نہ ہوا اور قدم زمین پر نہیں رکھے اس کیفیت کے ساتھ کہ وہ فضیلت میں جعفر بن ابی طالب سے بڑھکر ہو۔ اسی روایت کو کتاب سیر اعلام النبلاء نے بھی نقل کیا ہے[۳]

یہ تھی مدینہ میں اصحاب صفہ کے سرگروہ ابوہریرہ کی داستان حیات۔ اسکے علاوہ ان کی اور کوئی شخصیت نہیں تھی کیونکہ وہ کوئی ایسا کام ہی انجام نہیں دیتے تھے جو قابل ذکر ہو بجز اس کے کہ سڑک اور مسجد کے دروازہ پر لوگوں کا راستہ روک

۱۔ کہ یہ ان کی عادت تھی۔

۲۔ شاید حضرت جعفر بن ابی طالب ابوہریرہ کے اس قسم کے سوالات کو اچھی طرح سمجھتے تھے جبھی تو گھر پہنچنے سے پیشتر ان کا جواب نہیں دیتے تھے۔

۳۔ ج ۱ ـ ص ۱۵۸

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کر کھڑے ہو جائیں اور زبان کو طلب پہ آمادہ کر کے ان کی بخشش قبول کریں۔ کوئی کچھ دے اور کوئی کترا کر نکل جائے۔ علاوہ ازیں منقول ہے کہ ایک مرتبہ اپنی کم ہمتی کے باوجود انہوں نے یہ طے کیا کہ شریک جنگ ہو کر اپنے آپ کو سرفروش مجاہدوں کی صف میں شامل کریں لہذا غزوہ موتہ میں دوسرے مجاہدوں کے ہمراہ شریک ہوئے لیکن جس وقت تلواروں کی جھنکار اور نیزوں کی تابش کو دیکھا تو طبع ان پر غالب آئی۔ خوف و دہشت سے ان کا بدن کانپنے لگا اور میدان جنگ سے بھاگ نکلے اور جب ان کو اس عمل پر سرزنش کی گئی تو انھیں اپنے دفاع کے لئے کوئی جواب نہ مل سکا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابوھریرہ کی شکم پروری

ابوہریرہ کی شخصیت کئی پہلو سے قابل بحث ہے ان میں سے ایک پہلو شکم پروری اور کھانوں سے ان کی شدید رغبت ہے اور اس میں کوئی شبہ نہیں کہ یہ شکم پرستی ان کی زندگی میں بڑی شدت کے ساتھ اثر انداز ہوئی ہے اور یہ صفت طول حیات میں ہمیشہ ان کے ساتھ رہی ہے حتیٰ کہ روایتِ صحیح کے مطابق جب حضرت علی علیہ السلام اور معاویہ کے درمیان صفین کا معرکہ ہوا تو اس میں ابوہریرہ معاویہ کے دسترخوان

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شیخ المضیرہ

ابوہریرہ "شیخ المضیرہ" کے نام سے ملقب تھے۔ مضیرہ ایک خاص قسم کا کھانا تھا جو معاویہ کے رنگا رنگ کھانوں میں سب سے زیادہ مشہور تھا۔ یہ اہل قلم اور اہل سخن دونوں کا من بھاتا کھانا تھا اور اسے دوسرے تمام کھانوں پر فوقیت حاصل تھی۔ اسی لئے بیشتر نوادرات میں اس کا ذکر ملتا ہے اور —! ابوہریرہ کی مرغوب غذا ہونے کی حیثیت سے یہ صدیوں بحث و گفتگو کا موضوع

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بنا رہا۔ اس موضوع پر قلم فرسائی کرنے والوں میں ایک مشہور و معروف شخصیت ثعالبی کی ہے جس نے اپنی کتاب ثمار القلوب فی المضاف والمنسوب[1] میں لکھا ہے کہ شیخ المضیرہ[2]" ابوہریرہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مصاحبت اور مقام فضل کے باوجود بہت شوخ اور بسیار خور تھے اور پھر اس کیفیت کے ساتھ انھیں علم طب کا بھی دعوی تھا وہ کہتے تھے کھجور قولنج کو رفع کرتی ہے اور صبح ناشتے میں شہد کا استعمال فالج کے لئے مفید ہے اور بہی کھانے سے بچے خوبصورت ہو جاتے ہیں۔ اور انار مصلح کبد ہے اور کشمش پٹھوں کو محکم بناتا ہے اور درد و مرض سستی کو زائل کرتا ہے۔ کرفس معدہ کو تقویت پہنچاتا ہے اور کدو عقل میں اضافہ اور جلد کو ملائم کرتا ہے اور یہ کہ بہترین گوشت پیٹ، شانے اور گردن کی ہڈیوں کے اطراف کا گوشت ہے۔ ابوہریرہ دلیہ اور فالودہ کو کبھی ترک نہیں کرتے تھے اور کہتے تھے یہ دونوں مادہ تولید فرزند ہیں۔ اور پھر ناقابل بیان حد تک مضیرہ کے بھی دلدادہ تھے اور اسے معاویہ کے دسترخوان پر تناول

۱۔ ص ۸۶ اور ۸۷

۲۔ مضیرہ گوشت کو دہی یا پھر دودھ کے ساتھ ملا کر پکایا جاتا ہے، البتہ دودھ کے ساتھ ملا کر پکایا جاتا ہے۔ اور پھر اس میں دوسرے مصالحہ جات استعمال کئے جاتے ہیں جس سے وہ بے انتہا لذیذ بن جاتا ہے اس کے شوربے میں اتنی لذت ہوتی ہے کہ سبھی اس کو پسند کرتے ہیں۔ امام محمد اعبدہ نے شرح مقامات بدیع الزمان ہمدانی میں لکھا ہے بلاد شام کے بیشتر کھانے جو دودھ کے ساتھ پکائے جاتے ہیں اور انکا شمار معاویہ کے لذیذ ترین کھانوں میں ہوتا تھا۔ یہاں تک کہ مورد ضرب المثل قرار پایا۔

۳۔ جب ہم طب ابوہریرہ کا بغور مطالعہ کرتے ہیں تو ہمیں یہ بات خاص طور پر نظر آتی ہے کہ اس میں بیشتر ایسی خوراک اور ایسے کھانوں کا ذکر ہے جو آنتوں کے درد کو زائل کرتی ہیں اور جس سے ابوہریرہ کی شکم پرستی کا مداوا ہوتا ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فرماتے اور جب نماز کا وقت آتا تو حضرت علی (ع) کے پیچھے اس فریضہ کو ادا کرتے اور جب کوئی ان سے اس طرز عمل کے بارے میں پوچھتا تو کہتے: معاویہ کا "مضیرہ" زیادہ مجرب اور علی (ع) کے پیچھے نماز زیادہ افضل ہے۔ اسی وجہ سے ان کو "شیخ المضیرہ" کہا جانے لگا۔ ایک شاعر نے ان کے بارے میں کہا ہے۔

وتولی ابوہریرہ عن — نصر علی لیستفید الثریدا

ولعمری ان الثرید کثیر — للذی لیس یستخف الہبدا

یعنی ابوہریرہ نے علی کی یاوری سے سرتابی کی تاکہ ثرید سے بہرہ ور ہو، اور ہاں اپنی جان کی قسم کہ ثرید اس شخص کے لئے زیادہ ہے جسے ہبد بھی نصیب نہ ہوتی ہو۔

SABEEL-E-SAKINA
www.ziyrat.net

زمخشری نے ربیع الابرار میں کہا ہے کہ ابوہریرہ کو مضیرہ بے حد پسند تھی اور اسے معاویہ کے دسترخوان پر نوش فرماتے تھے اور جب نماز کی گھڑی آتی تو حضرت علی (ع) کے پیچھے کھڑے ہو جاتے۔ جب ان سے اس بارے میں پوچھا گیا تو کہنے لگے۔ معاویہ کا مضیرہ زیادہ چرب وتر اور علی کے پیچھے نماز زیادہ افضل ہے، اسی لئے ان کا نام شیخ المضیرہ پڑ گیا۔ اور علامہ زمخشری نے "اساس البلاغہ" میں یہ بھی لکھا کہ ابوہریرہ کہتے تھے۔ اگر علی (ع) کے پاس مضیرہ ہوتا تو وہ معاویہ اور اس کے مضیرہ سے بہتر تھے۔ اور عماد حنبلی[۲] کی تالیف "شذرات الذہب فی اخبار من ذہب" میں آیا ہے کہ ابوہریرہ نماز حضرت علی کے پیچھے اور کھانا معاویہ کے دسترخوان پر کھاتے تھے اور جنگ سے دامن بچایا کرتے تھے اور کہتے تھے: نماز علیؑ کے پیچھے زیادہ درست اور کھانا معاویہ کے دسترخوان پر زیادہ مجرب اور جنگ سے

۱۔ ہبید شاخ و برگ حنظل ہے جس کو لوگ ایام قحط میں پیس کر کھایا کرتے تھے۔

۲۔ ص ۶۴ ج ۱

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دامن بچانا سلامتی سے ہمکنار ہونا ہے۔ اور اس تذکرے کو برہان حلبی نے "سیرۃ الحلبیہ"[1] میں اور صاحب کتاب "روض الاخیار المنتخب من ربیع الابرار" تالیف محمد بن قاسم بن یعقوب نے طعام اور اس کی قسموں کے باب میں نقل کیا ہے[2]۔ اور بدیع الزماں ہمدانی نے اپنی کتاب مقامات میں "مقامہ المضیرہ" کے نام سے مضیرہ کے لئے ایک مخصوص مقام متعین کیا ہے اور اس میں ابوہریرہ پر طعنوں کی بوچھاڑ کی ہے اور کہا ہے "عیسٰی بن ہشام سے منقول ہے کہ میں بصرہ میں تھا۔ میرے ساتھ ابوالفتح اسکندری بھی تھے جو فصاحت و بلاغت کے امام تھے۔ ہم دونوں ایک سوداگر کے مہمان تھے۔ جب ہم اس کے دستر خوان پر حاضر ہوئے تو صاحب خانہ نے مضیرہ کی ڈش ہمارے سامنے رکھدی، وہ مضیرہ جو اپنے برتن میں لرزہ براندام حاضرین کو دعا و سلام بھیج رہا تھا اور سلامتی کی نوید کے ساتھ معاویہ کی امامت کی گواہی دے رہا تھا۔ ہمارے استاد امام محمد عبدہ رضی اللہ عنہ نے اس عبارت کی تشریح میں لکھا ہے۔ معاویہ حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام کی بیعت کے بعد مدعی خلافت ہوئے ان کی خلافت کو حضرت علی علیہ السلام کی موجودگی میں کسی نے تسلیم نہیں کیا مگر وہ لوگ جو طالبان لذت اور ہوا و ہوس کے پیرو کار تھے۔ اور اگر مضیرہ کا شمار معاویہ کے اعلیٰ ترین کھانوں میں ہوتا تھا تو بلاشبہ یہی اس بات کا سبب بنا کہ اس کے کھانے والے معاویہ کی خلافت کی گواہی دیں اور گواہی کی نسبت مضیرہ کے ساتھ اس لئے ہے کہ مضیرہ ہی اس گواہی کا اصل باعث ہے

۱۔ ص ۲۹۷۔ ج ۳

۲۔ ص ۱۱۲

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہاں خلافت و امامت ایک ہی معنوں میں آیا ہے۔ بہرصورت یہ مغیرہ ہی تھا جس نے ابوہریرہ اور ان کے دیگر ساتھیوں کو خلافت معاویہ کی گواہی پر آمادہ کیا۔ اگرچہ ہمارے استاد معظم نے صراحت کے ساتھ ابوہریرہ کا نام نہیں لیا مگر اشارہ و کنایہ میں سب کچھ کہہ گئے۔ اسی طرح ہمدانی نے بھی اس کا پورا حق ادا کر دیا اس لئے ہم مغیرہ کے بارے میں اس بحث کو اسی حد تک چھوڑتے ہیں اور دوسری باتوں کی طرف جاتے ہیں۔ ابونعیم نے "حلیۃ الاولیا" میں روایت کی ہے کہ: ایک مرتبہ ابوہریرہ خانہ کعبہ کا طواف کر رہے تھے اور کہہ رہے تھے: وائے ہو تجھ پر اے پیٹ۔ اگر تجھے بھرتا ہوں تو مجھے تکلیف دیتا ہے اور خالی چھوڑتا ہوں تو مجھے گالیاں دیتا ہے۔ "البدایہ والنہایہ" میں ابن کثیر کی روایت کے مطابق گالیاں دیتا ہے کی بجائے "مجھے رنج پہنچاتا ہے" کی عبارت درج ہے۔ نیز البدایہ میں ان سے روایت ہے کہ فرماتے تھے: "خداوندا مجھے تیز دانت قوی معدہ، اور ربر نشور عنایت فرما"۔ یہی بات علامہ زمخشری نے ربیع الابرار میں نقل کی ہے۔ مذکورہ روایت کے بعد ہم اس موضوع پر نقل ہونے والی دوسری بے شمار روایتوں سے صرف نظر کرتے ہیں تاکہ فرد پرست اور ظاہر بین افراد کو اس سے زیادہ تکلیف نہ پہنچے۔

۱۔ ص ۱۰۹

۲۔ ص ۱۱۲۔ ج ۸

۳۔ چونکہ مترجم کو اس جملے کے اردو ترجمہ پر شرم محسوس ہوئی اس لئے عربی کی اصل عبارت کو عیناً نقل کیا ہے۔ (مترجم)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حدیث زرغبا

تزدد حبا

جب پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے ابوہریرہ کی کثرت کے ساتھ مسلمانوں کے گھروں پر آمد و شد اور انکو اس باعث تنگ آتے دیکھا تو آپ نے طے فرمایا کہ انھیں آداب زندگی کا درس سکھائیں شاید اس طرح وہ عالم قناعت میں قدم رکھکر اپنے مرتبہ کا تحفظ کریں۔ یوں بھی سرور کائنات (ص) اپنے اصحاب کیلئے بہترین معلّم اخلاق تھے اور ہمیشہ ادب و حکمت کے ساتھ ان کی پرورش کیا کرتے تھے اور اپنی مخصوص اور مکمل روش کے ساتھ آداب و مکارم اخلاق کے پودے کو انہیں نشو و نما دیتے تھے ایسی صورت میں کسی طرح بھی یہ درست نہیں تھا کہ ابوہریرہ جیسے انسان کو جو برخلاف مراسم آداب و اخلاق ہر گھر پہ جا کر مزاحمت ایجاد کرتے اور لوگوں کا راستہ روک کر کھڑے ہو جاتے اپنی حالت پر چھوڑ دیں اور اپنی حکیمانہ تادیب و تربیت کے ساتھ ان کی تربیت نہ کریں۔ اسی لئے ایک دن آپ نے ابوہریرہ سے مخاطب ہو کر فرمایا۔ ابوہریرہ کل کہاں تھے؟ ابوہریرہ نے جواب دیا: اپنے عزیزوں کے گھر تھا، پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا: ابوہریرہ وقفہ وقفہ سے لوگوں کے گھر جایا کرو تاکہ تمہاری ساکھ برقرار رہے۔!

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

انصر اخاک ظالماً

او مظلوماً

jabir.abbas@yahoo.com

ہم ان دو حدیثوں " زر غبا تزدد حبا " اور " انصر اخاک ظالما او مظلوما " کے مفاہیم کو مجلۂ " الرسالہ " میں نشر کر چکے ہیں۔ ہماری بحث سے متعلق اس کے ایک حصّہ کو ہم دوبارہ یہاں نقل کرتے ہیں۔ انصر اخاک ظالما او مظلوما " کا جملہ لوگوں کے درمیان ایام جاہلیت میں رائج تھا۔ اسلام نے اس کلام کے مفہوم کو نسخ کر دیا اور پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نے اپنے عادلانہ مبادیات سے ہم آہنگ کرتے ہوئے اس کی تفسیر کی جیسا کہ مفضل ضبی نے اپنی کتاب "الفاخر" میں لکھا ہے: پہلا شخص جس کی زبان پر "انصر اخاک ظالما او مظلوما" کا جملہ آیا وہ جندب بن عنبر بن عمرو بن تمیم تھا اور اس سے اس کی مراد وہی ظاہری عبارت اور حقیقتاً حمیت جاہلی کی پیروی تھی جس کے لوگ عادی تھے اور اس ضمن میں ایام جاہلیت کے ایک شاعر نے کہا ہے۔

اذا انا لم انصر اخی وہو ظالم
علی القوم لم انصر اخی وہو یظلم

" اگر میں ستمکاری کے موقع پر اپنے بھائی کی مدد نہ کروں تو گویا میں نے مظلومیت میں اس کی حمایت نہیں کی ہے۔"

اس بنا پر پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی موقع کی مناسبت سے ضرورتاً اپنی گفتگو کے دوران امثال عرب سے کچھ فرماتے تو راویان حدیث اس کو پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی کا کلام گردانتے اور لوگ اس کلام کو حدیث سمجھنے لگتے حالانکہ اصل بات وہی تھی جو ہم کہہ چکے ہیں۔ اسی گفتگو میں حدیث " زرغبا "تزدد حبا" ہے۔ رجال حدیث نے اسکو پیغمبر اکرمؐ ہی سے منسوب کرکے اپنی کتابوں میں نقل کیا ہے۔ سب سے پہلے جسنے یہ بات اپنی زبان پر جاری کی وہ معاذ بن حزم الخزاعی تھا۔ ابوحیان توحیدی نے بھی اپنی کتاب "الصداقہ والصدیق" میں اس جملہ کا اضافہ کیا ہے کہ: ابوہریرہ نے کہا " زرغبا "تزدد حبا" کا جملہ ہمیشہ لسان عرب میں رائج تھا۔ یہاں تک کہ میں نے پیغمبر اکرم (ص) سے اس حدیث کو اپنے بارے میں سنا۔ اور عسجدی نے کہا ہے کہ اس کلام کو عمومیت حاصل نہیں ہے بلکہ ایسے مقام پر بولا جاتا ہے جہاں ملاقاتی کو اس کا حق پہنچتا ہو۔ اسی لئے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس بات کو حضرت ابوبکرؓ حضرت

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

علی بن ابی طالب علیہ السلام یا ان کے مانند کسی دوسرے صحابی سے نہیں کہا مگر چونکہ ابو ہریرہ اس کے حقدار تھے اس لئے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ بات ان سے کہی اور اسکا سبب وہی ناپسندیدہ روش تھی جس کو ابو ہریرہ اپنائے ہوئے تھے اور جسے اس گفتگو کے بعد ختم ہو جانا چاہیئے تھا۔ یہ ناپسندیدہ روش جسکی خاطر وہ ہمیشہ در در گھوما کرتے اور آخر کار کہیں کسی کے لطف وکرم کا سبب بنتے اور کہیں کوئی ان سے دوری اختیار کرتا اسی لئے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے چاہا کہ اس طرح ابو ہریرہ کو ادب دیدار کا درس سکھائیں اس رو سے آپ نے زرغبا تزدد حبا" والی عربی مثل کو ان کے لئے بیان فرمایا۔ اور پے در پے دیدار کے بارے میں شاعر نے کہا ہے:

ازا شئت ان تقلی فزر متواتر

وان شئت ان تزداد حبا فزر غبا

اگر لوگوں کا غصہ اور ان کی ناراضگی چاہتے ہو تو پے در پے ان سے ملنے جایا کرو اور اگر ان کے محبوب بننا چاہتے ہو تو وقفے وقفے کے ساتھ ان سے ملاقات کرو۔"

اس بحث کے اختتام پر ہم اس حدیث کو نقل کرتے ہیں جسے مسلم نے ابو ہریرہ سے روایت کی ہے کیونکہ اس حدیث کا ہمارے موضوع بحث سے گہرا تعلق ہے اور وہ حدیث یہ ہے:"بدترین کھانا ولیمہ کا کھانا ہے اس لئے کہ جو کوئی اس میں شریک ہوتا ہے (یعنی بن بلائے) اس سے محروم ہوتا ہے اور جو اس سے امتناع کرتا ہے اسے اس کی دعوت دینا چاہیئے۔ اور جو کسی کی دعوت قبول نہ کرے گویا اس نے خدا اور اس کے رسول کی نافرمانی کی ہے"۔ اس طرح ابو ہریرہ کھانے کے بارے میں اپنا خود ساختہ قانون اور شریعت کیمطابق فیصلہ کر رہے ہیں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابوھریرہ کی شوخیاں

مورخین اس بات پر متفق ہیں کہ ابوہریرہ بہت شوخ طبع واقع ہوئے تھے انہوں نے لوگوں کے ساتھ ہر وقت آنے جانے کو اپنا معمول بنا رکھا تھا۔ اور عجیب طرح کی باتوں اور شوخیوں سے ان کا دل بہلایا کرتے تھے تاکہ اس طرح وہ لوگوں کی توجہ اور ان کی دلچسپی کو زیادہ بہتر طریقہ سے اپنی طرف منعطف کریں جیسا کہ حضرت عائشہؓ نے جو سب سے زیادہ ابوہریرہ کے حالات کی واقف

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کا رکقیں حدیث "مہراس[۱] میں کہا ہے کہ: ابوہریرہ بے انتہا یاوہ گو[۲] شخص تھے" ذیل میں ہم انکی یاوہ گوئی کی ایک جھلک پیش کرتے ہیں۔

ابو رافع نے روایت کی ہے کہ: کبھی ایسا ہوتا تھا کہ مروان بن حکم، ابوہریرہ کو مدینہ میں اپنا جانشین چھوڑتے۔ ابوہریرہ گدھے پر کاٹھی جمائے گردن میں لٹکے ہوئے لیف خرما کے حلقے کے ساتھ اس پر سیر کو نکلتے اور جب کسی کے سامنے پہنچتے تو آواز دیتے: "راستہ دو امیر آرہا ہے"۔ اور اکثر ایسا ہوتا کہ رات کو گھر سے نکل کر گلی میں کھیلنے والے بچوں میں شامل ہوجاتے اور ہنگامہ آرائی کرتے، بچے یہ دیکھ کر ان کے پاس سے فرار ہوجاتے[۳]۔ ابن کثیر کی روایت میں ہے کہ: گویا ابوہریرہ ایک دیوانہ تھے۔ جب بچوں کو ہنسانا چاہتے تھے۔ بچے بھی انھیں چھوڑ کر اطراف کی گلیوں میں بھاگ جاتے اور ہر طرف سے ہنسنے کی صدائیں بلند ہوتیں[۴] اور ثعلبہ بن ابی مالک القرظی نے نقل کیا ہے کہ: ایک دن ابوہریرہ لکڑیوں کی گٹھری بغل میں دابے بازار سے گذر رہے تھے۔ اسوقت وہ مروان کے جانشین تھے۔ مجھے دیکھا تو کہنے لگے: امیر کیلئے راستہ چھوڑو![۵] میں نے ان سے کہا: اے ابو مالک یہ راستہ تمہارے لئے کافی ہے۔ انہوں نے دوبارہ کہا: امیر کے لئے راستہ

۱۔ حدیث مہراس کا واقعہ یوں ہے کہ ابوہریرہ نے پیغمبر اکرم ﷺ سے روائت کی کہ آپ نے فرمایا سو کر اٹھنے کے بعد تم میں سے کوئی پانی کے برتن میں ہاتھ نہ ڈالے کیوں کہ اسے اس بات کا علم نہیں ہوتا کہ اس کا ہاتھ (نجاست و طہارت کے اعتبار سے) کس عالم میں ہے" اور جب حضرت عائشہ اور ابن عباس نے اس حدیث کو سنا تو انہوں نے اس کی سخت مخالفت کی اور کہا پھر ہم کس طرح بغیر ہاتھ ڈالے ہوئے آب مہراس سے (سنگین پیالہ جس سے وضو کیا جاتا ہے۔ منتہی الاداب) وضو کر سکتے ہیں۔ ۲۔ کتاب الاحکام فی اصول حکام، تالیف آمدی۔ ص ۱۰۶ ۔ ج ۲

۳۔ کتاب المعارف ابن قتیبہ، ص ۱۲۱ اور کتاب سیر اعلام النبلاء۔ ص ۴۴۱ اور ۴۴۲

۴۔ کتاب البدایہ والنہایہ۔ ص ۱۱۳ ۔ ج ۸

۵۔ کتاب سیر اعلام النبلاء۔ ص ۴۴۲ ۔ ج ۲

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

چھوڑ دو کہ وہ لکڑیاں لاوے جا رہا ہے۔)

ابوہریرہ کو مدینہ میں مروان کی جانشینی اس وقت نصیب ہوئی جب وہ معاویہ سے منسلک ہوئے اور ان کے دوستوں میں ان کا شمار ہونے لگا۔ جیسا کہ اپنے مقام پر اس کا ذکر آئے گا۔

ا۔ یہ اضافہ جلد حلیہ ابونعیم سے نقل ہوا ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابوھریرہ بحرین میں اور انکی پیغمبر اکرمؐ کے ساتھ مُصاحبت

jabir.abbas@yahoo.com

اس سے پہلے ہم ابوہریرہ کی طرز زندگی اور اہل صفہ کے درمیان ان کی شہرت کے بارے میں تفصیل کے ساتھ لکھ چکے ہیں۔ اب ہم مدینہ سے باہر انکی شرح زندگی کو اجاگر کرنے کے لیۓ اس داستان کو آگے بڑھانا چاہتے ہیں تاکہ مطالب کماحقہ ایک دوسرے کے ساتھ مربوط و مسلسل رہیں۔ ابوہریرہ نے جیسا کہ خود اپنی زبان سے بیان کیا ہے۔ ایک مدت تک صفہ میں زندگی بسر

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کی اور مسلسل تکالیف برداشت کیں۔ اس مدت کی ابتداء صفر سنہ ۵ ہجری یعنی جس مہینے خیبر کا معرکہ سر ہوا ہے شروع اور ذیقعدہ سنہ ۸ ہجری کو ختم ہو جاتی ہے۔ جس کے بعد وہ بحرین منتقل ہو جاتے ہیں۔ ایسی حالت میں ابوہریرہ فقط ایک سال اور نو مہینے مدینہ میں توقف کرتے ہیں نہ یہ کہ آخری لمحہ تک سرور کائنات ص کی مصاحبت میں رہے۔ جیسا کہ جمہور مسلمین کا خیال ہے۔ گویا اس طرح انہوں نے تین سال بقولے چار سال مدینہ میں گذارے۔ اب ہم انکی بحرین مہاجرت اور وہاں پر اقامت کی داستان کو موثق ترین مصادر اور صحیح ترین اسناد کے ساتھ پیش کرتے ہیں۱۔ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے "جعرانہ۲" سے واپسی پر اور غنائم حنین کی تقسیم کے بعد علاء بن حضرمی کو بحرین۳ میں ایرانیوں کے عامل منذر بن ساوی العبدی کے پاس دعوت اسلام کی غرض سے بھیجا۔ منذر نے اسلام قبول کیا۔ جزیہ کے ذریعہ علاء سے سمجھوتہ کر لیا۔ علاء بن حضرمی کے ساتھ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

۱۔ اس بحث میں ہم کتب ذیل سے رجوع کرتے ہیں۔ طبقات ابن سعد، تاریخ طبری سیرۃ ابن ہشام الاستیعاب تالیف حافظ مغرب ابن عبدالبر، ابن خلدون، اسد الغابہ، اعلام النبلاء تاریخ کبیر ذہبی، البدایہ والنہایہ تالیف ابن کثیر، معجم البلدان، فتح الباری اور الاصابہ ابن حجر عسقلانی۔

۲۔ "جعرانہ" طائف اور مکہ کے درمیان ایک دریا ہے مگر مکہ سے زیادہ قریب ہے اس پانی کے کنارے پیغمبر اکرم ص نے حنین کے غنائم کو ذیقعدہ، سنہ ۸ ہجری میں تقسیم فرمایا تھا۔

۳۔ بحرین، بصرہ اور عمان کے درمیان عراق کا مشہور و معروف شہر ہے اور اسلامی فتوحات سے پہلے عبدالقیس، بکر بن وائل، اور تمیم کے قبائل کے بہت سے لوگ حکومت ایران کی حمایت کے تحت اس علاقے میں بسر اوقات کرتے ہیں۔ آج کل یہ ایک مستقل حکومت ہے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نے جن افراد کو بحرین بھیجا ان میں ابوہریرہ بھی شامل تھے، جن کے بارے میں پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علاء سے فرمایا تھا: اس کوشش میں رہو کہ ان کے ساتھ نیکی کی جائے۔ اس لئے اعلاء سے فرمایا، پیغمبر اکرمؐ نے مجھ سے سفارش کی ہے کہ تمہارے ساتھ نیکی کی جائے۔ بتاؤ کس چیز کی ذمہ داری قبول کرنا چاہتے ہو۔ ابوہریرہ نے کہا۔ مجھے اپنا موذن بنالو اور دوسرے یہ کہ "آمین کہنے میں مجھ پر سبقت نہ کرو۔ اعلاء نے ان کی درخواست قبول کی[۱]۔ منذر بن ساوی نے پیغمبر اکرمؐ

۱۔ اس صحیح خبر کی روشنی میں پتہ چلتا ہے کہ ابوہریرہ بجز موذنی کوئی اور دینی خدمت انجام دینے سے قاصر تھے اور بخاری نے امام کے آمین بالجہر کہنے کے باب میں لکھا ہے کہ ابوہریرہؓ امام سے فرماتے تھے کہ آمین پہ دست درازی نہ کرنا اور شرح حافظ بن حجر میں اس حدیث کے متعلق یوں آیا ہے کہ "ابوہریرہ کی مراد یہ تھی کہ نماز میں امام کے ساتھ" آمین "کہیں اور حقیقتاً ابوہریرہ کا مقصد یہ ہے کہ آمین کہنے میں جو ماموم کے وظائف میں شامل ہے مجھ سے نہ الجھنا دوسرے طریقہ سے بیہقی کی روایت کے مطابق: ابوہریرہ مروان کے لئے اذان دیا کرتے تھے اور ان کے ساتھ شرائط رکھی تھیں کہ "ضالین" نہ کہے جب تک یہ نہ جان لے کہ وہ داخل صف ہو گئے ہیں۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ابتداء نماز میں ابوہریرہ اقامہ کہنے کے بعد صفوں کو درست کرنے میں لگ جاتے مگر مروان ان کے فارغ ہونے سے پیشتر ہی نماز شروع کر دیتا جس کی بناء پہ ابوہریرہ کو یہ تاکید کرنی پڑی، یہ صورت حال ابوہریرہ کو مروان کے علاوہ دوسروں کے ساتھ بھی پیش آئی جیسا کہ سعد بن منصور نے محمد بن سیرین کے سلسلہ میں روایت کی ہے کہ ابوہریرہ بحرین میں موذن تھے انہوں نے امام جماعت کے ساتھ یہ شرط رکھی کہ آمین کہنے میں اُن پر سبقت نہ کی جائے اُس وقت امام بحرین علاء بن حضرمی تھے۔ اور عبدالرزاق نے بھی ابوسلمہ کے سلسلے میں اس روائت کو نقل کیا ہے۔ فتح الباری۔ ص ۲۰۸، ۲۰۹ - ج ۲

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کی وفات کے بعد اور اہل بحرین کے ارتداد اسلام سے پہلے انتقال کیا جبکہ علاء آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے اسی طرح بحرین کے امیر تھے اور جب اہل بحرین بھی پیغمبر اسلام کے انتقال کے بعد دیگر بے شمار لوگوں کی طرح مرتد ہو گئے تو حضرت ابوبکرؓ نے علاء بن الحضرمی کو مسلمانوں کے ایک لشکر کے ساتھ مرتدین سے جنگ کیلئے بھیجا۔ ان کے اور مرتدین کے درمیان ایک گہری نہر کی رکاوٹ حائل تھی۔ مسلمانوں نے اس نہر کو عبور کیا اور مرتدین سے سخت مقابلہ کر کے ان پر غلبہ حاصل کیا پھر علاء نے ان سے زکاۃ وصول کی اس کے بعد وہ شہر دارین[1] پہنچے اور اسے بھی فتح کیا۔ اسی طرح وہ آگے بڑھتے گئے یہاں تک کہ حضرت ابوبکرؓ کا انتقال ہو گیا، علاء اسی طرح بحرین کے امیر تھے۔ اس کے بعد حضرت عمرؓ کو خلافت ملی علاء کو اب بھی امارت حاصل رہی حضرت عمرؓ نے انہیں حکم دیا کہ عتبہ بن غزوان[3] کے پاس جائیں اور اس کے منصب کو سنبھالیں۔ علاء ایک گروہ کے ساتھ اپنی منزل کی طرف روانہ ہوئے جسمیں ابوہریرہ بھی شامل تھے۔ حضرت عمرؓ نے بحرین کی امارت قدامہ بن مظعون[4] کے حوالہ کی پھر سنہ ۲۰ ہجری میں طبری کی روایت کے مطابق اسے معزول کر کے اس کی جگہ ابوہریرہ کو جو اسوقت بحرین میں تھے۔ وہاں کی امارت سونپی چونکہ قدامہ نے شراب پی لی تھی اور دوسری طرف علاء بن الحضرمی کو بحرین کی امارت جیسا کہ ذہبی نے لکھا ہے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

۱۔ دارین بحرین کی ایک بندرگاہ ہے۔

۳۔ عتبہ بن غزوان اسلام لانے والوں میں ساتویں شخص تھے اور نیز ان افراد میں سے تھے جو غزوات میں شریک ہوا کرتے تھے۔ یہی وہ شخص ہیں۔ جنہوں نے شہر بصرہ کی بنیاد ڈالی، عتبہ کا سن وفات ۱۸ اور بقول بعضے ۱۵ ہجری ہے۔ (صحیح مسلم میں ان سے حدیثیں وارد ہیں۔)

۴۔ قدامہ بن مظعون سابقین بدریین میں سے ہیں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کے زبان سے آپ ہی کے زمانے میں ملی۔ اس کے بعد حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمر کی طرف سے بھی یہ امارت ان کے پاس رہی[1] اور سابقہ بیان سے ظاہر ہوتا ہے کہ ابوہریرہ اپنے وطن سے مہاجرت اختیار کر کے پیغمبر اکرم ص کی خدمت اقدس میں شرفیاب ہوئے اور وہ وقت صفر سنہ ۷ ہجری کا تھا جب آپ ص خیبر میں تشریف فرما تھے۔ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے انھیں تقسیم غنائم حنین کے بعد جعرانہ[2] سے واپسی پر علاء بن الحضرمی کے ساتھ بحرین بھیجا اور یہ وقت ذیقعدہ سنہ ۸ ہجری کا تھا۔ اس رو سے ابوہریرہ کی جوار پیغمبر اکرم ص میں مدت اقامت صفر سنہ ۷ ہجری سے شروع اور ذیقعدہ سنہ ۸ ہجری کو ختم ہو جاتی ہے اور جب ہم اس مدت کا حساب لگاتے ہیں تو کسی طرح بھی ایک سال نو مہینے سے زیادہ عرصہ نہیں بنتا اور جب ابوہریرہ بحرین گئے تو وہاں ان کا کام جیسا کہ وہ خود چاہتے تھے۔ اذان دینا تھا اور اگر علاء، ابوہریرہ میں دینی امر پہ مبنی کسی اور کام کی صلاحیت پاتے تو کبھی ان سے یہ نہ پوچھتے کہ: تمہیں کیا کام پسند ہے؟ نیز اگر ختمی مرتبت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم یہ جانتے کہ ابوہریرہ کام کے آدمی ہیں اور دینی امور میں سے کسی کام کو انجام دے سکتے ہیں تو بلا تردید علاء سے ان کی سفارش کرتے وقت فرماتے: میں ابوہریرہ کو تمہارے ساتھ بھیجتا ہوں تاکہ وہ دینی امور سے لوگوں کو آگاہ کریں جیسا کہ معاذ بن جبل، ابن مسعود

۱۔ سیر اعلام النبلاء ذہبی۔ ص ۱۹۱ ــــ ج ۱

۲۔ طبقات ابن سعد۔ ص ۷۶، ۷۷ ــــ ج ۴ ق ۲ ــــ اس کے علاوہ دیگر بہت سے مؤلفین میں اس کا ذکر ملتا ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور ابو موسی اشعری[۴۱] جیسے دیگر افراد کو جو تمام ابوہریرہ کے ہمراہ ایک ہی وقت میں اسلام لائے تھے مختلف خطوں میں بھیجا جاتا تاکہ وہ لوگوں کو امر دین سے آشنا کریں۔ مختصر یہ کہ جن نکات کی ہم نے یاد دہانی کی ہے ان سے پتہ چلتا ہے کہ ابوہریرہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانے میں یا حضرات ابوبکر و عمر و عثمانؓ کے زمانوں میں سے کسی بھی زمانے میں کسی دینی مسئلہ سے آگاہ نہ تھے۔ جس کی بنا پر لوگ ان سے بہرہ مند ہوتے اور انشاء اللہ ہم جلد ہی اس موضوع کو دیگر محکم دلائل کے ذریعے ثابت کریں گے۔ ہاں البتہ جس وقت وہ علاء بن الحضرمی کے ساتھ تھے اس وقت وہ اذان کے فریضہ سے اچھی طرح عہدہ بر آ ہوتے اور اس طرح مروان بن حکم کے زمانے تک جو ۴۱ ہجری کے بعد معاویہ کی طرف سے والی مدینہ بنا اس وظیفہ کو بحسن و خوبی انجام دیتے رہے اور یہ اس لئے تھا کہ وہ

۴۱۔ ابو موسی اشعری فتح خیبر کے موقع پہ پیغمبر اکرمؐ کے حضور شرفیاب ہوئے اور تھوڑے ہی عرصہ میں خلیفہ دوم کے نزدیک اپنا ایک مقام حاصل کر لیا۔ خلیفہ دوم نے انھیں مخالیف یمن پر مامور کیا۔ اور حضرت عمرؓ کے زمانے میں والی بصرہ مقرر ہوئے مگر کچھ عرصہ بعد حضرت عمرؓ نے ان کے اموال کو دو حصوں میں تقسیم کیا اور ایک حصہ اٹھا کر انھیں بصرہ کی ولایت سے معزول کر دیا۔ پھر حضرت عثمانؓ کے زمانے میں ان کی طرف سے والئی کوفہ بنے یہاں تک کہ حضرت علی علیہ السلام نے انھیں معزول کیا اور اسی وجہ سے وہ آپ کے مخالف ہو گئے اور آپ کے حق میں کسی بدگوئی سے پرہیز نہ کیا اور حکمین کے دن آپ سے منحرف ہو گئے۔ جس کے نتیجے میں معاویہ کے نزدیک انھیں بلند مرتبہ حاصل ہو گیا۔ ابو موسی کے فرزند ابو بردہ کا کہنا ہے کہ معاویہ کی طرف سے تمام دروازے ان کے لئے کھلے ہوئے تھے کوئی ایسی خواہش نہیں تھی جس کو معاویہ ان کے لئے بر نہ لاتا اور یہ سب باتیں اس لئے تھیں کہ میرا باپ ان کا دوست تھا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

ایام جوانی میں ابن عفان اور بسرہ دختر غزوان کی خدمت گذاری کے موقع پر حدی[1] کو اچھے انداز میں گایا کرتے تھے۔ مذکورہ مطالب کی بنیاد پر بطور قطع ویقین کتاب طبقات ابن سعد کے صحت قول کا بخوبی اندازہ ہوتا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ، ابوہریرہ نے اظہار فتویٰ اور نقل حدیث نہیں کیا مگر قتل حضرت عثمان کے بعد اس ضمن میں ابن سعد اور دیگر افراد کے اقوال کو انشاء اللہ اپنے مقام پر بیان کیا جائے گا۔ قابل ذکر امور میں ایک بات یہ بھی ہے کہ جب ابوہریرہ علاء کے ساتھ بحرین میں تھے اور جنگ زدہ وقوع پذیر ہوئی تو اس لڑائی اور علاء کی شہامت نے انھیں بری طرح متاثر کیا اور اس بارے میں جن مطالب کو انہوں نے نقل کیا وہ حقیقت سے زیادہ خرافات پر مبنی ہے۔ ہم ان کی گفتگو کے ایک حصّہ کو یہاں نقل کرتے ہیں تاکہ اہل مطالعہ روایت اور نقل خبر میں ان کے میزبان تخصص و نبوغ کو اچھی طرح جان لیں، ابوہریرہ نے اس معرکہ کو اس طرح نقل کیا ہے کہ جب علاء بن الحضرمی چار ہزار افراد کے ساتھ عازم بحرین ہوئے تو انہیں میں بھی شامل تھا۔ انہوں نے اپنا سفر جاری رکھا یہاں تک کہ ایسے دریا کے کنارے پہنچے کہ جس پر نہ ان سے پہلے کسی نے قدم رکھا اور نہ ان کے بعد کوئی رکھ سکتا ہے۔ اس کے بعد علاء نے گھوڑے کی لگام کو تھاما اور پانی پر سے روانہ ہوئے۔ ان کے پیچھے ان کا لشکر بھی روانہ ہوا۔ یہاں تک کہ وہ کہتے ہیں: قسم با خدا نہ تو ہم میں سے کسی کا پیر گیلا ہوا اور نہ جوتا یہاں تک کہ گھوڑوں کے سم بھی خشک رہے، اور دوسری روایت میں یوں فرماتے ہیں کہ: میں نے علاء سے ایسی باتیں دیکھی ہیں جس کے سبب ان کی محبت میرے دل میں گھر کر گئی ہے۔ کیونکہ انہوں نے دارین کے دن دریا کو عبور کرتے دیکھا اور بحرین سے رہسپار ہوئے اس کے بعد ہنا[2] میں

---

[1] حدی وہ گانا ہے جسے ساربان اونٹوں کے لئے گایا کرتے ہیں۔

[2] ہنا نجد میں ایک مقام ہے جہاں پر بنی تمیم آباد ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اللہ سے پانی مانگےگا تو پانی زمین سے جوش مارنے لگا اور تمام لشکر سیراب ہو کر آگے بڑھا۔ ایسے میں کسی سپاہی کو اپنی بھولی ہوئی چیز یاد آئی اور جب وہ اسے لینے واپس لوٹا تو اس نے دیکھا کہ وہاں پانی کا نام ونشان بھی نہیں ہے اور یہ کہ جب علاء کا انتقال ہوا تو ان کے غسل کے لئے پانی دستیاب نہ تھا۔ اللہ نے ایک ابر کو ہم پر برسایا اور ہم نے اس کے پانی سے علاء کو غسل دیا۔ اس کے بعد اپنی تلواروں سے قبر کھود کر بغیر لحد تیار کئے انھیں دفن کر دیا۔ اور ایک دوسری روایت میں اس طرح کہتے ہیں کہ ہم نے علاء کو دفن کر دیا اور ضرورتاً ہمیں ان کی لحد کی ایک اینٹ اٹھانی پڑی تو ہم نے دیکھا علاء قبر میں نہیں ہیں۔ لیکن یہ تمام باتیں جن سے علاء حیران نظر آتے ہیں ان کا قطعی طور پر حقیقت سے کوئی واسطہ نہیں ہے۔ بجز اس کے کہ علاء کا لشکر دارین جاتے ہوئے دریا کی ایک عمومی گذر گاہ سے گذرا جس کی طرف کرار البکری نے رہنمائی کی تھی اور انہیں اس راہ سے آشنائی تھا، اور ان تمام باتوں سے پتہ چلتا ہے کہ سنہ ۸ ہجری میں جس دن سے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ابوہریرہ کو علاء کے ساتھ بحرین بھیجا وہ اسی طرح وہیں رہے اور یہ بات واضح طور پر خود ان ہی کی اس گفتگو سے مختلف ہے جس میں انہوں نے کہا کہ وہ نویں ہجری میں حج کے موقع پر حضرت ابوبکرؓ کے ساتھ تھے، الغرض ہماری یہ بات کہ ابوہریرہ کی پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ مدت مصاحبت صفر سنہ ۷ ہجری سے ذیقعدہ سنہ ۸ ہجری تک تھی۔ قطعی طور پر ثابت ہے۔ اس بحث کے اختتام پر ضروری ہے کہ ہم ایک دلچسپ اور مزیدار موضوع کو جو ہمارے موضوع بحث سے غیر مربوط نہیں ہے نقل کر کے اس باب کو ختم کریں۔

۱۔ اس موضوع کے لئے کتب الاستیعاب ابن البر، الاصابہ ابن حجر، سیر اعلام النبلاء ذہبی، معجم البلدان اور کتاب عبداللہ بن سبا تالیف علامہ مرتضی العسکری جن کا شمار کبار علماء عراق میں ہوتا ہے۔ ص ۱۷ الے سے رجوع فرمائیے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابو ھریرہ کا تجاہلِ عارفانہ

SABEEL-E-SAKINA
www.ziyrat.net
jabir.abbas@yahoo.com

جیسا کہ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں جس وقت حضرت عمر بن خطابؓ نے قدامہ بن مظعون کو بحرین کی امارت حوالے کی اور قدامہ نے وہاں شراب نوشی کی تو قبیلہ عبد قیس کے سردار جارود العبدی نے اس کی خبر حضرت عمرؓ کو دی۔ حضرت عمرؓ نے جارود سے پوچھا کہ تمہارے علاوہ کوئی اور بھی اس امر پر گواہی دینے والا ہے تو جارود نے کہا: بے شک، ابو ہریرہ، حضرت عمرؓ نے ادائے شہادت کے لئے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بحرین سے ابوہریرہ کو طلب کیا۔ ابوہریرہ نے کہا۔ میں نے نہیں دیکھا کہ قدامہ نے شراب پی لی ہو۔ مگر یہ دیکھا کہ وہ مستی کے عالم میں تھے اور بار بار قے کر رہے تھے۔ حضرت عمرؓ نے کہا: ابوہریرہ میں خوب جانتا ہوں تم بھولے بن رہے ہو اور گواہی سے کترانا چاہتے ہو۔ اس کے بعد ابوہریرہ نے قدامہ کی بیوی ہند کو جو ولید کی لڑکی تھی بلوا بھیجا اور اس سے شہادت طلب کی۔ ہند نے گواہی دی کہ اس کے شوہر نے شراب پی تھی۔ جب حضرت عمرؓ نے چاہا کہ حد جاری کریں تو قدامہ نے کہا: تم ایسا نہیں کر سکتے، کیونکہ خداوند عزوجل کا فرمان ہے۔ لَيْسَ عَلَى الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ جُنَاحٌ فِيمَا طَعِمُوا [1] (سورہ مائدہ۔ آیہ ۹۳) حضرت عمرؓ نے کہا تم نے قرآن کی نامناسب تفسیر کی ہے آگے کا حصہ بھی پڑھو "إِذَا مَا اتَّقَوا" [2] اور اگر تم پرہیزگار ہوتے تو جن چیزوں کو خدا نے حرام قرار دیا ہے اس سے اجتناب کرتے اس کے بعد حکم دیا کہ ان کو تازیانے مارے جائیں۔ اور پھر پلٹ کر ان سے گفتگو کی اور ان کے لئے طلب مغفرت چاہی۔

بدریین میں سے قدامہ کے علاوہ کسی اور پر حد شراب جاری نہیں ہوئی [3]

۱۔ (ترجمہ) جو لوگ ایمان لائے اور جو نیک عمل کرتے ہیں انہوں نے جو کچھ کھایا پیا ہو اس کے بارے میں ان پر کوئی گناہ نہیں۔

۲۔ ترجمہ: اس حال میں کہ وہ ڈرتے رہے۔

۳۔ کتاب الاستیعاب۔ ص ۴۵۸۔ فتح الباری۔ ص ۲۵۵، ج ۷

قدامہ بن مظعون، ام المومنین حضرت حفصہؓ اور ابن عمر کے ماموں ہیں انہوں نے حبشہ ہجرت کی اور ان اشخاص میں سے ہیں جنہوں نے جنگ بدر میں شرکت کی اور سنہ ۳۶ ہجری میں انتقال کیا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابوھریرہ کعب الاحبار سے نقلِ حدیث کرتے ھیں

علماء حدیث نے "باب روایت اکابر از اصاغر یا صحابہ از تابعین" میں نقل کیا ہے کہ ابوہریرہ اور عبداللہ نامی تین اشخاص (عبداللہ بن عباس، عبداللہ بن عمر، اور عبداللہ بن عمرو بن العاص) اور دیگر افراد نے یہودی عالم کعب الاحبار سے نقل روائیت کی ہے جس نے راہ فریب سے اظہار اسلام کیا تھا اور اس کا دل یہودیت کی طرف مائل تھا، جیسا کہ علامہ سیوطی نے اپنی الفیہ میں کہا ہے:

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وقد روی الکبار عن صغار — فی السن او فی العلم والمقدار
ومنہ اخذ الصحب ممن اتباع — وتابع عن تابع الاتباع
کالحبر عن کعب وکالزہری — عن مالک ویحییٰ الانصاری

"اکابرین میں بہت سوں نے کیا سن اور کیا علم و منزلت کے اعتبار سے اپنے سے کمتر لوگوں کی روایتوں کو اپنایا ہے اور اس طرح بہت سے صحابہ نے تابعین اور تبع تابعین سے نقل حدیث کی ہے۔ جیسے عبداللہ بن عباس نے کعب، اور زہری نے مالک اور یحییٰ الانصاری سے روایت کی ہے۔

شارح الفیہ شیخ احمد شاکر رحمہ اللہ نے کہا ہے صحابہ کا تابعین سے روایت کرنا اس طرح ہے جس طرح عبداللہ بن عباس (ابوہریرہ) اور انس وغیرہ نے کعب الاحبار سے روایت کی ہے۔ الی آخرہ ۲

۱۔ ص ۲۳۷، ۲۳۸۔ اس قسم کے ابیات الفیہ عراق میں وارد ہوئے ہیں۔

——— کتاب فتح المغیث شرح الفیہ الحدیث عراقی کے صفحات ۸۳۲ اور ۸۳۳

۲۔ کعب الاحبار اپنے دور کا سب سے بڑا یہودی پیشوا تھا وہ حضرت عمر کے زمانے میں مسلمانوں کو دھوکہ دینے کے لئے ظاہرا اسلام لایا، اس نے اپنے ساتھی وہب بن منبہ کے ساتھ جو کچھ چاہا اسلام میں داخل کر دیا، اس کا اہم ترین کام حضرت عمر کے اقدام قتل میں اس کی شرکت ہے۔ حضرت عمر نے کبھی اس سے کہہ دیا تھا کہ اپنی یہودی گری سے باز آجائے اور اس کے بعد اسے دھمکایا بھی کہ اگر نقل حدیث سے اپنی زبان نہ روکی تو مستوجب سزا ہو گے۔ اور جیسا کہ سبط ابن الجوزی نے اپنی کتاب مراۃ الزمان میں لکھا ہے کہ جب کعب الاحبار عہد حضرت عمر میں اسلام لایا تو وہ حضرت عمر کے لئے اپنی قدیم کتابوں سے نقل اخبار کیا کرتا تھا اور اکثر ہوتا کہ حضرت عمر اس کی باتوں کو سن لیا کرتے تھے۔ جس کی بنا پر لوگوں نے بھی اس کی باتیں سننے میں اپنے آپ کو آزاد پایا اور اسکی صحت و سقم سے کوئی سروکار نہ رکھا (تفسیر ابن کثیر ص ۱۷، ج ۴)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دانشں کعب الاحبار کی نشر و اشاعت میں ابوہریرہ اور ابن عباس کا بہت بڑا حصہ ہے اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ تمام صحابہ میں سب سے زیادہ ابوہریرہ کعب الاحبار کے فریفتہ تھے اور اسپر بھروسہ کرتے تھے اور ان سے نقل حدیث کیا کرتے تھے۔ انہوں نے دیگر تمام راویوں میں سب سے زیادہ کعب الاحبار سے روایتوں کو نقل کیا ہے۔ اس سلسلے میں ہونے والی تحقیق اور مطالعے سے پتہ چلتا ہے کہ کعب الاحبار نے اپنی ہوشیاری اور چالاکی کے ساتھ ابوہریرہ کی سادگی پر ایک خاص تسلط حاصل کر لیا تھا تاکہ انھیں اپنے زیر اثر لاکر افسانہ، اوہام اور خرافات میں سے جو بھی چاہے انکے ذریعے دین اسلام میں داخل کرے اور اتفاقاً ابوہریرہ کو اس فن میں عجیب مہارت حاصل تھی، جیساکہ ذہبی نے طبقات الحفاظ" میں لکھا ہے اور اعلام النبلاء، نے ابوہریرہ کے ترجمے میں نقل کیا ہے کہ کعب الاحبار انکے بارے میں کہتے تھے:

میں ابوہریرہ کے علاوہ کسی ایسے شخص کو نہیں جانتا جس نے توریت کو نہ پڑھا ہو مگر اس کے مطالب کو سب سے زیادہ جانتا ہو[۱]۔ بیہقی نے بھی اپنی کتاب "المدخل" میں بکر بن عبداللہ کے سلسلے سے ابورافع کی زبانی ابوہریرہ سے نقل کیا ہے کہ: ابوہریرہ نے ایک دن کعب الاحبار سے ملاقات کی اور ان سے بحث و گفتگو میں مصروف تھے کہ ایسے میں کعب نے کہا: میں نے ابوہریرہ کے علاوہ کوئی آدمی نہیں دیکھا جس نے توریت نہ پڑھی ہو مگر سب سے زیادہ اس کا علم رکھتا ہو[۲] ایسی حالت میں ہمیں اس کاہن[۳] کی چالاکی اور ہوشمندی کا اندازہ لگانا چاہیئے

معاویہ نے اس کے بارے میں کہا ہے ہم کعب سے جھوٹی باتیں سنا کرتے تھے، اور جو کوئی اس کاہن اور دیگر یہودی کاہنوں کے بارے میں اطلاع حاصل کرنا چاہتا ہے اسے چاہیئے کہ ہماری کتاب "اضواء علی السنۃ المحمدیہ" سے رجوع کرے۔

۱۔ کتاب اعلام النبلاء ۔ ص ۴۳۲ ۔ ج ۲

۲۔ کتاب الاصابہ ۔ ص ۲۰۵ ۔ ج ۵

۳۔ افسوسناک بات یہ ہے کہ بعض شیوخ دین ہمیشہ اس فریبکار کاہن کو کبار تابعین میں شمار کرتے ہیں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جس نے اپنے مکر کے ساتھ ابوہریرہ کو اپنے جال میں پھانس لیا. جو تاریخ کی روشنی میں نہایت بے خرد اور بے خبر انسان تھے وگرنہ کس طرح ممکن ہے کہ بقول کعب جس نے تورات نہ پڑھی ہو اور لغت عبری سے ناواقف ہو بلکہ بنیادی طور پر ناخواندہ ہو جسے لکھنا پڑھنا بھی نہ آتا ہو اور عربی لغت سے ناآشنا ہو وہ عالم تورات بن جائے اور پھر خوبی یہ کہ اس زمانے میں تورات کسی طرح بھی مسلمانوں کی دسترس میں نہ تھی اور اس یہودی کے علاوہ کسی کو اس سے آگاہی نہ تھی: ذیل کی یہ چند روایتیں ابوہریرہ پر اس چالاک کاہن کے تسلط اور نفوذ کو واضح کرتی ہیں اور بتاتی ہیں کہ کس طرح ابوہریرہ ان کی باتوں کو عیناً نقل کر کے اس کو حدیث مستند پیغمبر اکرم ص:- کی صورت دیا کرتے تھے: بخاری نے ابوہریرہ سے روایت کی ہے کہ پیغمبر اکرم ص:- نے فرمایا—

"قیامت کے دن چاند اور سورج ایک دوسرے میں مدغم ہو کر اپنا نور کھو بیٹھیں گے"

ابن حجر اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں کہ: بزار اور ان کے ساتھ اس حدیث کے دیگر راویوں نے اس جملے کا اضافہ کیا ہے: "اور آگ میں ڈال دیئے جائیں گے"! جس پر حسن نے کہا: آخر ان دونوں کا قصور کیا ہو گا جو اس طرح آگ میں ڈال دیئے جائیں گے". ابوسلمہ نے کہا: میں پیغمبر کی حدیث بیان کر رہا ہوں اور تم دونوں کا قصور پوچھتے ہو"۔ اسی حدیث کو ذاتی طور پر کعب الاحبار نے بھی بیان کیا ہے جیسا کہ ابویعلیٰ موصلی نے نقل کیا ہے کہ کعب کہتے ہیں: قیامت کے دن چاند اور سورج کو دو ہیبت ناک گایوں کی صورت میں لایا جائیگا اور ان لوگوں کی نگاہوں کے سامنے دوزخ میں ڈال دیا جائیگا جو انکو پوجتے تھے[۲] حاکم نے مستدرک میں طبرانی اور دیگر موثق رجال کے توسط آئی ہوئی ایک روایت کو ابوہریرہ سے نقل کیا ہے اور وہ روایت یہ ہے کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا. اللہ تعالیٰ نے مجھے یہ اذن دیا ہے کہ میں تمہارے لئے ایک مرغے کی داستان

۱- فتح الباری- ص ۲۲۹ - ج ۶ اور تفسیر ابن کثیر- ص ۵۷۴ - ج ۴

۲- کتاب حیواۃ الحیوان - ص ۲۳۲

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نقل کروں جس کے دونوں پیر زمین میں دھنسے ہوئے ہیں اور گردن زیرِ عرش مستقر ہے اور ہمیشہ "سبحانك ما اعظم شانك" کی تسبیح میں مشغول ہے۔ پھر پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ جس کسی نے میری جھوٹی قسم کھائی ہو اسے اس امر کا پتہ نہیں چل سکتا، یہ حدیث بھی منقولات کعب الاحبار سے ہے۔ اس کی نص یہ ہے کہ: اللہ کا ایک مُرغا ہے جس کی گردن زیرِ عرش اور پنجے زیرِ زمین ہیں جب کبھی یہ مُرغا بانگ دیتا ہے تو دوسرے مُرغے بھی بولنے لگتے ہیں "سبحان القدوس الملك الرحمٰن لا اله غیرہ۔"

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

"حدیث" نیل، سیحون، جیحون اور فرات بہشت کی نہریں ہیں"

احمد اور مسلم نے ابوہریرہ سے روایت کی ہے کہ پیغمبر اکرمؐ نے فرمایا: نیل، سیحون، جیحون اور فرات بہشت کی نہروں میں سے ہیں، اس بات کو کعب الاحبار نے اس مقام پر عیناً بیان کیا ہے، جہاں وہ کہتے ہیں[1]: چار نہروں کو خداوند عزوجل نے دنیا میں رکھا ہے۔ نیل جو بہشت میں شہد کی نہر ہے۔ فرات جو شراب کی نہر ہے۔ سیحون جو جنت میں پانی کی نہر ہے اور جیحون جسے دودھ کی نہر کہا جاتا ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

ان نہروں کا بہشت سے جاری ہونا ایک قدیم افسانہ ہے

مذکورہ نہروں کا بہشت سے متعلق ہونا ایک نہایت قدیم افسانہ ہے اور نہ صرف یہ کہ اس کا تعلق اسرائیلی افسانوں سے ہے بلکہ اس کی تاریخ بہت ہی قدیم ادوار سے منسلک ہے، اس بارے میں ہم استاد ابوالنصر احمد حسینی ہندی کے ایک نہایت اہم مقالے کے ایک حصہ کو جسے انہوں نے "گنگا ہندوستان کی مقدس نہر" کے عنوان سے مجلہ "الکتاب[2]" میں نشر کیا ہے، نقل کرتے ہیں:

۱۔ النجوم الزاہرہ۔ ص ۳۴۔ ج ۱

۲۔ نہایۃ الادب نویری۔ ص ۲۲۰۔ ج ۱،

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دریائے گنگا کا ذکر ہندوستان کی چار مقدس اور مشہور کتابوں میں بار ہا ملتا ہے جیسا کہ "راج ویدا" میں اسکا ذکر دو مرتبہ آیا ہے اور "پورانا" میں "ویار گنگ" کے عنوان سے اسکا ذکر ہوا ہے جس میں اسے جنّت کی ایک نہر قرار دیا گیا ہے اور اس طرح ان نہروں کی بہشت سے نسبت بڑی قدیم ہے جس کا ذکر تقریباً ادیان میں پایا جاتا ہے، جیساکہ بابلیوں کے قدیم دینی نصوص میں آیا ہے کہ "چار نہریں ہیں جن کا سرچشمہ بہشت ہے۔۔ "نارو" یہی آج کا فرات[۱] ہے ۲۔سی جال۔ ۳۔سی لیم ۴۔ رودیج" رودیج موجودہ دجلہ ہے، اسی طرح تورات میں بھی چار نہروں کے بہشت سے جاری ہونے کا ذکر ملتا ہے۔ جو اس ترتیب سے ہے: ۱۔۔ فیشون[۲] ۲۔جیجون ۳۔حداقل ۴۔ فرات۔ بالکل اسی طرح اسلام میں بھی ایک حدیث ابوہریرہ کی طرف سے آئی ہے کہ پیغمبر اسلامؐ نے فرمایا: نیل، سیحون اور فرات بہشت کی نہریں ہیں[۳] اور ایک حدیث میں ابن عباسؓ[۴] سے مرفوعاً نقل ہوا ہے کہ خداوندعالم نے پانچ نہروں کو بہشت سے نکالا ہے۔ سیحون، جیحون، دجلہ، فرات اور نیل، پھر یہ کہ اللہ تعالیٰ نے ان پانچ نہروں کو بہشت کے سب سے نچلے درجے کے ایک چشمے سے جبرئیل کے دو پروں کے ذریعے جاری کیا اور پھر پہاڑوں کے حوالے سے سطح زمین پر دوڑایا۔ اور ان میں لوگوں کے لئے منفعتیں

۱۔۔ النجوم الزاہرہ۔۔ ص ۳۴۔۔ ج ۱

۲۔۔ نہایۃ الادب نویری۔ ص ۲۲۰۔۔ ج ۱۰

۳۔۔ علامہ سیوطی نے کتاب "حسن المحاضرہ" طبع مصر کے جلد ۲، ص ۱۷۹ پر امام احمد اور مسلم سے "اصل حاشیہ کتاب میں اس خبر کو نقل کیا ہے۔

۴۔ ابن عباس اور ابوہریرہ نے جیسا کہ پہلے بھی بیان ہو چکا ہے۔ سب سے زیادہ کعب الاحبار کے علم کی اشاعت کی ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قادر دیں ایک اور حدیث میں ہے کہ: دو نہریں مومن ہیں اور دو کافر، مومن نہریں نیل اور فرات ہیں اور کافر دجلہ اور بلخ، پہلے دو مومن نہروں کی تفسیر یوں بیان کی جاتی ہے کہ یہ دو نہریں بغیر مزاحمت اور سرمایہ کاری کے کسی کو منفعت نہیں پہنچاتی ...... الخ اس طرح اس قسم کے خرافات اور افسانوں نے جو ہمیں دوسری قوموں کے سامنے رسوا کرتے ہیں یہاں تک کہ اسکول کے بچے بھی جن کی ہنسی اڑاتے ہیں ہمارے دین میں رخنہ ڈال رکھا ہے اور بڑے افسوس کا مقام ہے کہ کچھ لوگ اسے پیغمبر اکرم[۳] سے نسبت دیتے ہیں اور اپنی صحاح میں جگہ دے کر اسکی تائید کرتے ہیں اور نشر و اشاعت کے ذریعے اسکو ترویج دیتے ہیں۔ صحاح میں جگہ دے کر اسکی تائید کرتے ہیں اور نشر و اشاعت کے ذریعے اسکو ترویج دیتے ہیں جب کوئی انہیں حقائق سے مطلع کرنا چاہتا ہے اور ان کے دیدہ کور، سماعت بستہ اور غفلت زدہ قلوب کو ان کی اصلیت سے مطلع کرنا چاہتا ہے. تاکہ اس طرح مقام شارع پیغمبر خاتم ص ہر طرح کے خرافات اور افسانوں سے منزہ ہو جائے تو فحش و ناسزا گوئی کا ایک عظیم سیلاب اس کی طرف امنڈنے لگتا ہے اور کہا جاتا ہے کہ: دیکھو کس طرح ایک جلیل القدر صحابی پر کیچڑ اچھالی جارہی ہے. خداوند عالم ان کے گناہوں سے درگذر فرمائے اور انھیں درد جہل و غفلت و حماقت سے شفایاب کرے. اب ہم ان اسرائیلیات کا تذکرہ ضروری سمجھتے ہیں جنھیں ابوہریرہ نے کعب الاحبار سے اخذ کیا ہے :- ابن کثیر اپنی تفسیر میں لکھتے ہیں :- حدیث یاجوج ماجوج جس کو احمد وغیرہ نے ابوہریرہ سے نقل کیا ہے. اس کی نص یہ ہے کہ: یاجوج ماجوج ہر روز طلوع صبح سے بند کھودنے میں لگ جاتے ہیں. یہاں تک کہ شام کا سورج ان کی آنکھوں کو چندھیانے لگتا اسوقت ان پر مامور آدمی ان سے کہتے ہیں.

۱ـــ علامہ سیوطی کہتے ہیں کہ اس روایت کو خطیب نے اپنی تاریخ میں ، ابن مردویہ نے بھی تفسیر میں اور ضیا مقدسی نے "صفۃ الجنۃ" میں نقل کیا ہے۔

۲ـــ نہایہ ابن کثیر طبع مصر ـ ج ۱، ص ۹۴۵ "اصل کتاب کے حاشیہ میں ملاحظہ فرمائیں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

: واپس جاؤ کل کھودنے آجانا، وہ دوسرے دن واپس آکر پھر کھودنے لگ جاتے ہیں..... الخ۔ اس کے بعد ابن کثیر کہتے ہیں کہ شاید ابوہریرہ نے یہ بات کعب الاحبار سے لی ہو کیونکہ وہ کثرت کے ساتھ کعب کے پاس اٹھتے بیٹھتے اور ان سے تبادلہ خیال کیا کرتے تھے، اس لئے یہ بات کعب ہی نے ابوہریرہ سے کہی ہوگی۔ جس کو ابوہریرہ نے پیغمبر اسلام ص سے نسبت دے کر نقل کیا ہے۔ واللہ اعلم[1]

اس کے علاوہ ابن کثیر نے اپنی تفسیر کے بیشتر مقامات پر ان مطالب کو نقل کیا ہے جنھیں ابوہریرہ نے کعب الاحبار سے لیکر پیغمبر اکرم ص کی طرف منسوب کیا ہے اس لئے جو حضرات ان مطالب کو جاننا چاہتے ہیں ان کو اس تفسیر کا مطالعہ کرنا چاہیئے۔

مسلم اور بخاری کی صحاح میں اس حدیث کا شمار بھی ابوہریرہ کے احادیث میں ہوتا ہے کہ : خداوند عالم نے آدم کو اپنی شکل وصورت پر خلق کیا[2] ہے اور یہ گفتگو تورات کے تصحیح اول (عہد قدیم) میں ہوئی ہے جہاں اس کی نص یہ ہے کہ "اللہ نے انسان کو اپنی صورت پر بنایا اور خدا کی شکل میں اسے خلق کیا۔

۱۔ تفسیر ابن کثیر۔ ص ۱۰۴ اور ۱۰۵ ۔ ج ۲۔

۲۔ اس حدیث میں وارد ہونے والی باتوں میں یہ بھی ہے کہ آدم ساٹھ گز لمبے تھے اور دوسری روایت یہ ہے کہ آدم خدا کی شکل پر ہیں، ابن حجر نے اس حدیث کے ایک پہلو پر تنقید کی ہے۔ اور کہا ہے کہ : ممکن ہے کہ اس حدیث پر اعتراض کیا جائے کیوں کہ آثار امم سابقہ مثلاً ان کے مکانات اور دیار عاد و ثمود سے اس بات کا اندازہ ہوتا ہے کہ اس زمانے کے لوگ حسب ترتیب سابق اس قدر طویل القامت نہیں تھے یہاں تک کہ کہتے ہیں : اس بناء پر اس اشکال کو رفع کرنے والی کوئی چیز اب تک مجھ پر آشکار نہیں ہوئی ہے (فتح الباری۔ ص ۲۸۱ اور ۲۸۲ ۔ ج ۶۔) امام مالک نے تو اس حدیث کو سرے سے ہی رد کردیا ہے اور اسی طرح یہ حدیث کہ خداوند عالم قیامت کے دن اپنے پیر کو گھٹنوں تک مشکوف کریگا جسے صحیحین نے نقل کیا ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(حدیث ۱)

خداوند عالم نے زمین کو ہفتے کے دن خلق کیا،

مسلم نے اپنی کتاب میں ابوہریرہ سے روایت کی ہے کہ انہوں نے کہا: پیغمبر اکرم نے میرا ہاتھ اپنے دست مبارک میں لیکر فرمایا: خداوند عالم نے زمین کو ہفتے کے دن پہاڑوں کو اتوار کے دن درختوں کو پیر، برائیوں کو منگل، نور کو بدھ، کیڑے مکوڑوں کو جمعرات اور حضرت آدم کو جمعہ کے دن بوقت عصر یعنی جمعہ کی آخری ساعتوں میں عصر و شب کے درمیان تمام مخلوقات کے بعد سب سے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

آخر میں پیدا کیے[1]۔ (گویا اس اعتبار سے کائنات سات دن میں وجود پذیر ہوئی۔) اس حدیث کو امام احمد اور نسائی نے بھی ابو ہریرہ سے نقل کیا ہے۔ البتہ نسائی کی روایت میں اس طرح ہے کہ خداوند عالم نے آسمان، زمین اور جو کچھ اسکے درمیان ہے سب کو چھ دن میں خلق فرمایا اور ساتویں دن عرش پر متمکن ہوا۔ اس بارے میں اکابرین سے خاص کر بخاری، ابن کثیر اور تاریخ کبیر میں اس طرح وارد ہوا ہے کہ ابو ہریرہ نے اس حدیث کو کعب الاحبار سے نقل کیا ہے کیوں کہ حدیث اولی اس نص قرآنی کے صریحاً خلاف ہے کہ جس میں خداوند تبارک و تعالیٰ نے فرمایا کہ ہم نے زمین و آسمان اور اس کے درمیان تمام اشیاء کو (کل) چھ دن میں خلق کیا۔ جو باتیں اس امر پر دلالت کرتی ہیں کہ ابو ہریرہ نے اس حدیث کو کعب الاحبار سے اخذ کیا ہے اور اس کا تعلق اسرائیلی منبع سے ہے جیسا کہ اکابرین حدیث نے اس کی تصریح کی ہے ان میں سے ایک بات یہ بھی ہے کہ اس سلسلے میں اس سے مشابہ ایک اور حدیث عبداللہ بن سلام سے ملتی ہے جو یہودی عالم تھا اور بعد میں مسلمان ہو گیا تھا، اس کی روائت کو طبری نے نقل کیا ہے[2]۔ جس کی نص یہ ہے۔ خداوند عالم نے اتوار سے اپنی خلقت کا آغاز کیا۔ جس کی ترتیب یہ ہے کہ زمین اتوار اور پیر کے دن بنی، دن اور پہاڑ منگل اور بدھ کو وجود پذیر ہوئے، آسمانوں کی تخلیق جمعرات اور جمعہ کو ہوئی اور جمعہ کے آخری لمحات میں تخلیقی امور سے فراغت حاصل ہوئی[3] اور پھر اسی

۱- ہم پوچھتے ہیں کہ کیا زمین و آسمان کی خلقت کے وقت ہمارے دن اور ہماری گھڑیوں کا یہی حساب تھا اور کیا اللہ کے نزدیک دن یہی ہماری ساعتیں ہیں یا پھر وہ عرصہ ہے جس کو اس نے اپنی کتاب میں لکھ دیا ہے کہ:

۲- ص ۲۴- ج ۱ ـــ ۳ـــ واضح ہونا چاہیئے کہ اس روایت کے اسرائیلی ہونے کی ایک علامت یہ بھی ہے کہ راوی یا جاعل نے کسی کام کو ہفتہ کے دن اللہ سے منسوب نہیں کیا ہے۔ گویا اللہ نے ہفتہ کے دن جو یہودیوں کی تعطیل کا دن ہے آرام کی غرض سے چھٹی کی ہے۔

نعوذ باللہ و نستجیر بہ۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

گھڑی عجلت کے ساتھ آدم کو خلق کیا۔ یہی عبداللہ بن سلام ہیں جن سے ابوہریرہ نے نقل حدیث کی ہے جیسا کہ کعب الاحبار سے کرتے رہے ہیں[۱]۔ تعجب اس بات پر ہے کہ ابوہریرہ نے اس حدیث کو نقل کرتے ہوئے تصریح کی ہے کہ انہوں نے پیغمبر اکرمؐ سے سنا اور وہ بھی اس طرح کہ آپ نے ان کے ہاتھ کو اپنے ہاتھ میں لے رکھا تھا۔ سب پر واضح ہے کہ یہ حدیث قواعد اہل حدیث کے مطابق صحیح السند ہے اور اس میں کسی اختلاف کو دخل نہیں ہے۔ پھر مسلم نے بھی اپنی صحیح میں اسکو نقل کیا ہے۔ اس حدیث میں ابوہریرہ نے فقط سننے پر ہی اکتفا نہیں کی ہے بلکہ اس بات کی تصریح کی ہے کہ اسکو بیان کرتے وقت پیغمبر اکرمؐ نے ان کے ہاتھ تھام رکھے تھے دیگر یہ کہ ائمہ حدیث تمام کے تمام اس بات پر متفق ہیں کہ ابوہریرہ نے اس حدیث کو کعب الاحبار سے لیا ہے۔ اس کے علاوہ یہ حدیث کتاب خدا کے سراسر خلاف ہے۔ اور اگر اس حدیث کو ابوہریرہ کسی سے اور پھر وہ کسی اور سے "معنعن" بنا کر نقل کرتے تو یہ کہنے کی گنجائش نکل آتی کہ غلطی کسی اور طرف سے ہوئی ہے مطلب یہ ہے کہ ان کے بچاؤ کی کوئی صورت نکل ہی آتی مگر اس کو کوئی کیا کرے کہ خود ان کی تصریح موجود ہے کہ انہوں نے پیغمبر اکرمؐ سے سنا اور سنتے وقت ان کا ہاتھ ختمی مرتبتؐ کے ہاتھ میں تھا۔ لہذا یہ حدیث بغیر کسی شک و شبہ کے پیغمبر اکرمؐ پر افترا اور کذب صریح ہے۔ ایسی صورت میں اس گناہ کے مرتکب پر کیا حکم عائد ہوتا ہے کیا اس شخص کا شمار پیغمبر اکرمؐ کی اس حدیث کے ذیل میں نہیں ہوگا۔ جہاں آپ نے فرمایا۔ مجھ پر جھوٹ بولنے والے کا ٹھکانا دوزخ ہے۔ یا یہ کہ اس نے فرار کے لئے کوئی اور راہ اختیار کر لی ہے کیونکہ اس حدیث کا راوی "صاحب ثوب و دعایتین و مزود" ہے[۲]

۱۔ کتاب سیر اعلام النبلاء ذہبی۔ ص ۲۹۶۔ ج ۲

۲۔ جلد ہی ہم "ثوب، دعایتین اور مزود" کے دلچسپ اور قابل ذکر قصوں کے متعلق گفتگو کریں گے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور میں خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ مجھے اس بات کا انتظار ہے کہ کوئی اس بارے میں مجھے اپنے جواب سے مطمئن کرے کیوں کہ اگر انسان فقط اسی ایک حدیث کو مورد تحقیق و نظر قرار دے تو اس میں کوئی شک نہیں کہ ابوہریرہ کی تمام روایات پر سے پردہ اٹھ جاتا ہے اس لئے کہ جب اس حدیث کا یہ حال ہو جس میں ان کی تصریح شامل ہو کہ انہوں نے بنفس نفیس سرورِ کائنات[۱] سے اس حدیث کو سنا تو دوسری روائیتوں کا کیا حال ہو گا۔ جو دست بدست ان سے نقل ہوئی ہیں۔ اب ہم ایک اور روائت کو جس میں انہوں نے پچھلی روائت کی طرح تصریح کی ہے کہ پیغمبر اسلامؐ کی زبانی بنفس نفیس سنا، قارئین کرام کے لئے بیان کرتے ہیں۔ ابن کثیر نے اپنی تفسیر میں ابوہریرہ سے نقل کیا ہے کہ انہوں نے کہا[۱]:

میں نے پیغمبر اسلامؐ کو منبر پر خطبہ دیتے ہوئے سنا، آپ[۲] حضرت موسیٰؑ کا تذکرہ فرما رہے تھے۔ (گویا تمام اصحاب نے سنا) آپ نے فرمایا حضرت موسیٰؑ کے ذہن میں یہ سوال ابھرا کہ کیا خدا بھی سوتا ہے؟ اور اس پر بھی نیند کا غلبہ ہوتا ہے؟ کہ ایسے میں خدا نے ایک ملک کو حضرت موسیٰؑ کے پاس بھیجا جس نے انہیں تین شب و روز جگائے رکھا اور ان کے ہاتھوں میں دو شیشیاں تھما کر انہیں اچھی طرح سنبھالے رکھنے کی تاکید کی۔ موسیٰؑ پر نیند نے غلبہ کیا، جونہی عالم غشی ان پر تاری ہوتے لگتی اور ان کے ہاتھوں میں تھمی ہوئی شیشیاں ایک دوسرے کے قریب ہو کر ٹکرانے پر آتیں موسیٰؑ بیدار ہو جاتے اور اپنے دونوں ہاتھوں کو الگ کر لیتے، یہاں تک کہ نیند نے پوری طرح ان پر غلبہ کر لیا اور وہ سو گئے جس کے نتیجے میں دونوں شیشیاں ایک دوسرے سے ٹکرا کر پاش

۱۔ ص ۱۶۵ ج ۲

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پاش ہو گئیں[1]۔ ابن کثیر کہتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ یہ حدیث پیغمبر اکرم (ص) سے نقل نہیں ہوئی بلکہ اس کا تعلق بھی اسرائیلیات سے ہے جو یکسر خلاف حقیقت ہے۔ حضرت موسیٰؑ کی شخصیت اس سے اجل وارفع ہے کہ وہ خواب کو اللہ کے لئے تجویز کریں، کیونکہ خداوند تعالیٰ نے خود اپنی کتاب میں فرمایا ہے کہ:

هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ[1]

نیز احمد نے ابوہریرہ سے روایت کی ہے کہ پیغمبر اکرمؐ نے فرمایا کہ: خراسان سے سیاہ علم برآمد ہوں گے اور کوئی طاقت انھیں واپس نہیں لوٹا سکتی جب تک کہ وہ ایلیا[2] میں نصب نہ ہو جائیں۔ اس حدیث کو بیہقی نے بھی نقل کیا ہے اور حافظ ابن کثیر نے کہا ہے کہ اس روائیت کا تعلق بھی کعب الاحبار ہی سے ہے۔[3]

۱۔ گویا اس حدیث سے ابوہریرہ کی مراد یہ ہے کہ خداوند عالم حضرت موسیٰؑ کو بتانا چاہتے تھے کہ اگر میں بھی تمہاری طرح سو جاؤں تو سارا نظام عالم اسی طرح ایک دوسرے سے ٹکرا کر تباہ ہو جائے گا۔

۲۔ البدایہ والنھایہ۔ ص ۵۱۔ ج ۱۰

۳۔ شہر بیت المقدس۔

۱۔ سورہ بقرہ آیت ۲۵۵ ـ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابو ھریرہ کی روایت شدہ احادیث ناقابل اعتبار ھیں

مسلم بن حجاج نے بسر بن سعید سے روایت کی ہے کہ انہوں نے کہا: اللہ سے ڈرو اور نقل حدیث سے پرہیز کرو، خدا کی قسم ہماری ابوہریرہ کے ساتھ ہمنشینی تھی ہم دیکھتے تھے کہ وہ کس طرح رسول خداؐ اور کعب احبار دونوں سے روایات بیان کیا کرتے تھے، ہمارے ساتھیوں نے سنا تھا کہ ابوہریرہ پیغمبر اکرمؐ کی حدیث کعب سے روایات کیا کرتے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تھے اور کعب کی حدیث رسول خدا[۱] سے اور دوسری روایت میں ہے کہ کعب کی گفتگو پیغمبر اکرمؐ کے اقوال کی جگہ اور پیغمبر اکرمؐ کی احادیث کعب کی جگہ روایت کیا کرتے تھے۔ پھر کہتے ہیں اللہ سے ڈرو اور نقل حدیث میں احتیاط سے کام لو، اسی طرح امام احمد نے اپنی مسند میں قاسم بن محمدؑ سے روائت کی ہے کہ انہوں نے کہا، ابوہریرہ اور کعب ایک دوسرے کے ساتھ بیٹھا کرتے تھے، ابوہریرہ کعب کیلئے احادیث نبویؐ نقل کرتے ہیں اور کعب ان سے اپنی کتابوں کا تذکرہ کرتے[۲] اور آخر کار کعب الاحبار کی چالاکی اور ہوشیاری نے سادہ لوح ابوہریرہ کو اپنے زیر اثر لاکر افسانہ وخرافات سے جو کچھ چاہا دین اسلام میں پھیلا دیا۔ اور جب ابوہریرہ کعب کی باتوں کو نقل کرتے تو کعب اس کے ساتھ ہی ان کی گواہی دیتا تاکہ اس طرح اسرائیلیات محکم بن کر مسلمانوں کے افکار وعقول میں سما جائیں۔ اس قسم کے منقولات اس انداز سے پیش ہوتے تھے، گویا ابوہریرہ انھیں پیغمبر اسلامؐ سے بیان کر رہے ہیں اس قسم کے منقولات اس انداز سے پیش کرتے ہوئے اس داستان احادیث کو ختم کرتے ہیں جسے ابوہریرہ نے پیغمبر اکرمؐ سے نسبت دی ہے درآں حالیکہ اس کا تعلق اسرائیلیات سے ہے۔ آئمہ حدیث احمد، بخاری اور مسلم وغیرہ نے ابوہریرہ سے روایت کی ہے کہ پیغمبر اسلامؐ نے فرمایا۔ بہشت میں ایک ایسا درخت ہے جس کے سایہ میں اگر ایک سوار سو سال تک چلتا رہے تو جب بھی اس کا سایہ ختم نہیں ہوتا۔ تصدیق کیلئے "ظل ممدود" پڑھو، ابھی یہ حدیث ابوہریرہ کے منہ سے نکلی ہی تھی کہ فوراً اسی لمحہ کعب نے اس کی تائید کی اور جیسا کہ ابن جریر نے روائت کی ہے کہا قسم ہے اس ذات کی جس نے تورات کو موسیٰؑ اور فرقان کو محمد(ص)

۱۔ البدایہ والنہایہ ابن کثیر۔ ص ۱۰۹۔ ج ۸

۲۔ ص ۲۷۵۔ ج ۲

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پر نازل کیا ابو ہریرہ سچ کہتے ہیں اگر کوئی شخص "حقہ" (وہ اونٹ جو اپنی عمر کے چوتھے سال میں داخل ہوا ہو) یا "جذعہ" (پانچ سالہ اونٹ) کی پشت پر سوار ہو کر اس درخت کی بلندی تک اپنے آپ کو پہنچانا چاہے تو وہ ایسا نہیں کر سکتا۔ یہاں تک کہ پیر و نزار ہو کر گر جائے:

"اس درخت کو اللہ تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے اگایا اور اس میں اپنی روح پھونک دی۔ اس کی شاخیں بہشت کے دوسرے کنارے تک پھیلی ہوئی ہیں۔ جنت کی کوئی نہر ایسی نہیں جو اس کی جڑ سے خارج نہ ہوتی ہو"[۱] اس طرح ابو ہریرہ اور کعب الاحبار اس قسم کے خرافات کو مسلمانوں کے درمیان پھیلانے میں ایک دوسرے کی مدد کیا کرتے تھے۔ یہی خرافات ہیں جو دین کو دیمک بن کر چاٹ رہے ہیں۔ کعب کا مقصد ان کاموں سے یہ تھا کہ اپنا مدعا بر لائے یعنی مبادی اسلام کو فاسد کرے لیکن ابو ہریرہ فقط اپنے مقام کو خاص طور پر بنی امیہ کے نزدیک بلند کرنا چاہتے تھے۔ تاکہ اس طرح وہ اپنی دنیوی خواہشات کی تکمیل کریں۔ ابو ہریرہ اس فریبکار یہودی کاہن کے شاگرد اول تھے جو کہانت کا لبادہ اوڑھے پیغمبر اسلام کے علوم سے فائدہ اٹھا رہا تھا اور خود اچھی طرح جانتا تھا کہ تورات میں کیا لکھا ہے۔

اس طرح اسرائیلیات نے ہر طرف سے ہم مسلمانوں کا احاطہ کر لیا ہے اور افسوسناک بات یہ ہے کہ مسلمان خود اس کی تصدیق کرتے ہیں۔ ادھر اسلام دشمن عناصر تاک لگائے بیٹھے ہیں اور ہماری ان باتوں پر خندہ زن ہو رہے ہیں،

ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حضرت عمرؓ کا ابوھریرہ کو تازیانے لگانا،

jabir.abbas@yahoo.com

حضرت عمرؓ وہ پہلے انسان تھے جنہوں نے ابوہریرہ سے نقل شدہ روایات کے خطر کو پہلے سے بھانپ لیا جسے وہ پیغمبر اکرمؐ سے نسبت دیا کرتے تھے۔ انہوں نے ابوہریرہ کو بلا کر اس کام سے منع کیا اور جب وہ باز نہیں آئے تو اپنے تازیانے سے انھیں سزا دی اور جب ابوہریرہ اس طرح بھی باز نہ آئے تو حضرت عمرؓ نے انھیں دھمکی دی کہ اگر اب بھی مرض کے لاعلاج ہونے سے قبل وہ اس کام سے دست بردار نہ ہوئے تو

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

انھیں انکی سابقہ سرزمین پر واپس بھیج دیا جائے گا۔ اسی طرح کعب الاحبار کو بھی تنبیہ کی۔ ابن عساکر ناقل ہیں کہ سائب ابن یزید نے حضرت عمرؓ کو ابوہریرہ سے یہ کہتے ہوئے سنا کہ : یا پیغمبر اکرمؐ سے نقل حدیث ترک کرو یا پھر تمہیں سرزمین "دوس" (قبیلہ ابوہریرہ) پر واپس بھیج دیا جائیگا، اور کعب الاحبار سے کہا حدیث کہنے سے باز آجاؤ ورنہ تمہیں سرزمین "قردہ"[۱] بھیج دیا جائے گا۔ ان دونوں روایتوں کو ذہبی نے بھی سیر اعلام النبلاء میں نقل کیا ہے[۲]۔ یہی سبب ہے کہ ابوہریرہ نے حضرت عمرؓ اور ان کے تازیانے کے ہٹ جانے کے بعد زور پکڑا۔ کیونکہ ابوہریرہ حضرت عمرؓ کے علاوہ اور کسی سے نہیں ڈرتے تھے۔ اور حقیقت بھی یہ ہے کہ حضرت عمرؓ نے لوگوں کے دلوں میں اپنا خوف بٹھا رکھا تھا۔ ابن عجلان کی روایت کے مطابق خود ابوہریرہ کا کہنا ہے کہ "جن احادیث کو میں نقل کر رہا ہوں اگر حضرت عمرؓ کے زمانے میں بیان کرتا تو حضرت عمرؓ میرا سر توڑ دیتے[۳]" اسی طرح زہری نے، ابوسلمہ سے ابوہریرہ کا یہ قول نقل کیا ہے کہ انہوں نے کہا ہم حضرت عمرؓ کی وفات تک "قال رسول اللہؐ" نہیں کہہ سکتے تھے کیونکہ ہمیں انکے تازیانے کا خوف لگا رہتا تھا[۴]۔ اور نیز یہ بھی کہتے تھے "کیا حضرت عمرؓ کی حیات تک میں ان احادیث کو اپنے لئے بیان کر سکتا تھا۔ خدا کی قسم مجھے یقین ہے ان کا

۱۔ شاید سرزمین "قردہ" سے حضرت عمرؓ کی مراد شہر ایلہ ہو جہاں بنی اسرائیل کا ایک گروہ بندر کی صورت میں مسخ ہو گیا تھا۔

۲۔ اور ۳۔ اعلام النبلاء ۔ ص ۴۳۳ ۔ ج ۲

۴۔ اعلام النبلاء ۔ ص ۴۳۴

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تازیانہ میری پشت مجروح کر دیتا[1] اور زہری سے منقول ہے کہ انہوں نے کہا: حضرت عمرؓ کہا کرتے تھے کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کم روایتیں نقل کیا کرو مگر وہ باتیں جن پر عمل کا دار و مدار ہے[2]، محدث فقیہ محمد رشید رضا مرحوم نے اس بارے میں کہا ہے کہ اگر حضرت عمرؓ ابوہریرہ کی حیات تک زندہ رہتے تو کبھی اتنی کثیر تعداد میں حدیثیں ہم تک نہیں پہنچتیں۔[3]

jabir.abbas@yahoo.com

۱ــ ابوہریرہ نے یہ بات اس لئے کہی ہے کہ حضرت عمر کا تازیانہ بارہا ان کی پشت زخمی کرتا رہا ہے حتیٰ کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے زمانے میں (مسلم ص ۳۴) اور اسی طرح پیغمبر (ص) کے بعد جب حضرت عمر نے ان کو بحرین کی حکومت سے معزول کیا تو انھیں اتنے کوڑے لگائے کہ ان کی پشت لہو لہان ہو گئی۔

۲ــ کتاب البدایہ والنہایہ کے جزء ہشتم اور اسی طرح اعلام النبلاء کے آٹھویں جزء کا مطالعہ فرمائیے۔ وہاں آپکو اس کا مبسوط ذکر ملے گا۔

۳ــ مجلہ المنار ــ ص ۸۵۱ ــ ج ۱۰

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابوھریرہ کی کثرتِ احادیث

jabir.abbas@yahoo.com

اس بات پر رجال حدیث کا اجماع ہے کہ ابو ہریرہ نے تمام اصحاب سے زیادہ احادیث نقل کی ہیں۔ حالانکہ یہ ثابت کیا جا چکا ہے کہ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے ساتھ ان کی مصاحبت کل ایک سال نو مہینے رہی ہے جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا ہے۔ ابو محمد بن حزم کے بیان کے مطابق فقط مسند

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بقی بن مخلد[1] میں ابوہریرہ سے ۵۳۷۴ روایتیں نقل ہوئی ہیں جس میں سے بخاری نے ۴۴۶ روایتوں کو نقل کر کے لکھا کہ صحابہ نے ان احادیث کو رد کر دیا ہے اور بعض کی تکذیب بھی کی ہے اس کے متعلق ہم بعد میں گفتگو کریں گے۔ یہ وہ باتیں ہیں جن کا عام طور پر چرچا ہے لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ بخاری وغیرہ کی روایت کے مطابق[2] خود ابوہریرہ نے وضاحت کی ہے کہ: اصحاب پیغمبر میں عبداللہ بن عمر[3] کے علاوہ کسی نے مجھ سے زیادہ روایتیں بیان نہیں کی ہیں اور اس کا سبب یہ ہے کہ وہ احادیث کو لکھا کرتے تھے اور میں نہیں لکھتا تھا،[4] حالانکہ اگر ابن عمر کی روایتوں کا شمار کیا جائے تو بقول ابن جوزی کے ان کی تعداد ۷۰۰ سے متجاوز نہیں ہوگی جو ابوہریرہ کی روایتوں کا آٹھواں حصہ ہے جن میں سے بخاری نے کل سات اور مسلم نے بیس کو نقل کیا ہے۔ ممکن ہے ابوہریرہ کا یہ اعتراف ان کے آغاز کار کے موقع

۱۔ ابو عبدالرحمٰن بقی بن مخلد الاندلسی کا شمار حفاظ حدیث اور آئمۂ دین میں ہوتا ہے جنہوں نے اندلس کو اپنے وفور علم سے بھر دیا تھا۔ ان کی ایک تفسیر ہے جس کو ابن جریر کی تفسیر پر فضیلت حاصل ہے۔ ان کی حدیث میں ایک بڑی تصنیف بھی ہے جو نقد و بیان احکام کی اساس پر مرتب کی گئی ہے۔ بقی بن مخلد ایک آزاد منش انسان تھے اور کسی کی تقلید نہیں کرتے تھے۔ ۱۸۱ھ ان کی سنہ ولادت اور ۲۷۶ ہجری سنہ وفات ہے (معجم الادبار ص ۵ ج ۷)

۲۔ فتح الباری۔ ص ۱۶۷ ج ۱

۳۔ عبداللہ نامی تین افراد میں ان کا شمار ہوتا ہے جنہوں نے کعب الاحبار سے روایتوں کو لیا ہے۔ عبداللہ بن عمر نے جنگ یرموک میں دو بار شتر کتب اہل کتاب کے حاصل کئے تھے۔ جس کے مفاہیم وہ لوگوں کے لئے بیان کیا کرتے تھے لہٰذا اکثر آئمۂ تابعین ان کی روایتوں سے پرہیز کرتے تھے اور کبھی لوگ ان سے یہ بھی کہہ دیتے کہ ہمارے لئے دو بار شتر والی حدیثیں نہ بیان کیا کرو،

۴۔ اسے ابن حجر نے فتح الباری کی پہلی جلد میں صفحہ ۱۶۷ پر نقل کیا ہے اور مسند احمد میں ابوہریرہ کے حوالے سے یہ عبارت درج ہے کہ ابن عمر اپنے ہاتھ سے لکھا کرتے تھے اور میں نہیں لکھتا تھا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پر ہو جب وہ کبار صحابہ اور ان کے علماء کے درمیان زندگی گذار رہے ہوں کیونکہ اس وقت وہ اس بات سے ڈرتے تھے کہ اگر اس سے زیادہ نقل کریں گے تو صحابہ ان کے مرویات کی تکذیب کر دیں گے مگر جب حضرت عمرؓ کے قتل کے بعد کبار صحابہ سے میدان خالی ہوا تو انھیں نقل حدیث کی آزادی ملی اور انہوں نے روایت کرنا شروع کر دیا۔ اور اس کام میں حد درجے زیادہ روی اور افراط کو بروئے کار لائے۔

خاص طور سے معاویہ کے زمانے میں جو ان کی پشت پناہی کیا کرتا تھا اور ان کے درجات میں بھی اضافہ کرتا تھا۔ اس دور میں تو یہ کام اپنی آخری حدوں تک پہنچ چکا تھا جس کو ہم انشاء اللہ اپنے مقام پر بیان کریں گے۔ بعض افراد نے ابوہریرہ کے اس جملے سے کہ عبداللہ بن عمرؓ نے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جو کچھ سنا اس کو لکھ لیا ہے۔ یہ گمان کیا ہے کہ عبداللہ بن عمر کی نقل شدہ روایات لفظ و معنی میں متواتر ہیں اور اسی طرح ان روایات کو انہوں نے نقل کیا ہے ان کے بعد کتابت کے ذریعہ محفوظ ہو گئی ہیں۔ جیسا کہ قرآن کتابت کے ذریعے محفوظ ہو گیا اور بنفسہ مفید علم ہے۔ اس لئے بالآخر مذکورہ روایتیں قرآن کریم کے بعد مسلمانوں کے لئے مورد اعتماد اور اصول صحیحہ سے ہیں۔ لیکن مشہور یہ ہے کہ کتب سنت میں ذکر شدہ ابن عمر کی تمام روایتیں صرفاً اسی طرح سے آئی ہیں جس طرح دیگر تمام صحابہؓ کی روایتیں نقل ہوئی ہیں اور وہ طریقہ یہی روایت ہے نہ کتابت، مگر جن نوشتہ جات پر گمان کیا جاتا ہے کہ ابن عمر نے لکھی ہیں وہ ان کے وہ کتوبات ہیں جنھیں وہ صحیفہ صادقہ کا نام دیتے تھے اور جیسا کہ بیان کیا جاتا ہے اس صحیفہ میں صبح و شام پڑھنے کی دعائیں بھی شامل تھیں جس کو انہوں نے پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نسبت دے رکھی تھی مگر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس صحیفہ کی کوئی وقعت نہیں تھی جیسا کہ اہل قتیبہ کے دو تالیفات "تادیل مختلف الحدیث"[۱] اور

۱۔ ص ۹۳

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کتاب "المعارف[۱]" میں آیا ہے کہ مغیرہ نے کہا: عبداللہ بن عمر کے پاس ایک صحیفہ تھا جسے وہ صادقہ کہا کرتے تھے۔ اگر وہ اس صحیفہ کو دو کوڑی میں بھی مجھے دیتے تو میں خوش نہ ہوتا۔

۱۔ ص ۲۰۰

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کس طرح ابوھریرہ اپنے آپ کو من مانی روایات کا حقدار سمجھنے لگے!

جب ابوہریرہ نے یہ محسوس کیا کہ صحابہ ان کی کثرت روایات سے مشوش ہیں اور ابھی انھیں اور بھی ایسی احادیث نقل کرنی ہیں جن کے بیان سے دوسرے صحابہ عاجز ہوں تو انہوں نے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ایک حدیث نقل کرنے کا فیصلہ کیا جس کے ذریعہ وہ جو بھی روایت بیان کریں۔ اسے درست سمجھ لیا جائے، اور صحابہ اور غیر صحابہ میں سے کوئی بھی انھیں مطعون

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نہ کر سکے مگر اس کے باوجود صحابہؓ نے انکی تکذیب کی اور جیسا کہ اگلے باب میں بتایا جائیگا صحابہ ان کی روایات کی تصدیق نہیں کرتے تھے اور وہ حدیث جیسا کہ طحاوی نے ان سے (ابوہریرہ سے) نقل کیا ہے یہ ہے کہ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا، اگر میری جانب سے کوئی حدیث تم تک پہنچے اور تمہیں پسند آجائے تو تمہیں چاہیئے کہ اس کی تصدیق کرو خواہ میں نے کہی ہو یا نہ کہی ہو. اور اگر میری جانب سے کوئی ایسی حدیث تم تک پہنچتی ہے جسے تم پسند نہیں کرتے اور اس سے انکار کیا ہو تو اس کی تکذیب کرو کیونکہ میں ایسی کوئی بات نہیں کہتا جسے لوگ پسند نہ کریں[۱] خدا معلوم یہ باتیں پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے صادر ہوئی ہیں یا ان کا منبع کوئی اور ہے کیوں کہ کیسے یقین کیا جا سکتا ہے کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ باتیں کہی ہوں جب کہ آپؐ سے بتحقیق یہ حدیث ہم تک پہنچتی ہے کہ میری نہ کہی ہوئی باتوں کو اگر کوئی میرے اقوال بنا کر پیش کرے تو اس کا مقام دوزخ ہے. یہاں اس بارے میں دیگر روایات سے صرف نظر کرتے ہوئے ہم نے فقط اسی ایک روایت پر اکتفا کی ہے.

---

[۱]. مشکل الآثار ــــ ص ۲۳ - ج ۴.

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابوہریرہ فقط ایک سال اور چند مہینے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مصاحبت میں رہے جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ صحابہؓ ان کے مرویات کو رد کر کے ان پر تنقید شروع کر دی بلکہ ان کی تکذیب کرنے لگے۔ جیسا کہ ابن قتیبہ نے تادیل مختلف الحدیث[1] میں لکھا ہے کہ چونکہ ابوہریرہ نے اس کثرت کے ساتھ روایات بیان کی ہیں کہ جملہ صحابہ حتی کہ سابقین اولین میں بھی کسی نے اس کثرت کے ساتھ حدیثیں بیان نہیں کی ہیں لہذا وہ صحابہؓ کی تہمت اور الزام تراشی کا ہدف بنے اور صحابہؓ نے ان کی روایتوں کو ماننے سے انکار کر دیا اور ان سے پوچھا تم نے تن تنہا اتنی زیادہ حدیثیں کیسے سنیں؟ تمہارے ساتھ ان حدیثوں کا سننے والا کوئی اور نہ تھا؟ سب سے زیادہ حضرت عائشہؓ نے ابوہریرہ کی احادیث کی تکذیب کی ہے۔ کیونکہ شروع سے اب تک کے گوناگوں حالات ان کے سامنے تھے۔ انہوں نے حضرت عمرؓ کا وہ زمانہ بھی دیکھا تھا جب روایت حدیث میں افراط سے کام لینے والوں پر شدت عمل کا اظہار کیا جاتا تھا۔ جب حضرت عائشہؓ نے ابوہریرہ سے کہا تھا کہ تم ایسی احادیث بیان کرتے ہوئے جس کو میں نے کبھی پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نہیں سنا۔ تو ان کے جواب میں ابوہریرہ نے اس دیدہ دلیری سے کام لیا کہ نہ تو پاس ادب کا خیال رکھا۔ اور نہ ہی رسم و رواج کا لحاظ کیونکہ جس طرح بخاری، ابن سعد اور ابن کثیر وغیرہ نے لکھا ہے ابوہریرہ نے حضرت عائشہؓ کے جواب میں کہا: آئینہ اور سرمہ دانی نے تمہیں پیغمبر

۱۔ ص ۴۸ — ابن تیمیہ نے جو اکابر شیوخ اہل سنت سے ہیں کہا ہے کہ اہل سنت کے نزدیک قتیبہ کا وہی مقام ہے جو جاحظ کا معتزلیوں کے درمیان تھا وہ اہل سنت کا دفاع اور ان کی تائید کیا کرتے تھے۔ ابن قتیبہ، بخاری کے معاصرین میں ہیں۔ ان کی سنہ وفات ۲۷۶ ہجری ہے۔ محمد بن اسمٰعیل بخاری کی سنہ وفات ۲۵۶، مسلم کی ۲۶۱؛ ابوداؤد کی ۲۷۵ حضرت عائشہ کی ۵۸ اور ابوہریرہ کی ۵۹ ہجری ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے باز رکھا تھا۔ ایک اور روایت میں ہے کہ انہوں نے کہا: مجھے سرمہ دانی اور خضاب نے مصروف کر کے پیغمبر[۲] سے باز نہیں رکھا تھا مگر میں دیکھتا ہوں کہ ان دونوں نے تمہیں پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے باز رکھا تھا۔ ذہبی کی روایت میں ہے کہ حضرت عائشہ رض نے ان سے کہا۔ ابوہریرہ بہت حدیثیں بیان کر کے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نسبت دینے لگے ہو، ان کا جواب یہ تھا کہ: آئینہ، سرمہ دان اور روغن دان نے مجھے جناب پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روک نہیں رکھا تھا[۱]

۱۔ سیر اعلام النبلاء ـــ ص ۴۳۵ - ج ۲

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حدیث:

من اصبح جنبا فلا صوم له

اس کیفیت کے ساتھ زیادہ عرصہ نہ گزرنے پایا تھا کہ ابو ہریرہ کو اپنی گفتگو سے منحرف ہو کر گواہی دینی پڑی کہ حضرت عائشہؓ ان سے زیادہ فقیہ اور حافظ ہیں اور آئینہ اور سرمہ دانی نے انھیں پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے باز نہیں رکھا تھا۔ یہ واقعہ اس وقت پیش آیا جب ابو ہریرہ نے "من اصبح جنبا فلا صوم لہ" کی حدیث کو پیش کیا اور حضرت عائشہؓ نے اس حدیث

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سے انکار کرتے ہوئے کہا: کبھی ایسا ہوتا ہے کہ فجر طالع ہوتی اور پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بغیر احتلام جنب ہوئے ہوتے تو آپ غسل فرما کر روزہ رکھ لیا کرتے تھے۔ اس کے بعد انہوں نے ابوہریرہ کے پاس کہلا بھیجا کہ اس قسم کی احادیث پیغمبرؐ سے نقل نہ کیا کرے۔ ابوہریرہ بھی ان کے سخت کلام کے آگے دم نہ مار سکے اور انھیں مجبوراً سر تسلیم خم کرنا پڑا۔ انہوں نے کہا درست ہے عائشہؓ مجھ سے زیادہ عالم ہیں۔ میں نے بھی اس کو پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نہیں سنا بلکہ فضل بن عباسؓ نے مجھ سے کہا تھا: "فضل اس وقت وفات پا چکے تھے اور ابوہریرہ نے اس طرح ظاہر کیا کہ انہوں نے اس حدیث کو پیغمبر خداؐ سے سنا ہے۔ حالانکہ انہوں نے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس حدیث کو نہیں سنا تھا۔ ان کا یہ کہنا کہ انہوں نے اس حدیث کو فضلؓ سے سنا ان کی جانب سے اس بات کا واضح اعتراف ہے کہ انہوں نے جن باتوں کو اپنے کانوں سے نہیں سنا اسے براہ راست پیغمبر خدا سے نسبت دے دی۔ نقل حدیث کے اسی ڈھب کو ارسال و تدلیس کہا جاتا ہے جس کو ہم آئندہ بیان کریں گے۔ اس حدیث کی ایک دلچسپ داستان ہے جس کا ذکر یہاں نامناسب نہ ہوگا: کتاب "اختلاف الحدیث" شافعی میں آیا ہے کہ ابوبکر بن عبدالرحمٰن[۳] نے کہا: جن دنوں مروان بن حکم معاویہ کی طرف سے امیر مدینہ تھا ان دنوں ایک مرتبہ میں اور میرے والد اس کے پاس موجود تھے اس وقت مروان کے لئے ابوہریرہ

۱۔ فضل بن عباس نے ۱۸ھ ہجری زمانہ ہجرت حضرت عمر میں طاعون عمواس کے سبب وفات پائی۔ ۲۔ ص ۲۸

۳۔ ابوبکر بن عبدالرحمٰن کا شمار فقہاء سبعہ میں ہوتا ہے۔ عبدالرحمٰن بن حارث بن المغیرہ المخزومی آپ کے والد ہیں اور اس حدیث کو الموطاء امام مالک نے لکھا ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کا یہ قول نقل کیا گیا " جو کوئی حالت جنابت میں صبح کرے گویا اس دن اس نے افطار کر لیا ہے " مروان نے کہا اے عبدالرحمٰن تمہیں خدا کی قسم ذرا جلدی سے امہات المومنین حضرت عائشہؓ اور حضرت ام سلمہؓ کے پاس جاؤ اور اس بارے میں ان سے سوال کرو، عبدالرحمٰن نے جا کر معلومات کیں حضرت عائشہ نے کہا: ابوہریرہ نے بالکل غلط کہا ہے۔ اے عبدالرحمٰن کیا تم چاہتے ہو کہ عمل پیغمبر سے انحراف کرو۔ عبدالرحمٰن نے کہا۔ خدا کی قسم ایسا نہیں ہے حضرت عائشہ نے کہا: میں پیغمبر اکرم کے بارے میں گواہی دیتی ہوں کہ کبھی ایسا ہوتا کہ آپ احتلام کے بغیر جماع سے جنب ہوتے اور پھر اس دن کا روزہ بھی رکھتے تھے۔ اس کے بعد عبدالرحمٰن حضرت ام سلمہ (رضی اللہ عنہا) کی خدمت میں آئے۔ انہوں نے بھی وہی جواب دیا جو حضرت عائشہ کا تھا۔ اس کے بعد وہ مروان کے پاس واپس لوٹے اور حضرت عائشہ اور حضرت ام سلمہ کی گفتگو کو ان سے دہرایا۔ مروان نے اسی وقت عبدالرحمٰن کو حکم دیا کہ میری سواری پر بیٹھ کر فوری ابوہریرہ کے پاس جاؤ اور اسے اس امر سے آگاہ کرو۔ عبدالرحمٰن، مروان کے حکم کے مطابق ابوہریرہ کے پاس گئے اور حضرت عائشہ اور ام سلمہ کی باتوں کو ان سے بیان کیا۔ ابوہریرہ نے کہا: مجھے اس بارے میں کچھ بھی علم نہیں ہے کسی شخص نے مجھ سے ایسا کہہ دیا تھا۔ کتاب فتح الباری "باب الصائم یصبح جنبا" میں حافظ بن حجر کی ایک روایت کے مطابق[۱] مروان نے عبدالرحمٰن سے کہا: جاؤ اور ابوہریرہ کو حضرت عائشہ اور حضرت

۱۔ کتاب فتح الباری جزء چہارم میں صفحہ ۱۱۵ کے بعد اس کا مطالعہ فرمائیں کیوں کہ اس کی مفصل و مبسوط داستان وہاں نقل ہوئی ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

امِ سلمہ کی اس گفتگو سے ڈراؤ اور ایک دوسری روایت میں " ابوہریرہ کو ضرب لگاؤ"[1] کے الفاظ ہیں. مگر عبدالرحمٰن نے ایسا نہیں کیا اور جب ابوہریرہ سے " ذوالحلیفہ کے مقام پر جہاں ان کی جاگیر تھی ملاقات کی تو ان سے کہا: میں تمہیں ایک بات بتانے آیا ہوں کہ اگر مروان مجھے قسم نہ دیتا تو میں ہرگز تم سے نہ کہتا. اس کے بعد انہوں نے حضرت عائشہ رضؓ اور حضرت ام سلمہؓ کی گفتگو کو ابوہریرہ کے لئے نقل کیا. ابوہریرہؓ نے ان کے جواب میں کہا: فضل بن عباس نے یہ حدیث میرے لئے نقل کی تھی." اور نقل حدیث کو فضل بن عباسؓ کے سر اسلئے ڈالا کہ وہ اس وقت وفات پا چکے تھے، کیوں کہ سنہ ۱۸ ہجری میں خلافت حضرت عمرؓ کے دوران طاعون عمواس[2] سے ان کی موت واقع ہوئی تھی. اور ابوہریرہؓ نے یہ بات اس وقت کہی جب مروان معاویہ کی طرف سے والی مدینہ تھا اور معاویہ سنہ ۴۱ ہجری میں مسند حکومت پر متمکن ہوا. نسائی کی روائیت میں ہے کہ: مروان نے عبدالرحمٰن سے کہا: ابوہریرہ سے ملاقات کرکے اسے اس واقعے سے آگاہ کر دو. جس کے جواب میں عبدالرحمٰن نے کہا: ابوہریرہ میرا ہمسایہ ہے اور میں نہیں چاہتا کہ اس کے روبرو جاکر کوئی ایسی بات کہوں جو اسے ناگوار گذرے. مروان نے کہا تمہیں خدا کی قسم دیتا ہوں کہ تم جاکر ابوہریرہ سے ملاقات کرو. معمر کی روایت میں ابوشہاب سے مروی ہے کہ جس وقت عبدالرحمٰن حضرت عائشہؓ کی گفتگو کو ابوہریرہ سے نقل کر رہے تھے تو ان کے چہرے کا رنگ فق

۱۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مروان کو بھی دوسروں کی طرح احادیث میں تردد تھا حالانکہ ابوہریرہ دست پروردۂ بنی امیہ تھے۔

۲۔ "عمواس" بیت المقدس کے قریب فلسطین کا ایک گاؤں ہے جہاں سے سنہ ۱۸ ہجری کا طاعون پھیلا اور بیشمار صحابہؓ اس کی لپیٹ میں آکر وفات پاگئے (معجم البلدان یاقوت)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہو گیا تھا۔ اور احمد بن حنبل ناقل ہیں کہ ابوہریرہ نے عبدالرحمنؓ کے جواب میں کہا: رب کعبہ کی قسم یہ بات میں نے نہیں کہی کہ حالت جنابت میں صبح کرنے والا اس دن کا روزہ نہ رکھے" پروردگار کعبہ کی قسم محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایسا کہا[1]۔ موطا میں مالک کی روایت کے مطابق مروان نے عبدالرحمن سے کہا: تمہیں خدا کی قسم ہے میرے دروازے پر کھڑی تیار سواری پر جا کر "ارض عقیق" میں ابوہریرہ سے ملو۔ ابن حجر نے اس واقعہ کی شرح میں لکھا ہے کہ بخاری کی روایت جس میں ابوہریرہ کو "ذوالحلیفہ" میں بتایا گیا ہے اور مالک کی اس روایت کے درمیان جہاں ابوہریرہ کے لئے سرزمین عقیق کی نشان دہی کی گئی ہے کوئی فرق یا اختلاف نہیں پایا جاتا اس لئے کہ ممکن ہے مروان اور عبدالرحمن، ابوہریرہ کو عقیق میں ڈھونڈ رہے ہوں مگر وہاں وہ انھیں نہ ملے ہوں اور اس کے بعد انہوں نے ذوالحلیفہ میں ابوہریرہ کو ڈھونڈ لیا ہو کیونکہ ذوالحلیفہ میں بھی ابوہریرہ کی ایک کھیتی تھی[2]۔ اور ایک دوسری روایت میں بنا بر نقل کسائی ابوہریرہ نے کہا اسامہ بن زید نے اس حدیث کو میرے لئے نقل کیا ہے۔

۱۔ یہ حدیث مسند احمد کے جزء ثانی میں آئی ہے جس کی نص اس طرح ہے: خدا کی کعبہ کی قسم میں نے نہیں کہا "جو حالت جنابت میں صبح کرے اس دن کا روزہ نہ رکھے" پروردگار" کعبہ کی قسم محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا۔ اور اس خبر کو ابن حجر نے فتح الباری کے جزء چہارم صفحہ ۱۰۸ میں نقل کیا ہے۔

۲۔ کتاب فتح الباری۔ ص ۱۱۷۔ ج ۴۔ ابن حجر کے کہنے کا مطلب یہ ہے کہ ابوہریرہ، ذوالحلیفہ اور عقیق دونوں مقامات پر تقریر و زمین کے مالک تھے، اس بنا پر ہمیں یہ دیکھنا چاہیئے کہ انہوں نے اس سرمایہ کو کہاں سے حاصل کیا حالانکہ ان کی گذشتہ زندگی کے حالات ہم پر روشن ہیں جو پہلے بیان کئے جا چکے ہیں۔ مگر کہنا پڑے گا کہ روایت حدیث ایک بہت بڑا راز ہے جو اپنے اصحاب کیلئے حتیٰ کہ اس دور میں بھی ایسے مواقع فراہم کرتا ہے کہ وہ اپنے لئے سرمایہ اکٹھا کریں اور اس سے قصر و محل تعمیر کریں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میرے دوست نے کہا

اور میں نے

اپنے دوست سے سُنا

ابن قتیبہ کہتے ہیں: جب حضرت علی علیہ السلام نے ابوہریرہ کو پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بارے میں یہ کہتے ہوئے سنا، میرے دوست، اور میں نے اپنے دوست سے سنا" تو آپؑ نے فرمایا ابوہریرہ، پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کب سے تمہارے دوست بنے[1] واضح ہونا چاہیئے کہ حضرت علی علیہ السلام بھی ابوہریرہ سے بدبین تھے۔ اور جب ابوہریرہ کی روایات انکے کانوں تک پہنچیں تو آپ نے فرمایا آگاہ ہو کہ رسولِ خدا پر سب سے زیادہ جھوٹ بولنے والا شخص یا جھوٹ بولنے والی قوم ابوہریرہؓ دوسی ہے[2]۔

۱؎ کتاب تاویل مختلف الحدیث، ص ۲۷، ۲۸ ـــ ۲؎ ـــ شرح نہج البلاغہ۔ ص ۳۶۰۔ ج ۱۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

حضرت عمرؓ، حضرت عثمانؓ

حضرت عائشہؓ اور

مولا علی علیہ السلام

نے ابوھریرہ کی

تکذیب کی ہے

نظام کہتے ہیں: عمرؓ، عثمانؓ، عائشہؓ اور علی علیہ السلام نے ابوہریرہ کی تکذیب کی ہے اور ابن قتیبہ نے کتاب "تاویل مختلف الحدیث" میں اس کو نقل کیا ہے۔ مگر وہ اس میں بطور تاویل بھی ابوہریرہ کا دفاع نہ کر سکے۔ حالانکہ دوسری روایات میں انہوں نے ابوہریرہ اور دیگر اصحاب کی بھرپور حمایت کی ہے مگر یہ خبر ثابت اور غیر قابل تردید ہے۔ ابن حسان اعرج سے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

منقول ہے کہ دو افراد حضرت عائشہ رضی کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کہا: ابو ہریرہ نے رسولِ خدا صَلَّی اللّٰہ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ سے یہ حدیث نقل کی ہے کہ آپ صلعم نے فرمایا: تین چیزوں میں بدشگونی ہے: عورت، گھر اور سواری۔ حضرت عائشہ رضی نے جب یہ سنا تو بہت غضبناک ہوئیں اور فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس نے قرآن کو ابو القاسمؐ (یعنی سرورِ کائنات) پر نازل کیا ابو ہریرہ جھوٹا ہے، پیغمبر اکرم صَلَّی اللّٰہ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا: جہّال کہا کرتے ہیں: بدشگونی، سواری، عورت اور گھر میں ہے۔ اس کے بعد انہوں نے یہ آیت پڑھی

مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِیْبَةٍ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِیْٓ اَنْفُسِكُمْ ١ ٦٦

طاؤس سے منقول ہے کہ: ایک دن میں حضرت عمر رضی کے پاس بیٹھا تھا کہ ایک شخص آیا اور اس نے کہا ابو ہریرہ کہتے ہیں: نماز وتر حتمی نہیں ہے چاہے ادا کرو یا نہ کرو۔ ابن عمر رضی نے کہا، ابو ھریرہ جھوٹ بولتے

---

۱ سورۂ حدید آیت ۲۲ - پوری آیت اس طرح ہے۔

مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِیْبَةٍ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِیْٓ اَنْفُسِكُمْ اِلَّا فِیْ كِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّبْرَاَهَا ؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ یَسِیْرٌ ۝۲۲

ترجمہ:۔ جتنی مصیبتیں روئے زمین پر اور خود تم لوگوں پر ہوتی ہیں (وہ سب) قبل اس کے کہ ہم انہیں پیدا کریں کتاب (لوح محفوظ) میں (لکھی ہوئی) ہیں بے شک یہ خدا کے لئے آسان ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہیں[1]: نیز یہ کہ ابن مسعود نے ابوہریرہ کے اس قول کو جس میں انہوں نے کہا جو شخص کسی میت کو غسل دے یا اٹھائے تو وضو اس پر لازم ہے، رد کیا ہے اور اس پر تند و تیز گفتگو کی ہے اور کہا ہے "اے لوگو اپنے مردوں کو پلید نہ بناؤ[2]۔ اور جس وقت زبیر بن عوام نے ابوہریرہ کی روایتوں کو سنا تو وہ جھوٹ اور سچ کی میزان پر اسے تولنے لگے[3]۔ جب ابوہریرہ نے یہ حدیث بیان کی کہ "فجر کی دو رکعت نماز بجالانے کے بعد نمازی کو سیدھی کروٹ سو جانا چاہیئے" تو مروان نے کہا: مسجد میں جانا کافی نہیں کہ آدمی وہاں بھی جاکر سو جائے؟ اور جب یہ بات ابن عمرؓ کے کانوں میں پڑی تو انہوں نے کہا: ابوہریرہ کتنی زیادتی اختیار کر رہے ہیں، احق تو یہ تھا کہ وہ کہتے: ابوہریرہ کتنا جھوٹ بول رہے ہیں۔ ابن عباسؓ نے ابوہریرہ کی اس روایت پر کہ "جو کوئی جنازہ اٹھائے اس پر وضو لازم ہے۔" بڑی تنقید کی ہے اور اس سے انکار کرتے ہوئے کہا ہے سوکھی ہوئی تابوت کی لکڑیاں اٹھانا تو موجب وضو نہیں ہے[4]۔ شعبی سے نقل ہوا ہے کہ ابوہریرہ نے کوئی حدیث روایت کی اور سعد بن وقاص نے اسے رد کر دیا اور پھر ان دونوں کے درمیان بات اتنی بڑھی کہ در و دیوار لرزنے لگے[5]

۱۔ کتاب جامع بیان العلم و فضلہ، تالیف حافظ مغرب، ابن عبدالبر۔ ص ۱۵۴۔ ج ۲

۲۔ کتاب جامع بیان العلم و فضلہ، تالیف حافظ مغرب، ابن عبدالبر۔ ص ۸۵۔ ج ۲

۳۔ البدایہ و النہایہ ابن کثیر۔ ص ۱۰۹۔ ج ۸

۴۔ فجر الاسلام۔ ص ۲۹۵

۵۔ سیر اعلام النبلاء۔ ص ۴۳۵۔ ج ۲

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

"حدیث شعر"

جس وقت ابوہریرہ نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس روایت کو بیان کیا کہ: اگر تم میں سے ہر ایک کا پورا وجود پیپ سے بھر کر نمایاں ہو جائے تو یہ اس سے بہتر ہے کہ اس کا حافظہ شعر سے پُر ہو[1]، تو حضرت عائشہؓ

۱۔ اس روایت کو بخاری نے نقل کیا ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نے کہا: ابوہریرہ نہ سمجھ سکے، پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر کسی کا سراسر وجود خون و قیے سے بھر جائے تو یہ اس سے بہتر ہے کہ اسے ایسے اشعار یاد ہوں جن کے ذریعے کسی کی ہجو و ایذا رسانی کی جائے۔[1] بعض افراد نے از راہ نادانی ابوہریرہ کے اس قول کو اس بات پر دلیل بنا لیا ہے کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شعر کو مکروہ جانتے تھے اور اتفاقاً یہ موضوع مسلمانوں اور غیر مسلموں کے درمیان شائع ہو گیا ہے۔ حالانکہ ہم دیکھتے ہیں کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خود شعر سماعت فرماتے تھے اور اس کی مدح و ستائش کرتے تھے جیسا کہ ابی بن کعب کی روایت ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اکثر اشعار پند و حکمت پر مبنی ہیں اور ابو داؤد کی روایت میں ہے کہ آپؐ نے فرمایا "بیشتر بیانات جادو اور بعض علوم جہالت و نادانی اور کچھ اشعار پند و حکمت پر مبنی ہیں۔" اور ایک دوسری روایت میں ہے کہ بعض اشعار میں حکمتیں مضمر ہیں، پھر خوبی یہ کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود امیہ بن ابی الصلت کے اشعار کی گواہی دی ہے۔ عمرو بن الشرید نے اپنے باپ سے نقل کیا ہے کہ ایک دن میں اور پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک مرکب پر سوار تھے کہ آپؐ نے فرمایا تمہیں ابی الصلت کے کچھ اشعار یاد ہیں؟ میں نے کہا: ہاں، کیوں نہیں آپؐ نے فرمایا: "پڑھو" میں نے بھی ان کے اشعار سے سو بیت پڑھ دیئے۔ اس واقعہ کو مسلم نے نقل کیا ہے، پھر جس وقت پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

۱۔ سہیلی کی غزوہ ودان میں جابر ابن وہب سے نقل کردہ بات اس موضوع کی تائید کرتا ہے۔ جہاں حضرت عائشہؓ نے اس حدیث کی تاویل ایسے شعر سے کی ہے جس کے ذریعے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی (نعوذ باللہ) ہجو کی جائے مگر یہ کہ عموماً تمام اشعار پر اسکو منطبق کیا جائے اس سے حضرت عائشہؓ کو یکسر اختلاف تھا۔

فتح الباری ــ ص ۴۵۳ ــ ج ۱۰

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نے طرفہ کے اس مشہور شعر کو سنا کہ :

ستبدی لک الایام ما کنت جاھلا

ویاتیک بالاخبار من لم تزود

تو آپ نے فرمایا : حقیقتاً اس کا مفہوم گفتار انبیاء سے ہم آہنگ ہے اور بخاری نے روایت کی ہے کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا صحیح ترین کلام جسے شاعر نے پیش کیا ہے وہ لبید کا حکمت سے جہاں وہ کہتے ہیں۔

الا کل شئی ما خلا اللہ باطل　　وکل نعیم لا محالہ زائل

نیز یہ کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حسان کو انعام سے نوازا تاکہ وہ مشرکین کی ہجو کریں اور پھر ان سے فرمایا ہمیشہ جب تک خدا اور اس کے رسول کی حمایت کرتے رہو۔ روح القدس تمہاری تائید کرے۔ اس روایت کو مسلم نے نقل کیا ہے اور بخاری کی روایت میں ہے کہ آپ نے فرمایا۔ ان کی ہجو کرو کیونکہ جبرئیل تمہارے ساتھ ہے۔ قرآن مجید میں دسیوں ابیات شعری موجود ہیں جیسے :

بحر رمل سے :-　　وجفان کالجواب　　وقدور راسیات

خفیف سے :-　　من تزکی فانما　　یتزکی لنفسہ

اور وافر سے　　ویخزھم وینصرکم علیھم　　ویشف صدور قوم مومنیا

۱۔ واضح رہے کہ یہاں شعر سے مولف کی مراد مسجع اور موزون کلام ہے نہ کہ اوہام و تخیلات سے بھرپور، دور از حقیقت کلام۔ کیوں کہ اس قسم کا کلام اللہ نے کبھی پیغمبرؐ کو نہیں سکھایا اور نہ ہی ان کے شایان شان ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور ہم اس سے زیادہ قرآنی ابیات و مصرعوں پر اپنی بحث کو جاری نہیں رکھیں گے تاکہ اپنے راستے سے ہٹ کر موضوع سے خارج نہ ہو جائیں اگر کسی کو اس بارے میں مزید اطلاع حاصل کرنی ہو تو اس کے مظنات کا مطالعہ کرے۔[1]

jabir.abbas@yahoo.com

۱۔ رجوع فرمائیں کتاب فتح الباری ۔ ص ۴۴۲ تا ۴۴۷ ۔ ج ۱۰۔
(قرآنی آیات کے متعلق شعر کی نسبت دینا احادیث کے متعلق قرآنی احکام کی خلاف ورزی ہے۔ خصوصاً آئمہ اہل بیت علیہم السلام نے اس سے شدت کیساتھ منع فرمایا ہے۔ (مترجم)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حدیث:

"لاعدوی ولاطیرہ ولاھامہ"

jabir.abbas@yahoo.com

شیخین نے ابوہریرہ سے روایت کی ہے کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "لاعدوی ولاطیرہ ولاھامہ" (یعنی بیماریوں میں وبا۔ بدشگونی اور اُلو کی نحوست بے بنیاد باتیں ہیں) یہ حدیث مختلف الفاظ میں نقل ہوئی ہے۔ مگر صحابہؓ نے اس کے برخلاف عمل کیا کیونکہ بخاری نے اسامہ بن زید سے روایت کی ہے کہ:۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب کبھی یہ خبر سنو کہ طاعون کسی سرزمین میں پھیل گیا ہے تو وہاں جانے کی کوشش نہ کرو اور اگر کسی ایسی بستی میں طاعون پھیل جائے جہاں خود تم بھی موجود ہو تو وہاں سے باہر جانے کی جستجو نہ کرو، اور یہ حدیث اسی طرح عبدالرحمٰن بن عوف سے بھی نقل ہوئی ہے۔ جس وقت حضرت عمرؓ نے شام کے ارادے سے کوچ کرتے ہوئے[۱] اس حدیث کو ابوہریرہ کی اس حدیث کے ساتھ سنا[۲] "لا یوردن ممرض علی مصح" (یعنی کوئی بیماری تندرست انسان پر وارد نہیں ہوتی) اور راستے میں انھیں اطلاع ملی کہ شام میں ہیضہ پھیل گیا ہے تو آپ ابوہریرہ کی حدیث کی پرواہ نہ کرتے ہوئے اپنے ساتھیوں کے ساتھ واپس لوٹ آئے اور آخر کار ابوہریرہ کو مجبوراً اس محکم خبر کے سامنے پسپا ہونا پڑا اور انھیں اپنی پہلی روایت "لا عدوی ولا طیرہ ولا ہامہ" کی تردید کرنی پڑی۔ جسدم حارث بن ابی ذباب (ابوہریرہ کے چچازاد لڑکے) نے ان پر اعتراض کرتے ہوئے کہا: ابوہریرہ ہم سنتے ہیں کہ تم "کوئی بیماری تندرست انسان پر وارد نہیں ہوتی" والی حدیث کے ساتھ حدیث "لا عدوی ولا طیرہ ولا ہامہ" کو بھی نقل کرتے ہو، (ان دونوں حدیثوں میں کونسی صحیح ہے) تو ابوہریرہ اس دوسری حدیث سے اظہار بے خبری کرنے لگے۔ اسمعیلی باستناد روایت شعیب ناقل ہیں کہ حارث (ابوہریرہ کے چچازاد لڑکے) نے ان سے پوچھا تم نے ہمارے لئے حدیث نقل کی ہے تو ابوہریرہ نے بیساختہ انکار کرتے ہوئے کہا: اس حدیث کو جسے تم بتا رہے ہو میں نے نقل نہیں کیا ہے۔ مسلم کی روایت میں ہے کہ حارث نے کہا: تم نے لا عدوی ولا طیرہ

۱۔ حضرت عمرؓ کے سفر شام پر روانگی کی تاریخ ۱۷ ہجری ہے۔ جب وہ سرغ کے مقام پر پہنچے تو انھیں خبر ملی کہ شام میں ہیضہ پھیل گیا ہے اور اسی دم وہ اپنے ساتھیوں کے ساتھ واپس لوٹ آئے۔

۲۔ بخاری اور مسلم نے اس حدیث کو ابوہریرہ سے نقل کیا ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ولا صامہ" والی حدیث نقل نہیں کی؟ ابوہریرہ خاموش رہے اور پھر حبشی زبان میں زیر لب کچھ کہا۔ جس کا مفہوم غیر واضح تھا[1]۔

jabir.abbas@yahoo.com

۱۔ فتح الباری ۔ ص ۱۹۸، ۱۹۹ ۔ ج ۱۰ ۔ اس کے علاوہ جامع بن وہب ص ۱۰۴ جس کو فرانس کے موسسہ علمی نے سنہ ۱۹۱۹ء عیسوی میں قاہرہ میں زیور طبع سے آراستہ کیا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

"ابوھریرہ پر تابعین کی نکتہ چینی اور اِن کا انتقاد"

jabir.abbas@yahoo.com

ہم اس بات کے درپے نہیں کہ صحابہ کی جانب سے تردید روایات ابوہریرہ بلکہ تکذیب کے بارے میں جو کچھ وارد ہوا ہے اسے یکجا کرکے پیش کریں کیونکہ ہماری کتاب اس گنجائش کی حامل نہیں ہم فقط یہ کہنا چاہتے ہیں کہ ابوھریرہ کی روایات سے یہ انکار و اتہام، صحابہؓ اور تابعینؒ سے لے کر آج تک اسی طرح برقرار ہے۔ اب ہم ان انتقادات کے کچھ حصے پیش کرنا چاہتے ہیں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

محمد بن حسن (ابوحنیفہؒ کے دوست اور ساتھی) نے ابوحنیفہؒ سے روایت کی ہے کہ انہوں نے کہا: میں حضرت ابوبکرؓ، حضرت عمرؓ، حضرت عثمانؓ، حضرت علیؑ، عبداللہ نامی تین اشخاص (عبداللہ بن عباسؓ. عبداللہ بن عمرؓ اور عبداللہ بن عمرو بن عاص) اور صحابہ سے تمام مفتی تضاہ کی تقلید کرتا ہوں اور انکی مخالفت کو اپنے لئے روا نہیں جانتا جز تین افراد: (انس بن مالک، ابوہریرہ اور سمرہ) اس کے بعد ان سے اس بارے میں توضیح طلب کی گئی تو ابوحنیفہ نے کہا: انس آخر عمر فساد عقل میں گرفتار ہوئے اور جب اُنسے فتویٰ طلب کیا جاتا تو وہ اپنی فکر و عقل سے جواب دیتے اور میں انکی عقل کی تقلید نہیں کرتا، لیکن ابوہریرہ جو کچھ سنتے بغیر اس کے کہ اس کے معنی میں تامل کریں یا اس کے ناسخ و منسوخ پر نظر رکھیں روایت کر دیا کرتے[1]۔ ابویوسف کہتے ہیں: میں نے ابوحنیفہ سے کہا: کبھی

۱۔ مختصر کتاب المومل، تالیف ابوشامہ۔ ص ۳۱، ۳۲۔ اس کتاب کے حاشیہ میں مذکورہ خبر پر ایک تعلیق لکھی گئی ہے جس کو عیناً ہم یہاں نقل کرتے ہیں: کتاب "مرآۃ الوصول" اور اس کی شرح مرآۃ الاصول" میں اصول حنفیہ رحمہم اللہ کے بارے میں ایک بحث (حال راوی پر) نقل ہوئی ہے جس میں کہا گیا ہے کہ: اگر کوئی راوی بیان روایت میں مشہور ہو تو فقیہ ہونے کی صورت میں اس کی روایات مطلقاً مورد قبول ہوگی خواہ قیاس کے موافق ہو یا مخالف۔ اور اگر راوی۔ ابوہریرہ اور انس" کی طرح فقیہ نہ ہو تو اس کی روایات قیاس سے موافقت نہ رکھنے کی صورت میں مردود ہیں (دار الکتب میں موجود خطی نسخہ کے صفحہ ۱۱۵ سے ماخوذ) اور ابوحنیفہ نے اپنی اس گفتگو میں کہ ابوہریرہ نے ہر سنی سنائی بات کو بغیر اس کے معنی میں تامل کئے روایت کیا ہے۔ اس حدیث کی طرف اشارہ کیا ہے جس کو مسلم نے حفص بن عصم سے نقل کیا کہ: کسی شخص کے جھوٹا ہونے کے لئے یہی کافی ہے کہ ہر سنی ہوئی بات کو نقل کر دے۔ نیز ابن عمرؓ نے کہا ہے" جھوٹا آدمی اسی سے پہنچانا جاتا ہے کہ ہر سنی سنائی بات کو نقل کر دے"۔ اور اس خبر کو مسلم نے نقل کیا ہے۔ خالد بن عبداللہ نے کہا کہ میں نے کہا کہ میں نے ابن شبرمہ سے سنا کہ وہ کہتے تھے: روایتیں کم بیان کرو تاکہ فقیہ کہلاؤ (کتاب باقی اگلے صفحہ پر)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کوئی روایت، سامنے آتی ہے۔ جو ہمارے قیاس کی مخالف ہے ایسی صورت میں ہمیں کیا کرنا چاہیئے ابوحنیفہ نے کہا اگر راوی ثقہ ہو تو ہم اس روایت پر عمل کریں گے اور قیاس سے دست بردار ہو جائیں گے، میں نے کہا: حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمر کی روایات کے بارے میں کیا خیال ہے تو انہوں نے کہا: اس میں کوئی شک و شبہ نہیں ہے۔ میں نے کہا حضرت علیؑ و عثمانؓ کے بارے میں؟ انہوں نے کہا: وہ بھی اسی طرح اور جب انہوں نے دیکھا کہ میں ایک ایک صحابہ کا نام لینا چاہتا ہوں تو کہا: صحابہ کل کے کل عدول ہیں۔ بجز چند افراد

(حاشیہ مسلسل) (جامع بیان العلم وفضلہ۔ ص ۱۴۴۔ ج ۲) عبدالرحمن بن مہدی نے کہا ہے۔ جو کوئی شواذ حدیث کا تعقب کرے یا ہر کسی سے نقل روایت کرے یا ہر سنی سنائی بات نقل کرے وہ امام حدیث نہیں ہو سکتا (ابن مہدی ائمہ جرح و تعدیل کے شیوخ میں سے ہے) (مذکورہ کتاب ص ۴۷) اور ابن لیلی نے کہا ہے کہ کوئی شخص فقیہ نہیں ہو سکتا۔ مگر یہ کہ کسی حدیث کو قبول اور کسی کو رد کر دے (مذکورہ کتاب۔ ص ۱۳۲) نیز امثال اکثم بن صیفی سے ہے کہ: "المکثار کحاطب اللیل ومن اکثر اسقط،" باتونی شخص کی مثال رات کو لکڑیاں جمع کرنے والے کی ہے۔ جو اپنے آپ کو سانپ اور بچھوؤں کے ڈنک پر لے آتا ہے اور بہت زیادہ بولنے والے کی گفتگو بے معنی ہو گی (کتاب المعمرین سجستانی ص ۱۳)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور ان چند افراد میں انہوں نے ابوہریرہ اور انس بن مالک کے نام گنائے[1]۔ مغیرہ نے ابراہیم نخعی سے نقل کیا ہے کہ، انہوں نے کہا: ہمارے اصحاب ابوہریرہ کی روایات پر کان نہیں دھرتے تھے، اعمش کی روایت میں ابراہیم سے مروی ہے کہ: ہمارے اصحاب ابوہریرہ کے تمام اخبار سے متمسک نہیں ہوتے تھے اور ثوری نے منصور کے ذریعے ابراہیم سے نقل کیا ہے کہ انہوں نے کہا: ہمارے اصحاب احادیث ابوہریرہ میں بعض چیزوں کا مشاہدہ کرتے اور ان کی تمام روایتوں کو قبول نہیں کرتے تھے مگر یہ کہ جو احادیث توصیف جنت و دوزخ میں ہوں یا پھر جس میں عمل صالح کی تاکید اور برائی سے بچاؤ کا ذکر ہو جسے قرآن نے بھی بیان کر دیا ہو[2]۔ ابو شامہ نے اعمش سے روایت کی ہے کہ انہوں نے کہا: ابراہیم صحیح الحدیث تھے اور میں جب کسی سے کوئی حدیث سنتا ہوں تو ان سے عرض کر دیا کرتا تھا۔ قضارا ایک دن ان کی خدمت میں حاضر ہو کر میں نے ان سے ابو صالح کی احادیث کے بارے میں پوچھا جسے انہوں نے ابوہریرہ سے نقل کیا تھا تو آپ نے فرمایا: ابوہریرہ کی احادیث کے بارے میں مجھ سے کوئی سوال نہ

۱۔ یہ ہے کہ ابوحنیفہؒ کی رائے ابوہریرہ کے بارے میں سب پر واضح ہے کہ ابوحنیفہؒ شیوخ فقہای اہل سنت سے ہیں اور جمہور مسلمین کے درمیان ائمہ اربعہ میں پہلے امام کی حیثیت سے مشہور ہیں اس کے علاوہ آپ دور صحابہؓ سے بھی متصل رہے ہیں ۸۰ ہجری آپ کی سنہ ولادت ہے اور اسی سال امام شافعیؒ بھی متولد ہوئے۔ شیعہ حضرات خاص طور پر فرقہ امامیہ کلی طور سے ابوہریرہ اور ان کی روایات پر اعتماد نہیں کرتا۔

۲۔ البدایہ والنہایہ ــ ص ۱۰۹ ــ ج ۸ ــــ سیر اعلام النبلاء ــ ص ۴۳۶ اور ۴۳۸ ج ۲ ــ ابراہیم نخعی کوفہ کے مشہور فقیہ ہیں جنھیں فن حدیث میں استاد تسلیم کیا گیا ہے۔ انکا انتقال ۹۵ ہجری کے اواخر میں ہوا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کرو ہمارے اصحاب ان کی بے شمار احادیث پہ کان نہیں دھرتے تھے۔ ابو جعفر اسکافی کہتے ہیں: ابوہریرہ ہم شیوخ (معتزلہ) کے نزدیک غیر موثق اور ان کی روایات غیر قابل قبول ہیں۔ کیوں کہ حضرت عمرؓ نے ان پہ کوڑے برسا کر کہا تھا: ابوہریرہ بڑی حدیثیں نقل کرتے ہو۔ تمہارے لئے یہ کہنا صحیح ہو گا کہ پیغمبرؐ خدا پر جھوٹ باندھتے ہو[1]۔ ابن اثیر نے کہا ہے: ابوہریرہ کی کثرت روایات کے سبب بعض لوگوں نے ان کی تردید کی ہے[2]۔ کتاب الاحکام آمدی میں آیا ہے[3] کہ: صحابہ کثرت روایات کے سبب ابوہریرہ پر اعتراض کیا کرتے تھے یہاں تک کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا: خدا رحم کرے ابوہریرہ پر کہ حدیث میں اس میں عجیب یا وہ گو انسان تھا۔ ایک دفعہ ہارون رشید کی مجلس میں مسئلہ "مصراۃ"[4] زیر بحث آیا۔ حاضرین اس موضوع پر بحث و گفتگو کرنے لگے اور ان کی آوازیں بلند ہونے لگیں ایسے میں کسیؓ ابوہریرہ کی روائیت کردہ حدیث پر احتجاج کیا مگر دوسرے نے اسے رد کرتے ہوئے کہا: ابوہریرہ اپنی نقل شدہ روایات میں متہم ہیں، ہارون الرشید نے بھی اس بات کی تائید کی۔ دور حاضر میں محمد رشید رضا، ڈاکٹر احمد امین اور ڈاکٹر محمد توفیق صدیقی وغیرہ افراد ہیں۔ جنہوں نے ابوہریرہ پر تنقید کی ہے۔

۱۔ شرح نہج البلاغۃ۔ ص ۳۶۰۔ ج ۱ ۔ ۲، کتاب المثل السائر۔ ص ۸۰ اور ۸۱ ۔ (۳)۔ ص ۱۰۶۔ ج ۲۔

۴۔ "مصراۃ" اوہ اونٹنی یا گائے ہے جس کا دودھ کئی دن سے نکالا نہ گیا ہو تا کہ گاہک اسکے بڑھتے ہوئے تھن دیکھ کر یہ دھوکا کھائے کہ بہت زیادہ دودھ دینے والا جانور ہے۔ حنفی حضرات کا اس حدیث سے اختلاف کا سبب یہ ہے کہ یہ حدیث تمام قیاسات کو رد کرتی ہے۔ کیونکہ ایسی حالت میں جانور سے دودھ دوہنا ظلم و تعدی ہے اور اس تعدی کا تاوان یا مثل سے ہے یا قیمت سے، اور ایک صاع املی ان میں سے کوئی بھی نہیں ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابوھریرہ لوگوں کی تضحیک کا نشانہ بنے

جسدم ابوہریرہ نے روایات سے کھیلنے کو اپنا پیشہ بنالیا اور بے دریغ حدیثیں نقل کرنے لگے تو لوگوں نے بھی انکا مذاق اڑانا شروع کیا اور ان کو اپنی تضحیک و سرزنش کا نشانہ بنانے لگے چنانچہ ابورافع سے نقل ہوا ہے کہ قریش سے ایک آدمی حلہ زیب تن کئے اپنے آپ نازاں ابوہریرہ کے پاس آیا اور ان سے کہنے لگا: ابوہریرہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیثیں کثرت

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کے ساتھ نقل کرتے ہو کیا میرے اس حلہ کے بارے میں بھی کوئی حدیث سنی ہے؟ (گویا ہر شے کے بارے میں، نقل حدیث ضروری ہے۔) ابوہریرہ نے کہا: بالکل سنی ہے: ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے تھے تم سے پہلے ایک شخص اپنے حلہ پر اتراتا تھا کہ ناگاہ مشیت ایزدی سے زمین نے اپنا منہ کھولا اور اسے نگل لیا اب وہ شخص قیامت تک اسی طرح قلب زمین میں دفن رہے گا۔ قسم بخدا نہیں معلوم وہ شخص تمہاری قوم سے تھا یا تمہارے خاندان سے[1]۔ طرز سوال سے پتہ چلتا ہے کہ اس شخص نے ابوہریرہ سے بطور استفہام یہ بات نہیں پوچھی تھی بلکہ اسکا مقصد ابوہریرہ کا استہزاء تھا۔ کیونکہ اس نے یہ نہیں کہا کہ تمہیں احادیث پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یاد ہیں بلکہ یہ کہا کہ: تم احادیث پیغمبر کثرت کے ساتھ نقل کرتے ہو لہذا سیاق سوال استہزاء و سرزنش پر دلالت کرتا ہے پھر یہ بھی دیکھنا چاہیئے کہ ابوہریرہ نے کس طرح اپنی جعلی حدیث کے لئے اللہ کی قسم کھائی مگر اس قسم کی قسمیں ابوہریرہ سے بعید نہیں تھیں کیوں کہ وہ اپنی غیر صحیح روایتوں کے لئے ایسی ہی قسمیں کھایا کرتے تھے۔

۱۔ کتاب البدایہ والنہایہ ابن کثیر۔ ص ۱۰۸۔ اس کے علاوہ مسلم نے بھی اس حدیث کو اپنی کتاب "اللباس" میں نقل کیا ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابوھریرہ کا اعتراف

کہ لوگ انکی

تکذیب کرتے تھے

jabir.abbas@yahoo.com

ابو زرین راوی ہیں کہ: ایک دن ابوہریرہ ہمارے پاس آئے اور ماتھے پر ہاتھ مار کر کہا: تم لوگ کہتے ہو کہ میں رسُول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جھوٹ باندھتا ہوں تاکہ تم چھٹکارا پاؤ اور میں گمراہ و گنہگار بنوں،...

.........الخ. جس وقت ابوہریرہ معاویہ کے ساتھ اس سال جسے سال جماعت کہا جاتا ہے اور جو درحقیقت تفرقہ اور جدائی کا سال تھا. عراق آئے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تو مسجد کوفہ میں اپنے گھٹنوں کے بل کھڑے ہو گئے اور اپنا سر پیٹنا شروع کر دیا یا اس طرح کہ معاویہ سمیت بہت سے لوگ جمع ہو گئے ابوہریرہ چیخ کر کہنے لگے :۔ اے اہل عراق کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ میں پیغمبرؐ خدا پر جھوٹ باندھتا ہوں ...... الخ[1]

۱۔ شرح نہج البلاغہ ۔ ص ۳۵۸ ۔ ج ۱ ۔ اس گفتگو کو ابوجعفر اسکافی نے اعمش سے نقل کیا ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اسلام میں متہم ہونے والا پہلا راوی

jabir.abbas@yahoo.com

پچھلی گفتگو سے واضح ہو گیا کہ اکابر صحابہ کس طرح ابوہریرہ پر اعتراضات کیا کرتے تھے اور انھیں جھٹلاتے تھے اور تکذیب کا وہ خود کس طرح اعتراف کرتے تھے۔ نیز یہ بات بھی معلوم ہو گئی کہ یہ انکار و تکذیب طول ایام و عصور میں صحابہ اور تابعین کے زمانے سے لیکر آج تک کس طرح جاری و ساری ہے۔ اس سلسلے میں عالم اسلام کے مصنف بلیغ "مصطفےٰ صادق الرافعی" نے اس طرح

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

لکھا ہے: ابو ہریرہ تمام صحابہ سے بڑھکر روایت کیا کرتے تھے۔ اسی لئے[1] حضرت عمرؓ، حضرت عثمانؓ اور مولا علی علیہ السلام ان پر معترض تھے اور انہیں متہم قرار دیتے تھے۔ اس رو سے ابو ہریرہ عالم اسلام کے وہ پہلے راوی ہیں جن پر تہمت عائد کی گئی۔ سب سے بڑھکر جس ہستی کو ابو ہریرہ پر اعتراض تھا وہ حضرت عائشہؓ کی ذات تھی جنہوں نے ان کی روایات کو ماننے سے انکار کر دیا تھا۔ حضرت عائشہؓ نے ابو ہریرہ سے ایک سال قبل وفات پائی تھی۔[2]

۱۔ ڈاکٹر احمد امین کی کتاب "فجر الاسلام"، فصل دوم، باب ششم، ص ۲۶۲ کے بعد ملاحظہ فرمائیں۔

۲۔ تاریخ آداب العرب: ص ۲۷۸۔ ج ۱۔

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

"پیغمبر اکرمؐ پر جھوٹ بولنے والے کی سزا"

jabir.abbas@yahoo.com

جیسا کہ اس باب میں بتایا جا چکا ہے کہ بعض صحابہ نے ابوہریرہ کے روایات کی صریحاً تکذیب کی ہے اور یہ تکذیب بلاشبہ ان روایات کے بارے میں ہے جسے وہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل کیا کرتے تھے یہ بھی معلوم و مسلم ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جھوٹ بولنے والے کی سزا دوزخ ہے۔ خود پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کی حدیث صحیح میں ہے کہ: "جو کوئی مجھ پر جھوٹ باندھے اس کا مقام دوزخ ہے، کتاب اختصار علوم الحدیث میں آیا ہے کہ ابن حنبل، ابو بکر الحمیدی اور ابو بکر الصیرفی کا کہنا ہے کہ "پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم پر جھوٹ باندھنے والے کی روایت کو قبول نہ کرو اگرچہ راوی نے اس روایت کی نقل کے بعد توبہ ہی کیوں نہ کرلی ہو[۱]" سمعانی کا قول ہے کہ: جسنے ایک دفعہ بھی نقل حدیث میں جھوٹ بولا ہو اسکی پچھلی تمام احادیث کو ترک کرنا واجب ہے[۲]۔ حافظ ابن حجر نے کہا ہے کہ علمائے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم پر جھوٹ باندھنے کی تشدید و اہمیت پر اتفاق کیا ہے اور اسے گناہان کبیرہ سے جانا ہے یہاں تک کہ شیخ محمد جوینی نے اس بارے میں مبالغے سے کام لیتے ہوئے ایسے شخص کو کافر قرار دیا ہے۔ اس کے علاوہ ابن عربی کا کلام بھی اسی مفہوم کے ساتھ آیا ہے[۳]۔

۱۔ ص ۱۱۱

۲۔ کتاب التقریب نوری۔ ص ۱۴

۳۔ فتح الباری۔ ص ۳۸۹ ـــ ج ۶

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابوھریرہ تدلیس سے کام لیتے ھیں

jabir.abbas@yahoo.com

نقل حدیث میں ابوہریرہ کی روش یہ تھی کہ ہر حدیث کو براہ راست پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے چسپاں کر دیا کرتے تھے، خواہ وہ حدیث پیغمبرؐ خاتم کے لبہای مبارک سے صادر ہوئی ہو یا صحابہؓ کو تابعین نے اسے نقل کیا ہو ہم دونوں صورتوں میں وہ ایک ہی روش کی پیروی کرتے اور انھیں ایک دوسرے سے ممیز نہیں کرتے تھے اور جس شخص نے اسے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سے نقل کیا ہے اس کا نام نہیں لیتے تھے۔ اس طرح کی روایت کو محدثین تدلیس کا نام دیتے ہیں اور جو بھی روایت اس طرح نقل ہوئی ہو وہ حکم مرسل میں آتی ہے۔ علماء حدیث نے یہ رائے قائم کی ہے کہ ابوہریرہ "مدلس" تھے کیوں کہ ان کی اکثر بلکہ اغلب حدیثیں بر بنائے سماع نہیں ہوا کرتی تھیں بلکہ وہ اسے صحابہ اور تابعین کے واسطے سے نقل کیا کرتے تھے، کیوں کہ ابوہریرہ بہت بعد میں اسلام لائے تھے[1]۔ ابن قتیبہ تاویل مختلف الحدیث میں کہتے ہیں[2]

ابوہریرہ کی یہ عادت تھی کہ وہ ہر روایت کو بیان کرتے وقت "قال رسول اللہؐ" کہا کرتے تھے حالانکہ انہوں نے خود اس حدیث کو پیغمبرؐ سے نہیں سنا تھا بلکہ ایک ایسے شخص نے ان سے کہہ دیا تھا جو ان کے نزدیک ثقہ اور معتبر تھا۔

اسی طرز پر ابن عباسؓ اور دیگر صحابہ نے عمل کیا، دلچسپ بات یہ ہے کہ ابن قتیبہ نے یہاں احتیاط سے کام لیتے ہوئے کہا ہے کہ: جو اُن کے نزدیک ثقہ اور معتبر تھا، اور یہ نہیں کہا کہ: جو ثقہ اور معتبر تھا، کیونکہ ابوہریرہ اپنی روایات میں کسی کا نام نہیں لیتے تھے جس سے یہ پتہ چلے کہ وہ ثقہ تھا بھی کہ نہیں۔ اس موضوع پر بعد میں ہم مستقبل گفتگو کریں گے۔ ذہبی نے "سیر اعلام النبلا" میں نقل کیا ہے کہ[3]۔ یزید بن ابراہیم نے کہا:۔ میں نے

۱۔ اس سے پہلے ہم کہہ چکے ہیں کہ سیوطی اور دیگر علماء کے منقولات کے مطابق، صحابہ، تابعین سے نقل حدیث کیا کرتے تھے جیسا کہ عبداللہ نامی تین افراد، ابوہریرہ اور دیگر اشخاص نے کعب الاخبار سے نقل حدیث کی ہے جسے وہ کبار تابعین میں قابل اعتبار سمجھتے ہیں۔

۲۔ ص ۵۰

۳۔ ص ۴۳۸۔ ج ۲

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شعبہ[1] سے سنا ہے کہ وہ کہتے تھے: ابوہریرہ ہمیشہ تدلیس سے کام لیتے تھے، یعنی جو کچھ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور کعب الاحبار سے سن رکھا تھا اسے روایت کر دیا کرتے تھے اور دونوں کے درمیان کوئی فرق نہیں رکھتے تھے اس سلسلے میں ابن عساکر کہتے ہیں شعبہ کا اشارہ ابوہریرہ کی اس حدیث کی طرف تھا جس میں انہوں نے کہا تھا: "حالت جنابت میں صبح کرنے والے کا روزہ صحیح نہیں[2]۔ اور جب اس حدیث کے سلسلے میں ان سے زیادہ باز پرس کی گئی تو انہوں نے کہا: کسی مخبر نے اس حدیث کو میرے لئے نقل کیا تھا میں نے خود اس کو پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نہیں سنا[3]۔ اب جبکہ یہ ثابت ہو گیا کہ ابوہریرہ مدلس تھے اور مدلس کی نقل کی ہوئی حدیث کو رجال حدیث مرسل کا نام دیتے ہیں۔ اس مقام پر ہمارے لئے ضروری ہے کہ حدیث مرسل اور اس پر احتجاج کے سلسلے میں شیوخ حدیث و فقہ کے اختلافات کو زیر بحث لائیں تاکہ ابوہریرہ کی تاریخ کا یہ حصہ بھی کمال تحقیق پر پورا اترے کیونکہ حدیث مرسل تدلیس سے وابستہ ہے۔

۱۔ شعبہ بن الحجاج آئمہ جرح و تعدیل سے ہیں۔ ثوری نے ان کے بارے میں کہا ہے کہ شعبہ حدیث میں امیرالمومنین ہیں۔ شافعی کہتے ہیں: اگر شعبہ نہ ہوتے تو عراق میں حدیث سے کوئی آشنا نہ ہوتا۔ شعبہ دو ٹوک اور صریح گفتگو کے عادی تھے ان کی صریح گفتگو کا ایک نمونہ یہ ہے کہ وہ کہتے ہیں: خدا کی قسم مجھے حدیث سے زیادہ شعر پر دسترس حاصل ہے اور اگر میں خدا کو چاہتا تو تمہارے لئے حدیثیں بیان نہ کرتا اور اگر تم خدا کو چاہتے تو میرے پیچھے نہ آتے لیکن ہمیں مدح پسند ہے اور بدگوئی ناپسند۔

۲۔ اس کتاب کے صفحہ ۷۰ پر قارئین نے اس حدیث کو ملاحظہ فرمایا جس میں کہا گیا کہ ابوہریرہ نے اس حدیث کو نقل کر کے کبھی تو یہ کہا کہ میں نے فضل بن عباس رض سے اس حدیث کو سنا اور کبھی اس کی نسبت اسامہ بن زید سے دی۔

۳۔ البدایہ والنہایہ — ص ۱۹۰ ۔ ج ۸

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تدلیس اور مدلسین

تدلیس کی تعریف اس طرح بیان کی گئی ہے کہ راوی کسی ایسے شخص کی روایت نقل کرے جیسے اسنے دیکھا ہو مگر اس روایت کو خود اس سے نہ سنا ہو یا یہ کہ اپنے معاصر کی کسی روایت کو نقل کرے حالانکہ اس نے اس سے ملاقات نہ کی ہو اور یہ ظاہر کرے کہ اسنے خود اس سے روایت کو سنا ہے۔

حاکم نے اپنی کتاب "معرفت علوم الحدیث" میں لکھا ہے کہ: ہمارے نزدیک

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تدلیس کی چھ قسمیں ہیں۔ اس کے بعد انہوں نے دوسری قسم پر بحث کرتے ہوئے لکھا ہے: یہ ایک ایسا گروہ تھا جو حدیث میں تدلیس سے کام لیتا تھا اور کہتا تھا "قال فلاں" اور جب کوئی درپے تحقیق بن کر ان سے ملاقات کرتا تو وہ اپنی اسی مسموعات کو دہرا دیا کرتے تھے[1]۔ اور ابوہریرہ کا تعلق بلاشبہ اسی گروہ سے ہے کیونکہ وہ حدیث کو تمام صحابہ سے ان کا نام بتائے بغیر نقل کرتے اور اسے براہ راست پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نسبت دیا کرتے تھے اور جب اسے کسی حدیث پر ان سے باز پرس کی جاتی تو راوی کا نام بتلانے پر مجبور ہو جاتے اور جب کسی دشوار گذار مسئلہ سے دوچار ہوتے تو راوایت کو کسی مردہ شخص کی طرف نسبت دیا کرتے تھے چنانچہ "من اصبح جنبا" والی حدیث کا ذکر کیا جاچکا ہے۔ نووی نے "التقریب" میں لکھا ہے[2] تدلیس اسناد اسے کہتے ہیں کہ راوی اپنے معاصر کی کسی حدیث کو اس سے سنے بغیر نقل کرے۔ اور یہ ظاہر کرے۔ گویا اس نے خود اس کی زبانی اس حدیث کو سنا ہے اور کہے: "قال فلاں یا عن فلاں" اس تعریف کا انطباق بطور کامل ابوہریرہ پر ہوتا ہے کیونکہ وہ اپنی بیشتر روایات کو "قال رسول اللہ" یا عن رسول اللہ سے شروع کرتے ہیں۔ درآں حالیکہ انہوں نے ذاتی طور پر اسے پیغمبر سے نہیں سنا۔

۱۔ کتاب توجیہ النظر جزائری کے صفحہ ۱۸۲ کا مطالعہ فرمائیں جہاں تفصیل کے ساتھ تدلیس اور مدلسین پر سیر حاصل گفتگو کی گئی ہے۔

۲۔ ص۔ ۸

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تدلیس شدہ حدیث

پچھلی گفتگو کی بنا پر حدیث مدلس (فتح لام کے ساتھ) وہ حدیث ہے جس کے اسناد میں راوی کا نام ساقط ہو اور ناقل حدیث اس طرح ظاہر کرے گویا اس نے اس حدیث کو راوی سے نہیں سنا بلکہ براہ راست اس شخص سے سنا ہے جس سے راوی نے روایت کی ہے۔ بشرطیکہ وہ شخص، ناقل حدیث کا ہمعصر ہو۔

حکم تدلیس

SABEEL-E-SAKINA
www.ziyrat.net

تدلیس کے بارے میں حکم ہے کہ اس کی تمام اقسام مذموم ہیں یہاں تک کہ امام جرح و تعدیل شعبہ بن الحاج نے اس سلسلے میں مبالغے سے کام لیتے ہوئے کہا ہے کہ: تدلیس کے مقابلہ میں زناکاری کو اپنے لئے زیادہ بہتر سمجھتا ہوں" یہ بھی ان ہی کا قول ہے کہ "تدلیس سب سے زیادہ مضرت رساں جھوٹ ہے" کچھ لوگوں کا خیال ہے تدلیس میں شہرت پانے والا شخص مطلقا مردود الروایہ ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

چاہے وہ بعد میں "سماع" کی تصریح ہی کیوں نہ کرے۔ مگر علماء حدیث نے جس قول صحیح کو ترجیح دی ہے وہ یہ ہے کہ جب تدلیس کنندہ کسی روایت کو ایسے الفاظ کے ساتھ پیش کرے جہاں احتمال "سماع" ہو مگر "سماع" کی تصریح نہ کی گئی ہو تو وہ مورد قبول نہ ہوگی بلکہ اس کا شمار "منقطع" میں ہوگا۔ البتہ جس روایت میں سماع کی تصریح کی گئی ہو وہ قابل قبول ہے[1]۔ اس کے علاوہ دوسروں نے کہا ہے کہ تدلیس کنندہ پیغمبر اکرم ﷺ کی اس حدیث میں داخل ہے جہاں آپ ﷺ نے فرمایا: "جو شخص ہماری نسبت دھوکے اور فریب سے کام لے وہ ہم میں سے نہیں ہے۔ اور اس کا سبب بھی واضح ہے کیونکہ وہ اس طرح واضح کرتا ہے گویا اس کی حدیث متصل ہے درآں حالیکہ حقیقتاً منقطع ہے۔ البتہ یہ ایسی صورت میں ہے جبکہ اس کی تدلیس ثقہ سے نقل کی جانے والی روایت سے ہو لیکن اگر اس کی روایت ضعیف ہو تو پھر گویا اس نے خدا اور اس کے رسولؐ سے خیانت کی ہے، جیسا کہ بعض آئمہ حدیث نے کہا ہے کہ یہ کام اساساً حرام اور ممنوع ہے۔

علماء حدیث نے تدلیس میں شہرت رکھنے والے کی روایت میں اختلاف کیا ہے۔ اہل حدیث اور فقہا کے ایک گروہ نے کہا ہے۔ تدلیس کنندہ کی روایت کسی طرح بھی قابل قبول نہیں ہے خواہ وہ تصریح سماع کرے یا نہ کرے۔ کیونکہ تدلیس موجبات جرح سے ہے اور حفاظ میں سے ایک شخص نے تدلیس میں مشہور راویوں پر جرح کرتے ہوئے ان کی روایات کو مطلقاً رد کر دیا ہے۔ اگرچہ روایت لفظ اتصال کے ساتھ کیوں نہ نقل کی گئی ہو اور چاہے راوی ایک ہی

۱۔ شرح الفیہ سیوطی تالیف احمد شاکر۔ ص ۳۵

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مرتبہ تدلیس کا مرتکب ہوا ہو۔ شافعی رحمتہ اللہ علیہ نے بھی اس مطلب کی تصریح کی ہے[1]۔ اس بارے میں گفتگو طوالت چاہتی ہے اور اگر ہم اس بحث کو جاری رکھیں تو اپنے موضوع سے خارج ہو جائیں گے۔ اس لئے شائقین کو چاہیئے کہ اس کے مآخذ سے رجوع کریں۔ بہرحال اگر ہم اس تمام گفتگو یا اس کے کچھ حصّے کو ابوہریرہ پر منطبق کریں تو ہم دیکھیں گے کہ راستگوئی اور عدالت کے اعتبار سے روایت میں ان کا مقام کہاں ہے مگر کسی کو حق نہیں پہنچتا کہ کسی قاعدہ کو صحابہ پر تطبیق کرے! ...... کیونکہ وہ معصوم عن الخطا ہیں اور ان کی روایت میں شک و تردید نہیں کیا جاسکتا !!! (طنز!)

۱۔ رسالہ شافعی۔ ص ۴۴، ۴۵

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حدیث مُرسل

تدلیس کے سلسلے میں اپنی بحث کو خاتمہ پر پہنچانے کے بعد اب ہم اپنی گفتگو کو حدیث مرسل سے متصل کرتے ہیں کیونکہ حدیث مرسل ہمارے موضوع بحث سے پوری طرح مربوط و مسلسل ہے۔ حدیث مرسل ایک ایسی حدیث ہے کہ جس میں اپنے کانوں سے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبانی سننے والے کا نام روایت سے حذف کر دیا جائے۔ حدیث مرسل کی مشہور اور صحیح تعریف

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہی ہے اور فتح المغیث عراقی میں بھی اسی طرح آیا ہے اس کے علاوہ فقہا اور اصولیین نے بھی یہی رائے قائم کی ہے جس پر ابن قطان کا یہ قول گواہ ہے جس میں اس نے کہا ہے: ارسال کسی شخص کا کسی دوسرے شخص سے روایت کرنا ہے جسے اس نے خود صاحب حدیث سے نہ سنا ہو۔[۱] ابن حزم نے "کتاب الاحکام فی اصول الاحکام" میں کہا ہے: حدیث مرسل وہ حدیث ہے جو راوی اور پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے درمیان فقط ایک ناقل رکھتا ہو یا زیادہ تر راوی ساقط کر دیئے گئے ہوں اور ایسی حدیث کو "منقطع" بھی کہا جاتا ہے جو غیر قابل قبول ہے۔ اس وسیلے سے کوئی دلیل مستحکم نہیں ہو سکتی کیونکہ مجہول شخصیت نے اسے بیان کیا ہے اور ہم پہلے کہہ چکے ہیں مجہول شخص کی روایت اور شہادت سے پرہیز لازم ہے جب تک کہ اس کے متعلق معلومات فراہم نہ ہو جائیں۔ خواہ اس روایت کا راوی عادل ہی کیوں نہ کہہ دے کہ اسے میرے لئے ثقہ انسان نے نقل کیا ہے، بہر حال ہم پر واجب نہیں کہ اس پر توجہ دیں کیونکہ ممکن ہے کہ اس کے نزدیک وہ انسان ثقہ ہو اور اسے دوسرے اشخاص کی طرح جو اس کے غیر ثقہ ہونے کا علم رکھتے ہیں اطلاع نہ ہو ایسی صورت میں جیسا کہ ہم پہلے کہہ چکے ہیں جرح اولی تعدیل پر مبنی ہے ۔۔۔۔ اس کے علاوہ حیات پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں آپ پر جھوٹ بولا جانے لگا۔ اور پھر عصر صحابہ میں منافقین اور مرتدین کا وجود بھی مسلم ہے ایسی حالت میں کسی کا یہ کہہ دینا کہ ایک صحابی سے نقل ہے" یا یہ کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ہمنشینی رکھنے والے نے میرے لئے یہ حدیث نقل کی ہے، کسی طرح بھی قابل قبول نہیں ہے مگر یہ کہ اس شخص کا نام لیا جائے اور وہ شخص نیک نامی

۱۔ قواعد التحدیث قاسمی۔ ص ۱۱۴

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میں مشہور بھی ہو[1]. خداوند عزوجل نے فرمایا ہے:

وَمِمَّنْ حَوْلَكُمْ مِّنَ الْأَعْرَابِ مُنَافِقُونَ ۖ وَمِنْ أَهْلِ الْمَدِينَةِ ۖ مَرَدُوا عَلَى النِّفَاقِ لَا تَعْلَمُهُمْ ۖ نَحْنُ نَعْلَمُهُمْ ۚ سَنُعَذِّبُهُم مَّرَّتَيْنِ ثُمَّ يُرَدُّونَ إِلَىٰ عَذَابٍ عَظِيمٍ ﴿١٠١﴾ (سورہ توبہ ۹- آیت ۱۰۱)

(اور (مسلمانوں) تمہارے اطراف کے گنوار دیہاتیوں میں سے بعض مناق ہیں اور خود اہل مدینہ میں بھی (بعض منافق ہیں) جو نفاق پر اڑ گئے ہیں (اے رسولؐ) تم ان کو نہیں جانتے (مگر) ہم ان کو (خوب) جانتے ہیں۔ عنقریب ہم انکی سزا کو (دنیا ہی میں) دوہرا کریں گے۔ پھر یہ لوگ (قیامت میں) ایک بڑے عذاب کی طرف لوٹائے جائیں گے)

ہم اس حقیقت سے اچھی طرح آشنا ہیں کہ عینیہ بن حصن، اشعث بن قیس، اور عبداللہ بن سرح کے مانند صحابہ کا ایک گروہ مرتد ہو گیا جس کی تائید مسلم کی اس روائت سے ہوتی ہے جسکو انہوں نے حضرت ابوبکرؓ کی صاحبزادی حضرت اسماءؓ کے غلام عبداللہ سے نقل کیا ہے کہ انہوں نے کہا: حضرت اسماء نے مجھے عبداللہ بن عمرؓ کے پاس یہ پیغام دے کر بھیجا کہ: مجھ سے نقل کیا گیا ہے کہ تم نے تین چیزوں کو حرام گردانا ہے: دھاری دار لباس، ارغوانی رنگ والے گھوڑے کی روپوش اور رجب کے روزے۔ ابن عمرؓ نے اس سے انکار کرتے ہوئے یقین دلایا کہ انہوں نے ایسی کوئی بات نہیں کہی ہے۔ اس بنا پر حضرت اسماءؓ جن کا شمار قدماء صحابہ اور فاضلہ عورتوں میں ہوتا ہے جو نہی ابن عمرؓ سے منسوب جھوٹی حدیث سنتی ہیں تو آشفتہ خاطر ہو کر ان سے اس بارے میں سوال کرتی ہیں اور اس کے جھوٹ ہونے کا پتہ لگاتی ہیں۔ اس صورت میں ہر شخص پر واجب ہے کہ روائت کو اسی شخص سے قبول کرے جسکا نام معلوم جس کی عدالت آشکار اور جس کی شخصیت

۱- حقیقت یہی ہے اور ابن حزم نے اسے اچھی طرح سمجھا ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مسلم ہو[۱]۔ عقیلی نے ابن عوف سے نقل کیا ہے کہ انہوں نے کہا: ایوب سختیانی نے محمد بن سیرین کے لئے ابو قلابہ سے ایک حدیث نقل کی، محمد بن سیرین نے کہا ابو قلابہ مرد صالح ہے مگر ہمیں دیکھنا چاہیئے کہ اس حدیث کو کس سے نقل کیا ہے حلیہ میں ابن مہدی کے ذریعے ابولہیعہ سے نقل ہوا ہے کہ اس نے شیوخ خوارج میں سے ایک تائب کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ: یہ تمہاری دینی احادیث ہیں دیکھ بھال لو کہ تم اپنے دین کو کس سے لے رہے ہو اس لئے کہ ہماری یہ حالت تھی کہ جب ہمیں کوئی چیز پسند آئی تو ہم اس کے لئے حدیث گڑھ لیا کرتے تھے حافظ ابن حجر کہتے ہیں: خدا کی قسم حدیث مرسل پر احتجاج و استناد غیر قابل تحمل ہے کیونکہ خوارج کی بدعتیں آغاز اسلام میں اس وقت سے شروع ہوئیں جبکہ صحابہ کی کثرت تھی اور اس کے بعد تابعین اور ان کے بعد آنے والے زمانے میں بھی یہ سلسلہ جاری رہا جو چیز انھیں پسند آتی اسے حدیث کا عنوان دے کر پیش کرتے اور اکثر ایسا ہوتا کہ کوئی شخص کسی بات کو سنتا اور حسن ظن کی بنا پر اسے حدیث بنا دیتا اور یہ نہ کہتا کہ کس نے اس سے یہ بات کہی ہے، پھر دوسرا اس سے اسی بات کو نقل کرتا اور پھر اس کے بعد کوئی اور اس طرح کے منقطعات سے استناد کرتا[۲] جس کا نتیجہ یہ نکلتا کہ لوگ اس قسم کی احادیث پر استناد و اعتماد کرنے لگتے درآں حالیکہ اصل منشاء وہی تھا جسے ہم بیان کر چکے ہیں[۳]۔

۱۔ کتاب الاحکام۔ ص ۴۔ ج ۴

۲۔ نووی نے اپنی کتاب "التقریب" میں منقطع کی تعریف کرتے ہوئے کہا ہے کہ: قول صحیح جس پر فقہا ابن عبدالبراور دیگر محدثین متفق ہیں، منقطع وہ ہے جس کے اسناد متصل نہ ہوں اس بنا پر اس کے انقطاع کی جو بھی صورت ہو مگر زیادہ تر ایسے مقام پر استعمال ہوتا ہے جہاں طبع تابعی کسی صحابی سے ناقل ہو جیسے مالک کا ابن عمرؓ سے نقل کرنا۔ ص ۷۔

۳۔ توجیہ النظر۔ ص ۲۴۵

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مراسیلِ صحابہ رضؓ

یہ بھی مراسیل غیر صحابہ سے متعلق گفتگو اور اس سلسلے میں شدت اختیار کی گئی ہے لیکن مراسیل صحابہ کے بارے میں کہا گیا ہے کہ: بنا بر مشہور اس کا حکم، حکم موصول ہے۔ جمہور بھی اس سے متفق ہیں۔ ابن صلاح کا کہنا ہے: ہم اصول فقہ میں "مرسل صحابی" یعنی ایسی روایت کو جو مثلاً یہ کہ جس طرح ابن عباسؓ اور دیگر نوجوان صحابہ نے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت نقل کی ہے درآں حالیکہ انہوں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نے خود اس کو پیغمبرؐ سے نہیں سنا۔ انواع مرسل اور اس کی اقسام میں شمار نہیں کرتے کیوں کہ اس طرح کی روایات حکم موصول مسند اور نقل از صحابہ ہیں اور صحابی کو نہ جاننا پریشان کن امر نہیں ہے، کیونکہ صحابہ کل کے کل عدول ہیں۔

حافظ عراقی نے کہا ہے: ابن صلاح کی یہ بات کہ اس قسم کی روایت کو صحابہ نے نقل کیا ہے، محل نظر ہے، کیونکہ حقیقت حال یہ ہے کہ ان میں بیشتر روایات وہ ہیں جنھیں صحابہ کی ایک جماعت نے بعض تابعین سے سنا ہے۔ اور ہم نہیں جانتے کہ مراسیل صحابہ اور غیر صحابہ میں کیوں فرق کیا گیا ہے جس کے نتیجے میں مراسیل صحابہؓ کو حکم موصول میں رکھا گیا ہے کہ جس سے تمسک ضروری ہے مگر اخذ مراسیل غیر صحابہؓ میں اختلاف ہے حالانکہ صحابہ بھی تابعین اور دوسرے لوگوں کی طرح تھے اور جو کچھ دیگر لوگوں کے لئے جائز ہے۔ صحابہ کے لئے بھی روا ہونا چاہیئے جیسا کہ تاریخ نے لکھا ہے اور قرآن اس کا مؤید ہے۔ دیگر تمام لوگوں سے سرزد ہونیوالے امور صحابہؓ سے بھی سرزد ہوئے کیوں کہ ان کے درمیان منافقین بھی تھے اور مرتکبین کبائر بھی، اور وہ لوگ بھی جو مار دھاڑ کرتے اور ایک دوسرے کی تکفیر کیا کرتے تھے اور یہی نہیں بلکہ اس کے بعد ان میں سے بعض مرتد بھی ہوئے اس طرح کے امور ان کی تاریخ سے ہویدا ہیں اور کوئی منصف عاقل ان سے دفاع نہیں کرسکتا۔ اس موضوع پر ہم نے عدالت صحابہ کے بارے میں اپنی دوسری کتاب "اضواء علی السنۃ المحمدیۃ" میں تفصیل کے ساتھ گفتگو کی ہے۔

۱۔ مذکورہ کتاب۔ ص ۲۴۵، ۲۴۶

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابوهریرہ دیگر صحابہ کے مانند نہیں ہیں

jabir.abbas@yahoo.com

اگر ہم ابوہریرہ کی داستان حیات کا مطالعہ کریں اور ان کی تاریخ پر تحقیق نظر ڈالیں اور صحابہ کے درمیان ان کے مقام کا خاص طور سے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور دور خلفاءؓ میں کھوج لگائیں تو ہم دیکھیں گے کہ ان کی قدر و منزلت تمام صحابہ میں سب سے کم تھی اور وہ ایک عجیب و غریب شخصیت کے حامل تھے کیوں کہ وہ جس قدر کبار صحابہ اور ان کے بعد آنے والوں کے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

طعن وتشنیع کا نشانہ بنے یقیناً کوئی اور صحابی نہ بن سکا اور طعن وتشنیع بھی ایسی کہ اس کا فقط ایک جز بھی ان کی تردید اور ان کی روایات کو ناقص بنانے کے لئے کافی تھا مگر افسوسناک بات یہ ہے کہ ان سے ان کی اہلیت کے برخلاف سلوک کیا گیا۔ کیونکہ ہم دیکھتے ہیں کہ رجال جرح وتعدیل نے ان کے اور دیگر تمام اصحاب کے ساتھ یکساں رویہ اختیار نہیں کیا، وہ اس طرح کہ انہوں نے جو قواعد تمام رواۃ کیلئے مرتب کئے تھے اس سے ابوہریرہ کو مستثنیٰ قرار دیا اور ان پر دوسروں کی طرح جرح وتنقید نہیں کی بلکہ ان کا شمار ان راست گو عادلوں میں کیا جن کی روایات میں شک وتردید نہیں ہونا چاہیئے انہوں نے ابوہریرہ کے وثوق میں اس مبالغے سے کام لیا کہ جن روایات کو انہوں نے سرکار رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دہن اقدس سے نہیں سنا بلکہ صحابہ اور تابعین سے نقل کیا ہے انہیں "حکم مرفوع" میں گردانا حالانکہ انھوں نے ان احادیث کے بارے میں نہ تو پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سننے کی تصریح کی ہے۔ اور نہ ہی صحابہ و تابعین میں سے کسی کا نام لیا ہے۔ تا کہ ان کی حقیقت حال کو پرکھا جا سکے۔ ممکن ہے جس شخص سے ابوہریرہ نے نقل حدیث کی ہے اس نے حدیث کو براہ راست پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نہ سنا ہو بلکہ کسی صحابی یا تابعی سے نقل کیا ہو اسلئے کہ صحابہ اور تابعین کا طریقہ یہ تھا کہ یہ تصریح کئے بغیر کہ انہوں نے حدیث کو کس سے سنا ہے ایک دوسرے سے نقل حدیث کیا کرتے تھے، اور تابعین کی بھی یہی حالت تھی۔ اکثر ایسا ہوتا کہ وہ روائیت کو اپنے ہی ساتھیوں سے نقل کرتے جیسا کہ کعب الاحبار جو تابعی تھا اور اپنے ساتھیوں ہی سے نقل کیا کرتا تھا جیسا کہ صحابہ اس سے نقل حدیث کرتے کیوں کہ اس وقت کوئی اسناد حدیث کی پرستش نہیں کرتا تھا جیسا کہ مسلم نے اپنی کتاب کے مقدمہ میں محمد بن سیرین سے نقل کیا ہے کہ انہوں نے کہا: یہ علم دین ہے، اچھی طرح دیکھ بھال لو کہ تم اپنے دین کو کس سے لے رہے ہو، پھر اس کے بعد کہتے ہیں کہ اس وقت لوگ اسناد حدیث کے بارے میں نہیں پوچھا کرتے تھے، اور جب

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فتنہ وقوع پذیر ہوا (یعنی قتل حضرت عثمانؓ کے بعد) تو یہ طریقہ عمل میں آیا کہ ناقلین حدیث سے کہا جانے لگا: رجال حدیث کے نام لو۔ ایسی صورت میں اگر بالفرض ابوہریرہ اپنی روایات میں سچے تھے تو یہ کیسے معلوم کہ ان سے بیان کرنے والا شخص بھی سچا ہی ہوگا؟ اس لئے کہ ہمیں اس کے بارے میں کوئی اطلاع نہیں ہے کیونکہ ابوہریرہ نے اس کا نام ہی نہیں لیا۔ ضمناً ہم یہاں ایک اہم سوال نقل کرتے ہیں جسے علامہ عراقی نے "ارسال" کی تنقیح میں اٹھایا ہے اور خود ہی اس کا جواب بھی دیا ہے۔ علامہ آغاز میں کہتے ہیں: "ارسال" سند سے کسی صحابی کو ہٹا دینا ہے اور جب صحابہ کل کے کل عدول ہیں لہٰذا ان کے نام لینے یا نہ لینے سے کوئی فرق نہیں پڑتا پھر اس سلسلے میں اختلافات کیوں پیدا کئے گئے ہیں؟ اس کے بعد وہ خود ہی اس کا جواب دیتے ہیں اور کہتے ہیں بے شک صحابہ عدول ہیں مگر وہاں جہاں مخالفت اور معارضت نہ ہو اور کبھی احتمال عیب ونقص کے سبب کسی کے بارے میں سکوت اختیار کرنا پڑتا ہے! ایسی حالت میں اس کی بیان کردہ حدیث سے اس وقت تک پرہیز لازم ہے جب تک وہ اس عیب ونقص سے مبرا نہ ہوجائے۔[1] اب ہم مجہول راوی کے بارے میں گفتگو کرتے ہوئے استاد محمد عبدہ کے شاگرد محدث فقیہ رشید رضا کا بیان نقل کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں۔۔۔ "سب سے بڑی مصیبت یہ ہے کہ اہل کتاب سے دریافت شدہ کسی حدیث کو بغیر نام راوی قبول کر لیا جائے اور یہ قول معروف کسی کو دھوکہ نہ دے کہ: "مراسیل صحابہ حجت ہیں اور ان کی تردید شدہ روایات، مرفوع روایت کا حکم رکھتی ہیں اور جب یہ ثابت ہوجائے کہ ابوہریرہ کعب الاحبار سے روایت کیا کرتے تھے نیز یہ کہ ان کی بیشتر روایات "مرسلہ" ہیں[2] تو لازم ہے کہ ہر اس نامانوس

۱۔ قواعد التحدیث قاسمی۔ ص ۱۲۲ اور ۱۲۴

۲۔ اس عظیم دانشمند نے بیان کیا ہے کہ ابوہریرہ کی بیشتر روایات "مراسیل" ہیں اور بجا ہے اگر کوئی بعض محدثین کے اس قول پر مغرور نہ ہو کہ مراسیل صحابہ، حجت ہیں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حدیث میں جہاں پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سننے کے متعلق ان کی تصریح نہیں ہے "تامل کیا جائے۔ اس صورت میں اگر انکی روایات اسرائیلیات سے یا اس مانند ہوں تو اس بات کا احتمال ہے کہ انہوں نے اس کو کعب الاحبار سے لیا ہے اور یہی احتمال خود اس بات کیلئے کافی ہے کہ ایسا بیان جو سبب وقوع اشکال ہوا سے ہم پیغمبر اکرم ص سے نسبت دے کر قبول نہ کریں[۲]۔

jabir.abbas@yahoo.com

۱۔ سماع ابو ہریرہ بھی مورد تردید ہے جس کی مثال "خدا نے زمین کو ہفتہ کے دن پیدا کیا" والی روایت ہے جس میں انہوں نے اس روایت کو پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سننے کی تصریح کی ہے اور کہا ہے کہ اس وقت ان کا ہاتھ دستِ مبارک پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں تھا در آں حالیکہ ائمۂ حدیث متفق ہیں کہ انہوں نے اس روایت کو کعب الاحبار سے سنا ہے جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا ہے۔

۲۔ المنار۔ ص ۹۹۔ ج ۱۹

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

رجالِ حدیث

کی

نقیض گوئی

jabir.abbas@yahoo.com

رجال حدیث کی سچائی بھی عجیب و غریب ہے کیونکہ وہ اپنے ہی قواعد کی تطبیق میں تناقص کے قائل ہیں چونکہ وہ ابوہریرہ اور ان جیسے اصحاب کی روایات کو جنھیں پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نہیں سنا گیا ہے حکم "مرفوع" میں شمار کرکے ان سے تمسک کرتے ہیں۔ مگر اس کے ساتھ ہی وہ اسی طرح کی غیر صحابہ سے نقل کی جانے والی روایات کو حکم مرسل میں جانتے ہیں حقیقتاً

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

رجال حدیث اپنے اس رویہ سے راویوں کو الگ الگ آنکھوں سے دیکھتے ہیں اور ان کے امور کو دو مختلف ترازوؤں میں تولتے ہیں اور کوئی ان سے یہ بھی نہیں پوچھتا کہ آخر ایسا کیوں ہے ؟ گویا اس بارے میں ان کے لئے خدا اور اس کے رسول کی جانب سے کوئی قطعی حکم جاری ہوا ہے جس سے وہ ڈرتے ہیں کہ کہیں اس کی مخالفت نہ ہو جائے، اور بالفرض اگر ہم اس کو قبول بھی کر لیں کہ صحابہ کل کے کل عدول ہیں جب بھی خصوصیت کے ساتھ ابوہریرہ کے سلسلے میں جس کی تاریخ ہم پر واضح ہے اور ان پر لگائی گئی تہمتوں کا ہمیں اچھی طرح علم ہے ہم یہ قبول نہیں کر سکتے کہ اس طرح کی مطلق عدالت میں انکو شامل کر لیا جائے یا ایسی عدالت ان کو چھو کر بھی گئی ہو۔ اس سے زیادہ تعجب خیز بات یہ ہے کہ انھیں رجال حدیث نے "تدلیس و ارسال" کو اسباب جرح و تعدیل سے جانا ہے[1]۔ ایسی صورت میں اسی باعث ابوہریرہ پر جرح کرنی چاہیئے تھی کیونکہ وہ تدلیس اور ارسال دونوں سے کام لیتے لیکن مقام افسوس ہے کہ رجال حدیث نے انھیں آزاد چھوڑ دیا تاکہ وہ جو چاہیں نقل کریں اور کسی نے بھی ان کی روایات پر شک نہیں کیا اور نہ ہی ان پر جرح کی ہے کیوں کہ وہ ایک جلیل القدر" صحابی ہیں ! اس گفتگو کے اختتام پر اب ہم صحابہ اور غیر صحابہ پر اپنے قواعد کی تطبیق کے سلسلے میں وہ حق بات نقل کرتے ہیں جس کی تصریح علماء کلام نے کی ہے اور جو ہماری بحث کی موید بھی ہے۔ انہوں نے کہا ہے[2]

۱۔ جاننا چاہیئے کہ محدثین کے نزدیک اسباب جرح و تعدیل کا مدار پانچ چیزوں پر ہے۔ اوّل بدعت دوم مخالفت۔ سوم غلط۔ چہارم جہالت اور پنجم سند میں دعوای انقطاع اس طرح کہ راوی پر دعوی قائم کیا جائے کہ وہ تدلیس یا ارسال سے کام لیتا ہے۔ اور بحمد للہ شیخ المحدثین "ابوہریرہ" "تدلیس" اور ارسال دونوں سے کام لیتے تھے۔

۲۔ کتاب تاویل مختلف الحدیث ابن قتیبہ۔ ص ۱۰ اور ۱۱

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

رجال حدیث کے انوکھے پن کا ایک انداز یہ بھی ہے کہ انہوں نے یحیٰی بن معین علی بن المدینی (رجال جرح و تعدیل کے دو بزرگ) اور ان جیسے دیگر بزرگوں کی ایک شخص سے متعلق بدگوئی دعیب جوئی کو جھوٹ سے نسبت دی ہے اور اس کے بارے میں تمام محدثین کی موافقت کا کوئی ذکر نہیں کیا ہے مگر احادیث ابوہریرہ کے بارے میں جس کی کسی صحابی نے موافقت نہیں کی ہے بلکہ حضرت عمرؓ حضرت عثمانؓ اور حضرت عائشہؓ نے ان کی تکذیب کی ہے۔ حجت و دلیل لاتے ہیں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابوھریرہ کی بنیِ اُمیّہ سے وابستگی

قبل اس کے کہ ہم ابو ہریرہ کی بنی امیہ سے وابستگی اور ان کی پیروی اور طرفداری کے بارے میں کچھ لکھیں اور یہ بتائیں کہ انہوں نے کس لئے ان سے تعلقات استوار کر رکھے تھے اور کیوں انہوں نے اپنے آپ کو ان کے زیر سایہ قرار دیا تھا۔ ضروری ہے کہ چند مختصر الفاظ میں اس خاندان کی حقیقت کو آشکار کریں اور پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ان کے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سلوک کو اس دن سے بیان کریں جب آپ نے اعلان رسالت فرمایا تھا کہ کس طرح انہوں نے ہر ممکن کوشش سے آپ کے مشن کو ناکام بنانے کی کوشش کی اور آپ سے ہر دم برسرِ پیکار رہے نیز اس بات کی وضاحت کریں کہ اس خاندان کے بلائے عظیم اور گروہ ستم کار۔ کے رہبر معاویہ نے حضرت علی اور حسنین علیہم السلام کے حق میں کس کس طرح کے ظلم و ستم روا رکھے یہاں تک کہ اس کا دل مکر و فریب و زہر کے ذریعے ان کی طرف سے مطمئن ہو گیا اور ساتھ ہی اہل حق وحقیقت پر اس کے ظلم و ستم کی اس داستان کو روشن کریں جس کے ذریعے اس نے اپنی حکومت کو مستحکم کیا اور بتائیں کہ اس نے اور اس کے خاندان والوں نے مسلمانوں کی فرمانروائی سے کس کس طرح کے فوائد حاصل کئے اور کس طرح دست بدست حکومت بطور ارث ان کے تصرف میں آئی اور یہ کہ شورائے عادلہ نے کس طرح استبدادی سلطنت کا روپ دھار لیا، خاندان بنی امیہ کے ان تمام حالات اور ان کی حقیقت سے روشناس ہونے کے بعد استحکام سلطنت کے لئے زور شمشیر اور خزانے کے بل بوتے پر ان کی ترغیب وتحریص اور خوف وہراس سے توسل کا سبب خود بخود آشکار ہو جاتا ہے۔

بنو امیہ اور خاص کر اس کے سربراہ ابو سفیان بن حرب کی پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ کے خاندان والوں سے کینہ وعداوت کوئی ڈھکی چھپی یا نئی بات نہیں ہے جو ظہور اسلام کے بعد رونما ہوئی ہو، بلکہ اس کینہ و دشمنی کا تعلق بہت قدیم ہے جو عہد جاہلیت ہی سے ان کے سینوں میں بنی ہاشم کے خلاف چلی آ رہی تھی جس کے بے شمار اسباب تھے اور یہ کتاب اس تذکرے کی حامل نہیں جن شائقین مطالعہ کو اس پرانی دشمنی اور تنازع کے بارے میں تفصیل کے ساتھ معلومات فراہم کرنی ہوں انھیں چاہیئے کہ عظیم مورخ "مقریزی" کی تالیف "التنازع والتخاصم فیما بین بنی امیہ وبنی ہاشم" کا مطالعہ فرمائیں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بنی امیہ کی طرف سے اس دشمنی کی آگ اس دن انتہائی شدت کیساتھ شعلہ ور ہوئی جس روز سرکار رسالت مآب نے اپنی دعوت کا اعلان فرمایا آپ سے دشمنی پر کمربستہ ہونے والی پہلی شخصیت ابوسفیان کی ذات تھی جس نے اس گناہ عظیم کے بوجھ کو جنگ و جدال کے ساتھ اپنے دوش پر اٹھایا۔ اس کی یہ دشمنی تقریباً ۲۰ سال کی طویل مدت یعنی روز فتح مکہ سنہ ۸ ہجری تک برقرار رہی۔ اس دن بھی بجز تسلیم کے اور کوئی چارہ نہ تھا اور اس نے اپنے باطنی میلان کے برخلاف کراہت کے ساتھ فقط زبان کی حد تک اسلام کی گواہی دی مگر اندر سے اس کا دل ایمان سے خالی تھا کیوں کہ جب دم رسالت مآبؐ نے اس سے سوال کیا: ابوسفیان کیا اب بھی وقت نہیں آیا کہ تم میرے رسول خدا ہونے کی گواہی دو" تو ابوسفیان نے کہا: ابھی یہ بات میرے دل میں کھٹک رہی ہے حافظ مغرب ابن عبدالبر نے "الاستیعاب" میں ابوسفیان کی تاریخ حیات پر گفتگو کرتے ہوئے اسے اچھی طرح رسوا کیا ہے، وہ لکھتے ہیں۔ ابوسفیان اسلام قبول کرنے کے بعد بھی منافقین کی پشت پناہی کرتا رہا۔ دور جاہلیت میں اس کا شمار زنارقہ میں ہوتا تھا، اس کی زندگی نابکاریوں سے توام تھی اور اس کا اسلام کسی طرح بھی درست نہ تھا۔ نیز یہ کہ ابوسفیان اور اسکا فرزند معاویہ ان لوگوں میں سے ہیں جن کے بارے میں رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فتح مکہ کے موقع پر کہا تھا: جاؤ آج ہم نے تمھیں آزاد کیا" اور یہ بھی کہ ابوسفیان "مولفہ قلوبہم" میں شامل تھے یعنی اس کا شمار اس گروہ میں ہوتا تھا جسے مسلمان اس خوف سے اپنے صدقات کا ایک حصہ دیا کرتے تھے کہ وہ انکے ہاتھوں امن و امان میں رہیں یا پھر انسے اسلام لانے کی امید وابستہ کی جاتی نہیں تو اسلام میں استواری کی آس ہی ان کا مطمح نظر ہوتا، مگر حضرت عمرؓ نے اپنے عہد خلافت

۱- الاستیعاب - ص ۷۰۹ اور ۷۱۰

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میں اس قسم کے صدقات کی سختی سے ممانعت کردی اور کہا: "اب رشوت دینے کا زمانہ ختم ہوچکا، کیوں کہ مسلمانوں کی تعداد بڑھ گئی ہے" ذکر شدہ مفاہیم کے مطابق ابوسفیان اور معاویہ کا شمار ان لوگوں میں ہوتا تھا جن کے بارے میں پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کمک فقط اس لئے ہوتی کہ مسلمانوں کو ان کے آزار سے بچایا جائے کیونکہ بقول ابن عبدالبر" ان کا اسلام صحیح نہیں تھا" اسی سبب ابوسفیان، معاویہ اور اس خاندان سے متعلق ان کے پیرو کار اپنے دلوں میں پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دشمنی چھپائے پھرتے تھے اور ہر وقت انھیں آزار پہنچانے کے درپے تھے، ان کا یہ طرز سلوک برابر جاری رہا یہاں تک کہ اموی عہدہ دار خلافت حضرت عثمانؓ کا دور آپہنچا یہ وہ دور تھا جس میں بنی امیہ کو اپنی دیرینہ آرزوؤں کی تکمیل کے لئے بڑے اچھے مواقع ہاتھ لگے اور انہوں نے لوگوں پر تفوق حاصل کرنے کی پرانی خواہش اور تمام بلاد عربی پر چھا جانے کی تمنا کو عملی جامہ پہنانے کی کوشش شروع کردیں اور یہ چاہا کہ ان کا یہ تسلط "اموی اسلام" کے زیر سایہ ہو۔ اس بناء پر حضرت عثمانؓ کی سیاست اس بات کی مقتضی ہوئی کہ وہ بنی امیہ میں سے اپنے رشتہ داروں کو امور سلطنت میں شامل کرلیں لہذا انہوں نے اپنے بیشتر عمال بنی امیہ سے منتخب کئے جن میں سے ایک مروان بن حکم تھا جسے انہوں نے اپنا منشی اور امانت دار مقرر کیا۔ اور جس نے ان تمام چیزوں کو جنھیں اسلام نے برپا کیا اور حضرت ابوبکرؓ و عمرؓ کی کوششوں نے استوار کیا تھا جن میں قبائلی عصبیت سے جنگ اور تحکیم اتحاد عرب اس طرح شامل تھے کہ ان میں کسی تنازعہ یا پھوٹ کا عنصر باقی نہ رہا، یکسر ملیا میٹ کردیا۔ کیونکہ اموی حکومت کی بنیاد تمام عرب کی فرمانروائی نہ تھی بلکہ اس کا تعلق ایک مخصوص قبیلے اور گروہ سے تھا لہذا بنی ہاشم اور بنی امیہ کے درمیان دور جاہلیت کی قدیم دشمنیاں پھر عود کر آئیں حضرت عثمانؓ نے معاویہ کے دائرہ نفوذ میں وسعت پیدا کی اور انھیں تمام بلاد شام کا والی مقرر کیا جبکہ وہ حضرت عمرؓ کی جانب سے، تنہا شام اور اس کے گرد و نواح

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کے مختصر سے حصے پر والی مقرر کئے گئے تھے۔[1] قتل حضرت عثمانؓ کے بعد معاویہ نے اپنے دل میں چھپے ہوئے اموی کینہ کو آشکار کیا اور جس طرح ابوسفیان نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سلوک کیا تھا بالکل اسی طرح اسنے بھی حضرت علی علیہ السلام کے ساتھ سلوک کیا اس طرح کہ ہمیشہ حضرت علی علیہ السلام کے خلاف لوگ لوگوں کو بھڑکاتا رہا اور انسے برسرِ پیکار رہا یہاں تک کہ حضرت علی علیہ السلام ناگہانی طور پر شہید کر دیئے گئے آپ کے بعد اب حضرت امام حسن علیہ السلام کی باری تھی جنھیں اسنے زہر کے ذریعے شہید کیا۔ اس کے بعد اس کے بیٹے یزید نے جگر گوشہ رسول مقبول حضرت امام حسین علیہ السلام کو قتل کیا اور ان کی طرف سے آسودہ خاطر ہوگیا۔ معاویہ نے تختِ سلطنت پر تسلط پانے کے بعد پہلا کام یہ کیا کہ اپنے عمال کو خطوط کے ذریعے مطلع کیا کہ حضرت علی علیہ السلام پر ہر نماز میں اور تمام منابر پر لعن کیا جائے۔[2] اہلبیت اور ان کے پیروکاروں میں سے کسی کی شہادت قبول نہ کی جائے اور حضرت علی اور انکے فرزندوں کے دوستوں کا نام دیوان سے محو کر کے ان کے عطایا اور ارزاق کو بند کر دیا جائے اور بڑے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ حضرت عائشہؓ نے بھی اس سلسلے

۱۔ حضرت عمر کے زمانہ میں جب دمشق فتح ہوا تو اس پر معاویہ کے بھائی یزید بن ابوسفیان کی حکومت تھی جو ام حبیبہؓ زوجہ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بھائی بھی تھے۔ یزید بن ابوسفیان عقلائے عرب میں ہوتا تھا سنہ ۱۸ ہجری کے طاعون کا شکار ہوا۔ حالت احتضار میں اسنے اپنے بھائی معاویہ کو اپنا جانشین بنایا اور پھر حضرت عمرؓ کی جانب سے احترام یزید میں اسکا نفاذ عمل میں آیا۔ (کتاب سیر اعلام النبلاء ــ ص ۲۳۷ اور ۲۳۸ - ج ۲)

۲۔ یہ پست و ناپسندیدہ روش اسی طرح برقرار رہی یہاں تک کہ ۹۹ سے ۱۰۱ صدی ہجری کے درمیان عمر بن عبدالعزیز خلیفہ عادل خلافت پر مامور ہوئے۔ یہاں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز کو بھی زہر دے کر مارا گیا کیونکہ وہ امویوں کی روش کے خلاف حکومت کر رہے تھے اور ان کا طرز عمل اسلام سے قریب تھا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میں معاویہ کی معاونت اور پشت پناہی کی[1]۔ چونکہ حضرت عائشہؓ کو حضرت علی علیہ السلام سے حدیث افک[2] کے سلسلہ میں دشمنی تھی اور پھر یہ بھی کہ آپ ان کی سوکن حضرت خدیجہ سلام اللہ علیہا کی صاجنزادی کے شوہر تھے اور حضرت عائشہؓ کو حضرت خدیجہ سلام اللہ علیہا کی وفات کے بعد بھی انسے جلاپا تھا۔ یہ تمام امور اس وقت رونما ہوئے جب لوگوں نے صحیح طور پر حضرت علی علیہ السلام سے رجوع کیا اور ان کے ہاتھ پر بیعت کی۔ معاویہ کا آپ سے طرز سلوک وہی تھا جسے ہم نے بیان کیا۔ اسی بنا پر تمام پیشوایان اہل سنت

۱۔ تعجب اس بات پر ہے کہ ام المومنین حضرت عائیشہؓ ہی وہ پہلی ہستی تھیں، جنھوں نے حضرت عثمانؓ کے ناپسندیدہ اعمال پر بگڑتے ہوئے کہا تھا: "یہ رسول کا پیراہن ہے جو ابھی بوسیدہ نہیں ہوا اور آپ کا دین روز بزوال ہے۔" وہ یہ بھی کہا کرتی تھیں "اس نعثل" بڈھے کھوسٹ بجو" . . . . نے حضرت علی علیہ السلام سے صحیح معنوں میں بیعت کی تو یہی حضرت عائشہؓ تھیں جنھوں نے کہا: "مجھے اس بات کی پرواہ نہیں کہ آسمان زمین پر گرے" اور پھر اس کے بعد انہوں نے جنگ کی آگ کو طلحہ اور زبیر کی مدد سے بھڑکایا۔ الخ۔

۲۔ حدیث افک کی داستان کو مرحوم طبرسی نے مجمع البیان میں "ان الذین جاؤو بالافک" آیت کے ذیل میں تفصیل سے نقل کیا ہے اس کا خلاصہ یہ ہے کہ: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب کبھی کسی سفر کا ارادہ کرتے تو اپنی بیبیوں کے درمیان قرعہ اندازی کرتے اور جس کسی کے نام قرعہ نکلتا آپ اس کو اپنا شریک سفر بناتے۔ ایک غزوہ (غزوہ بنی المصطلق) میں قرعہ میرے نام نکلا۔ سفر سے لوٹتے ہوئے نواح مدینہ میں ایک جگہ ہم نے پڑاؤ ڈالا۔ کوچ سے کچھ دیر پہلے میں قضائے حاجت کے لئے دور نکل گئی جب واپس لوٹی تو میں نے دیکھا میرا گلوبند غائب ہے۔ میں اس کی جستجو میں واپس لوٹی۔ تلاش میں دیر ہوگئی اور جب

(۴)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

(۴) میں اسے ڈھونڈ کر واپس آئی تو میں نے دیکھا قافلہ جا چکا تھا اور میرے ہودج کو یہ سمجھ کر کہ میں اس میں موجود ہوں اونٹ پر چڑھا کر لشکر نے روانگی اختیار کر لی تھی۔ ایسے وقت میں جب کہ بیابان ہر ذی حیات سے خالی تھا نیند نے مجھ پر غلبہ کیا۔ صفوان بن معطل السلمی نے جو قافلہ کے پیچھے پیچھے آرہے تھے مجھے اس حال میں دیکھا۔ جب میں بیدار ہوئی تو میں نے فوراً اپنا چہرہ ڈھانپ لیا۔ صفوان نے ایک لفظ زبان سے نکالے بغیر اپنے اونٹ کو بٹھایا اور مجھے سوار کر کے خود اونٹ کو ہنکاتا ہوا قافلہ تک پہنچا، انھیں دنوں میں ایک شدید بیماری میں مبتلا ہوئی اور لوگوں نے جن میں عبداللہ بن سلول بھی تھا میرے بارے میں باتیں بنانی شروع کیں۔ مگر لوگوں کے موضوع بحث سے متعلق مجھے قطعاً کوئی علم نہ تھا، فقط جو بات میں نے محسوس کی وہ یہ تھی کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وہ پہلا سا سلوک میرے پاس آکر سلام کرتے اور حال احوال پوچھ کر چلے جاتے یہاں تک کہ ایک شب کو میں اپنی خالہ زاد بہن ام مسطح کے ساتھ جا رہی تھی کہ اچانک اس کا پیر لڑکھڑایا اور وہ زمین پر گر گئی اور مسطح کو کوسنے لگی۔ میں نے اس سے کہا کہ جنگ بدر میں حصہ لینے والے صحابی کو کیوں گالیاں دے رہی ہو تو اس نے کہا کہ کچھ نہ پوچھو کہ اس نے تمہارے لئے کیا کیا باتیں بنائی ہیں اور داستان افک کو میرے لئے نقل کیا اور اس کے بعد سے میری بیماری نے اور بھی شدت اختیار کر لی۔ پھر میں پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت لیکر اپنے باپ کے گھر گئی اپنی ماں سے اس پریشانی کا تذکرہ کیا۔ میری ماں نے مجھے دلاسہ دیا اور برابر میری دلداری کرتی رہیں۔ ان دنوں پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے بارے میں اسامہ بن زید رض اور حضرت علی ابن ابیطالب علیہ السلام سے مشورہ فرما چکے تھے "اسامہ" نے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جواب میں کہا تھا کہ حضرت عائشہ رض آپ کی اہلیہ ہیں اور ہم نے ان سے بجز اچھائی اور کچھ نہیں دیکھا مگر حضرت علی ابن ابیطالب علیہ السلام نے فرمایا تھا: اگر آپ اتنے فکرمند ہیں تو بلا سبب اپنے آپ کو ہلکان نہ کریں۔ عورتیں بہت ہیں۔ اس کے علاوہ آپ نے حضرت عائشہ رض کی کنیز "بریرہ" سے بھی ان کے بارے میں معلومات فراہم کیں "بریرہ ایک راست گو عورت تھی۔ آپ نے بریرہ کو طلب فرما کر اس سے پوچھا: بریرہ تم نے عائشہ رض کے بارے میں کوئی ایسی چیز

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سے کام لیا۔ اور یہ ستمگاری اس حد تک بڑھی کہ اس نے خوفناک خونریزی، فتنہ وفساد اور گناہوں کی فراوانی کو جنم دیا جس کے شر سے آج تک مسلمان محفوظ نہ رہ سکے اور شاید ان شرور وفتن کا سلسلہ یوں ہی قیامت تک برقرار رہے۔
معاویہ وہ پہلا شخص تھا جس نے اسلام میں شوریٰ کی اہمیت کا خاتمہ کر دیا۔ اور پھر اپنی طاقت کے بل بوتے پر اپنے فرزند یزید کے لئے لوگوں سے بیعت کا طلبگار ہوا اور آخر الامر اخذ بیعت کے بعد ان کی پائیداری کے لئے مختلف طریقوں سے ایجاد خوف وہراس پھیلانے تطمیع وترغیب کے ذریعے لوگوں کو ہتھیلانے پر

دیکھی ہے جس سے تمہارے دل میں ان کے لئے کوئی شک پیدا ہو گیا ہو؟ بریرہ نے کہا: اس خدا کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث کیا میں نے ان سے کوئی ایسی بات نہیں دیکھی بجز اس کے کہ وہ ایک جوان اور ناپختہ عورت ہیں۔ حضرت عائشہؓ کہتی ہیں کہ میں خدا سے چاہتی تھی کہ خواب یا کسی اور ذریعے سے یہ بات پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر روشن ہو جائے مگر میں یہ توقع نہیں کر رہی تھی کہ میری برائت میں کوئی آیت نازل ہو اور جب آیہ افک میری برائت میں نازل ہوئی تو سرور کائنات میرے پاس تشریف لائے اور فرمایا۔ عائشہؓ تمہیں بشارت دیتا ہوں کہ خداوند تبارک وتعالیٰ نے تمہاری ان تہمتوں سے برائت کے سلسلے میں آیت نازل کی ہے یہ سن کر میری ماں نے مجھ سے کہا اٹھو اور اٹھ کر پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اظہار سپاسگذاری کرو۔ میں نے ان سے کہا: "میں خدا کے سوا کسی کی سپاسگذار نہیں بنتی اس لئے کہ اسی نے میرے لئے یہ آیت نازل کی ہے۔

۱۔ اکابر علمای جرمن میں سے ایک دانشمند نے شرفای مکہ کی ایک شخصیت کے حضور ایک سلسلے میں کہا تھا: حقیقتاً ہمیں چاہیے کہ ہم معاویہ بن ابوسفیان کے مجسمے کو اپنے پایہ تخت برلن کے کسی میدان میں نصب کریں اور جب اس سے پوچھا گیا کہ آخر کیوں اور کس لئے؟ تو اس نے کہا: کیوں کہ معاویہ وہ ہستی ہے جس نے اسلامی نظام حکومت کو ڈھو کر اسی سے دوبارہ قومی عصبیت کی طرف لوٹایا اور اگر یہ کام معاویہ کے ہاتھوں انجام نہ پاتا تو آج دنیا کا چپہ چپہ اسلام کے زیر اثر ہوتا اور اس وقت ہم اہل جرمن تمام یورپی اقوام کے ساتھ مسلم عرب ہوتے (کتاب الوحی المحمدی۔ ص ۲۳۲)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مجبور ہوا۔[1] جو بھی اس کام میں اس کا معارض بنتا وہ صفحہ ہستی سے مٹا دیا جاتا۔ جیسے حسن بن علی علیہ السلام، عبدالرحمٰن بن ابی بکر اور عبدالرحمٰن بن خالد بن ولید زہر سے شہید کر دیئے گئے اس کے علاوہ حجر بن عدی اور ان کے اصحاب کو تلوار سے تہ تیغ کیا گیا اور جو بھی اس راہ میں اس کا ہمگام ہوتا اور اس کی حکومت سے اظہار خوشنودی کرتا وہ اس کے انواع و اقسام کے عطایا اور بخششوں سے بہرہ ور ہوتا اور اونچا مقام پاتا، جس طرح ابوہریرہ، مغیرہ بن شعبہ، عمرو بن العاص اور دیگر افراد اس کی مہربانیوں کا سبب بنے۔ اختتام بحث پر ہم معاویہ کے بارے میں حسن بصری کی ایک جامع گفتگو کو جسے انہوں نے بربنائے روایت طبری لکھا ہے نقل کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا: معاویہ سے

۱۔ جس دم لوگ یزید سے بیعت کے لئے معاویہ کے اطراف جمع ہوئے تو خطباء باوجود عدم رضایت لوگوں کی جانب سے کھڑے ہو کر خطبے دینے لگے، ایسے میں یزید بن مقنع نامی ایک شخص اپنی جگہ سے کھڑا ہوا اور اپنی تلوار کو کسی قدر نیام سے باہر نکال کر معاویہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا: امیر المومنین یہ ہے اور پھر یزید کی طرف اشارہ کر کے کہا اور اگر مرد یہ ہے تو پھر اس سے مخالفت کرنے والے کے لئے یہ ہے اور اشارہ اپنی تلوار کی طرف کیا۔ یہ دیکھ کر معاویہ نے کہا: درحقیقت تم سید خطباء ہو (کتاب البیان والتبیین۔ ص ۳۰۰) کتنی مضحکہ خیز بات ہے اگر آج کی دنیا میں معاویہ کا کوئی سرسخت حامی پیدا ہو کر یہ کہے معاویہ "مہدی" ہے اور اہل شام کے لئے اس کا وہی مرتبہ ہے جو مالک کا اہل مدینہ کے لئے تھا اور اس کے لئے اس طرح کی ایک روایت بھی نقل کرے جو خود اس کی طرح بے بنیاد ہو کر: پروردگار احساب وکتاب اسے تعلیم فرما اور اس کے حق میں اپنے عذاب سے درگذر فرما اور اسے بہشت بریں میں داخل کر۔"

—— پھر یہ بھی کہا جائے کہ جو کوئی اس حدیث کو نہ مانے وہ اسلام کے تمام قوانین کا منکر ہے اس کے بعد یہ بھی فرماتے ہیں کہ معاویہ کے صحابہ اور حوالی ان کے لباس کو تبرک کے طور پر ان سے لے جاتے تھے۔ العجب ثم العجب۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

چار عمل سرزد ہوئے جن میں سے تنہا کسی ایک کا ارتکاب ہی عظیم ترین معاصی کا موجب تھا۔ پہلا یہ کہ سفہاء اور بے خرد لوگوں کو اس امت پر مسلّط کیا اس طرح کہ لوگوں کے امور کو اُن کے ہاتھوں سے بغیر مشورت لئے چھین لئے حالانکہ ابھی بقایای صحابہ اور صاحبان فضیلت امت کے درمیان کثرت سے موجود تھے۔ دوسرے یہ کہ اس نے اپنے شرابخوار فرزند یزید کو جو دائم الخمر تھا اور ریشمی لباس زیب تن کرتا تھا نیز یہ کہ تار وطنبور سے بھی شغف رکھتا تھا اپنی خلافت پر مخصوص کیا۔ تیسرے یہ کہ زیاد کے لئے مدعی ہوا کہ وہ اس کا بھائی ہے جبکہ پیغمبر اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا تھا الولد للفراش و للعاہر الحجر" چوتھا عمل حجر بن عدی اور ان کے اصحاب کا قتل تھا۔"

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عوام الناس
اور
معاویہ

jabir.abbas@yahoo.com

معاویہ کی نسبت سے عوام الناس تین گروہوں میں تقسیم ہوتے ہیں۔ ایک گروہ ان مردان خدا کا تھا جو بیباک تھے اور حق کی حمایت اور اللہ کی نصرت میں کسی سے نہیں ڈرتے تھے۔ دوسرا گروہ ان لوگوں کا تھا جو غیر جانب دار تھے اور جنھوں نے ظالموں سے جنگ کی بھاری ذمہ داری اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر جیسے اوامر الٰہی سے اپنے آپ کو سبکدوش کر رکھا تھا جن میں عبداللہ بن

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عمرؓ[1]، محمد بن مسلمہؓ اور دیگر بے شمار لوگ شامل ہیں، تیسرا گروہ ان لوگوں پر مشتمل تھا جو معاویہ کے پیروکار تھے اور جو کچھ وہ چاہتا تھا اسے خوش اسلوبی کے ساتھ انجام دیتے تھے اور حضرت علی علیہ السلام کی ضد پر اس کی مدد کرتے تھے خواہ وہ مدد جھوٹی روایات کے ذریعے کیوں نہ رونما ہو جس میں اس کا اور اس کے خاندان والوں کا مرتبہ بڑھا کر اور حضرت علی علیہ السلام کی منزلت کو گھٹایا جاتا تھا، جیسے احادیث ابوہریرہ اس کے علاوہ نکڑی لمک ۔ بہم پہنچانے والے بھی اس گروہ کے ارکان ہیں جنھوں نے مکروفریب کو اپنا رکھا تھا جیسے عمرو بن العاص اور اس کا لڑکا عبداللہ بن عمرو[2] اس کے علاوہ مغیرہ بن شعبہ، ابوموسیٰ الاشعری اور یعلی بن امیہ کا شمار بھی اسی گروہ میں ہوتا ہے۔ ان تمام افراد کے ساتھ کوئی نہ کوئی غرض وابستہ تھی جس کی تعقیب میں وہ لگے رہتے تھے۔

اب ہم پہلے گروہ کے بعض افراد کی شرح زندگی کے بارے میں تھوڑی سی گفتگو کرنا چاہتے ہیں جنھوں نے امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی خاطر

۱۔ عبداللہ بن حبیب ناقل ہیں کہ عبداللہ بن عمرؓ نے مرتے وقت کہا: مجھے اپنے دنیاوی امور میں کسی عمل پر کوئی پریشانی لاحق نہیں ہے مگر یہ کہ میں نے ظالموں کے ساتھ جنگ میں علی کی مدد کیوں نہ کی (کتاب الاستیعاب ابن عبدالبر۔ ص ۳۸۱ ۔ ج ۱)

۲۔ ابن ملیکہ ناقل ہیں کہ عبداللہ بن عمروؓ کہا کرتے تھے۔ "آخر مجھے صفین اور مسلمانوں کے کشت وخون سے کیا سروکار تھا کاش میں اس واقعے سے بیس سال قبل مر گیا ہوتا۔ اور مجھے یہ جنگ نہ دیکھنی پڑتی۔ اب میں اپنے کیے پر پشیمان ہوں اور بارگاہ احدیت سے اپنے گناہوں کی معافی چاہتا ہوں۔ جنگ صفین میں عبداللہ بن عمروؓ، معاویہ کے پرچم دار تھے مگر بعد میں انھیں اپنے کیے پر بڑی ندامت تھی اور ہر وقت استغفار کیا کرتے تھے۔) (کتاب الاستیعاب۔ ص ۳۸۲ اور ۳۸۳ ۔ ج ۱۔)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قیام کیا ان میں سے بیشتر افراد وہ تھے جنھوں نے تلوار اٹھائی اور برسرپیکار ہوئے ایسے افراد کی تعداد زیادہ بلکہ غیر قابل احصاء تھی، حضرت عثمانؓ کے زمانے میں جن بزرگوں نے معاویہ کے خلاف شورش کی ان میں عبادہ بن الصامت الخزرجی بھی تھے جن کا شمار روسای انصار میں ہوتا تھا۔ اس لئے معاویہ نے برہم ہوکر ایک خط حضرت عثمانؓ کو لکھا اور کہا: اب کوئی کسر باقی نہیں رہی کہ عبادہ شام کی فضا کو خراب کر کے میرے خلاف شورش بپا کریں۔ اور اتفاق کی بات یہ ہے کہ عبادہ حضرت عمرؓ کے زمانے میں بھی معاویہ سے اُلجھے اور کہا:۔ جس سرزمین پر تم رہتے ہو میں وہاں رہنا پسند نہیں کرتا اور یہ کہہ کر انہوں نے مدینہ کا رخ کیا اور جب حضرت عمرؓ نے انھیں دیکھا تو کہا: عبادہ تم شام چھوڑ کر یہاں کیوں چلے آئے؟ عبادہ نے معاویہ کے تمام کرتوت شرح و بسط کے ساتھ بیان کئے۔ حضرت عمرؓ نے کہا: واپس جاؤ، برباد ہو وہ سرزمین جس پر تم اور تم جیسے افراد نہ ہوں۔ معاویہ کی تم پر کوئی حکمرانی نہیں ہے۔ یہ ہے وہ مقام جہاں ہمیں سوچنا پڑتا ہے کہ حضرت عمرؓ اور حضرت عثمانؓ میں کتنا فرق اور فاصلہ تھا۔ ہم آئندہ صفحات میں عبادہ کا ایک اور واقعہ نقل کریں گے۔

معاویہ کے مدمقابل آنے والی ایک اور ہستی ابوذر غفاریؓ کی ہے جنکے بارے میں جناب پیغمبر اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ نے فرمایا تھا "زیر آسمان اور روی زمین پر ابوذرؓ سے زیادہ سچا کوئی نہیں ہے۔ اور جب معاویہ کے بارے میں حضرت ابوذر غفاری کی سختی انتہا کو پہنچی تو معاویہ نے حضرت عثمانؓ کو لکھا کہ: ابوذر نے شام کی فضا کو میرے لئے تاریک بنا دیا ہے۔ حضرت عثمانؓ نے جواب دیا: اسے سخت ترین وسیلے کے ساتھ ہمارے پاس بھیجو: معاویہ نے ایسا ہی کیا اور انھیں چند افراد کی نگرانی میں مدینہ روانہ کیا اور تاکید کی کہ دن اور رات مسلسل سفر میں رہیں۔

۱۔ کتاب اعلام النبلاء ذہبی۔ ص ۲۔ ج ۳

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور انھیں کہیں آرام کرنے کا موقع نہ دیا جائے، ابھی ابوذر مدینہ نہ پہنچے تھے کہ سختی راہ سے ان کی تمام رانیں چھل گئیں اور وہ قریب المرگ ہو گئے اور جب حضرت عثمانؓ کے روبرو آئے اور ان سے معاویہ کے طرز عمل کی تشریح کی تو حضرت عثمان نے حکم دیا کہ پیغمبرؐ کے اس سچے رفیق کار کو ربذہ شہر بدر کیا جائے[1]۔ ابوذر ربذہ میں رہے یہاں تک سنہ ۳۲ یا ۳۳ میں آپ کا انتقال ہوا۔ رضی اللہ عنہ۔

سعد بن ابی وقاص کا شمار بھی اسی گروہ میں ہوتا ہے کہ جب معاویہ کے روبرو آئے تو انھیں امیر المومنین کے عنوان سے سلام نہیں کیا۔ معاویہ نے کہا: سعد امارت مومنین کے عنوان سے مجھے سلام کرنے میں کیا چیز حارج ہوئی تو سعد نے کہا: ہم مومن ہیں اور ہم نے تجھے اپنا امیر مقرر نہیں کیا ہے اور اگر تم اپنی اسی امارت پر خوش ہو تو خدا کی قسم مجھے یہ بالکل پسند نہیں کہ اس طرح کی امارت رکھ کر اس کی راہ میں کسی کا ایک قطرہ خون بھی بہاؤں، اور مسلم نے اپنی صحیح میں نقل کیا ہے کہ معاویہ نے سعد بن ابی وقاص سے پوچھا: ابو ترابؑ کو "سب" کرنے میں تمہیں کیا چیز مانع ہے۔ سعد نے کہا: میں ہرگز ہرگز ایسا نہیں کر سکتا کیونکہ مجھے یاد ہے کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے بارے میں تین باتیں کہی ہیں کہ اگر ان میں سے ایک بھی میرے لئے ہوتی تو میں اپنے آپ کو خوش نصیب ترین انسان تصور کرتا اور وہ میرے لئے ہر سرمایہ سے زیادہ بہتر ہوتی ہے۔ میں نے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو لشکر کشی کے ایک موقع پر جب آپ حضرت علی کو اپنا جانشین مقرر کر رہے تھے یہ کہتے ہوئے سنا: کیا تم پسند نہیں کرتے کہ تمہاری نسبت مجھ سے وہی ہو جو ہارونؑ کو

۱۔ ربذہ شرق مدینہ میں ایک گاؤں ہے جو مدینہ سے تین دن کی مسافت پر واقع ہے اور عراقی حاجیوں کی راہ میں پڑتا ہے۔ حضرت ابوذر کی قبر مبارک بھی وہیں موجود ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

موسیٰؑ سے تھی مگر یہ کہ میرے بعد کوئی نبی نہ ہوگا: اس کے علاوہ میں نے خیبر کے دن پیغمبر کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ: آج میں علَم اس کو دونگا جو خدا اور رسول کو دوست رکھتا ہوگا اور خدا اور رسول بھی اس کو دوست رکھتے ہوں گے۔" یہ سن کر ہم نے اپنی گردنوں کو بلند کیا تاکہ دیکھ سکیں۔ یہ اعزاز کس کو ملتا ہے پھر اس کے بعد آپ نے فرمایا: علی کو بلاؤ۔ اور جب چند لمحوں بعد آپ دکھتی ہوئی آنکھوں کے ساتھ حاضر ہوئے تو سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علَم آپ کو عطا فرمایا اور آپ اس لڑائی سے فتحمند واپس لوٹے اور تیسرا موقع وہ تھا جب آیت: تَعَالَوْا نَدْعُ اَبْنَآءَنَا... الخ (سورہ آل عمران آیت ۶۱) کا نزول عمل میں آیا تو حضرت ختمی مرتبتؐ نے علی و فاطمہ و حسن و حسین علیہم السلام کو پاس بلایا اور فرمایا "خداوندا یہ ہیں میرے اہل بیت" اور یہ بات آپؐ نے ان ہستیوں پر دامنِ کسا ڈال کر کہی تھی، سلام اللہ علیہم جمیعا۔[۱]

جب معاویہ مدینہ میں وارد ہوا اور ابوقتادہ انصاری اسکی ملاقات کو گئے تو معاویہ نے ان سے کہا: سب لوگ مجھ سے ملنے آئے بجز تمہارا گروہ انصار آخر اس کی کیا وجہ ہے؟ ابوقتادہ نے جواب دیا۔ ہمارے پاس سواری کے مرکب نہیں ہیں۔ معاویہ نے کہا: وہ تمہارے پانی لادنے والے اونٹ کیا ہوئے؟ ابوقتادہ نے جواب دیا ہم نے ان سب کو جنگ بدر میں تم اور تمہارے باپ کے ساتھ لڑنے میں تلف کر دیا۔ معاویہ بولا: ابوقتادہ ٹھیک کہتے ہو، اس دن ابوقتادہ کی معاویہ کے ساتھ جو گفتگو عمل میں آئی وہ یہ تھی کہ: پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا کہ آپ کے بعد ہم آفتوں میں گرفتار ہوں گے۔ معاویہ نے کہا: ایسی صورت میں پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تمہیں کیا مشورہ دیا۔ ابوقتادہ نے جواب دیا۔ آپ نے صبر کرنے کی

۱۔ الاستیعاب (ہندوستان کی طباعت شدہ) ص ۱۶۱ - ج ۱

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تلقین فرمائی۔ معاویہ نے کہا۔ پھر تم اسی طرح صبر کرتے رہو جب تک کہ اُن سے ملاقات نہ ہو جائے۔

نیز یہ کہ حکم بن عمرو الغفاری[1] جنھیں حکم بن الاقرع بھی کہا جاتا تھا زیاد کی طرف سے والیِ خراسان تھے۔ زیاد نے اس مضمون پر مشتمل ایک خط ان کو لکھا کہ: امیر المومنین معاویہ نے مجھے لکھا ہے کہ میں کل کا کل زر و سیم اکھٹا کر کے اس کے پاس بھیج دوں۔ لہٰذا آج سے تم لوگوں کے درمیان کچھ بھی تقسیم نہ کرنا، حکم نے اس کے جواب میں لکھا۔ "تمہارا امیر المومنین کے حکم پر مبنی ارسال زر وسیم سے متعلق خط موصول ہوا مگر میں نے اللہ کی کتاب کو امیر المومنین کے خط سے پیشتر پڑھ لیا ہے خدا کی قسم اگر زمین و آسمان کے دروازے کسی پر بند ہوں اور وہ شخص پرہیزگاری کو اپنائے اور اس پر ثابت قدم رہے تو خداوند عالم اس کے لئے ایک نئی راہ کھول دیتا ہے، والسلام"۔ اس کے بعد اس نے لوگوں کو خبر دار کیا کہ اپنے اموال و حقوق لینے کے لئے آمادہ رہیں اور ساتھ ہی جو کچھ اس کے پاس تھا اسے بھی لوگوں میں تقسیم کر دیا اور کہا خداوندا اگر میں نیکوکار لوگوں میں شمار ہوتا ہوں تو مجھے آج کے بعد زندہ نہ رکھ۔ اور کچھ عرصہ بعد خراسان میں کسی مرض کا شکار ہو کر چل بسا۔ یہ تھے نامی و برجستہ افراد رحمہ اللہ و رضی عنھم۔

علاوہ ازیں ایک دن معاویہ نے طعنہ دیتے ہوئے اسامہ بن زید سے کہا خدا رحمت کرے۔ ام ایمن پر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آج بھی میں اس کی دونوں پنڈلیوں کو دیکھ رہا ہوں جو شتر مرغ کی طرح تھیں۔ اسامہ نے اس کے جواب میں کہا: بخدا وہ ہند (مادر معاویہ) سے بہتر تھی اور محترم تر بھی معاویہ نے تعجب سے پوچھا محترم تر بھی؟ اسامہ نے کہا: ہاں خداوند عالم فرماتا ہے۔

۱۔ الاستیعاب، ص ۱۱۹ ۔ ج ۱

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

إِنَّ أَكْرَمَكُمْ عِندَ اللَّهِ أَتْقَاكُمْ (سورہ الحجرات آیۃ ۱۳) ؎

معاویہ نے خطباء کو حکم دے رکھا تھا کہ وہ منبر پر حضرت علی علیہ السلام کو "سب" کریں۔ ایک دن احنف بن قیس جو اس کے ساتھ مسجد میں نماز ادا کر رہے تھے اس بارے میں معاویہ سے الجھ پڑے اور بات زیادہ بڑھ گئی معاویہ نے ان سے کہا اب اگر یہی بات ہے تو تمہیں بھی منبر پر جا کر علی کو برا کہنا ہوگا۔ احنف نے احتراز کیا اور جب دیکھا کہ معاویہ کو اس بات پر اصرار ہے تو انہوں نے کہا: کہ میں منبر پر جا کر اچھی طرح تمہارے بارے میں تضاوت کروں گا، معاویہ نے پوچھا: تم کہنا کیا چاہتے ہو؟ احنف نے جواب دیا: منبر پر جا کر خدا کو اس طرح پکار کر کہونگا: خدا وندا تو اچھی طرح جانتا ہے کہ علی علیہ السلام اور معاویہ کو ایک دوسرے سے اختلاف تھا اور آپس میں جنگ و جدال رکھتے تھے۔ خدا وندا تو، تیرے فرشتے اور تمام پیامبر لعنت کریں اس پر جسنے دوسرے کے حق میں ستم کیا۔ اور لوگوں سے کہونگا کہ تم آمین کہو۔ معاویہ کھسیانا ہوا اور لعاب دہن حلق سے اتارتے ہوئے کہنے لگا۔ احنف جاؤ میں نے تمہیں معاف کیا۔

اس موضوع پر ہم اس سے زیادہ بحث کرنا نہیں چاہتے کیونکہ اس قسم کے افراد کی تعداد بہت زیادہ ہے اور تاریخ کی کتابیں ان کے تذکروں سے بھری پڑی ہیں۔ جن میں مردوں کے علاوہ عورتیں بھی شامل ہیں: جیسے: سودہ بنت عمارہ، بکارہ الہلالیہ، زرقا، بنت عدوی، ام اسنان بنت خیثمہ، عکرشہ الاطرش وغیرہ وغیرہ جن کی تعداد غیر قابل شمار ہے۔

اب ہم تیسرے گروہ کے متعلق گفتگو کرنا چاہتے ہیں جو معاویہ کے ساتھ مل کر اس کی مدد کیا کرتا تھا۔ مغیرہ بن شعبہ اسی گروہ کا ایک فرد

۱۔ انساب الاشراف بلاذری۔ ص ۴۷۵۔ ج ۱۔ ام ایمن حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خادمہ اور اسامہ کی والدہ تھیں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تھا جس کو معاویہ نے کوفہ کا والی مقرر کرکے کہا تھا "مجھے بہت کچھ تم سے کہنا تھا مگر تمہاری عقل پر بھروسہ کرکے ان کے تذکرے سے صرف نظر کرتا ہوں البتہ چند باتیں ایسی ہیں جن کا تذکرہ ناگزیر ہے۔ پہلی بات یہ ہے کہ علی علیہ السلام کی برائی اور بدگوئی سے مطلق دریغ نہ کرنا۔ دوسرے یہ کہ ہمیشہ حضرت عثمانؓ کے لئے طلب مغفرت کرنا اور ان پر رحمت بھیجنا، تیسرے یہ کہ ہمیشہ اصحاب علی کی عیبجوئی کرنا اور انھیں اپنے سے دور رکھنا"[1]

عمر بن عاص کا شمار بھی اسی زمرے میں ہوتا ہے جسنے اپنے لڑکے عبد اللہ بن عمرو کے ساتھ تلوار کے ذریعے معاویہ کی یاوری کی۔ عمرو نے اپنی چالاکی اور مکاری کے ساتھ جو اس میں کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی تھی معاویہ کی ہر طرح مدد کی حتیٰ کہ علی اور آل ابو طالب علیہم السلام کی مذمت میں جعلی حدیث تک سے دریغ نہیں کیا۔ یہاں ہم فقط ایک حدیث پر اکتفا کرتے ہیں جسے شیخین نے نقل کیا ہے اور وہ یہ ہے کہ: عمر بن عاص بیان کرتا ہے کہ میں نے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے آشکار سنا کہ آپ فرما رہے تھے: آل ابو طالب میرے دوست نہیں ہیں بلکہ میرے دوست خدا اور مومنین صالحین ہیں۔

عروہ بن زبیر کا تعلق بھی اسی گروہ سے ہے یہاں بھی ہم فقط ان کی دو حدیثوں کو بیان کرنا چاہتے ہیں جسے انہوں نے حضرت عائشہؓ سے نقل کیا ہے۔ پہلی حدیث یہ ہے کہ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ: میں رسول خدا کے پاس تھی کہ ایسے میں عباسؓ اور علی علیہ السلام وارد ہوئے، پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انھیں دیکھکر فرمایا عائشہؓ یہ دونوں افراد میری قوم یا میرے دین سے ہٹ کر مریں گے۔ دوسری حدیث یوں ہے کہ: حضرت عائشہؓ نے کہا: "ختمی مرتبت[2]

۱۔ تاریخ طبری کے صفحہ ۱۰۸ جلد ۶ سنہ ۵۱ ہجری کے واقعات اور تاریخ ابن اثیر صفحہ ۲۰۲ جلد ۳ کا مطالعہ فرمایئے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نے مجھ سے فرمایا اگر تم اہل دوزخ کے وہ افراد کو دیکھ کر خوش ہونا چاہتی ہو تو دیکھو ان دونوں کو جو آرہے ہیں۔ میں نے نگاہ اٹھائی تو دیکھا عباس اور علی علیہ السلام آرہے تھے نعوذ باللہ من ذلک وتعالی اللہ ورسولہ من ذلک البہتان العظیم،

یہ ہیں اس عظیم گروہ کے وہ چند افراد جنھیں ہم نے بطور مثال پیش کیا ہے۔ اور جن کا کام ہی یہ تھا کہ معاویہ کو اپنی زبان اور روایات کے ذریعے جنھیں وہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نسبت دیا کرتے تھے۔ کمک پہنچاتے رہیں۔ اگر ہم اس قسم کی سب باتوں کا تذکرہ کرنا چاہیں تو اس کی داستان کافی طویل ہوگی۔ جن لوگوں نے تلوار کے ذریعے معاویہ کی مدد کی۔ ان کی تعداد ہزاروں تک پہنچتی ہے جن میں کمال تاسف کے ساتھ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ بھی کثرت سے موجود تھے بہرحال اس گروہ کا شمار بھی ناممکن ہے۔ مذکورہ مطالب کے تذکرہ اور اس مقدمہ کی مختصر تمہید کے بعد اب ہم دوبارہ اپنی موضوع بحث یعنی بنی امیہ کے ساتھ ابوہریرہ کی دوستی اور ان کی پیروی کی طرف واپس لوٹتے ہیں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابو ہریرہ اور معاویہ کی پیروی

jabir.abbas@yahoo.com

ابو ہریرہ کی تاریخ کے مطالعہ سے معلوم ہو چکا ہے کہ انہوں نے اس بات کی تصریح کی ہے کہ ان کی پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مصاحبت فقط پیٹ کی بناء پر تھی اور یہ کہ صفہ کو پناہ گاہ بنانے کا مقصد بھی یہی تھا کہ وہاں لوگوں کے بچے ہوئے اموال اور صدقات سے ارتزاق کریں۔ انہوں نے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ا... حضرات ابو بکر رضی اللہ عنہ و عمر رضی اللہ عنہ کے زمانے میں گمنامی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کی زندگی بسر کی مگر اواخر عہد حضرت عمرؓ میں جس وقت بحرین کی ولایت کے عہدہ دار بنے تو انہوں نے قابل توجہ سرمایہ اکٹھا کیا۔ یہی وقت تھا جب وہ گوشہ گمنامی سے نکل کر لوگوں میں ظاہر ہوئے اور جس وقت حضرت علی اور معاویہ کے درمیان جنگ کی آگ بھڑکی یا دوسرے الفاظ میں ہاشمی اور اموی خاندان میں بجھی ہوئی جنگ کی وہ آگ جو ختمی مرتبتؐ اور حضرت ابوبکرؓ و عمرؓ کے زمانہ میں انکے زور و طاقت کی بناء پر بجھ چکی تھی دوبارہ روشن ہوئی اور اواخر عہد حضرت عثمانؓ سے مسلمان مختلف دستوں اور فرقوں میں بٹنے لگے تو ابوہریرہ بھی بمقتضائی طبع و ہوائی نفس معاویہ کی طرف جھک گئے کیونکہ اس کی طرف مال دنیا، خوشحالی اور اسباب عیش و نوش کے وہ تمام سامان فراہم تھے جو حضرت علی کی طرف نہ تھے۔ اس کے برعکس آپ کے پاس زھد و تقوی کا وہ سرمایہ تھا جس کا کوئی خریدار نہ تھا۔ ابوہریرہ تو یوں بھی اِن امور سے بیزار تھے پھر وہ کیونکر معاویہ کی چوکھٹ سے صرف نظر کر سکتے تھے جہاں ہر قسم کے کھانوں سے سجا ہوا رنگین دسترخوان تھا اور ہر طرف انمول عطا کی بارشس تھی[1]۔ ایسے حالات میں کس طرح نفسانی خواہشات قابو میں

۱۔ ابن طباطبا جو ابن طقطقی کے نام سے مشہور ہیں اپنی کتاب "الفخری" کے صفحہ ۷۹ پر لکھتے ہیں کہ معاویہ دن میں پانچ دفعہ کھانا کھاتا تھا لیکن آخری خوراک سب سے زیادہ بھاری ہوتی تھی مگر اس کے باوجود دسترخوان سے اٹھتے ہوئے اپنے غلام سے کہتا۔ اے غلام دسترخوان سمیت لے کہ میں تھک گیا ہوں مگر قسم بخدا ابھی سیری نہیں ہوئی ہے اور ایک دفعہ میں اس نے چند سفید روٹیوں کے ساتھ ایک بھنا بچھڑا اور چار موٹی نان کی روٹیاں ایک گرم اور ایک سرد بکری کے بچے کے ساتھ دوسرے کھانوں کے علاوہ نوش کیا۔ لیکن البدایہ والنہایہ جلد ۸ صفحہ ۱۱۹ میں ابن کثیر کی روایت کے مطابق: معاویہ دن میں سات مرتبہ کھانا کھاتا تھا۔ اس کی غذا گوشت

(بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

رہ سکتے تھے وہ بھی ابو ہریرہ جیسے انسان کے لئے جو ہمیشہ شدت فقر و بھوک میں مبتلا رہے بقول خود ان کے کبھی ایسا ہوتا کہ غش کھا کر دروازے کی چوکھٹ پر گر پڑتے پھر کس طرح ممکن تھا کہ وہ بنی امیہ کی ایسی عظیم الشان طاقتور حکومت کو اس کے عالیشان دستر خوان کا ساتھ چھوڑ کر علیؑ کی طرف جھک جاتے۔ جن کی خوراک جَو کی سوکھی روٹیاں تھیں۔ یہ بات طبع

---

¹حلوے اور فراوانی کے ساتھ پھلوں پر مشتمل تھی لیکن اس کے باوجود اسے سیری نہیں ہوتی تھی اور وہ کہتا تھا تھک گیا ہوں۔ مگر ابھی پیٹ نہیں بھرا۔ احمد اور مسلم نے ابن عباس رضؓ سے روایت کی ہے کہ ایک دن پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے کہا: جاؤ معاویہ کو بلا کر لاؤ میں گیا۔ معلوم ہوا کہ وہ کھانا کھا رہا ہے۔ میں پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور واپس لوٹا۔ اور آپ سے عرض کی کہ وہ کھانا کھا رہا تھا۔ آپ نے مجھے دوبارہ جانے کے لئے کہا۔ میں دوبارہ گیا۔ معلوم ہوا کہ وہ اب بھی کھانے میں مشغول ہے۔ میں پھر حضور کی خدمت میں واپس آیا اور آپ کو اس کے بارے میں خبر دی۔ تیسری مرتبہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا خدا اس کا پیٹ کبھی نہ بھرے۔ اس لئے معاویہ کو کبھی سیری نہیں ہوتی تھی۔ اب ہم معاویہ کے کھانوں کی توصیف میں کچھ کہنا چاہتے ہیں جیسے احنف بن قیس نے نقل کیا ہے۔ احنف کہتے ہیں۔ ایک دن میں معاویہ کے پاس پہنچا میرے لئے گرم و سرد ترش و شیریں ہر قسم کے کھانے لائے گئے۔ ان کھانوں میں ایک خوراک میری سمجھ میں نہیں آئی۔ میں نے معاویہ سے پوچھا یہ کیا ہے۔؟ اس نے کہا منز سے بھری ہوئی مرغابی کی آنت ہے جسے روغن پستہ میں بھون کر اس پر طبرزد (ایک خاص قسم کی شکر) چھڑکا گیا ہے۔ یہ سن کر مجھے گریہ گلوگیر ہوا۔ معاویہ نے رونے کا سبب پوچھا۔ میں نے کہا مجھے علی علیہ السلام یاد آرہے ہیں کہ ایک دن میں آپ کی خدمت میں حاضر تھا کہ آپ کے کھانے اور افطار کا وقت آ پہنچا۔ آپ نے مجھ سے خواہش کی کہ میں ان کے پاس رہ جاؤں۔ میں نے دیکھا کہ آپ کے لئے ایک سر بمہر

(باقی اگلے صفحہ پر)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بشریٰ اور غرائز نفسانی سے ہم آہنگ نہیں۔ مگر وہ مختصر سے طبایع جنھیں اللہ نے لغزشوں سے بچایا ہے۔ اب ہم اس منزل پر آگئے ہیں جہاں ابوہریرہ کی داستان کو آل ابی العاص کے ساتھ بالعموم اور تمام بنی امیہ کے ساتھ بالخصوص حب وعدہ بیان کریں اور پھر اس کے بعد ان مطالب و روایات کو بھی پیش کریں جسے انہوں نے اس خاندان کے لئے نقل کیا ہے۔

تھیلی لائی گئی۔ میں نے پوچھا اس تھیلی میں کیا ہے۔ آپ نے فرمایا جَو کی روٹیاں ہیں۔ میں نے کہا آپ کو خوف تھا کوئی لے نہ جائے یا یہ کہ کوئی کھا نہ جائے؟ —!

آپ نے فرمایا: نہیں، ان دونوں میں سے کوئی بات نہیں مجھے خوف تھا کہ کہیں حسنؑ و حسینؑ میں سے میرا کوئی فرزند ان روٹیوں کو روغن سے آلودہ نہ کردے۔ میں نے کہا، مگر کیا روغن حرام ہے۔ آپ نے فرمایا، نہیں بلکہ پیشوایان حق کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنے آپ کو ضعیف ترین انسانوں کی صف میں شامل کریں تاکہ غریب و بے نوا انسان فقر و تنگدستی کے سبب شورش بپا نہ کریں۔ یہ سن کر معاویہ نے کہا: احسنت تم نے ایک ایسی شخصیت کا ذکر کیا جس کا فضل غیر قابل انکار ہے (کتاب نثر الدرر تالیف وزیر ابوسعید منصور بن حسین الابی متوفی ۴۲۲ ہجری۔ ص ۲۲)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابوھریرہ بنی امیہ کی حکومت میں کس طرح شامل ھوئے

jabir.abbas@yahoo.com

حکومت بنی امیہ میں ابوہریرہ کی شمولیت ایک دلچسپ داستان ہے جسے ہم یہاں بیان کرنا چاہتے ہیں۔ ہمیں یقین ہے کہ قارئین کرام اس سرگزشت پر خصوصی توجہ مبذول فرمائیں گے۔ اس اجمال کی تفصیل کچھ اس طرح ہے کہ جب ابوہریرہ نے دیکھا کہ بنی امیہ مسند حکومت پر تکیہ زن ہیں اور شہادت حضرت علی علیہ السلام کے بعد انہوں نے زمام امور کو اپنے قبضے میں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

لے کر ایکبارگی اپنے آپ کو مسلمانوں کا بادشاہ گردانا ہے اور امر و نہی، حل و عقد، عزل و نصب یہ تمام امور ان کے تصرف میں آگئے ہیں تو بنا بر اقتضای طبع ابوہریرہ نے بھی اس فرصت کو غنیمت جانا اور دیگر ابن الوقت اور منفعت جو لوگوں کی طرح وہ بھی اٹھ کھڑے ہوئے اور انہوں نے اپنے پیش نظر مقصد کو ہدف قرار دے کر قسم کھائی کہ جس طرح بھی ہو وہ اپنے آپ کو اس تک ضرور پہنچائیں گے۔ ان کا ہدف و مقصد یہ تھا کہ وہ اس نئی حکومت میں اپنی جگہ پیدا کریں تاکہ پیغمبر اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ اور خلفاء راشدینؓ کے زمانہ میں جو ذلت و خواری انہوں نے برداشت کی ہے اس کا ازالہ ہو جائے اور نتیجتاً وہ اس حکومت کے شریک سود و سہیم بن جائیں۔ لیکن یہ کام ابوہریرہ جیسی شخصیت کے لئے جو صحابہ میں کمترین درجہ کے حامل تھے ناممکن تھا۔ کیونکہ نہ تو وہ کسی قسم کی نمایاں شخصیت کے حامل تھے، نہ ہی انہوں نے کوئی غیر معمولی کارنامہ انجام دیا تھا، وہ نہ سیاستمدار تھے نہ جنگ آزما سپاہی اور نہ ہی خطیب و شاعر جس سے وہ اس جیسی نوخیز اموی حکومت کی مدد کرتے جو سراسر بے بنیاد اور نامناسب طریقے سے عمل میں آئی تھی۔ ان مذکورہ عمل و اسباب کے باعث ابوہریرہ جو اپنے آپ کو دوسروں سے زیادہ اچھی طرح سمجھتے تھے اس بات پر عازم ہوئے کہ کوئی جدت اختیار کریں اور ایک ایسی نئی راہ نکالیں جس کے ذریعے زیادہ آسانی کے ساتھ اپنے مدعا کی تکمیل کر سکیں لہذا انہوں نے سوچا کہ اگرچہ اس حکومت کی بنیاد سیاسی فریب، چالاکی اور ظلم و ستم پر استوار ہے مگر بہرحال اسے ایک ایسے امر کی شدید ضرورت ہے جو اس بنای جدید کو گرنے سے روکے اور اسے اسی طرح قائم و دائم رکھے۔ مبادا لوگ نافرمانی پر اتر آئیں اور شورش و طغیان بپا کریں یا پھر اس سے اظہار برائت کرنے لگیں۔ یہ مقصد اس وقت تک حاصل نہیں ہو سکتا تھا جب تک کہ طاقتور وسائل و اسناد کے ساتھ اس کی پشت پناہی نہ کی جائے اور قوای مادی کے بعد سب سے زیادہ طاقتور وسائل وہ اسناد ہیں جنکا

SABEEL-E-SAKINA
www.ziyrat.net
jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

رخ ذات گرامی ختمی مرتبت حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف ہے۔ وہ ذات گرامی۔ جس کے آگے تمام گردنیں خاضع اور تمام پیشانیاں سرنگوں ہیں۔ پھر اس سے بہتر اور کیا بات ہے کہ وہ اموی حکومت کی تائید میں آپ ہی سے احادیث منسوب کرنے لگیں کیونکہ اس زمانے میں اور آج کل بھی احادیث نبوی دلیل و دعوؤں کی تائید میں محکم ترین اور طاقتور ترین اسلحہ ہے جسے افراد یا جماعتوں کے مقابل پیش کیا جاتا رہا ہے اور جب ابوہریرہ کو یہ فکر پسند آئی اور انہوں نے اس کی حقیقت اور نتائج کا اندازہ کیا تو مصمم ہوئے کہ اس کام کو اپنے ذریعہ بکر اس وسیلے اور اسلحہ کو بنی امیہ کے حق میں بروئے کار لائیں اور انھیں اپنی وضع کردہ روایات کے ذریعے کمک پہنچا کر لوگوں کو ان کے مخالفوں کی طرف مائل ہونے سے باز رکھیں اور واضح رہے کہ بنی امیہ کے مخالف حضرت علی علیہ السلام ہی تھے۔ ابوہریرہ نے اس مقصد کی تائید کے لئے ایک اور اسکیم بھی بنائی اور وہ یہ تھی کہ انہوں نے لوگوں اور خاص طور سے بنی امیہ پر یہ ظاہر کرنا شروع کیا کہ احادیث پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روائیت کے سلسلے میں وہ تمام صحابہ پر فوقیت رکھتے ہیں اور یہ کہ وہ تنہا انسان ہیں جنھیں پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے یہ اعزاز اور یہ امتیاز حاصل ہے اور اس امتیاز کو ابتداء میں انہوں نے اس طرح بیان کیا کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے پیراہن میں دو شگاف پیدا کئے جس کے سبب دیگر صحابہ کے برخلاف ان کا حافظہ تیز ہو گیا اور تمام احادیث انھیں حفظ ہونے لگیں۔ لہذا وہ احادیث پیغمبر کے لئے بالکل درست اور صحیح مرجع ہیں۔ پھر اس ادعا کے ساتھ انہوں نے ایک اور دعویٰ بھی کر دیا کہ انہوں نے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دو برتن یا دو پیالے (دعائین) حاصل کئے جس میں سے ایک کو وہ منظر عام پر لاتے ہیں اور پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پوشیدہ رموز رکھنے والے دوسرے پیالے کو کسی پر ظاہر نہیں کرتے۔ وہ پیالہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اسی طرح ان کے پاس رہتا ہے۔ یہاں تک کہ بالآخر دلچسپ حدیث "مزور" کے ساتھ ختم ہو جاتا ہے۔ واضح ہونا چاہیئے کہ اس قسم کے نقشوں کو مرتب کرنے میں جو چیز ابوہریرہ کی معاون تھی وہ یہ تھی کہ اس زمانے میں احادیث پیغمبرؐ (جیسا کہ ہم کہہ چکے ہیں) قرآن مجید کی طرح مدون و محفوظ نہیں تھیں کہ کوئی ان میں کمی بیشی نہ کر سکے لہذا اہل جعل و تزویر پر باب "وضع" کھلا ہوا تھا، پھر یہ کہ معاویہ کے زمانے میں ان بزرگ صحابہ کا فقدان بھی ابوہریرہ کو ان کی اسکیم میں مدد دے رہا تھا جن سے انھیں ہر وقت خوف و ہراس تھا۔ خاص طور پر حضرت عمرؓ کا فقدان جنھوں نے ابوہریرہ کو روایت حدیث سے منع کر کے ملک بدر کرنے کی دھمکی دی تھی اور اس جرم میں انھیں تازیانے بھی لگائے تھے یہاں تک کہ انہوں نے خود اس بات کی تصریح کر دی کہ حضرت عمرؓ کی حیات تک انھیں روایت حدیث کی جرأت نہیں ہوتی تھی۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حدیث
بسط
ثوب

jabir.abbas@yahoo.com

ابوہریرہ نے ظاہرا اس حدیث کو اپنی دفاع کے لئے جعل کیا ہے۔
کیونکہ جیسا کہ ہم پہلے کہہ چکے ہیں وہ نقل حدیث میں کثرت کی بنا پر مورد الزام ٹھہرائے گئے تھے مگر در باطن انھیں یہ ثابت کرنا تھا کہ نقل حدیث میں انکی قوت حافظہ کو وہ کمال حاصل ہے جو تمام صحابہ میں اور کسی کو نہیں بخاری

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور دیگر کتب[۱] نے ابوہریرہ ؓ سے روایت کی ہے کہ انہوں نے کہا: آپ یہ کہتے ہیں کہ ابوہریرہ، پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بہت زیادہ حدیثیں نقل کرتا ہے اور یہ کہ مہاجرین و انصار میں سے کیوں کوئی ابوہریرہ کی طرح نقل حدیث نہیں کرتا اس کا سبب یہ ہے کہ مہاجر بھائیوں کو لین دین اور کاروبار نے مشغول بنا رکھا تھا. مگر میں اپنے پیٹ کی خاطر ہمیشہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ رہتا اور ان کے غیاب میں آپ کے حضور ہوتا۔ اور اگر وہ لوگ کسی بات کو بھول جاتے تو میں اسے یاد رکھ لیا کرتا تھا اسی طرح سے میرے انصار بھائی بھی سرگرم اموال تھے، مگر میں فقراء صفہ سے ایک مرد فقیر تھا اور جو بات وہ بھول جاتے میں اسے یاد رکھ لیا کرتا تھا اور جس دم پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی حدیث میں فرمایا کہ: جو کوئی میری گفتگو کے دوران اپنا جامہ پھیلائے اور اختتام سخن پر اسے سمیٹ لے تو میری کہی ہوئی باتیں اسے ہمیشہ یاد رہیں گی تو میں نے بھی اپنا جامہ پھیلایا اور اختتام سخن پر اسے سمیٹ کر اپنے سینے سے لگایا اسی لئے پیغمبر اکرم
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی گفتگو مجھے یاد رہی۔ ابوہریرہ ؓ نے اس حدیث میں کہا ہے کہ خود انہوں نے اپنا جامہ پھیلایا مگر ذہبی نے انھیں سے ایک حدیث نقل کی ہے جس میں انہوں نے کہا ہے کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کی پشت سے جامہ کو نکال کر اپنے اور انکے درمیان بچھایا۔ یہ ہے ذہبی[۲] کی حدیث جسے انہوں نے سعد بن ابی ہند کے ذریعے ابوہریرہ سے نقل کیا ہے کہ پیغمبر اکرم ص نے ان سے فرمایا: ابوہریرہ تم کیوں اپنے دوستوں کی طرح مجھ سے غنائم کا تقاضا نہیں کرتے؟ میں نے عرض کیا: میں آپ سے وہ باتیں سیکھنا چاہتا ہوں جو خدا

۱۔ فتح الباری۔ ص۔ ۲۳۱

۲۔ سیر اعلام النبلاء ص ۴۲۹۔ ج۔ ۲۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وند عالم نے آپ کو تعلیم فرمائی ہیں، پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میری پشت سے جامہ کو نکال کر اپنے اور میرے درمیان پھیلایا اس طرح کہ میں اسپر رینگتی ہوئی جوؤں کو (خدا کی پناہ) بآسانی دیکھ رہا تھا۔ اس کے بعد آپؐ نے حدیث کہنا شروع کی اور میں اسے دھیان سے سن کر حافظے میں محفوظ کرتا رہا پھر آپؐ نے فرمایا اپنا لباس سمیٹ لو اور اس دن کے بعد سے پھر میں نے اس حدیث کے کسی حرف کو فراموش نہیں کیا اور مقبری کے واسطے ابوہریرہ سے نقل ہوا ہے کہ انہوں نے کہا: میں نے پیغمبرؐ خدا سے عرض کی کہ میں نے آپؐ سے فراوانی کے ساتھ حدیثیں سنی ہیں مگر بھول جاتا ہوں پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اپنی ردا بچھاؤ اس کے بعد آپؐ نے اپنے دونوں ہاتھوں سے اسے چیرہ دیا اور کہا اب اسے اپنے سے لگا لو میں نے ایسا ہی کیا اور اس دن کے بعد سے آج تک کسی حدیث کو نہیں بھولا۔ اس بنا پر حدیث بسط ثوب ابوہریرہ کی تاریخ میں بڑی اہمیت کا حامل ہے اور باوجود اس کے کہ اس کی روایات مختلف ہیں تاہم فی نفسہ اسکا شمار خرافات یا پھر ان کے اہم ترین نقشوں میں ہوتا ہے مگر افسوسناک بات یہ ہے کہ آج تک کسی نے اس حدیث میں مناقشہ کر کے اس کی تحلیل علمی نہیں کی بجز علامہ کبیر استاد الحسین۔ شرف الدین کے جنھوں نے اپنی کتاب "ابوہریرہ" میں ایک طویل گفتگو کا آغاز کیا ہے۔ جس کا خلاصہ ہم یہاں پیش کرنا چاہتے ہیں[۲]۔ شرف الدین رحمۃ اللہ کہتے ہیں اس حدیث

۱۔ طبقات ابن سعد۔ ص ۵۶۔ ج ۴

۲۔ جو کوئی علامہ شرف الدین کے اس بیان کو تفصیل کے ساتھ ملاحظہ کرنا چاہے اسے چاہیئے کہ وہ ان کی بے مثال کتاب "ابوہریرہ" کا مطالعہ فرمایئے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

[illegible]

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کرلیا ہو یا یہ کہ ابوہریرہ نے جن باتوں کو بیان کیا علی انھیں مخفی رکھیں ۔ ؟ سبحانک ہذا بہتان عظیم، علاوہ ازیں ایسے مہاجرین کی تعداد قلیل تھی جو لین دین اور کاروباری امور میں مصروف رہتے تھے ۔ البتہ فضیلت میں مہاجرین کے بہترین نمونے ابوذر، مقداد اور عمار جیسی ہستیاں تھیں پھر ایک بات یہ بھی قابل غور ہے کہ "صفہ" میں بیٹھنے والے ابوہریرہ کے ستر، ساتھیوں میں سے جن کی توصیف میں انہوں نے کہا ہے کہ ان میں سے کسی کے پاس پہننے کے لئے ڈھنگ کے کپڑے تک نہ تھے بلکہ وہ اپنے اطراف ایک بوسیدہ سی چادر لپیٹ کر اسے گردن سے گرہ دے دیا کرتے تھے اس آخری وصف تک جو انہوں نے بیان کی ہے کیوں کسی نے ان کی طرح احادیث گوئی کو اپنا شعار نہیں بنایا اور اس طرح زیادہ روی سے کام نہیں لیا ؟ اور یہی صورت انصار کی بھی تھی کہ جس طرح ابوہریرہ نے پرچار کیا ہے وہ تمام کے تمام جمع اموال اور دنیوی امور میں سرگرم عمل تھے جن کی بہترین مثال زہد میں سلمان فارسی ہیں جن کے بارے میں پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ سلمانؑ ہم اہلبیت سے ہیں ۔ اور جن کے بارے میں حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں: سلمانؑ راتوں کو پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ مجالست کرتے اور دیر تک ایک دوسرے کے ساتھ محو گفتگو رہتے ۔ حضرت علی علیہ السلام کا کہنا ہے کہ "سلمان فارسی لقمان حکیم کی مانند تھے، انہوں نے علوم اولین و آخرین کو حاصل کیا ۔ وہ ایک ایسا سمندر تھے جو کبھی خشک نہیں ہوتا ۔ اسی طرح سب لوگ جانتے تھے کہ ابوایوب انصاریؓ مال دنیا سے اس مختصر پونجی کے علاوہ کچھ نہیں رکھتے تھے جس سے وہ اپنی گذر اوقات کر سکیں اور وہ بھی اسطرح کہ ان کی یہ طرز معیشت حصول علم اور منزل عمل پر کبھی ان کے حارج نہ ہوتی اور اسی طرح ابوسعید

۱۔ ملاحظہ فرمایئے کتاب الاستیعاب تالیف حافظ مغرب ابن عبدالبر ص ۵۷۲ ۔ ج ۲ ۔ ترجمہ سلمان۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

خدریؓ اور ابو فضالہ انصاریؓ اور انھیں جیسے دیگر اکابرین و علماء انصار رضی اللہ عنہم۔ ان باتوں کے علاوہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی درہم برہم نہیں تھی بلکہ آپ کے روز و شب مرتب اور اس کی ہر گھڑی باقتضائی حکمت کسی نہ کسی کام کے لئے مخصوص تھی۔ اس رو سے جو گھڑی آپؐ نے اصحابؓ کی تعلیم و تربیت کے لئے مخصوص کر رکھی تھی یقیناً آپ اسے اس وقت سے بدلا نہیں کرتے تھے جو کاروبار اور لین دین کی گھڑی تھی اور جس وقت لوگ اپنے باغات اور کھیتوں میں مصروف عمل ہوتے اسی طرح مہاجرین و انصار بھی بھی تعلیم کے وقت یقیناً غیر حاضر نہیں ہوا کرتے تھے بلکہ وہ حصول علم میں افسانہ تراشوں کی دروغ بافیوں سے کہیں زیادہ حریص تھے۔

دوسری بات یہ ہے کہ اگر ابوہریرہ کی کہی ہوئی یہ بات صحیح مان لی جائے کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے اصحاب سے فرمایا۔ "جو کوئی میری گفتگو کے دوران اپنا جامہ یا اپنی چادر پھیلائے .... آخر حدیث تک۔ تو بلاشبہ صحابہ کو اس امر پہ ایک دوسرے سے سبقت لے جانا چاہیئے تھا۔ کیوں کہ یہ ایک ایسی فضیلت تھی جو بہت کم لوگوں کو نصیب ہوتی ہے اس لئے کہ علم کو مال کے ذریعہ نہیں خریدا جا سکتا پھر دیگر صحابہ نے کیونکر اس سے روگردانی کی اور اسکے عظیم فوائد سے ہاتھ دھو بیٹھے۔؟

تیسرے یہ کہ اگر ابوہریرہ کی یہ گفتگو صحیح تھی تو اصحابؓ کو علم و فضل سے اپنی اس محرومی پر یقیناً اظہار افسوس کرنا چاہیئے تھا کہ آخر کیوں انھوں نے اپنا جامہ پیغمبرؐ کے آگے نہیں پھیلایا اور اپنی اس سہل انگاری اور کوتاہی پہ ایک دوسرے کو ملامت کرتے اور اس امر پہ سخت غبطہ کھاتے کہ تنہا ابوہریرہ نے کیوں اس راہ میں کامیابی حاصل کی ہے۔ باوجود اس کے کہ ان کے پاس پہننے کے لئے صرف ایک ہی جامہ تھا اور دیگر تمام اصحابؓ ان سے زیادہ لباس رکھتے تھے مگر چونکہ اسی قسم کی کوئی بات کسی صحابی کی طرف سے نہیں ہوئی اس لئے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہمیں کہنا پڑتا ہے کہ یہ حدیث بھی "کیسۂ ابوہریرہ" کی تولید[1] ہے۔

چوتھا امر یہ ہے کہ اگر ابوہریرہ کی یہ بات صحیح ہوتی تو وہ ان دیگر اصحاب رض کے ساتھ جنھیں پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جامہ پھیلانے کے لئے کہا تھا گفتگو کرتے اور صحابہ اور تابعین اس موضوع کو پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دیگر معجزات میں شمار کرتے...... جس کے نتیجے میں اس موضوع سے متعلق اخبار بحد تواتر ملتے۔

پانچویں یہ کہ اس سلسلے میں ابوہریرہ کی گفتگو متناقض ہے۔ کیوں کہ کبھی وہ یہ کہتے ہیں کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک دن اپنے اصحاب سے فرمایا": جو کوئی میری گفتگو کے دوران اپنا جامہ پھیلائے...... آخر روایت تک۔ اور پھر قسم کھا کر کہتے ہیں اس دن کے بعد سے انہوں نے اس گفتگو سے کسی بات کو فراموش نہیں کیا۔ اس کے بعد دوسری جگہ یہ کہتے ہیں کہ "میں نے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی: یا رسولؐ اللہ میں آپؐ سے احادیث سنتا ہوں مگر بھول جاتا ہوں تو آپؐ نے فرمایا اپنی ردا پھیلاؤ اس کے بعد آپؐ نے اپنے دستہائے مبارک سے اس کو بھرا اور فرمایا اب اسے اپنے سے لگا لو میں نے حکم کی تعمیل کی اور پھر کوئی بات نہیں بھولا۔ اس طرح آپ مشاہدہ فرما رہے ہیں کہ بمقتضائے اول داستان کی صورت یہ ہے کہ یہ قصہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود اس گفتگو کا آغاز کیا۔ گویا آپ نے اس خوف سے کہ آپؐ کے اصحاب فراموشی کا شکار نہ بنیں ان کو اپنے جامے پھیلانے

۱۔ اس بات کی طرف اشارہ ہے جسے بخاری نے نقل کیا ہے کہ جب ابوہریرہ سے کسی حدیث کے بارے میں سوال کیا گیا اس وقت کسی نے ان سے کہا: ابوہریرہ تم نے یہ حدیث پیغمبرؐ سے سنی ہے؟ تو انہوں نے جواب دیا۔ نہیں یہ کیسہ ابوہریرہ" کی تولید ہے (فتح الباری ص ۴۱۳ ج ۹) اور یہ کیسہ یا تھیلا" وعائین" کے علاوہ ہے جس کی تعجب خیز داستان ہم جلد ہی بیان کرنے والے ہیں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کے لیے کہا۔ اور دوسری روایت کے مطابق یہ گفتگو فقط پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ابوہریرہ کے درمیان عمل میں آئی اور اس کی ابتدا ابوہریرہ نے کی اور آپؐ سے اپنی فراموشی کا گلہ کیا۔ نیز یہ کہ پہلی روایت کے مفاد سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ عدم فراموشی کا تعلق تنہا اسی گفتگو پر منحصر[1] ہے۔ کیوں کہ وہ کہتے ہیں کہ میں نے اس گفتگو سے کسی بات کو نہیں بھلایا۔ اور دوسری روایت یہ بتاتی ہے کہ عدم نسیان کو عمومیت حاصل ہے اور ابوہریرہ نے حدیث یا غیر حدیث سے کسی چیز کو نہیں بھلایا ہے کیونکہ وہ کہتے ہیں کہ میں نے پھر کسی شے کو فراموش نہیں کیا اس سلسلے میں شارحین صحیح بخاری ایک دوسرے سے الجھے اور آپے سے باہر ہوگئے ہیں۔
واضح ہونا چاہیئے کہ مسلم نے اس حدیث کو نقل کرتے ہوئے کہا ہے۔ پہلی روایت کے مطابق ابوہریرہ کی گفتگو کا مطلب یہ ہے کہ میں نے عمومیت کے ساتھ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنی ہوئی کسی بات کو فراموش نہیں کیا اور دوسری روایت کے مطابق ان کی مراد یہ ہے کہ انھوں نے خصوصیت کے ساتھ اس روایت میں سے کسی بات کو فراموش نہیں کیا اس کے بعد علامہ شرف الدین نے ابوہریرہ کی دیگر ناقابل یقین اور عجیب وغریب احادیث کا تذکرہ کیا ہے جن میں سے ایک وہی حدیث ہے جسے ابونعیم نے ابوہریرہ سے نقل کیا ہے اور کہا ہے: پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ابوہریرہ تم کیوں اپنے دوستوں کی طرح مجھ سے غنائم[2] کا تقاضا نہیں کرتے۔ میں نے کہا:

۱۔ جامع ترمذی اور حلیہ ابونعیم میں اس گفتگو کی تصریح ان الفاظ میں کی گئی ہے کہ: "کوئی شخص ایسا نہیں کہ جو باتیں خدا نے اس پر واجب کی ہیں اسے لفظ دو لفظ سنے، یاد رکھے یا پھر کسی کو تعلیم دے مگر یہ کہ وہ داخل بہشت ہوگا۔"
۲۔ گویا ابوہریرہ یہ تمام اصحاب کے برخلاف ایسی عفت وقناعت کے دامالتے جس کے سبب کبھی مال غنیمت کا دم نہیں بھرتے تھے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

"جو کچھ اللہ تعالیٰ نے آپکو تعلیم فرمایا ہے۔ میں ان چیزوں کا اپسے طلبگار ہوں" اس کے بعد کہتے ہیں کہ میں نے اپنی پوشاک کو جسکا تذکرہ دوسری حدیث میں اس طرح کیا ہے کہ: بجز اس کے میرے پاس اور کوئی پوشاک نہ تھی۔ پشت پر سے اتارا اور اسے اپنے اور پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے درمیان بچھایا اس طرح کہ اس پر رینگتی ہوئی جوں مجھے صاف نظر آرہی تھی اور پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حدیث بیان کرتے رہے یہاں تک کہ آپ کی گفتگو حد کمال پر پہنچی۔ اس موقع پر آپ نے فرمایا: ابوہریرہ اپنا جامہ سمیٹ لو۔ پھر میری یہ حالت ہوئی کہ میں نے آپ کی حدیث کے کسی حرف کو نہیں بھلایا علامہ شرف الدین اس مقام پر فرماتے ہیں: ابوہریرہ کی اس گفتگو سے کہ میں نے اپنی اس تنہا پوشاک کو جس کے بغیر جسم ڈھانکنے کا اور کوئی وسیلہ نہ تھا بچھایا یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اسوقت ان کی ستر گاہ نمایاں تھی۔ یہی وجہ ہے کہ قسطلانی اور ذکریا الانصاری نے ابوہریرہ کی اس بات کی یوں تاویل کی ہے کہ انہوں نے اپنے جامے کے ایک حصے کو بچھایا تاکہ ان کی ستر گاہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے مکشوف نہ ہو۔ مگر درحقیقت یہ داستان بازیگروں کی داستانوں کے مشابہ ہے اور ان کی یاوہ سرائیوں سے کچھ مختلف نہیں۔ محال ہے کہ اسے پیغمبر اکرم

۱۔ سیر اعلام النبلاء۔ ص ۴۲۹۔ ج ۲

۲۔ اس حدیث کو بخاری کے باب مزارعہ میں ملاحظہ فرمایئے۔ یہ حدیث اس طرح ہے کہ: "میں ایک مرد مسکین تھا اور اپنا پیٹ بھرنے کے لئے میں نے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہمراہی اختیار کی تھی۔ ایک دن سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو کوئی میرے اختتام سخن تک اپنا جامہ پھیلائے اور پھر اسے سمیٹ کر اپنے سینے سے قریب کرے تو وہ میری گفتگو کو کبھی فراموش نہیں کرے گا۔ میں نے بھی اپنے اس تنہا جامہ کو جس کے علاوہ میرے جسم پر اور کوئی پوشاک نہ تھی پھیلایا۔" الی آخر " (فتح الباری۔ ص ۲۲۔ ج ۵)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے معجزات میں شامل کیا جائے یا یہ کہ صاحبان ہوش وخرد باور کریں کہ اس قسم کی گفتگو کو پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نسبت دی جا سکتی ہے کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے معجزات نے حقائق کی روشنی میں خود صاحبان فکر ونظر کو مبہوت بنا رکھا ہے اور اپنی پسندیدہ اسلوب اور معتدل روش کے ساتھ اس روئے ارض کے سرکش انسانوں کا سر خم کر دیا ہے اس کے علاوہ جو کوئی جس پہلو سے اس حدیث کو پرکھے گا۔ اسے معلوم ہوگا کہ اسکے الفاظ ہر لحاظ سے مختلف ہیں اور ان کا ایک دوسرے کے ساتھ کوئی توافق نہیں ہے اور یہ آپس میں کسی طرح بھی ایک دوسرے سے آشنا نہیں ہیں۔ ایسی صورت میں اس حدیث کو ٹھکرانے کے علاوہ اور کوئی چارہ کار نہیں[1]۔

۱۔ کتاب ابوہریرہ — ص ۲۸۰ - ۲۹۴۳

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابوھریرہ کے حافظے کی کمزوری

jabir.abbas@yahoo.com

قبل اس کے کہ ہم ابوہریرہ کی داستان کے دوسرے حصّے کو بیان کریں چند سطریں ان کے حافظے کے بارے میں بھی لکھنا چاہتے ہیں کیونکہ ہمارے موضوع بحث سے اس کا بھی خاص تعلق ہے۔ ابوہریرہ نے جیسا کہ ہم کہہ چکے ہیں اپنے آپ کو کمزور حافظ کا شکار بتایا ہے اور اقرار کیا ہے کہ ان کا حافظہ ان کی سنی ہوئی باتوں کے تحفظ پر قادر نہ تھا اور پھر اس کے بعد جیسا کہ کہا جا چکا ہے۔ انہوں نے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ بات آشکار کی کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے جامے میں دو شگاف لگائے اور اس کے بعد سے سنی ہوئی ہر بات انھیں یاد رہنے لگی۔ مگر درحقیقت یہ تمام باتیں صرف اس لئے تھیں کہ وہ اپنی کثرت روایت کے لئے کوئی جواز پیدا کریں اور اس طرح اپنے مرویات کی صحت کو لوگوں کے ذہن نشین کرائیں۔ اب ابوہریرہ کے حافظے کے سلسلے میں ایک بیان پیش کیا جاتا ہے مسلم نے اعرج سے نقل کیا ہے کہ انہوں نے کہا میں نے ابوہریرہ کو یہ کہتے ہوئے سنا: آپ یہ کہتے ہیں کہ ابوہریرہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بھی زیادہ حدیثیں نقل کرتا ہے۔ خدا کی قسم میں ایک مرد فقیر تھا اور اپنا پیٹ بھرنے کے لئے ہمیشہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر رہا کرتا تھا مگر اس کے برعکس مہاجرین لین دین اور کاروبار میں مشغول رہا کرتے تھے اور یہی حال انصار کا تھا کہ کھیتی باڑی اور باغات نے انھیں مصروف بنا رکھا تھا۔ یہی وجہ تھی کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو کوئی اپنا جامہ بچھائے...... آخر حدیث تک اس کے بعد مسلم کہتے ہیں: مالک نے اس حدیث کو ابوہریرہ کے آخری کلام تک نقل کیا ہے اور پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس جملے پر پہنچ کر کہ: جو کوئی اپنا جامہ پھیلائے، اس کو ترک کر دیا ہے۔ الخ اور اس کا سبب یہ ہے کہ جو کوئی اس حدیث کو پڑھکر اس کے الفاظ و معانی پر تدبر کریگا۔ اسے معلوم ہو جائے کہ اس میں کس قدر آشفتگی اور الجھاؤ ہے۔ اس کے علاوہ بدبختی سے اسی قوت حافظہ نے جس کے سبب وہ تمام صحابہ میں بلکہ تمام افراد بشر کے درمیان ممتاز تھے انکو کئی جگہ دھوکہ دیا جس کے نتیجے میں پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے بچھا کر سمیٹا جانے والا ان کا فضیلت بھرا جامعہ تار تار ہو گیا اور بچے کچے علوم و اسرار جو اس میں رہ گئے تھے وہ بھی گر کر ضائع ہو گئے۔ اس بارے میں بے شمار مثالیں موجود ہیں مگر ہم یہاں صرف دو مثالوں کو بیان کر کے اسی پر اکتفا کرتے ہیں پہلی یہ کہ جدم ابوہریرہ نے یہ روایت نقل کی کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اگر تم میں سے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہر شخص کا سراسر وجود پیپ اور خون سے بھر جائے بہتر ہے اس سے کہ شعر سے پُر ہو تو حضرت عائشہؓ نے فرمایا۔ ابوہریرہ کو حدیث پوری طرح یاد نہیں پیغمبر اکرم ﷺ نے فرمایا اگر تم میں ہر شخص کا سراسر وجود پیپ اور خون سے بھر جائے بہتر ہے اس سے کہ ایسے شعر سے پُر ہو جس کے ذریعے کسی کی ہجو کی جائے۔ دوسرا قضیہ ذوالیدین کا ہے جسے بخاری نے ابوہریرہ سے نقل کیا ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ پیغمبر اکرم ﷺ نماز ظہر یا عصر کو بجالا رہے تھے کہ دوسری رکعت میں آپ نے سلام پھیرا۔ اس وقت ذوالیدین نے آپ سے عرض کی یا رسول اللہ کیا نماز کی رکعتیں کم ہوگئیں ہیں۔؟ پیغمبر اکرم ﷺ نے (صحابہ سے مخاطب ہوکر) پوچھا: کیا ذوالیدین ٹھیک کہہ رہے ہیں؟ صحابہ نے عرض کی ہاں یا رسول اللہ: اس وقت آپ نے دوسری دو رکعتیں پڑھکر سجدہ ادا فرمایا۔ یہ واقعہ بخاری کی روایت میں اس طرح ہے کہ: وہ نماز، نماز ظہر تھی یا نماز عصر، لیکن نسائی کی روایت اس امر پہ گواہ ہے کہ تردید ابوہریرہ کی جانب سے ہے اور اس کا نفس مضمون یہ ہے کہ پیغمبر اکرم ﷺ مغرب و عشار کی نمازوں میں سے کوئی نماز ادا کر رہے تھے جو مجھے اچھی طرح یاد نہیں۔ اور تعجب اس بات پر ہے کہ جن لوگوں کے نزدیک ابوہریرہ کی شخصیت موثق ہے اور وہ ان کے بارے میں سہو و نسیان کو جائز نہیں سمجھتے انھیں اس بات کی قطعاً پرواہ نہیں کہ وہ اسے (یعنی سہو و نسیان کو) پیغمبر اکرم ﷺ سے نسبت دیں جس طرح بخاری نے حضرت عائشہؓ سے روایت کی ہے کہ پیغمبر اکرم ﷺ نے ایک شخص کو مسجد میں تلاوت قرآن کرتے ہوئے سنا اور اس کے بعد فرمایا خدا رحمت کرے اس پر کہ اسنے فلاں سورہ اور فلاں سورہ سے فلاں آیت اور فلاں آیت کو جسے میں چھوڑ جایا کرتا تھا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مجھے یاد دلایا۔ اور نیز یہ کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ میں بھی تمہاری طرح بشر ہوں اور مجھ سے بھی بھول ہو جایا کرتی ہے۔ لہذا جب میں کسی بات کو بھول جاؤں مجھے یاد دلایا کرو۔ قابل ذکر بات یہ ہے کہ ابن مسعود کی پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے متعلق یہ حدیث کہ "میں بھی تمہاری طرح کا ایک بشر ہوں اور تمہاری طرح مجھے بھی نسیان و فراموشی لاحق ہوتی ہے" ان لوگوں کے لئے حجت ہے جو پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے فراموشی کو جائز سمجھتے ہیں اور ظاہر ہے کہ یہ جواز نسیان بقول اس گروہ کے آپ کی عام گفتگو سے متعلق ہے جو خداوند عالم کے دستور و پیام سے ہٹ کر ہو اور اگر پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کوئی گفتگو خداوند عالم کی جانب سے دستور و پیام کی صورت رکھتی ہو تب بھی دو شرطوں سے آپ کے بارے میں نسیان و فراموشی جائز ہے۔ پہلے یہ کہ فراموشی تبلیغ کے بعد آپ پر عارض ہو دوسرے یہ کہ آپ کی بھول دوام پیدا نہ کرے اس طرح کہ یا خود انھیں بھولی ہوئی بات یاد آجائے یا پھر کوئی دوسرا آپ کو متذکر کرے۔ ان تمام باتوں سے صرف نظر جس طرح ابوھریرہ اپنے آپ کو سمجھتے ہیں کہ وہ ایک نہایت ذہین اور ہوشیار آدمی تھے اور اس کے ساتھ ہی ایک قوی حافظے کے مالک بھی تھے جس کے سبب انھیں ہر بات یاد رہتی تھی اور کوئی لفظ ان کے ذہن سے نہیں اترتا تھا تو پھر کیوں انھوں نے اتنی فراغت اور طول عمری کے ساتھ قرآن کریم کو حفظ نہیں کیا جبکہ وہ خود کہتے ہیں کہ قرآن کریم کو بہت سے مردوں اور بعض عورتوں نے بھی حفظ کر لیا تھا جن میں ام ورقہ[۲] بھی شامل تھیں جو عبداللہ بن الحارث صحابی کی بیٹی تھیں جنھیں پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم "شہیدہ" کے

۱۔ فتح الباری۔ ص ۳۰۲۔ ج ۵ اور ص ۷۰ — ج ۹

۲۔ ام ورقہ رض حضرت عائشہ رض کی شاگرد تھیں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نام سے پکارتے تھے، پھر یہ کہ انہوں نے لکھنا پڑھنا کیوں نہیں سیکھا اور اسی
میں خوش رہے کہ ناخواندہ کہلائے جائیں۔ ہاں شاید لکھنے پڑھنے پر عدم
توانائی ابوہریرہ کے نزدیک جملہ صفات کمال سے محسوب ہوتی تھی نیز یہ کہ
اگر ابوہریرہ اس مقام اور اس پایہ (یعنی عدم نسیان) تک پہنچے ہوئے تھے
جس پر ان سے پہلے اور ان کے بعد کوئی اور بشر نہیں پہنچ سکتا تو بلا شک و شبہ
اس بات کی دھوم مچ جاتی اور ہر طرف ان کا شہرہ ہوتا اور وہ ایک ایسی بے نظیر
شخصیت ہوتے کہ تمام مسلمان خاص طور پہ حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ کے زمانے
میں جوق در جوق ان سے رجوع کرتے اور خاص طور پہ طولِ عصورِ اسلام میں
وہ ایک رفیع و اعلیٰ مقام کے دارا ہوتے اور پھر صحابہ کے درمیان ان کی ہستی
ایسی باوثوق ہوتی جہاں زبان سے نکلنے والا ہر لفظ سند بن جاتا اور ان کی
بیان کردہ ہر روایت کمال اطمینان کے ساتھ قبول کر لی جاتی اور یہ وثوق و اطمنان
بیان کردہ ہر روایت کمال اطمینان کے ساتھ قبول کر لی جاتی اور یہ وثوق و اطمینان صحابہؓ اور تابعین سے لیکر
آج تک اور پھر قیامت تک اسی طرح برقرار رہتا اور انکی تمام روایات دیگر صحابہ کی روایات
کے برخلاف لفظ و معانی میں متواتر ہوتیں جہاں نہ شک و تردید اس میں رخنہ
انداز ہوتا اور نہ ظن و گمان۔ مختصر یہ کہ وثوق و اطمینان کے اعتبار سے وہ قرآن
کریم کے بعد دوسرے درجہ پر ہوتی مگر حقیقت امر اس کے برخلاف تھا کیونکہ نہ تو
پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی کے زمانے میں ان کی کوئی حیثیت تھی اور
نہ ہی خلفاء راشدینؓ کے عہد میں ان کی کوئی شان و منزلت تھی اور جیسا کہ
ہم کہہ چکے ہیں۔ ابوہریرہ کے ساتھ حضرت عمرؓ کا میزان وثوق اس قدر کم اور
ناقابل بیان تھا کہ انہوں نے سختی کے ساتھ ان کی روایت پہ پابندی لگا دی
تھی اور جب ابوہریرہ نے حکم عدولی کی اور روایت کرنے سے باز نہیں آئے تو
حضرت عمرؓ نے انھیں تازیانے لگائے اور دھمکی دی کہ اگر اب بھی وہ اپنی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حرکتوں سے باز نہ آئے تو انھیں واپس اپنی سرزمین پر بھیج دیا جائے گا۔
اگر ابو ہریرہ اپنے حامیوں اور طرفداروں کی رو سے مورد وثوق واطمینان تھے تو حضرت عمر انھیں نقل روایت پر مامور کرتے جس کے نتیجے میں ابوہریرہ حضرت عمر اور دیگر صحابہ کے نزدیک پیغمبر اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ سے نقل روایت کرنے والے سب سے زیادہ سچے اور موثق ترین انسان ہوتے مگر اس کے برعکس جس طرح پہلے کہا جا چکا ہے نہ صرف یہ کہ صحابہ نے ان کی توثیق نہیں کی بلکہ انھیں متہم ٹھہرا کر ان کی تکذیب بھی کی اور بالآخر ابوہریرہ اسلام کے راویان حدیث میں پہلے متہم راوی قرار پائے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حدیث
دعائین

jabir.abbas@yahoo.com

جب ابوہریرہ نے اپنی داستان کے پہلے حصّے کو ختم کیا اور روایت "لبط ثوب" کو لوگوں میں ترویج دے کر منوالیا تو اپنے تئیں یہ سوچنے لگے کہ اس روایت کی تحکیم و تائید کے لئے ہمیں ایک اور روایت کی بھی ضرورت ہے۔ اس لئے انہوں نے اپنی داستان میں ایک اور باب کا اضافہ کیا اور حدیث دعائین" کے نام سے ایک اور روایت گھڑ کر لوگوں کے سامنے پیش کی تاکہ اس طرح وہ انہیں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ سمجھا سکیں کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نزدیک ان کا کیا رتبہ تھا۔ اور آپ کس طرح ان کے ساتھ عزت و توقیر سے پیش آتے اور اپنے الطاف و اکرام سے انھیں نوازکر کس طرح ان کی حمایت کیا کرتے تھے نیز جب آپ نے انکو اس نفحۂ قدوسی و نبوی کے ذریعے تمام صحابہ کے درمیان ممتاز بنا کر ان کے مقام و مرتبہ کو بلند کیا تو پھر اس بات پر آمادہ ہوئے کہ ابوہریرہ کو اپنی تمام احادیث پر محیط بنا دیں تاکہ اس طرح وہ ان امور میں گنجینۂ اسرار بن جائیں۔ جنھیں پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دوسروں سے پنہاں رکھتے تھے۔ اس لئے آپ نے اپنے اسرار و احادیث کو ابوہریرہ کے حوالہ کیا تاکہ وہ اسے اپنے برتن (وعاء) میں رکھیں اور اس کے ساتھ انھیں اس بات کا اختیار بھی دیا کہ وہ اپنی مرضی کے مطابق انھیں لوگوں کے سامنے ظاہر کریں یا ان سے چھپائے رہیں اسکے بعد ابوہریرہ نے اس چھپائے جانے والے سربستہ راز کی اہمیت کو بڑھانے کے لئے اس بات کا مزید اضافہ کیا کہ: اگر اس برتن سے میں نے کسی بات کو ظاہر کر دیا تو میری گردن کٹ جائے گی۔ ظاہر ہے کہ ابوہریرہ نے یہ بات ایک تو اس لئے کہی کہ اپنے مقام و منزلت کو صحابہ کے درمیان بلند کریں اور دوسرے یہ کہ اسے ایک دہشتناک اسلحہ بنا کر لوگوں میں خوف و ہراس پیدا کریں تاکہ ایک طرف لوگ ان سے خائف رہیں اور دوسری طرف ان سے ہر ایک کی امیدیں بھی وابستہ ہوں جس کے نتیجہ میں تمام افکار ان کی طرف متوجہ ہوں اور ہر فرد ان کی شخصیت پر فریفتہ نظر آئے۔ قدرتی بات ہے کہ لوگ ہمیشہ ڈھکی چھپی باتوں کو جاننے کے لئے دلدادہ رہتے ہیں اور ان کی یہ کوشش ہوتی ہے کہ جس چیز کو ان سے چھپایا جا رہا ہے اس کا کھوج لگائیں۔ اس لئے ہم مقدمتاً ذہبی وغیرہ کی روایت کردہ دو روایتیں اس امید پر نقل کرتے ہیں کہ شاید یہ دو روایتیں اس "دعا" کے پوشیدہ راز کو سمجھنے میں کسی حد تک ہماری مدد کر سکیں۔ ابن مسیب (داماد ابوہریرہ) سے روایت ہے کہ: ابوہریرہ کی عادت تھی کہ جب تک

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

معاویہ انھیں کچھ دیتا ان کی زبان خاموش رہتی اور جہاں اس کا ہاتھ رک جاتا وہ پھر بولنے لگتے۔[1] اس کے علاوہ محمد بن زیاد ناقل ہیں کہ: کبھی ایسا ہوتا کہ معاویہ ابوہریرہ کو مدینے بھیجتا (یعنی انھیں حاکم مدینہ بناتا) اور جب ان سے برہم ہوتا تو مروان کو ان کی جگہ بھیج کر ابوہریرہ کو معزول کر دیتا۔[2] غالباً معاویہ کی داد و دہش کے موقع پر ابوہریرہ کے سکوت سے مراد یہ ہے کہ وہ ان روایات کو نشر نہ کریں جنھیں معاویہ پسند نہیں کرتا۔ مثال کے طور پر یہ روایت جسے بخاری نے ذمِ بنی امیہ میں ان سے نقل کیا ہے اور کہا ہے: میری امت قریش کے چند جوانوں کے ہاتھوں ہلاک ہو جائے گی۔ ابن حجر نے اس کی شرح میں لکھا ہے کہ یہ روایت معاویہ کے زمانے میں نقل ہوئی اور اسی روایت کو عمر بن یحییٰ بن سعید الاموی نے اپنے جد سے نقل کیا کہ انھوں نے کہا: میں، مروان اور ابوہریرہ ایک جگہ جمع تھے کہ ہم نے ابوہریرہ کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ میں نے پیغمبرؐ صادق سے سنا ہے کہ: میری امت کی ہلاکت جوانانِ قریش کے ہاتھوں ہوگی مروان نے پوچھا، جوانان قریش؟ ابوہریرہ نے کہا چاہتے ہو ہر ایک کا نام لے لوں بنی فلاں اور بنی فلاں۔ اور معاویہ کے ہاتھ روک لینے پر ابوہریرہ کی گفتگو یوں تھی کہ وہ ایسے روایات نقل کرنے لگتے تھے جس میں حضرت علی علیہ السلام اور آپ کے فرزندان گرامی کی مدح سرائی ہوتی۔ اس حدیث کے مانند جسے احمد نے ابوہریرہ سے نقل کیا ہے اور جس کی نص یہ ہے:۔ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی، حسنین اور جناب فاطمہ علیہم السلام کی جانب دیکھ کر فرمایا جو تم لوگوں سے لڑے گا میں اس کے ساتھ برسرپیکار ہوں اور جو تم سے صلح

۱- اعلام النبلاء- ص ۴۴۲- ج ۲- تذکرۃ الحفاظ- ص ۳۴ =
البدایہ والنہایہ- ص ۱۱۴- ج ۸-

۲- سیر اعلام النبلاء- ص ۴۴۱- ج ۲

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کرے گا میں بھی اس کے ساتھ منزل صلح پر ہوں۔ اس حدیث کی نص زید بن ارقم کی روایت کے مطابق جسے ترمذی نے نقل کیا ہے اور جسے کتاب الاصابہ میں ابن حجر نے ترجمۂ "زہراء" کے ذیل میں لکھا ہے اس طرح ہے کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی و فاطمہ و حسن و حسین علیہم السلام کے اسماء گرامی لے کر فرمایا: جو ان سے لڑے گا میں بھی اسکے ساتھ برسرپیکار ہوں اور جو ان کے ساتھ دوستی اور صلح و صفائی سے پیش آئے گا میں بھی اس کے ساتھ اسی موقف میں ہوں اسی طرح ابن حبان نے اس حدیث کو اپنی صحیح میں اور حاکم نے اپنی مستدرک میں نقل کیا ہے۔ علاوہ ازیں مذکورہ حدیث کے مانند اور بھی بہت سی احادیث موجود ہیں اور ظاہر ہے کہ اس قسم کی احادیث معاویہ اور اس کے خاندان والوں کو غضبناک بناتی تھیں اسی وجہ سے وہ ہمیشہ اس کوشش میں تھا کہ ابوہریرہ کو راضی اور خوش رکھ کر ان کا منہ بند کر دیا جائے اس بات کو ابوہریرہ نے پرکھ لیا تھا اور جب کبھی معاویہ عطا و بخشش میں غفلت سے کام لیتا تو وہ ایسے بیانات پھر جاری کر دیتے جس سے معاویہ غصہ میں آجائے اور عطا و بخشش کے دروازے پھر ان پر کھل جائیں یا پھر حکومت کے عنوان سے وہ دوبارہ مدینہ بھیج دیئے جائیں۔

اب ہم حدیث وعائین کی طرف آتے ہیں۔ بخاری نے ابوہریرہ سے روایت کی ہے کہ: میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے حدیث کے "دو ظرف" محفوظ کئے جس میں سے ایک کو نشر کر کے میں نے آشکار کیا لیکن اگر دوسرے کا اظہار کروں تو میری گردن کٹ جائے گی۔ نیز ان کا کہنا ہے کہ جن

۱۔ اسی طرح حاکم نے اپنی مستدرک میں اور طبرانی نے الکبیر میں اسناد کیساتھ ابوہریرہ سے اس حدیث کو نقل کیا ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

باتوں کا مجھے علم ہے اگر میں انھیں ظاہر کر دوں تو لوگ ، مجھے اینٹیں مارنے لگیں گے اور کہیں گے ابوہریرہ دیوانہ ہو گیا ہے۔[1] ایک دوسری روایت میں ہے کہ : جو کچھ میرے وجود میں پنہاں ہے اگر میں اس کو ظاہر کر دوں تو لوگ میری طرف مینگنیاں اچھالنے لگیں گے۔ اور نیز یہ بھی انھیں کی روایت ہے کہ لوگ کہتے ہیں ابوہریرہ تم بہت حدیثیں بیان کرتے ہو قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے، اگر میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنی ہوئی تمام باتوں کو بیان کر دوں تو تم لوگ میری طرف لید پھینکنے لگو گے اور پھر مجھ سے روبرو نہ ہو گے۔[2] دلچسپ بات یہ ہے کہ ابوہریرہ نے فقط دو برتنوں پر اکتفا نہیں کی بلکہ دوسری مرتبہ یہ کہا : میں نے رسول مقبول سے پانچ "چرمی توبرے" حاصل کئے جس میں سے دو کو میں نے باہر نکالا اور اگر تیسرے کو ظاہر کرتا تو تم لوگ مجھے سنگسار کر دیتے اس کے بعد بھی انہوں نے قناعت سے کام نہیں لیا اور کہا وہ ایک ایسی پُر اسرار تھیلی کے حامل ہیں جس سے سوائے ان کے اور کوئی واقف نہیں۔ ابن مکحول ناقل ہیں کہ انہوں نے کہا ایسے بے شمار تھیلے ان کے پاس موجود ہیں جسے انہوں نے کھولا نہیں۔ ان مطالب پر نظر رکھتے ہوئے ہمیں یہ دیکھنا چاہیے کہ آخر ابوہریرہ تھے کون ؟ اور ان کی شخصیت کیا تھی جنھیں پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان اسرار و رموز سے آگاہ کیا جو خود ان کے اپنے مختصات سے تھیں اور جن کو انہوں نے اولیاء ، اصفیاء اور قریب ترین اشخاص سے بھی چھپائے

۱۔ ان تین خبروں کو ابن سعد نے ترجمۂ طبقات میں نقل کیا ہے۔

۲۔ کتاب الحلیہ ـــ ص ۳۸۱

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

رکھتا۔ ابوہریرہ کو دوسروں پر فضیلت کے اعتبار سے ایسا کوئی امتیاز حاصل نہیں تھا جس کے سبب پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم انہیں اپنے سے اتنا قریب کر لیتے اور آپ کی وفات کے بعد بھی صحابہ کے کسی طبقے میں ان کا شمار نہیں ہوتا تھا[۲]۔ کیوں کہ نہ تو وہ سابقین اولین میں تھے نہ مہاجرین و انصار میں، نہ عقبہ اولی و دوم میں، نہ عرفاء میں، نہ زمانہ جاہلیت اور آغاز اسلام کے بزرگوں میں، نہ ان ہستیوں میں جو پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میں دفاع کیا کرتے تھے اور نہ ہی عہد پیغمبر و خلفاء کے مفتیوں میں بلکہ وہ فتنۂ کبری کے بعد ابھرنے والوں میں سے تھے۔ پھر نہ تو وہ حافظ و قاری قرآن تھے اور نہ ہی ان کی فضیلت کے باب میں پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے

۱۔ اس سلسلے میں ہماری کتاب "اضواء علی السنۃ المحمدیہ" میں صحیفۂ علی سے مراجعہ فرمائیں۔

۲۔ صحابہ کو فضیلت کی بنیاد پر بارہ درجوں میں تقسیم کیا گیا ہے اور ہم نے ابوہریرہ کو ان درجات میں سے کسی درجہ پر نہیں پایا ۱۔ قدماء سابقین جو مکہ میں ایمان لائے۔ ۲۔ اصحاب دار الندوہ ۳۔ مہاجرین حبشہ ۴۔ اصحاب عقبہ اولی۔ ۵۔ اصحاب عقبہ دوم، ۶۔ مدینے وارد ہونے سے قبل قبا میں پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور پہنچنے والے مہاجرین ۷۔ اہل بدر ۸۔ بدر و حدیبیہ کے درمیانی وقفہ کے مہاجرین ۹۔ اہل بیعت رضوان ۱۰۔ وہ حضرات جنہوں نے حدیبیہ اور فتح مکہ کے درمیان ہجرت اختیار کی ۱۱۔ فتح مکہ میں اسلام لانے والے ۱۲۔ وہ اطفال و بچے جنہوں نے فتح مکہ اور حجۃ الوداع کے موقع پر پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا۔ (کتاب الروض الباسم۔ تالیف وزیر یمانی۔ ص ۶۹۔ ۷۰۔ ج ۱)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کوئی حدیث وارد ہوئی تھی[1]۔ ہاں البتہ جس بات سے ابوہریرہ پہچانے گئے وہ تنہا اہل صفہ کی لیڈری تھی اور بس۔ ابوہریرہ کی بے وقعتی اور کم مائیگی پر دلالت کرنے والی باتوں میں ایک بات یہ بھی ہے کہ وہ عہد پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم اور عصر صحابہ دونوں وقتوں میں کبھی ان لوگوں میں سے نہیں تھے جنھیں احکام دین و آئین کی تعلیم کے لئے ممالک اسلامی کے اطراف بھیجا جاتا حتیٰ کہ دور معاویہ میں بھی انھیں یہ شرف حاصل نہ ہو سکا، جس کے وہ زبردست حامی تھے۔

اس بارے میں پیغمبر اکرم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ کے فرمان سے ان کا علاء بن الحضرمی کے ساتھ بحرین جانے کا واقعہ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں۔ اور اگر ایسی کوئی اہم بات درپیش ہوتی جس کا ذکر پیغمبر اکرم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ کسی صحابی سے ضروری سمجھتے تو حضرت علی علیہ السلام کی ذات والا صفات اس کے حصول کے لئے سب سے زیادہ اولیت رکھتی تھی۔ کیوں کہ آپ پروردہ آغوش رسالت تھے اور اپنے چچازاد بھائی کے علم کے وارث تھے اور پھر حضرت خدیجہ الکبریٰ ؑ کے بعد اسلام لانے والوں میں سب پر فائق تھے۔ نیز یہ کہ آپ پیغمبر اکرم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ کی بیٹی کے شوہر اور حسن و حسین علیہم السلام کے پدر گرامی تھے اور سفر و حضر میں کبھی پیغمبر ؐ سے الگ نہ ہوئے۔ آپؑ تبوک کے علاوہ تمام جنگوں میں پیغمبر ؐ کے شریک رہے اور اور ایسی عظیم شخصیت کے مالک تھے کہ جب پیغمبر اکرم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ نے انھیں مدینہ میں (جنگ تبوک کے موقع پر) اپنا جانشین مقرر کیا تو آپ ؑ نے فرمایا: کیا آپ مجھے عورتوں اور بچوں کے درمیان چھوڑے جا رہے ہیں؟

۱۔ بخاری نے فضائل صحابہ میں ایک باب قائم کیا ہے۔ اس میں بیشتر صحابہ کے فضل پر گفتگو کرتے ہوئے کثرت کے ساتھ حدیثیں نقل کی ہیں مگر ابوہریرہ کیلئے ایک حدیث بھی اس میں شامل نہیں ہے۔

jabirabbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اس موقع پر پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو بات آپ کے حق میں فرمائی علیؑ[۱] کے سوا اور کوئی اس سے مفتخر نہ ہوسکا۔ آپ نے فرمایا: علیؑ[۲] کیا تم اس بات سے راضی نہیں ہو کہ تمہاری نسبت مجھ سے وہی ہو جو نسبت ہارونؑ کو موسیٰؑ[۴] سے تھی؟ مگر یہ کہ میرے بعد اب کوئی نبی نہ ہوگا۔ بے شک علی علیہ السلام سے بڑھکر حاملِ اسرارِ پیغمبرؐ اور کون ہوسکتا تھا!؟ اگر علی علیہ السلام نہ ہوتے تو پھر حضرات ابوبکرؓ و عمرؓ، ابوعبیدہؓ و زبیرؓ، ابن مسعودؓ و حذیفہ بن الیمانؓ یا ابوذر غفاریؓ و سلمان محمدیؓ جیسے افراد اسرار پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حصول کے لئے دوسروں سے اولیٰ ہوتے کہ ان میں سے ابوعبیدہ کو تو پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امین امت کا خطاب دیا تھا۔ زبیر پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پھوپھی زاد بھائی اور آپ کے حواریین میں سے بھی تھے، ابن مسعودؓ کے لئے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا تمہیں اجازت ہے تم ہر وقت میرے پاس مجھ سے پہلے آسکتے ہو[۳] کیونکہ وہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں اس طرح تھے کہ لوگ انھیں آپ ہی کے گھر کا ایک فرد سمجھتے تھے

۱۔ بخاری اور ترمذی نے اس حدیث کو نقل کیا ہے۔

۲۔ مسلم نے روایت کی ہے کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا قرآن کو چار افراد سے سیکھو: ابن ام عبد (عبداللہ بن مسعود) جن کا سب سے پہلے نام لیا۔ معاذ بن جبل، ابی بن کعب اور سالم مولائے حذیفہ (یعنی حذیفہ کے غلام) اس طرح ہم دیکھتے ہیں کہ ابوہریرہ غلام کے درجے تک بھی نہ پہنچ سکے۔

۳۔ اور یہ ابن مسعود کی خصوصیات سے ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور صحابہ کے درمیان اسی امتیاز اور برتری کی وجہ سے پہچانے جاتے تھے کہ آپ سب سے زیادہ مقرب بارگاہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں حذیفہ بن الیمان نے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منافقین کو پہنچاننے کا علم حاصل کیا تھا اور حضرت عمرؓ نے ان سے پوچھا تھا کہ کیا میں بھی منافقین میں شامل ہوں ؟ حذیفہ نے جواب دیا، نہیں اور میں تمہارے بعد کسی کی ستائش نہیں کرتا. نیز یہ کہ شیخین نے ان سے روایت کی ہے کہ انہوں نے کہا: پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے درمیان اس طرح تھے کہ انہوں نے اپنے دور سے لے کر قیامت تک کی باتوں کو ہمارے لئے بیان کیا اور کسی چیز کو ہم سے پوشیدہ نہیں رکھا جس کسی نے انھیں یاد رکھا اس کے لئے وہ محفوظ ہوگئیں اور جس نے بھلا دیا اس نے انھیں کھو دیا۔ نیز احمد و مسلم نے ان سے روایت کی ہے کہ انہوں نے کہا: خدا کی قسم مجھے اب سے قیامت تک وقوع پذیر ہونے والے ہر حادثہ کا بھرپور علم ہے اور یہ کوئی ایسی راز کی بات نہیں کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فقط مجھ ہی سے بیان کی ہو اور دوسرے اس سے محروم رہے ہوں. بلکہ آپ نے ان مطالب کو ایک مجلس میں بیان فرمایا۔ جن میں میں بھی شامل تھا۔ حذیفہ، پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی گفتگو کو نقل کرنے کے بعد کہتے ہیں کہ: میرے علاوہ اس مجلس کے شریک تمام افراد رحلت کر چکے ہیں[۲].

۱۔ یہی بات اصول رسالت کے موافق ہے کیونکہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعوت سب لوگوں کے لئے تھی ایسی صورت میں اس جلیل القدر صحابی کی دیانت اور امانت پر نظر رکھنی چاہئے کہ کس طرح انہوں نے اس بات کی تصریح کی کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی چیز کو بطور تنہا خصوصیت کے ساتھ ان سے نہیں کہا۔"

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور سب جانتے ہیں کہ حذیفہ کا انتقال فتنہ، قتل عثمانؓ کے بعد ہوا۔ ابو ذر غفاریؓ کا شمار سابقین اولین اور نجباء صحابہ میں ہوتا ہے جن کے بارے میں پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا آسمان نے سایہ نہیں کیا اور زمین نے آغوش نہیں پھیلائی اس شخص کے لئے جو ابوذر سے زیادہ سچا ہو، جو کوئی زہد عیسیٰ بن مریم دیکھنا چاہتا ہے وہ ابوذر کی طرف دیکھے۔ ان برجستہ صفات کے حامل جلیل القدر صحابی نے کہا ہے، پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جبرئیل اور میکائیل سے حاصل کردہ کسی چیز کو اپنی حد تک محدود نہیں رکھا بلکہ میرے ظرفِ علم میں بھر دیا۔ میں نے بھی بغیر فرو گذاشت کے اس کو من وعن مالک بن ابی حمزہ کے حوالے کیا۔ سلمان فارسیؓ کے بارے میں پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ سلمان ہم اہل بیت سے ہیں۔ اور اگر دین ثریا پر ہو تو سلمان اس کو حاصل کرنے والے ہیں۔ حضرت علی علیہ السلام نے ان کے بارے میں فرمایا۔ سلمان فارسی، لقمان حکیم کے مانند ہیں۔ انہوں نے علوم اولین و آخرین کو حاصل کیا۔ سلمان علم کا وہ سمندر ہیں جو کبھی خشک نہیں ہوتا حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ سلمان راتوں کو پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ خلوت میں گفتگو کیا کرتے تھے۔ ان سب سے گذر کر ایک اور ہستی کا وجود بھی پایا جاتا ہے جنہوں نے پیغمبر کی مصاحبت ایک عرصہ دراز سے اختیار کی ہوئی تھی اور جو سفر وحضر میں آپ کے ملازمین اور مقربین میں شامل تھے ان کا تعلق بھی اہل صفہ سے تھا اور ابوہریرہ سے زیادہ نقل حدیث کے لئے سزاوار تھے اور پیغمبرؐ سے منسوب کر کے ایسی احادیث بیان کر سکتے تھے جس پر کسی کو دسترس حاصل نہیں مگر ایسا نہیں تھا وہ ایک فروتن اور متواضع انسان تھے جنہوں نے حق مصاحبت پیغمبرؐ باحسن وجوہ ادا کیا۔ یہ شخصیت سلمیٰ کی ہے جن کے بارے میں ابن عبدالبر

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نے اپنی تاریخ میں لکھا ہے۔ ربیعہ بن کعب کا تعلق اہل صفہ سے تھا انھیں سفر و حضر میں ملازمت پیغمبر کا افتخار حاصل تھا۔ انہوں نے بہت پہلے سے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مصاحبت اختیار کی تھی اور آپ کے بعد طویل عرصے تک زندہ رہے۔ ان کا انتقال واقعہ حرہ کے بعد سنہ ۶۳ ہجری میں ہوا۔ یہ وہی ہستی ہیں جنھوں نے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے خواہش کی تھی کہ بہشت میں آپ کے ساتھ رہیں اور پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے فرمایا: کثرت سجود میں اپنے آپ کو مجھ سے ملحق کرو: اس روایت کو اوزاعی نے یحیی بن ابی کثیر کے واسطے ابو سلمہ سے ربیعہ بن کعب کی زبانی نقل کیا ہے[۱]۔ یہ تمام حضرات کل صحابہ سے اولی و ارفع تھے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی مخصوص گفتگو انھیں حضرات کیساتھ کیا کرتے تھے اور اگر اس گفتگو کے لیے فقط ایک ہی صحابی کو تخصیص دی جائے تو بقول بعض علماء کے یہ بات نعوذ باللہ من ذٰلک پیغمبرؐ کی خیانت پر محمول ہوگی۔

۱۔ کتاب الاستیعاب۔ ص ۱۸۴۔ ج ۱۔ اور کتاب انساب الاشراف بلاذری۔ ص ۲۷۳۔ ج ۱۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حدیثِ

مِزود

jabir.abbas@yahoo.com

اس دلچسپ داستان کا تیسرا اور آخری حصہ "حدیث مزود" ہے۔ اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ روایت ابوہریرہ نے اس موقع پر کہی جب وہ بنی امیہ کی حکومت سے مستفید ہو رہے تھے اور انہوں نے اپنے لئے ایک بلند مقام حاصل کر لیا تھا۔ ان کے دعوے کے مطابق ان کے پاس ایک چرمی تھیلا تھا جس سے وہ دو سو بار شتر خرمے کھا چکے تھے اور اگر وہ اسے نہ کھوتے اور معاویہ کا لشکر

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اسے لے نہ جاتا تو وہ آخر عمر تک اس سے کھاتے ہی رہتے ہیں تاہم اس کے عوض معاویہ کی طرف سے انھیں بے شمار فائدے حاصل ہوئے اور وہ اپنی دلی مراد کو پہنچ گئے۔ یہ ہے حدیث مزود[1] جسے انہوں نے خود بیان کیا ہے کہ: اسلام میں تین مصیبتیں میرے سر آئیں کہ اس سے پہلے کبھی ایسی قیامت مجھ پر نہیں ٹوٹ اول، وفات پیغمبر کہ میں ان کا ایک ادنیٰ صحابی تھا۔ دوم: قتل عثمانؓ (یہ بالکل بجا درست اور قدرتی امر ہے) سوم: مزود، ان سے پوچھا گیا مزود کیا ہے۔؟ انہوں نے کہا کہ: ہم ایک سفر میں رسول خداؐ کے ساتھ تھے۔ (بندۂ خدا آخر کونسا سفر؟؟) پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: ابوہریرہ کھانے کو تمہارے پاس کچھ ہے؟ میں نے عرض کی: کچھ خرمے میرے چرمی تھیلے میں موجود ہیں۔ آپؐ نے فرمایا، لے آؤ میں نے ان خرموں کو باہر نکالا۔ اس کے بعد پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انکو مس کیا اور کچھ دعا پڑھکر پھونکی، پھر فرمایا دس آدمیوں کو آواز دو، دس آدمی حاضر ہوئے اور انہوں نے ان خرموں کو نوش کیا یہاں تک کہ وہ سیر ہو گئے۔ اس کے بعد تمام لشکر گروہ در گروہ آیا اور سب نے ان خرموں سے اپنا پیٹ بھرا۔[2] (ماشاء اللہ) اس کے بعد کچھ دانے بچ گئے۔ جنھیں میں نے واپس اپنے برتن میں ڈال لیا، پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ابوہریرہ جب تمہارا دل چاہے ہاتھ ڈال کر اسمیں سے خرمے نکال لو

۱۔ مزود: م کے زیر کے ساتھ کھجوروں کا برتن جسے دباغی شدہ چمڑے سے بنایا جاتا ہے

۲۔ کیسا لشکر؟ کونسا غزوہ؟ انہوں نے اس چرمی تھیلے کو صفین میں لٹکایا یا اپنے ساتھ بحرین لے گئے؟ اور اگر ابوہریرہ، پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفاءؓ ثلاثہ کے دور میں اس تھیلے سے کھاتے رہے تو پھر کیوں پیٹ بھرنے کے لئے انہوں نے در در کی ٹھوکریں کھائیں اور لوگوں کو روک روک کر آیات قرآنی کے بارے میں سوالات کئے تاکہ اس طرح کوئی ان کا پیٹ بھر دے یا پھر رد کر دیئے جائیں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور کسی بات سے مطلب نہ رکھو، ابوہریرہ کہتے ہیں: میں طول حیات پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں اسی تھیلے سے کھاتا رہا اور آپ کے بعد حضرات ابوبکرؓ و عمرؓ و عثمانؓ کے زمانوں میں بھی اسی طرح یہ عمل جاری رہا اور جب قتل حضرت عثمانؓ عمل میں آیا۔ تو جو کچھ میرے پاس تھا سب کا سب غارت ہوا جس میں خرموں کا یہ چرمی تھیلا بھی شامل تھا۔ تم جاننا چاہتے ہو کہ میں نے اس میں سے کتنا کھایا؟ دو سو بار شتر سے زیادہ اگر ابوہریرہ نے یہاں اس کو اس طرح بیان کیا ہے کہ ان کے چرمی تھیلے میں خرمے تھے اور پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انھیں طلب فرما کر مس کیا اور پھر تمام لشکر کو بلا کر کھلایا تو احمد بن حنبل کی مسند میں نقل شدہ دوسری روایت کے مطابق جس کے اسناد بھی صحیح نظر آتے ہیں۔ وہ اس طرح گویا ہوئے۔ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے کچھ کھجوریں عنایت فرمائیں۔ میں نے بھی اسے اپنے تھیلے میں نہیں۔ زنبیل میں ڈال کر گھر کی چھت سے لٹکا دیا۔ ہم مستقل اس سے کھاتے رہے۔ یہاں تک کہ آخر کار مدینہ پر دھاوا بولتے وقت اہل شام کے ہاتھوں لگی۔ یعنی جس وقت بسر بن ارطاہ کا لشکر معاویہ کی جانب سے اہل مکہ و مدینہ

۱۔ حقیقت امر یہی ہے کہ قتل حضرت عثمانؓ کو اپنے مصائب میں شمار کرنے کا مفہوم یہی ہے کہ اُن کے ساتھ اپنی دوستی کو ثابت کریں کیونکہ امویوں کے پاس حضرت علیؑ کی ضد میں جو آلہ حرب تھا۔ وہ بس یہی تھا کہ حضرت عثمانؓ مظلوم قتل ہوئے اور علی علیہ السلام کا یہ فرض تھا کہ ان کے قاتلین سے انتقام لیں ایسی حالت میں کیا یہ صحیح؟ کہ قتل عثمانؓ پر ابوہریرہ کا غم واندوہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے صدمے سے نسبتاً کم ہو۔

۲۔ ابوہریرہ فرماتے ہیں کہ میں نے زنبیل کو اپنے گھر کی چھت سے لٹکا دیا درآں حال کہ اُن کا کوئی گھر نہیں تھا بلکہ اُن کی جگہ صفا تھی۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سے پوچھا جائے تو اس سلسلے میں ہم قطعی طور پر یہ کہیں گے کہ اس قسم کی احادیث کی کوئی حقیقت نہیں اور ابوہریرہ خود انھیں بزرگان صحابہ کے سامنے پیش کرنے کی جرائت نہیں رکھتے تھے بلکہ انہوں نے ان روایات کو معاویہ کے زمانے میں بیان کیا جو ان کی تائید اور کمک کیا کرتا تھا اور یہ امر واضح ہے کہ معاویہ کے زمانے میں مومنین کے ایک ناقابل بیان مختصر گروہ کے علاوہ کسی میں حق بات کہنے کی جرأت نہیں تھی اور اگر یہ کہکر کہ ابوہریرہ کی تاریخ عجائبات کا ایک مجموعہ تھا امکان سکوت کو روبعمل لایا جائے اور اغماض وچشم پوشی پر زور دیا جائے۔ جب بھی یہ بتیں مضحکہ خیز اچھوتی داستانیں جو انسان کو محو حیرت بنا دیتی ہیں کسی طرح بھی قابل اغماض وچشم پوشی نہیں کیوں کہ فرسودہ اور کمزور عقلوں کے علاوہ کوئی عقل اسے باور کرنے کے لئے تیار نہیں ہے، یہی وجہ ہے کہ ہم سکوت اختیار کرکے اس سلسلے میں بحث سے صرف نظر نہیں کرسکتے اور حیرت انگیز بات تو یہ ہے کہ اس قسم کی اچھوتی داستانیں یا تعجب خیز خرافات روز اول سے آج تک تاریخ اسلام میں اسی طرح نافذ و برقرار ہیں اور بیشتر مسلمانوں کے عقول وافکار میں درج بس گئی ہیں۔ افسوس کا مقام ہے کہ آج تک کسی نے اس بارے میں گفتگو نہیں کی اور کوئی اہل قلم یا صاحب نطق و بیان اس موضوع کے متعلق بحث نہیں کرتا اس کے برعکس بہت سے یہ کہتے ہیں کہ ہم کیونکر انھیں تسلیم نہ کریں۔

درآں حالیکہ ان کا راوی جلیل القدر صحابی ہے اور صحابہ جن باتوں کو نقل کریں وہ ہمارے لئے صحیح اور لازم الاتباع ہیں اور اس بارے میں کسی قسم کا شک و تردید جائز نہیں ہے۔ ہم یہ کہتے ہیں کہ اگر دوسروں کو ہم پر خندہ زن کرنے والی یہ روش پچھلے دور کی پیداوار اور کورکورانہ اتباع وجمود کا نتیجہ ہے تو خوش قسمتی سے آج کسی طرح بھی اس کی متابعت نہیں کی جاسکتی خاص طور پر ایسی حالت میں جبکہ اس قسم کے خرافات کے پس پشت ایک بہت اہم اور

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عظیم موضوع پایا جائے۔ ضرورت ہے کہ اس پر توجہ دے کر عبرت حاصل کی جائے اور وہ اہم موضوع یہ ہے کہ ابوہریرہ کی تمام روایات کا تعلق براہ راست پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات گرامی اور دین مبین اسلام سے ہے۔ اس صورت میں ان روایات پر سکوت اختیار کرنا یا انھیں مان لینا آنحضرتؐ کی شخصیت وحیثیت پر کاری ضرب لگانا ہے اور بدگوئی کرنے والوں کے لیے موقع فراہم کرنا ہے کہ وہ آپؐ پر اور آپؐ کے دین پر دل کھول کر طعنہ زنی کریں کیوں کہ اس دور میں ہر شخص ہر چیز کو عقل وخرد کی کسوٹی پر پرکھ کر میزان علم کے ساتھ اس کی آزمائش کا عادی ہے۔ ایسی صورت میں اس قسم کی خرافات سے چشم پوشی دوسروں کے لیے موقع فراہم کرتی ہے کہ وہ کہیں کہ اس پیغمبر کا دین خرافات سے آلودہ اور اس کے اقوال یاوہ گوئی پر منحصر ہیں۔ (معاذ اللہ) حالانکہ حقیقت امر اس کے بالکل برعکس ہے ہمارے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مبعوث ہی اس لئے ہوئے کہ آپ اوہام وخرافات کی بیخ کنی فرمائیں اور اپنے ساتھ اس دین کو لائیں جس کی بنیاد عقل سلیم اور فکر صحیح پر ہو اور اگر ہم اس قسم کے مطالب کو کمال تاسف و اندوہ کے ساتھ بیان کر رہے ہیں تو فقط اس لئے کہ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ شاید وہ وقت آگیا ہے کہ مسلمانوں کے خردمند علماء اپنی تاریخ اور اپنے دین کو اوہام وخرافات کی آلودگیوں سے پاک کریں تاکہ جمال دین مبین اسلام دانش وخرد کے آئینہ میں منشاء الٰہی کے مطابق بہترین صورت کے ساتھ نکھر کر انظار عالم میں جلوہ نمائی کرے۔ اس منزل پہ پہنچ کر اب ہم یہ چاہتے ہیں کہ ان دلچسپ اور تازہ موضوعات پر بھی کسی قدر خامہ فرسائی کریں۔ جنھیں ابوہریرہ نے معاویہ اور اس کی حکومت کے حق میں تیار کیا ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

آل ابی العاص اور تمام بنی امیہ کے حق میں

ابوھریرہ کی خدمات

ابوہریرہ نے جن خدمات کو آل ابی العاص کے لئے بالعموم اور بنی امیہ اور معاویہ کے لئے بالخصوص انجام دیا وہ تلوار سے جہاد نہ تھا بلکہ جیسا کہ ہم بیان کر چکے ہیں ان کی خدمات ان خود ساختہ احادیث کی نشر و اشاعت کے ذریعہ تھی جس میں حضرت علی علیہ السلام اور آپ کے اصحاب کی مذمت کی جاتی تھی اور لوگوں کو اس بات پر آمادہ کیا جاتا تھا کہ وہ حضرت علی علیہ السلام سے دوری اور بیزاری اختیار کریں اور پھر اس کے بعد وہ فضائل عثمانؓ و معاویہ پر گفتگو کیا کرتے تھے۔ فضل حضرت عثمانؓ میں جن روایات کو انہوں نے بیان کیا ان میں سے ایک روایات وہ ہے جسے بیہقی نے ان سے نقل کیا ہے جو اس طرح ہے کہ جب حضرت عثمانؓ اپنے مکان میں محصور تھے تو ابوہریرہ ان کے مکان میں داخل ہوئے اور ان سے گفتگو کی اجازت چاہی، جب حضرت عثمانؓ نے اجازت دی تو ابوہریرہ نے کہا: میں نے پیغمبر صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ فرماتے تھے تم لوگ میرے بعد فتنہ و اختلاف کا مشاہدہ کرو گے۔ ایسے میں کسی نے آپؐ سے پوچھا: یا رسول اللہؐ! اس وقت ہمیں کیا کرنا چاہیے یا کہاں پناہ لینی چاہیے؟ آپؐ نے فرمایا تمہارا فرض ہے کہ امیر اور اس کے ساتھیوں کی اتباع کرو یہ کہتے ہوئے ابوہریرہ نے حضرت عثمانؓ کی طرف اشارہ کیا۔ اس حدیث کو احمد بن حنبل نے مستحسن سند کے ساتھ روایت کیا ہے۔ نیز یہ کہ جب حضرت عثمانؓ قرآن مجید تحریر کر رہے تھے تو ابوہریرہ ان کے پاس آئے اور کہا: واہ! کیا نیک کام انجام دے رہے ہو خدا تمہیں کامیاب کرے، گواہی دیتا ہوں کہ میں نے پیغمبر صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ: میرے سچے دوست وہ ہیں جو میرے بعد آئیں گے اور مجھ پر

۱۔ البدایہ والنہایہ ــ ص ۱۶ ــ ج ۷

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ایمان لائیں گے درآں حالیکہ انہوں نے مجھے دیکھا نہیں ہوگا۔ وہ ان اوراق معلق میں لکھی جانے والی باتوں کی تصدیق کریں گے۔ میں نے اپنے تئیں کہا کونسے اوراق؟ یہاں تک کہ میں نے ان مصحفوں کا مشاہدہ کیا۔ یہ بات حضرت عثمانؓ کو آتی بھائی کہ انہوں نے حکم دیا کہ دس ہزار (درہم یا دینار؟) ابوہریرہ کو دے دیئے جائیں۔ اس روایت کا شمار بھی ابوہریرہ کی اچھوتی روایتوں میں ہوتا ہے جسے انہوں نے بلاشبہ سابقہ روایت کی طرح اسی موقع پر جعل کیا۔ نیز یہ کہ ابن عساکر، ابن عدی اور خطیب بغدادی نے ابوہریرہ سے روایت کی ہے کہ انہوں نے کہا: میں نے رسول ؐ خدا سے سنا کہ: خداوند عالم نے تین افراد کو اپنی وحی کا امین بنایا ہے۔ میں، جبرئیل اور معاویہ، اور ایک دوسری مرفوع روایت[1] میں ان سے نقل ہوا ہے کہ: امناء تین افراد تھے: جبرئیل، میں اور معاویہ۔ جن موارد میں ابوہریرہ نے معاویہ کے ساتھ عبادہ بن الصامت کی مخالفت نے شدت اختیار کی اور جیسا کہ ہم پہلے کہہ چکے ہیں۔ معاویہ نے ابوہریرہ سے شام میں کہلا بھیجا کہ جاؤ اور اپنے دوست عبادہ کی زبان بند کردو۔ ابوہریرہ عبادہ کی خدمت میں آئے اور ان سے کہا عبادہ تمہیں معاویہ سے کیا سروکار؟ اسے اپنے حال پر چھوڑ دو۔ وہ جو چاہے کرے تم خاموش رہو۔ عبادہ نے کہا ابوہریرہ تم اس وقت ہمارے ساتھ نہ تھے۔ جب ہم نے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاتھ پر اس شرط پر بیعت کی کہ آپ کی اطاعت و فرمانبرداری کریں، امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی پابندی کریں اور راہ خدا میں پیش آنے والے کسی حادثہ سے نہ گھبرائیں۔ یہ سن کر ابوہریرہ نے سکوت اختیار کیا[2]۔ معاویہ سے ابوہریرہ کی دوستی کا ایک مظاہرہ

۱۔ البدایہ والنہایہ ۔ ص ۱۲۰ ۔ ج ۸

۲۔ اعلام النبلاء ذہبی ۔ ص ۷ ۔ ج ۲

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اس وقت عمل میں آیا۔ جب معاویہ نے انھیں اور ابوالدرداء کو علی علیہ السلام کے پاس بھیجا کہ جا کر انھیں شوریٰ کی دعوت دیں۔ ایسے میں ان کا سامنا عبدالرحمٰن بن غنم الاشعری سے ہوا جو شام کے نفقیہ ترین شخص اور جلالت و منزلت میں خاص مقام کے حامل تھے عبدالرحمن نے اپنی گفتگو میں ان سے کہا مجھے تم دونوں پر تعجب ہے کہ تم نے کیسے گوارا کیا کہ یہ کام انجام دو۔ تم لوگ علیؑ کو دعوت دینا چاہتے ہو کہ خلافت کو شوریٰ کے حوالہ کریں؟؟ حالانکہ تم اچھی طرح جانتے ہو کہ عموم مہاجرین و انصار کے علاوہ اہل حجاز و عراق نے بھی ان سے بیعت کی ہے اور جو لوگ آپ کی بیعت سے خوشنود ہیں اور ان لوگوں سے بہتر ہیں جو اس امر سے ناخوش ہیں اور بیعت کرنے والے سرتابی کرنے والوں سے بہرحال اچھے ہیں۔ اس کے علاوہ معاویہ کا شوریٰ سے کیا واسطہ کیونکہ اس کا تعلق "طلقاء" سے ہے اور طلقاء پر خلافت مسلمین جائز نہیں۔ اس کے علاوہ وہ اور اسکا باپ احزاب کے سرداروں میں سے ہیں۔ یہ سن کر ابوہریرہ اور ابوالدرداء پشیمان ہوئے۔[۱] نیز یہ کہ معاویہ نے ابوہریرہ کو نعمان بن بشیر کے ساتھ حضرت علی علیہ السلام کی خدمت اقدس میں بھیجا تا کہ وہ آپ سے قاتلین عثمانؓ کا مطالبہ کریں حالانکہ معاویہ پر اچھی طرح واضح تھا کہ یہ ایک ناممکن امر ہے کیونکہ اوّل تو یہ کہ قاتلین عثمانؓ مشخص و معلوم نہیں تھے، دوسرے معاویہ ان کے عاکمہ کا اہل نہیں تھا مگر اس طرز عمل سے معاویہ کا مقصد کچھ اور تھا وہ نعمان بن بشیر اور ابوہریرہ کو جو اس کے دوستوں میں سے تھے علی علیہ السلام کی اس امر میں مخالفت پر لوگوں کے روبرو گواہ بنانا چاہتا تھا۔ اور اتفاقاً یہی ہوا ابوہریرہ نے شام میں مشہور کر دیا کہ علی علیہ السلام قاتلین عثمانؓ کی حمایت کر رہے ہیں اور انھیں محاکمہ

۱۔ الاستیعاب، ابوعبداللہ۔ ص ۴۱۴

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سے بچا رہے ہیں اور یہ کہ معاویہ ہی وہ واحد شخص ہے جو حضرت عثمانؓ کا طرفدار ہے۔ پھر جب خوارج نے حضرت علی علیہ السلام پر خروج کیا اور جنگ کی ہولناک آگ آپ کے اور معاویہ کے درمیان بھڑک اٹھی تو ابوہریرہ اسے سرد کرنے لگے اور لوگوں کو جنگ سے روکنا شروع کیا۔ معاویہ کی یاوری میں یہ امر ابوہریرہ کا تنہا اسلحہ تھا جسے وہ اپنے دائرہ تبلیغات میں حدیث پیغمبرؐ کے عنوان سے روایت کیا کرتے تھے۔ انھیں احادیث میں اس مضمون پر مشتمل احمد کی وہ حدیث ہے جسے انہوں نے ابوہریرہ سے روایت کیا ہے کہ بہت جلد فتنے سر اٹھانے لگیں گے۔ ان فتنوں سے دست بردار ہونے والے قیام کرنے والوں سے بہتر ہوں گے اور قیام کرنے والے چلنے والوں سے بہتر ہوں گے۔ چلنے والے کوشش اور جدوجہد کرنے والوں سے بہتر ہوں گے۔ اس موقع پر جس کسی کو جہاں پناہ ملے اپنے آپ کو محفوظ کرلے۔ ابوہریرہ اس حدیث کو روایت کر رہے تھے اور خود جانتے تھے کہ ان کی یہ روایت قرآن کی مخالفت کر رہی ہے۔ فَقَاتِلُوا الَّتِي تَبْغِي حَتّٰى تَفِيْٓءَ اِلٰٓى اَمْرِ اللّٰهِ (تو لڑو اس سے جو ظلم و زیادتی کرتا ہے۔ یہاں تک کہ وہ اللہ کے فیصلے کی طرف رجوع کرے) دلچسپ بات یہ ہے کہ جب ابوہریرہ نے دیکھا کہ حضرت علی علیہ السلام اور معاویہ کی جنگ نے شدت اختیار کرلی ہے اور قریب ہے کہ علی علیہ السلام غالب آجائیں اور باطل پرست معاویہ شکست سے ہمکنار ہو تو انہوں نے فروتنی اور انکساری

۱۔ الاستیعاب، ابوعبداللہ۔ ص ۔ ۴۱۴

۲۔ جہاں ارشاد رب العزت ہے۔ وَاِنْ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا فَاِنْۢ بَغَتْ اِحْدٰىهُمَا عَلَى الْاُخْرٰى فَقَاتِلُوا الَّتِيْ تَبْغِيْ حَتّٰى تَفِيْٓءَ اِلٰٓى اَمْرِ اللّٰهِ فَاِنْ فَآءَتْ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا بِالْعَدْلِ وَاَقْسِطُوْا اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ۝ ناشر (سورہ الحجرات۔ آیت ۹)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کو اپنایا لیکن جس وقت ظلم و ستم کو غلبہ حاصل ہوا تو ابوہریرہ نے اپنے چہرے سے نقاب ہٹائی اور معاویہ کے مقابل میں اظہار دوستی سے خودنمائی کرنے لگے وہ پہلے شخص تھے جنہوں نے اہل مدینہ کی سرکوبی کے لئے معاویہ کی طرف سے بھیجے جانے والے شخص بسر ارطاہ کا گرمجوشی کے ساتھ استقبال کیا اور اخذ بیعت میں اس کا جی بھر کر ساتھ دیا اس کے عوض بسر بن ارطاہ نے انھیں والی مدینہ مقرر کیا اور امام جماعت کے فرائض بھی انھیں کے حوالے کئے۔ یہاں تک کہ جاریہ بن قدامہ السعدی حضرت علی علیہ السلام کی طرف سے دو ہزار سواروں کے ساتھ مدینہ پر متصرف ہوئے اور جب ابوہریرہ کو اس کا علم ہوا تو انہوں نے راہ فرار اختیار کی۔ جاریہ نے ہر طرف انھیں تلاش کیا مگر وہ کہیں نہ ملے۔ آخر سخت مایوسی کے عالم میں انہوں نے اپنے مشہور جملے کو زبان پر جاری کیا اور کہا: **اگر ابوسنور ھاتھ لگ جائے تو میں اسے یقیناً موت کے گھاٹ اتار دوں گا۔**[۱] واضح ہونا چاہیئے کہ معاویہ کی جانب سے اپنی دوستی اور تعلقات خاص کے سبب ابوہریرہ کی مدینہ پر تقرری وہ امر ہے جسے تمام مورخین نے لکھا ہے[۲]۔ اس دوستی کا بھی ایک راز ہے جسے صاحبان عقل و خرد اچھی طرح جانتے ہیں۔ ابوہریرہ کی بنی امیہ سے دوستی اس حد تک بڑھی کہ وہ رات دن لوگوں کو متنبہ کرنے لگے کہ خبردار کہ جو کچھ حکومت کے عمال تم سے طلب کریں بغیر حساب و کتاب انھیں دیدو ان کے احکامات سے سرتابی نہ کرو اور ان کے لئے برے الفاظ استعمال نہ کرو، عجاج بیان کرتے ہیں کہ[۳] ایک دن ابوہریرہ نے مجھے دیکھا اور پوچھا تم کہاں کے رہنے والے ہو؟ میں نے کہا عراق کا۔ انہوں نے کہا: بہت جلد حکومت کے عمال

۱۔ ملاحظہ فرمائیں، تاریخ ابن اثیر۔ ص ۱۵۳ - ج ۳

۲۔ تاریخ کبیر ذہبی۔ ص ۳۳۴ - ج ۳ ملاحظہ فرمائیں۔

۳۔ کتاب الشعراء ابن قتیبہ۔ ص ۵۷۲

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اس سرزمین پر آئیں گے اور تم سے زکواۃ کا مطالبہ کریں گے اس وقت تمہیں ان کی بات مان لینی چاہیئے اور جب وہ عراق کی سرزمین پر پہنچیں تو تم ان کے راستے سے ہٹ جانا اور ان سے کسی قسم کا سروکار نہ رکھنا خبردار کہیں ان کی برائی نہ کر بیٹھنا نہیں تو تمہارا نام اجر زائل ہو جائے گا۔ وہ لوگ تم سے بھی زکواۃ وصول کریں گے لیکن اگر تم نے صبر و شکیبائی سے کام لیا تو تمہارے نیک اعمال کا پلڑا قیامت کے دن بھاری ہو جائے گا۔ اس طرح کی روایات کا ایک دفتر کھلا ہوا ہے اور ہنستے ہنسانے کے لئے یہ ایک دوسری خبر بھی دلچسپی سے خالی نہیں ہے۔

معاویہ کا رُخِ زیبا

ابوہریرہ نے ایک دن طلحہ کی بیٹی عائشہ کو جو حسن و جمال میں شہرہ آفاق تھی دیکھ کر کہا: سبحان اللہ! گھر والوں نے تمہیں کس ناز و نعم سے پالا ہے (خدا کی قسم) میں نے تم سے زیادہ خوبصورت چہرہ نہیں دیکھا مگر معاویہ جب وہ رسولؐ خدا کے منبر کی زینت بنتا تھا اس وقت اس کا چہرہ تم سے زیادہ حسین و زیبا معلوم ہوتا تھا[1]۔

۱۔ کتاب الشعر والشعراء ابن قتیبہ ۔ ص ۲۷۵

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابوھریرہ حضرت علی علیہ السلام کی بدگوئی میں احادیث جعل کرتے ھیں

ابوہریرہ نے حضرت علی علیہ السلام کی مذمت میں کثرت کے ساتھ جعلی حدیثیں نقل کی ہیں جنھیں بیان کرنے کے لئے بہت وقت درکار ہے یہاں پر ہم فقط چند روایات کا تذکرہ کرتے ہیں۔ ابوجعفر اسکافی کہتے ہیں[1] معاویہ

۱- عقدِ الفرید - ص ۱۰۱ - ج ۶

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نے صحابہ اور تابعین کے ایک گروہ کو اس بات پر مامور کیا تھا کہ وہ حضرت حضرت علی علیہ السلام کی بدگوئی میں غلیظ اور بے بنیاد روایتوں کو بیان کریں تاکہ لوگ آپکو طعن و تشنیع کا نشانہ بنا کر آپ سے دوری اختیار کریں۔ اس کام کیلئے اس نے ایک معقول معاوضہ بھی ان کے لئے مقرر کر رکھا تھا۔ انہوں نے معاویہ کی خوشنودی کے لئے کثرت کے ساتھ جعلی حدیثیں نشر کیں۔ جن میں ابو ہریرہ، عمرو بن العاص مغیرہ بن شعبہ اور تابعین میں عروۃ ابن الزبیر وغیرہ شامل ہیں۔ نیز اعمش نے روایت کی ہے کہ، جس وقت ابو ہریرہ، معاویہ کے ساتھ سال جماعت (۴۱ ہجری) میں (جو درحقیقت فرقت اور جدائی کا سال تھا) مسجد کوفہ آئے اور انہوں نے دیکھا کہ لوگوں کے ایک جم غفیر نے ان کا استقبال کیا ہے تو دو زانو ہو کر کئی مرتبہ اپنا سر پیٹا اور کہا: اے اہل عراق تم لوگ یہ سمجھتے ہو کہ میں پیغمبرؐ کی نسبت جھوٹ بول کر[1] اپنے لئے دوزخ مول لے رہا ہوں۔ (خدا کی قسم) میں نے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سنا کہ آپؐ فرما رہے تھے۔ ہر پیغمبر کے لئے اس کا ایک حرم ہے اور میرا حرم مدینہ میں عیر و ثور[2] کے درمیان ہے۔ جو کوئی اس میں کسی بدعت کو جنم دے اس پر خدا اس کے ملائیکہ اور تمام لوگوں کی لعنت ہو، میں خدا کو گواہ بنا کر کہتا ہوں کہ علی علیہ السلام نے اس میں بدعت کو جنم دیا! اور جب معاویہ نے یہ باتیں سنیں

۱۔ یہ بات اس امر پر دلیل ہے کہ ابو ہریرہ کی جھوٹی حدیثوں نے شہرت اختیار کر لی تھی اور ہر طرف اس کے چرچے تھے۔

۲۔ صاحب معجم البلدان نے حرف "ثا" کے باب میں لکھا ہے ثور مکہ کا ایک پہاڑ ہے جس کے غار میں پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پناہ لی تھی، اور حدیث میں وارد ہوا ہے کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عیر یا ثور کی تحریم کی، ابو عبید کا کہنا ہے کہ: مدینہ کے لوگ ایسے کسی پہاڑ کو نہیں جانتے جس کا نام ثور ہو۔ اہل حدیث نے روایت کی ہے کہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تو اس نے ابوہریرہ کو انعام و اکرام سے نوازا اور مدینے کی امارت ان کے حوالے[۱] کی۔ مگر ان تمام باتوں کے باوجود کہنا پڑتا ہے کہ حق کبھی بے یار و مددگار نہیں رہا اور اگر صحابہ میں ابوہریرہ، مغیرہ بن شعبہ، عمرو بن العاص اور ایسے دوسرے افراد جن کی کھال میں اتر کر معاویہ انھیں فریب دے سکا موجود تھے تو اس کے برعکس ایسے افراد بھی تھے جنھیں نہ کوئی وعدہ خرید سکتا تھا اور نہ وہ کسی تہدید سے خائف ہوئے تھے۔ سفیان ثوری نے عبدالرحمٰن بن قاسم کے واسطے عمرو بن عبدالغفار سے نقل کیا ہے کہ جب ابوہریرہ معاویہ کے ہمراہ وارد کوفہ ہوئے[۲] تو انہوں نے راتوں کو باب الکندہ میں بیٹھنا شروع کر دیا۔ لوگ ان کے گرد جمع ہو جاتے۔ ایک رات کوفہ کا ایک نوجوان ان کی مجلس میں حاضر ہوا اور انھیں مخاطب کر کے کہا: ابوہریرہ تمہیں خدا کی قسم دے کر کہتا ہوں کیا تم نے

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مابین ثور واحد کی تحریم کی ہے اور بعض رواۃ نے کہا ہے: عیر سے کدی تک۔ نیز یہ بھی کہا گیا ہے کہ مکہ میں عیر نامی ایک پہاڑ ہے اور اس امر پر اعتقاد غیر ممکن ہے کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مابین عیر و ثور کی تحریم کی ہو۔ کیوں کہ بالاجماع یہ مکان مباح ہے۔ قرۃ العین کی تحریر کے مطابق ایک حدیث میں ہے کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عیر سے ثور تک کے درمیانی مکان کی تحریم کی ہے عیر و ثور دو پہاڑ ہیں۔ عیر مدینہ اور ثور مکہ کا پہاڑ ہے۔ یہ ایک بے معنی روایت ہے کیونکہ یہ مقام بالاجماع غیر محرم ہے۔ بعض اہل حدیث کا کہنا ہے کہ صحیح روایت یہ ہے کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عیر سے احد تک کے درمیانی حصہ کی تحریم کی ہے اور یہ دونوں پہاڑ مدینہ میں ہیں۔ ص ۲۶-۲۰۲ ج ۳ اور ص ۲۴۶ - ج ۶

۱۔ شرح نہج البلاغہ ۔ ص ۳۵۹

۲۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ معاویہ ہر سفر میں ابوہریرہ کو اپنے ساتھ رکھتا تھا۔ تاکہ وہ اس کے لئے تبلیغ کرے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

رسولِ خداؐ کو علی بن ابی طالب کے بارے میں یہ کہتے ہوئے سنا کہ: خداوندا تو اس کو دوست رکھ جو اسے دوست رکھے اور اس کو دشمن رکھ جو ان سے دشمنی کرے؟ ابوہریرہ نے کہا: ہاں، خدا کی قسم میں نے سنا۔ نوجوان نے کہا: میں بھی خدا کو گواہ بنا کر کہتا ہوں کہ تم نے ان کے دشمن کے ساتھ دوستی کی ہے۔ یہ کہہ کر اس نے ایک زوردار مکہ ابوہریرہ کے منہ پہ مارا اور وہاں سے اٹھ کر چل دیا۔ مسلم نے سعد بن العاص سے روایت کی ہے کہ معاویہ نے سعد بن ابی وقاص سے پوچھا: کس چیز نے تمہیں سبّ ابوتراب سے باز رکھا ہے[1] سعد نے کہا: مجھے یاد ہے کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے بارے میں تین باتیں فرمائی ہیں جن کے سبب میں انھیں بُرا نہیں کہہ سکتا اور اگر ان تین باتوں میں سے ایک بات بھی میرے لئے ہوتی تو میں اسے ہر سرمایہ سے بہتر جانتا۔ باقی حدیث پہلے نقل ہو چکی ہے۔

ابن عباس نے کہا ہے کہ علی علیہ السلام کو چار امتیاز حاصل تھے جو کسی اور کو نہ تھے۔ آپؑ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ نماز ادا کرنے والے پہلے شخص تھے۔ آپؑ نے ہر لڑائی میں رسولِ خداؐ کی علمبرداری کی اور جس وقت پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تنہا چھوڑ کر سب بھاگ گئے تو آپ ہی نے کمال شکیبائی کے ساتھ ان کا ساتھ دیا اور یہ کہ علی علیہ السلام پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو غسل دینے والے اور لحد میں اتارنے والے تھے اس کے بعد اور کون سی فضیلت رہ جاتی ہے جبکہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وصیت فرمائی کہ علی علیہ السلام کے علاوہ اور

۱۔ یعنی جسطرح میں نے حکم دیا ہے اور سب اس کی تعمیل کرتے ہیں تم کیوں نہیں کرتے۔ معاویہ اور اس کے بعد آنیوالے تمام بنی امیہ کا یہ وتیرا تھا کہ وہ لوگوں کو آمادہ کرتے تھے کہ حضرت علیؑ اور آپؑ کی آل آلِ اطہار کو منبروں پر دشنام دیں اور یہ سنتِ سیئہ اُس وقت تک اسی طرح برقرار رہی جب تک کہ خلیفۂ عادل عمر بن عبدالعزیز نے اس کو ختم نہ کر دیا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کوئی مجھے غسل نہیں دے گا۔ نیز یہ کہ نویں ہجری میں جس وقت پیغمبر اکرم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ پر مکہ والوں کو سنانے کے لئے سورہ توبہ کی چند ابتدائی آیتیں نازل ہوئیں اور آپؐ نے حضرت ابوبکرؓ کو اس کام پر مامور کیا تو وحی نازل ہوئی اور آپؐ نے فوراً حضرت علیؑ کو حضرت ابوبکرؓ کے تعاقب میں بھیجا تاکہ آپؑ ان سے آیتوں کو لیکر خود مکہ والوں کو سنائیں اور اس کے بعد اس مشہور جملے کو آپ نے اپنی زبان مبارک پر جاری کیا کہ: میرے اور علیؑ کے سوا اور کوئی اس کام کو انجام نہیں دیگا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابوھریرہ کیلئے بنی امیّہ کی امداد اور بخشش

jabir.abbas@yahoo.com

بنی امیہ، ابوہریرہ کے سلوک اور ان کے میزانِ رفاقت کو اچھی طرح جانتے تھے اس لئے انہوں نے اپنی بخششوں کے سیلاب کو ان کی طرف بہانا شروع کیا اور ان پر اپنے عطایا اور صلوں کے دروازے کھول دیئے۔ زیادہ عرصہ نہیں گذرا کہ ان کی حالت بدل گئی اور وسعت عیش، خوشبختی اور جاہ و مقام نے تنگی معیشت، بدبختی، تہی دستی اور ذلت و خواری کی جگہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

لے لی اور اب پھٹی اور بوسیدہ پوشاک سے تن کی عریانی ڈھانکنے والے[1] پوستین[2] دیبا، کتان اور بالا پوش استعمال کرنے لگے اور ایک ادنیٰ اور ناقابل اعتناء خادم سے انہوں نے ایک اعلیٰ مخدوم کی حیثیت اختیار کر لی۔ واضح ہونا چاہیئے کہ ابوہریرہ کے حق میں بنی امیہ کا پہلا التفات یہ تھا کہ معاویہ نے انھیں مدینہ کا والی مقرر کیا۔ اس کے بعد رفتہ رفتہ ان کی امداد میں اضافہ ہوتا گیا۔ یہاں تک کہ عقیق میں ایک قصر اور ایک زمین انکو الاٹ ہوئی اور ایک دوسری زمین ذوالحلیفہ میں انھیں دی گئی، مختصر یہ کہ بنی امیہ نے ابوہریرہ کے لیئے اس قسم کی بے حساب امداد میں اضافہ کیا لیکن جو بات لرزہ بر اندام کرنے والی اور سینے میں دم ٹھہرانے والی ہے اور جسے یاد کر کے ہر باعظمت ہستی سراپا حزن و

۱۔ حلیہ کے مطابق ابوہریرہ کا بیان ہے کہ: میں نے اپنی پشت پر پڑے ہوئے بوسیدہ کپڑے کو سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے بچھایا اس طرح کہ اس پر رینگتے ہوئے جوں مجھے صاف نظر آرہے تھے۔ ابوہریرہ اس کپڑے کے ایک سرے کو اپنی گردن سے باندھا کرتے تھے اور دوسرا سرا ان کے ٹخنوں کو چھوتا تھا وہ اپنے ہاتھوں سے اس لباس کو سمیٹتے رہتے تھے کہ مبادا ان کی شرمگاہ کھل جائے۔

۲۔ ابن سعد نے طبقات میں، ص ۵۸۔۱۴۔۲ اور ذہبی نے اعلام النبلاء، ص ۵۰۔ ۴۔ ج ۲ میں لکھا ہے کہ ابوہریرہ پوستین زیب تن کیا کرتے تھے اور بخاری نے ص ۵۹ ۲۔ ج ۱۳ میں محمد بن سیرین سے روایت کی ہے کہ انہوں نے ابوہریرہ کو اس رنگ میں دیکھا کہ کتان خالص کا ایک جوڑا پہنے ہوئے تھے اور اپنی ناک اس میں بھر رہے تھے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ملال بن جاتی ہے۔ وہ یہ ہے کہ عتبہ بن غزوان[1] جیسی عظیم المرتبت ہستی کی جلیل القدر ہمشیرہ "بسرہ" کو مروان بن حکم نے جو اس وقت والی مدینہ تھا۔ ابوہریرہ کے نکاح میں دے دیا۔ یہ پاک سرشت اور صاحب فضیلت خاتون وہی ہیں کہ جن کے پاس ابوہریرہ نے اپنی تنگدستی اور عریانی کے زمانے میں خدمت گذاری کی تھی۔ خدا اس محترم اور صاحب حیثیت خاتون کی فریادرسی کرے کہ اس فلک کج رفتار نے اس کی یہ حالت بنادی اور انتہائی ذلت وخواری کے ساتھ اسے اپنے ہی خادم ابوہریرہ کے ساتھ رشتہ ازدواج میں منسلک کردیا آہ! یہ دنیا کتنی سنگدل اور ظالم ہے! اے کاش! ابوہریرہ جیسی گمنام اور ناقابل ذکر ہستی جو زبردستی کرنے والوں کی مدد اور زمانے کی غفلت کے سبب قسمت کے دھنی بنے اور انھیں وہ مقام ملا جسکا وہ خواب میں بھی تصور نہیں کرسکتے تھے اپنی اس نیک سرشت اور باعظمت خاتون کے ساتھ جسے بدبختی اور زمانے کی ناسازگاری نے اپنی لپیٹ میں لے لیا تھا۔ خوش رفتاری سے پیش آتے اور اپنے حق میں کی جانے والی گذشتہ نیکیوں کو فراموش نہ کرتے اور غربت، افلاس اور عریانی کے زمانہ میں اس معظمہ کے احسانات اور ان کی امداد کو

۱۔ عتبہ بن غزوان رض، امیر مجاہد ابوغزوان المازنی ہے۔ وہ اسلام لانے والے ساتویں شخص ہیں۔ عتبہ کا شمار جنگجو امراء میں ہوتا ہے۔ یہی وہ ہستی ہیں جنھوں نے بصرہ کا نقشہ تیار کیا اور اس کی بنیاد ڈالی۔ حضرت عمر رض نے انھیں وہاں کا والی مقرر کیا۔ عتبہ رض نے حضرت عمر رض کے دور میں ۱۷ سنہ ہجری کو وفات پائی۔ ابوہریرہ نے ان کی وفات کے برسوں بعد ان کی بہن کو اپنے عقد میں لیا کیونکہ یہ واقعۂ عقد سنہ ۴۱ ہجری کے بعد وقوع پذیر ہوا اور اگر عتبہ زندہ ہوتے تو ابوہریرہ کی یہ مجال نہ ہوتی کہ وہ اپنے مخدوم وسرور کو اپنی ہمسری میں لاتے۔ مگر کیا کیا جائے کہ مقدر یہی تھا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یاد رکھتے۔ لیکن کمال تاسف کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ابوہریرہ نے ایسا نہیں کیا بلکہ اس کے برعکس انہوں نے اس کے ساتھ انتہائی وحشیانہ اور بے ادبانہ سلوک روا رکھا۔ یہ ہے بسرہ کے ساتھ ابوہریرہ کے سلوک کی داستان جو ان کی بدسلوکی، بے احترامی اور کفران نعمت کو ظاہر کرتی ہے اپنی شریک حیات کے ساتھ اس قسم کا ناروا سلوک ہرگز کسی کریم النفس اور آبرومند انسان اور باشرف و باوقار شوہر سے کبھی سرزد نہیں ہوتا۔

ابوہریرہ کی تن پروری اور خوشگذرانی

جب ابوہریرہ اس مقام پر پہنچے جس پر ان جیسے افراد کا پہنچنا محال تھا۔ اور انہوں نے اس باعظمت اور صاحب عزت و توقیر خاتون کو اپنا ہمسر بنایا تو انہوں نے اپنے محسن کی قدر نہیں کی۔ جن کے احسانات کے بوجھ تلے وہ دبے ہوئے تھے۔ اور عیاشی تن پروری، بد اصلی اور پستی طبع نے انہیں اس بات پر آمادہ کیا کہ وہ اُس خاتون کے حق میں جسے بدبختی اور بدقسمتی نے اس جیسے انسان سے منسلک ہونے پر مجبور کر دیا تھا۔ حدِ ادب اور وقار سے تجاوز کر جائیں۔ لہٰذا ابوہریرہ ہمیشہ اس رشتے پر خوشحال و خوشنود نظر آتے تھے۔ اور بڑی ڈھٹائی سے کہتے تھے۔ میں پیٹ بھرنے کی خاطر غزوان کی بیٹی بسرہ کا ملازم تھا اور اسی لئے دوران سفر اُن کی سواری کو ہانکا کرتا تھا اور جب وہ آرام کرنے کے لئے رکتیں میں اُن کی خدمت کیا کرتا تھا۔ اثرم اور ابن ماجہ کی روایت میں

۱۔ ابوہریرہ کی فلاکت و تنگدستی فقر و افلاس پر دلالت کرنے والے جملہ امور میں ایک بات یہ بھی ہے کہ جس وقت حضرت عمرؓ نے ان ناشائستہ امور کی بناء پر بحرین کی ولایت سے معزول کر کے اپنے پاس بلایا تو انہوں نے کہا: کیا تم اس وقت کو بھول گئے جب میں نے تمہیں بحرین کا والی بنایا تھا۔ اور تمہارے پاس پہننے کے لئے جوتے تک نہ تھے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہے کہ میں اپنا پیٹ بھرنے اور کبھی کبھار سواری سے لطف اندوز ہونے کے لئے غزوان کی بیٹی کا ملازم ہوا۔ جب وہ سواری سے اترتیں تو میں اُن کے لئے لکڑیاں جمع کرتا تھا۔ اور جب وہ سوار ہوتیں تو اُن کے لئے حدی خوانی کیا کرتا تھا۔ مگر اب میں نے اُس کو اپنی بیوی بنا لیا ہے۔ اور اب جب کبھی میں سوار یا پیادہ ہوتا ہوں تو اُسے میری خدمت کرنا پڑتی ہے۔ اس کے علاوہ وہ یہ بھی فرماتے ہیں جب ہم کسی صاف ستھرے بیابان میں پہنچتے تھے تو بسرہ کہتی تھی جب تک میرے لئے کھانا تیار نہیں کرو گے میں نہیں بیٹھونگی۔ اور اب جب بھی میں کسی ایسے مقام پر اترتا ہوں تو اُس سے کہتا ہوں جب تک میرے لئے کھانا تیار نہیں کرو گی میں نہیں بیٹھوں گا۔ ابن سعد نے محمدؐ کے واسطے سے ابوہریرہ سے نقل کیا ہے کہ انہوں نے کہا: میں اپنا پیٹ بھرنے اور مرکب کی سواری کا نشے کے لئے ابن عفان اور غزوان کی بیٹی کا ملازم ہوا۔ جب وہ رہل سفر باندھتی تو میں اُن کی سواری کو ہانکتا تھا اور جہاں کہیں رکتیں میں اُن کی خدمت گذاری میں مصروف ہو جاتا تھا۔ ایک دن غزوان کی صاحبزادی نے مجھ سے کہا تمہیں ننگے پیر چلنا ہو گا۔ اور کھڑے مرکب پر سوار ہونا ہو گا۔ مگر اللہ نے اسے میرے نصیب کیا۔ اور اب میں اس سے کہتا ہوں کہ تمہیں ننگے پیر چلنا ہو گا اور کھڑے مرکب پر سوار ہونا پڑے گا۔ اور ایک دوسری روایت میں ہے کہ تمہیں ننگے پیر مرکب پر بیٹھنا ہو گا۔ اور سواری کو بٹھائے بغیر اس پر سوار ہونا پڑے گا۔ آپ نے ملاحظہ فرمایا۔ ابوہریرہ کا یہ طرز عمل شرافت و جوانمردی سے کسقدر دور ہے کہ وہ بڑے افتخار کے ساتھ دنیا والوں کے سامنے اپنی بیوی کی تذلیل کرتے ہیں۔ اُس کو آزار پہنچاتے ہیں۔ اور اُس سے انتقام لیتے ہیں۔ ایسی حالت میں کیا کوئی شرافت مند انسان کسی اعلیٰ خاندان کی ایسی لڑکی سے سلوک کر سکتا ہے۔ ہاں البتہ اُن کے لئے یہ کوئی تعجب خیز بات نہیں۔ کیوں کہ وہ ابوہریرہ ہیں۔ اور اس سلسلے میں اتنی ہی بات کافی ہے۔

۱- ستم ۲ ص ۵۳ ـ ج ۴۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بحرین کی حکومت میں ابوھریرہ کی سیرت

jabir.abbas@yahoo.com

گذشتہ گفتگو میں ہم بتا چکے ہیں کہ ابوہریرہ ایک معلوم مدت صفہ میں گذارنے کے بعد ان لوگوں میں شامل ہو گئے جنھیں پیغمبر اکرم (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے علاء بن الحضرمی کے ساتھ بحرین بھیجا اور یہ بات بھی بیان کی جا چکی ہے کہ بحرین کے لئے ان کی روانگی ذیقعدہ سنہ ۸ ہجری میں روبعمل آئی اور علاء بن الحضرمی نے جب ان سے ان کے پسندیدہ کام کے بارے میں سوال کیا جسے وہ انجام دے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سکیں تو ابوہریرہؓ نے موذن بننے کے لئے اپنی رغبت کا اظہار کیا۔ اب ہم اس موضوع کو زیر بحث لاتے ہیں کہ حضرت عمرؓ نے ان کو سنہ ۲۱ ہجری میں علاء بن الحضرمیؓ کی وفات کے بعد بحرین کی ولایت کے لئے منتخب کیا لیکن کچھ عرصے کے بعد ان سے متعلق والی کی امانت کو داغدار بنانے والے امور کی شکایات حضرت عمرؓ کو ملنے لگیں لہذا انہوں نے ابوہریرہ کو معزول کر کے عثمان بن ابی العاص ثقفی کو ان کی جگہ مقرر کیا اور جب ابوہریرہ بحرین سے واپس لوٹے تو حضرت عمرؓ کو معلوم ہوا کہ وہ اپنے ساتھ چار لاکھ (درہم یا دینار) لائے ہیں۔ اس بنا پر انہوں نے ابوہریرہ سے پوچھا: ابوہریرہ تم نے کس کو ظلم کا نشانہ بنایا ہے۔؟ انہوں نے کہا: نہیں۔ حضرت عمرؓ نے کہا۔ اپنے ساتھ کتنا سرمایہ لائے ہو؟ ابوہریرہؓ نے جواب دیا ۲۰ ہزار (درہم یا دینار۔؟)

۱۔ طبری کی روایت میں ہے کہ حضرت عمرؓ نے انھیں سنہ ۲۰ ہجری میں بحرین کا والی مقرر کیا۔

۲۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ بحرین اس زمانے میں حقیقتاً خود کفیل تھا۔ اور جو پیسہ وہاں سے بیت المال کے لئے بھیجا جاتا اس کی نظیر نہیں تھی۔ حمید بن ہلال کہتے ہیں: حضرت حضرمی نے جو مال رسول خداؐ کے لئے بھیجا اس کی مقدار ۸۰ ہزار (دینار یا درہم) تک پہنچتی ہے۔ اس کے بعد اس سرمائے کو چٹائی پر ڈھیر لگایا گیا اور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دوسرے افراد کے ساتھ اس کے اطراف جمع ہوئے۔ ان دنوں عدد و وزن کا حساب نہ تھا بلکہ لوگ اپنی مٹھی اس کام کے لئے استعمال کیا کرتے تھے۔ (سیر اعلام النبلاء ذہبی ص ۶۶۔ ج ۲) بلاذری نے اسی خبر کو فتح البلدان ص ۸۱ مطبوعہ یورپ میں نقل کرتے ہوئے لکھا ہے کہ اس سے زیادہ رقم پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس نہ اس سے پہلے آئی اور نہ اسکے بعد۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حضرت عمرؓ نے پوچھا یہ سرمایہ کہاں سے حاصل ہوا؟ ابوہریرہ نے جواب دیا۔ اس مدت میں میں تجارت کرتا رہا[1]۔ حضرت عمرؓ نے ان سے کہا: اب تک کے اخراجات کے ساتھ اپنی اصل رقم اٹھا کر باقی سرمایہ بیت المال کے حوالے کر دو[2] اس کے بعد حکم دیا کہ دس ہزار (درہم یا دینار؟) بروایتی ۱۲ ہزار (درہم یا دینار) ان سے حاصل کئے جائیں[3]۔ طبقات ابن سعد میں ابوہریرہ کی روائیت کے مطابق، حضرت عمرؓ نے ان سے کہا: اے دشمنِ خدا اور دشمنِ اسلام' ایک دوسری روایت میں ہے کہ انہوں نے کہا اے خدا اور اس کی کتاب کے دشمن۔ تم نے اللہ کے مال پر ہاتھ صاف کیا ہے۔ اس کے علاوہ ایک روائیت یہ بھی ہے کہ انہوں نے قطعیہ یہ کہا: تم نے اللہ کا مال چرایا ہے ایک روائیت یہ بھی ہے کہ حضرت عمرؓ نے ان سے کہا: کیا تم بھول گئے کہ جب میں نے تمہیں بحرین بھیجا تھا تو تمہارے پاس پہننے کے لئے جوتے تک نہ تھے اور اب میں نے یہ سنا ہے کہ تم نے ایک ہزار چھ سو دینار قیمت رکھنے والے گھوڑے خرید لئے ہیں؟ ابوہریرہ نے کہا میرے پاس گھوڑے تھے جن کی افزائش نسل ہوئی ہے اس کے علاوہ مجھے ہمیشہ تحائف ملا کرتے تھے[4]۔ حضرت عمرؓ نے کہا: اپنے مخارج کا حساب لگا کر اس پیسے سے اٹھا لو اور باقی واپس کر دو: ابوہریرہ نے کہا: اس طرح کا حکم صادر کرنے کا تمہیں کوئی حق نہیں پہنچتا، حضرت عمرؓ نے کہا، ہاں اور تازیانے لگائے کہ ابوہریرہ لہو لہان ہو گئے۔ اس کے بعد انہوں نے پھر کہا: لاؤ

۱۔ کیا والی امین کو یہ بات زیب دیتی ہے کہ وہ تجارت کرے؟ اگلے چند اوراق بعد آپ ملاحظہ فرمائیں گے کہ والیان امین کا کیا انداز تھا اور وہ کس طرح کے تھے۔

۲۔ تاریخ کبیر ذہبی۔ ص ۳۳۸۔ ج ۲

۳۔ منتخب ۲ ص ۵۹ — ۶۰۔ ج ۲

۴۔ اس جملے پر تامل فرما کر فوراً اس کے معنی سمجھنے کی کوشش کیجیے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

رقم حاضر کرد، ابوہریرہ نے کہا میں اس کو راہ خدا میں دیتا ہوں۔ حضرت عمرؓ نے کہا کہ اس کی صورت بھی یہ ہے کہ مال کسب حلال سے ہو اور کمال رضایت کے ساتھ حوالے کیا جائے۔ تم یہ سمجھتے ہو کہ اتفاقی بحرین سے آئے ہو اور لوگوں نے اللہ کی خاطر تمہیں اموال سپرد کئے ہیں۔ حقیقت تو یہ ہے کہ "امیہ[1]" نے تمہیں خر چرانے کے لئے جنم دیا ہے۔ یہ روایت زیادہ قرین صحت ہے کیوں کہ اسمیں حضرت عمرؓ کی سخت گیری اور ابوہریرہ کی مزاجی کیفیت کا حقہ بیان ہوئی ہے روایت سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ حضرت عمرؓ نے ابوہریرہ کے اموال کو ابوموسی اشعری اور حارث بن کعب بن دہب وغیرہما کے اموال کی طرح تنصیف کیا ہے[2]۔ یہاں پر ہم ایک نکتہ کی وضاحت ضروری سمجھتے ہیں تاکہ اس طرح ان اشخاص کو محکوم بنایا جائے جو ابوہریرہ کو بغیر کسی شخصی لیاقت و استحقاق کے عالم اور عالی مرتبت بنانا چاہتے ہیں کیونکہ وہ کہتے ہیں کہ اگر ابوہریرہ برخلاف امانت قدم اٹھانے والے شخص ہوتے تو حضرت عمرؓ انھیں بحرین کا والی نہ بناتے۔ حضرت عمرؓ نے ایسا صرف اس لئے کیا کہ ابوہریرہ ایک بلند مقام کے حامل تھے۔ ہم ان اشخاص کے جواب میں اپنی طرف سے کچھ نہیں کہنا چاہتے بلکہ صرف طبقات ابن سعد کی روایت بیان کرنے پر اکتفا کرنا چاہتے ہیں۔

والیوں کے انتخاب میں حضرت عمر کا طریقہ کار

حضرت عمرؓ کا طریقہ کار یہ تھا کہ وہ جب کسی شہر کے لئے کسی عامل کا انتخاب کرتے تو پہلے اسکے اموال کی فہرست مرتب کرتے تھے تاکہ وہ دیکھ سکیں کہ اس نے اپنی حکومت کے دوران کیا کیا۔ اگر اس دوران اس کے اموال میں اضافہ ہوتا تو حضرت عمرؓ

۱- امیہ ابوہریرہ کی والدہ کا نام ہے۔

۲- عقد الفرید - ص ۵۳ - ج ۱ اور ابوموسی، ابوہریرہ کے ساتھ ایک ہی وقت اسلام لائے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اس زائد مال کو دو حصوں میں تقسیم کر دیتے تھے۔ نیز یہ کہ حضرت عمرؓ نے کسی شہر کی ولایت کے لئے کبھی اکابرین صحابہ کا انتخاب نہیں کیا بلکہ اس کام کے لئے وہ عمرو بن العاص، معادیہ بن ابی سفیان اور مغیرہ بن شعبہ جیسے عام اصحاب کا انتخاب کرتے تھے اور حضرت علی علیہ السلام، حضرت عثمانؓ، طلحہؓ، زبیرؓ اور عبدالرحمنؓ بن عوف جیسے افضل صحابہ کو اپنے پاس روکے رکھتے تھے جب ان سے پوچھا گیا کہ آخر کس لئے بزرگان صحابہ کو اس کام پر مامور نہیں کیا جاتا تو انہوں نے جواب دیا۔ میں نہیں چاہتا کہ حکومت سونپ کر ان ہستیوں کو آلودہ کروں[1]۔ نیز یہ کہ ان کا کہنا ہے کہ کبھی کوئی عامل ایک سال سے زیادہ کسی حکومت پر برقرار نہیں رہا[2]۔ کاش ابوہریرہ کے چاہنے والے اور ان کا دفاع کرنیوالے بحرین کی حکومت کے دوران ان کی روش و سیرت کو دیکھ کر مہر بہ لب نہ ہوتے۔

۱۔ طبقات ابن سعد۔ ص ۲۰۳۔ ج ۳ ق ۱

۲۔ سیر اعلام النبلاء۔ ص ۲۸۱۔ ج ۲

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دیانتدار والیوں کی چند مثالیں

jabir.abbas@yahoo.com

بحرین کی ولایت کے موقع پر ابوہریرہ کی سیرت سے یہ بات ثابت ہوئی کہ امر ولایت میں ان کا طرزِ عمل دیانت دار والیوں کی روش کے سراسر خلاف تھا جس کی بنا پر حضرت عمرؓ کو انھیں معزول کر کے وہ تمام باتیں کہنی پڑیں، جس کا تذکرہ کیا جا چکا ہے اور یہ بات بھی معلوم ہوئی کہ بحرین میں آتنی کثیر رقم ناحق ہتھیانے کا بہانہ ابوہریرہ کے پاس یہ تھا کہ وہ وہاں تجارت کیا کرتے تھے اور

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

انھیں تحفے تحائف ملا کرتے تھے۔ ایسی صورت میں ان سے پوچھنا پڑے گا کہ کیا دیانت دار والی کو یہ بات زیب دیتی ہے کہ وہ اپنی رعیت کے ساتھ تجارت کرے یا یہ کہ اپنی رعیت کے عطایا کی طرف دست طمع دراز کرے۔ خاص طور پر ابوہریرہ جیسی شخصیت؟؟!! مگر ہمیں کہنا پڑے گا کہ ابوہریرہ کے لئے یہ بات تعجب خیز نہیں کہ انھوں نے بحرین کی حکومت میں ایسی روش کیوں اختیار کی بلکہ تعجب خیز بات تو یہ ہوتی کہ وہ اس کے برخلاف عمل کرتے کیونکہ ابوہریرہ کی تاریخ اس بات کی شاہد ہے کہ ان کا طرز عمل ساری زندگی یوں ہی رہا ہے اور یہ ایک قدرتی امر ہے کہ ساری زندگی جس ڈگر پر وہ چلتے رہے ہیں اس کو ترک کرنا ان کے بس کی بات نہ تھی اور اگر کسی کو دیانت دار اور امین والیوں کی روش کے درخشاں نمونے دیکھنا ہوں تو انھیں بعض اجلّہ صحابہ کی سیرت کی جانب رجوع کرنا پڑے گا۔ تاکہ انھیں دیانت دار، با ایمان، پاک سرشت عالی ذوات افراد اور ہر طرح کے اعلیٰ صفات سے عاری نفوس کے درمیان واضح فرق کا احساس ہو جائے اور ان عالی قدر ذوات کے چند نمونے یہ ہیں۔

حذیفہ بن الیمانؓ

حضرت حذیفہ بن الیمانؓ نجباء صحابہ اور صاحب سر پیغمبر ہیں۔ رسول خدا نے انھیں اسماء منافقین (۱-۲) بتا دیئے تھے۔ حضرت عمرؓ نے انھیں والی مدینہ بنایا اور ان کے لئے ایک فرمان لکھا جس میں اہل مدائن کو اس طرح گوش گذار کیا کہ: ان کا فرمان سنو، ان کی اطاعت کرو اور ان کی خواہشات کا احترام کرو۔ حذیفہ بھی مختصر سے توشہ کے ساتھ ایک گدھے

۱۔ حضرت عمرؓ نے انھیں قسم دے کر پوچھا تھا: کیا میں بھی منافقین میں سے ہوں؟

(بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پر کاٹھی لگائے اپنے محل ماموریت کی طرف روانہ ہوئے اور جب مدائن پہنچے تو وہاں کے بڑے بڑے زمینداروں اور تاجروں نے ان کا اس حال میں استقبال کیا کہ ان کے ایک ہاتھ میں روٹی اور دوسرے میں گوشت کا

حذیفہ نے کہا، نہیں، مگر تمہارے بعد میں کسی کی ستائش نہیں کرتا لہذا حضرت عمرؓ ہر صحابی کی وفات پہ حذیفہ کا خیال رکھتے تھے۔ اگر حذیفہ اس کے جنازے میں شریک نہیں ہوتے تھے تو وہ سمجھ لیتے تھے کہ مرنے والا منافق ہے۔ حذیفہ نے سنہ ۳۶ ہجری میں وفات پائی اور جنگ جمل میں شریک نہ ہو سکے، ان کے فرزند صفوان اور سعید نے اس میں شرکت کی اور مارے گئے۔ ان دونوں صاحبزادوں نے اپنے پدر بزرگوار کی وصیت پر حضرت علی علیہ السلام سے بیعت کی صحیحین میں حذیفہ سے ۱۲ حدیثیں موجود ہیں۔

۲۔ اصحاب عقبہ کے منافقین سے مراد وہ افراد ہیں جو غزوہ تبوک کے موقع پر رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی راہ میں گھات لگائے بیٹھے تھے انہوں نے اپنے منہ پر ڈھاٹا باندھ رکھا تھا اور اس اونٹ کو جس پہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سوار تھے اور جس کی مہار عمار یاسر کے ہاتھ میں تھی اور حذیفہ اسے ہنکا رہے تھے بھڑکانا چاہتے تھے تاکہ اونٹ گھاٹی پہ سے گھبرا کر نیچے گر پڑے۔ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے نام حذیفہ کو بتا دیئے تھے۔ اس سلسلے میں المعارف ابن قتیبہ نے جن ناموں کو پیش کیا ہے ان کی تفصیل یہ ہے۔ عبداللہ بن سلول۔ کاتب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عبداللہ کے باپ سعد بن ابی سرح۔ ابو حامز الاعرابی جلاس بن سوید۔ مجمع بن حارثہ۔ ملیح التیمی جس نے عطر کعبہ کی چوری کی اور اسلام سے مرتد ہوا۔ حصین بن نمیر جس نے زکوات کی کھجوروں کو چرایا تھا۔ طعیمہ بن ابیرق۔ مرہ بن ربیع اور ان کے سرغنہ حنظلہ الملائکہ کے باپ ابو عامر جس کے لئے مسجد ضرار تعمیر ہوئی۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ٹکڑا تھا اور وہ اسے کھانے میں مشغول تھے ایسے موقع پر حذیفہ نے اہلِ مدائن کے سامنے مذکورہ فرمان پڑھا۔ لوگوں نے کہا: آپ جو طلب فرمائیں ہم حاضر کرنے کے لئے تیار ہیں۔ حذیفہ نے کہا میں جب تک والی کے عہدہ پر فائز ہوں تم سے اپنے روزانہ کی خوراک اور اس چوپایہ کے لئے تھوڑی سی گھاس کے علاوہ اور کسی چیز کا خواہاں نہیں ہوں۔ حذیفہ اس طرح کچھ عرصے تک مدائن میں متوقف رہے اس کے بعد حضرت عمرؓ نے انھیں واپس مدینہ آنے کے لئے لکھا اور خود حسب عادت ان کی راہ میں چھپ کر بیٹھ گئے مگر جب انہوں نے حذیفہ کو اسی طرح خالی ہاتھ واپس لوٹتے ہوئے دیکھا جس طرح وہ گئے تھے تو وہ ان کے قریب آئے اور کہا: تم میرے اور میں تمہارا بھائی ہوں[1]۔

سلمان فارسیؑ

اب دو تین سطریں اس جلیل القدر صحابی کی تاریخ میں زینت قرطاس وقلم کرتا ہوں جسے حافظ مزب ابن عبدالبر نے اپنی کتاب میں تحریر کیا ہے وہ لکھتے ہیں: کچھ لوگ سلمان کے پاس جب وہ امیر مدائن تھے آئے اور انہوں نے دیکھا کہ سلمان بیٹھے لیف خرما بٹ رہے ہیں۔ ان میں سے ایک شخص نے سلمان سے مخاطب ہو کر کہا: تم امیر مدائن ہو، بیت المال سے تمھیں تنخواہ ملتی ہے۔ پھر لیف خرما کیوں بٹ رہے ہو؟ سلمان نے جواب دیا " مجھے پسند ہے کہ میں اپنی محنت سے رزق حاصل کروں، اور جیسا کہ بیان کیا گیا ہے سلمان نے لیف خرما بٹنے کا کام انصار سے اس وقت سیکھا جب وہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ مدینہ میں تھے۔ انھیں ہر سال پانچ ہزار (درہم یا دینار) تنخواہ ملتی تھی جسے وہ راہ خدا میں دے

۱۔ کتاب سیر اعلام النبلاء۔ ج ۲۔ ص ۲۶۰ سے آگے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دیا کرتے تھے اور محنت کے ذریعے کمائی ہوئی رقم سے وہ اپنے لئے روزی فراہم کیا کرتے تھے[1]۔

خالد بن ولیدؓ

ایک مختصر سی سطر خالد بن ولید کے بارے میں نقل کرنا بھی مناسب معلوم ہوتی ہے جسے نافع نے نقل کیا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جب خالد فوت ہوئے تو بجز گھوڑا، اسلحہ اور غلام ان کے پاس اور کچھ نہ تھا اس لئے حضرت عمرؓ نے ان کے بارے میں کہا: خدا رحمت کرے ابو سلیمان پر کہ وہ اسی طرح کا نکلا جیسا کہ ہمیں گمان تھا[2]۔ یہاں ہم اسلام کی ان چند مایہ ناز برجستہ مثالوں کی نشان دہی پر اکتفا کرتے ہوئے آگے بڑھتے ہیں۔

حاشیہ

۱۔ کتاب الاستیعاب۔ مطبوعۂ ہند۔ ص ۵۷۷۔ ج ۲۔ سلمان کے دیگر فضائل کے لئے اسی کتاب سے رجوع فرمائیں۔

۲۔ حالانکہ حضرت عمرؓ عمر خالد بن ولید کی نسبت کوئی اچھی رائے نہیں رکھتے تھے اور اس غلطی کے سبب جو واقعۂ یوم البطاح میں مالک بن نویرہ البربوعی کی نسبت ان سے سرزد ہوئی (جس کی داستان بیشتر اسلامی کتب و سیر میں موجود ہے) وہ ہمیشہ ان کی بے مہری کا شکار رہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابوھریرہ

حضرت عثمانؓ کے

بعد ابھرے

اس سے پہلے ہم یہ بات بتا چکے ہیں کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور خلفاء راشدین کے دور میں ابوہریرہ کی کوئی شان و منزلت نہ تھی اور وہ خلیفہ ثانی کی زندگی میں نقل روایت کے لیے اپنی زبان کو جنبش نہیں دے سکتے تھے۔ نیز یہ کہ انھیں قتل عثمانؓ سے پہلے فتوے کی جرأت بھی نہ ہوئی تھی۔ بڑے بڑے تاریخ نویسوں نے ہماری اس بات کی تصدیق

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کی ہے۔ البتہ نقل روایت میں زیادہ روی کی روش انہوں نے بنی امیہ کے دور میں اختیار کی۔ جب انھیں میدان خالی نظر آیا تو وہ بنی امیہ کے مبلغین میں شامل ہو گئے۔ ابن سعد نے طبقات میں ابن عباسؓ پر گفتگو کرتے ہوئے لکھا ہے کہ[1]: ابن عباسؓ، ابن عمرؓ، ابوسعید خدری، ابوہریرہ، عبداللہ بن عمرؓ عمرو بن العاص، جابر بن عبداللہ، رافع بن خدیج، سلمہ بن الاکوع ابو واقد اللیثی، عبداللہ بن بحینہ اور ان جیسے افراد اصحاب پیغمبرؐ میں شمار ہوتے تھے۔ یہ اصحاب حضرت عثمانؓ کے بعد تمام عمر مدینہ میں فتویٰ دیتے رہے اور پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل روایت کرتے رہے۔ لیکن حضرت عثمانؓ کی وفات سے پہلے ابوہریرہ عام صحابہ میں شمار ہوتے تھے اور دوسرے مشہور صحابہ کی طرح کسی نے انھیں بجز اس کے کسی بھی دینی امر میں مشغول نہیں دیکھا۔ جب وہ علاء ابن الحضرمی کے ساتھ بحرین میں تھے تو انہوں نے فقط اذان کہنے کو اپنا شعار بنا لیا تھا جسے ہم پہلے بھی بیان کر چکے ہیں۔ اس طرح ابوہریرہ کو مروان کے زمانے یعنی سنہ ۴۱ ہجری کے بعد تک اذان سے شغف رہا مگر بنی امیہ کے زمانے میں جب تمام اکابر و ابرار صحابہ کی زندگی کے چراغ گل ہو چکے تو ابوہریرہ کا ستارۂ بخت چمکنے لگا۔

۱۔ ص ۱۲۴ ۔ ج ۲ ق ۲ ۔ مطبوعہ لندن ۔ اور تاریخ ذہبی ص ۳۳۶ ۔ ج ۲ اس کے علاوہ کتاب سیر اعلام النبلاء ۔ ص ۴۳۷ ۔ ج ۲ اور ہماری کتاب "اضواء علی السنۃ المحمدیہ" ملاحظہ فرمائیں۔ تاکہ یہ بات معلوم ہو جائے کہ کون کون حضرت ختمی مرتبت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپؐ کے بعد حضرت ابوبکرؓ و عمرؓ کے زمانوں میں فتویٰ دیا کرتے تھے اس وقت آپ کو معلوم ہو کہ ابوہریرہ کسی طرح بھی ان کے درمیان نہیں تھے کیونکہ وہ اس وقت تک ایک گمنام شخصیت تھے اور کوئی ان کو نہیں جانتا تھا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وہ واقعات اور جنگیں
جس میں ابوھریرہ نے
شرکت نہیں کی اور ظاھر
کیا کہ وہ انہی میں
شریک تھے

jabir.abbas@yahoo.com

ابوہریرہ نے ایسا کوئی عمل نہیں چھوڑا جس میں بنی امیہ کے نزدیک انکے اقبال کو چار چاند نہ لگتے ہوں اور اس مقصد کے لئے انہوں نے اپنے آپ کو ہر میدان میں آتارا۔ ان مقامات میں سے ایک مقام وہ ہے جہاں وہ اپنے آپ کو ہر ان جنگوں اور ان واقعات کا شریک بتاتے ہیں جن میں انہوں نے قطعاً شرکت نہیں کی۔ بخاری ناقل ہیں کہ انہوں نے کہا: ہم نے خیبر کو فتح کیا مگر مال غنیمت

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میں سونے چاندی کو ہاتھ نہیں لگایا بلکہ وہاں سے گائے اور اونٹ اپنے ساتھ لے گئے۔ حالانکہ ابوہریرہ نے کسی طرح بھی جنگ خیبر میں شرکت نہیں کی بلکہ وہ فتح خیبر کے بعد پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور شرفیاب ہوئے۔ اس کے علاوہ انہوں نے یہ بھی دعویٰ کیا کہ وہ حضرت ابوبکرؓ کیساتھ ان کے حج میں شریک رہے ہیں اور اس بارے میں انہوں نے بڑی پیچیدہ اور بے سروپا روایات کو بیان کیا ہے اور افسوسناک بات یہ ہے کہ بخاری نے اپنی کتاب میں ان روایات کو جگہ دی ہے اور بالتحقیق یہ روایات ابوہریرہ اور ان کے فرزند کی جانب سے ماخوذ ہیں۔ اس سلسلے میں ابوہریرہ کبھی تو یہ کہتے ہیں[۱] کہ: حضرت ابوبکرؓ نے اس حج پر مجھے دیگر چند موذنوں کے ہمراہ بھیجا تاکہ لوگوں کے درمیان جاکر اذان دوں اس کے بعد پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علیؑ کو بھیجا تاکہ وہ ہمارے ساتھ سورہ برائت کو لوگوں کے سامنے پڑھکر سنائیں۔ دراصل ابوہریرہ یہ کہنا چاہتے ہیں کہ وہ حضرت ابوبکرؓ کے ہمراہ تھے اور حضرت علیؑ ان پر بعد میں وارد ہوئے اور کبھی یہ کہتے ہیں کہ میں اس گروہ میں تھا جسے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام کے ساتھ مکہ والوں کو سورہ برائت سنانے کے لئے بھیجا تھا۔[۲] بہرحال ہم ابوہریرہ کی درہم برہم گفتگو کے بارے میں کچھ کہنا نہیں چاہتے تاکہ بے سود بحث سے بچے رہیں البتہ جس بات کا تذکرہ ضروری ہے وہ یہ ہے کہ: حضرت ابوبکرؓ کے حج کا واقعہ بہت روشن وآشکار ہے جس کو ابن اسحاق، ابن ہشام

۱۔ اس واقعے کو بخاری نے سورہ برائت کی تفسیر میں نقل کیا ہے۔

۲۔ اسے حاکم نے نقل کیا ہے۔ اور احمد ونسائی کی روایت میں ہے کہ: جب پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام کو سورہ برائت دے کر مکہ والوں کی طرف بھیجا تو ہم آپ کے ساتھ تھے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

طبری اور تمام محققین نے لکھا ہے کہ مگر کسی نے اس واقعے میں ابو ہریرہ کا تذکرہ نہیں کیا ہے۔ مزید اطلاع کے لئے ہم سیرۃ ابن ہشام کی تحریر نقل کرتے ہیں[۱]۔ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابوبکرؓ کو سنہ ۹ ہجری میں امارت حج کے عنوان سے مکہ بھیجا حضرت ابوبکرؓ کی روانگی کے کچھ ہی دیر بعد سورہ برائت کا نزول ہوا۔ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہا گیا کہ: کیا یہ بہتر نہیں کہ اس سورہ کو حضرت ابوبکرؓ کے ہمراہ روانہ کریں؟ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میری طرف سے اس رسالت کو کوئی ادا نہیں کرے گا۔ مگر میرے اہلبیت سے کوئی فرد، اس کے بعد آپ نے حضرت علی علیہ السلام کو بلایا اور ہدایت فرمائی کہ مکہ جا کر نحر کے دن جب لوگ منیٰ میں جمع ہوں تو تم سورہ کو ان کے سامنے پڑھکر سنانا، الخ، حضرت علی علیہ السلام، رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے متعلق ایک ناقہ "عضباء" پر سوار ہو کر روانہ ہوئے یہاں تک کہ راستے میں حضرت ابوبکرؓ سے جا ملے اور ان کے ساتھ مکہ کی سمت روانہ ہوئے۔ حضرت ابوبکرؓ نے دیگر افراد کے ساتھ حج ادا کیا اور جب نحر کا موقع آیا تو حضرت علی علیہ السلام اٹھ کھڑے ہوئے اور آپؑ نے فرمان پیغمبر کو کماحقہ اجراء کیا۔ یہ ہے حضرت ابوبکرؓ کے حج کی صحیح داستان۔ اس بناء پر ابوہریرہ کا نام اس داستان کے کس حصہ میں آیا؟ اور اگر نہیں آیا تو پھر ہمیں کہنا پڑے گا کہ راویان حدیث نے اس سلسلے میں جو کچھ ابوہریرہ کے لئے کہا ہے وہ قطعاً مورد اطمینان و وثوق نہیں ہے اگرچہ ان میں بخاری و غیر بخاری ہی کیوں نہ شامل ہوں۔ بہرحال یہ ایک حقیقت ہے کہ ابوہریرہ اس حج میں بطور کلی شریک نہیں تھے نہ حضرت ابوبکرؓ کے ساتھ اور نہ ہی حضرت علیؑ کے ہمراہ۔ بھلا وہ اس حج میں کس طرح شریک ہو سکتے تھے جبکہ اس وقت وہ بالتحقیق مدینہ میں نہ تھے بلکہ علاء کے ساتھ بحرین میں تھے جیسا کہ ہم پہلے اس کو ثابت کر چکے ہیں ان کے غرائب روایات سے مستدرک حاکم کی نقل کردہ یہ

[۱]۔ ص ۲۰۰ سے آگے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

روایت ہے کہ: میں حضرت عثمانؓ کی زوجہ رقیہؓ کی خدمت میں حاضر ہوا جب ان کے ہاتھ میں ایک کنگھی تھی۔ حضرت رقیہؓ نے کہا: ابھی چند لمحوں پہلے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے پاس موجود تھے اور میں ان کے بالوں کو کنگھی کر رہی تھی۔ آپؐ نے فرمایا: رقیہ ابو عبداللہ (حضرت عثمانؓ) کا کیا حال ہے۔ میں نے عرض کی: اچھے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا: ان کا خیال رکھو ان کی عزت کرو کیونکہ وہ میرے اصحاب ہیں سب سے زیادہ مجھ سے مشابہ ہیں[1]۔ حاکم کہتے ہیں یہ حدیث (صحیح الاسناد) ہے مگر اس کا متن زیادہ محکم نہیں کیونکہ حضرت رقیہؓ کا انتقال سنہ ۳ ہجری میں فتح بدر کے موقع پر ہوا تھا اور ابوہریرہ نے نقل کیا ہے یہ ہے کہ: ہم نے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ نماز ظہر یا عصر ادا کی۔ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دوسری رکعت میں نماز ختم کی اس وقت ذوالیدین نے آپؐ سے پوچھا: کیا نماز کی رکعتیں کم ہو گئی ہیں؟ یا آپ بھول گئے ہیں؟ حالانکہ ذوالیدین ابوہریرہ کے اسلام لانے سے پیشتر جنگ بدر میں شہید ہو چکے تھے۔ اس طرح کی بے بنیاد روایتیں بہت زیادہ ہیں۔ اب ہم ابوہریرہ کی روایتوں کے چند نمونے پیش کرنا چاہتے ہیں۔

۱۔ بلاشبہ اس روایت کا تعلق بھی ابوہریرہ کی ان روایات سے ہے جن کے ذریعے انہوں نے بنی امیہ سے تقرب حاصل کیا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابوھریرہ کی روایات کے چند نمونے

ابوہریرہ کی تاریخ کے ان گوشوں کو اجاگر کرنے کے بعد اب ہم ان کی بیان کردہ روایتوں کے چند نمونے پیش کرنا چاہتے ہیں جنھیں رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نسبت دیتے ہیں۔ ان روایتوں کے بارے میں ہم کچھ کہنا نہیں چاہتے بلکہ اس کا فیصلہ قارئین کے ہوش و خرد پر چھوڑتے ہیں کیوں کہ ان کے بارے میں اب کافی طویل گفتگو ہو چکی ہے۔ بخاری اور مسلم

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نے ابو ہریرہ سے روایت کی ہے کہ انہوں نے کہا: ملک الموت حضرت موسیٰ علیہ السلام کی خدمت میں آئے اور ان سے کہا: اپنے پروردگار کو لبیک کہو یہ سن کر حضرت موسیٰؑ نے ملک الموت کے منہ پر اس زور کی چپت ماری کہ ان کی آنکھیں پھوٹ گئیں۔ ملک الموت خدا کے حضور واپس آئے اور کہا کہ پروردگارا تو نے مجھے کس بندے کے پاس بھیجا ہے جو مرنے کے لئے راضی نہیں؟ اس نے تو میری دونوں آنکھیں پھوڑ دی ہیں۔ اللہ تبارک و تعالیٰ نے ملک الموت کی آنکھیں واپس کیں اور اس سے کہا: میرے بندے کے پاس واپس جاؤ اور اس سے کہو اگر زندگی کے طالب ہو تو ایک گائے کی پشت پر ہاتھ رکھ دو۔ تمہاری ہتھیلی تلے آنے والے بالوں کی تعداد کے برابر تمہاری زندگی کے سال مقرر ہوں گے۔ اس کے علاوہ بخاری اور مسلم نے اس روایت کو بھی ابو ہریرہ سے نقل کیا ہے کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ایک دفعہ بہشت اور دوزخ کے درمیان گفتگو ہوئی۔ دوزخ نے کہا: میں سرکش اور

۱۔ و ثعلبی نے اس حدیث کو "لطمۃ موسیٰؑ" کے عنوان سے اپنی مشہور کتاب "المضاف و المنسوب" میں نقل کیا ہے اور کہا ہے کہ اس کا تعلق پرانی داستانوں سے ہے۔ اس بارے میں جو باتیں بیان ہوئی ہیں اس میں ملک الموت کو نابینا قرار دیا گیا ہے۔ یہاں تک کہ اس کے بارے میں کہا گیا: "یا ملک الموت لقیت منکرا لطمۃ موسیٰ ترکتک اعورا۔" (اے ملک الموت کسی منکر سے سامنا ہوا ہے شاید موسیٰ کے طمانچے نے تمہیں اندھا کر دیا ہے۔) اس کے بعد ثعلبی اپنی گفتگو کو اس عبارت پر ختم کرتے ہیں کہ: میں اس کہانی کی ذمہ داری سے بری ہوں۔ ص ۴۰۔ ۴۱ ــــ بے شک ثعلبی کو حق پہنچتا ہے کہ وہ اس روایت سے تبری کریں۔ کیونکہ وہ صاحب عقل ہیں اور ہر صاحب عقل کو اس قسم کی باتوں سے برائت کرنا چاہیے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

متکبرین کی منزل ہوں، بہشت نے کہا: آخر ضعیف، عاجز اور افتادہ لوگ ہی کیوں میری تقدیر بنے ہوئے ہیں۔ یہ سن کر خداوند تبارک و تعالیٰ نے بہشت سے فرمایا: تو میری رحمت ہے اور میں تیرے ہی ذریعے اپنے بندوں کو مورد رحمت قرار دوں گا۔ اس بنا پر جنت و دوزخ دونوں ہی افراد بشر سے پُر ہوں گے مگر دوزخ کا پیٹ نہیں بھرے گا جب تک کہ وہ خود زمین پر ہرگز ہرگز کہتا ہوا اتر نہ آئے اس کے بعد وہ سیر ہو گا اور اسکا ایک حصہ دوسرے حصے میں سما جائے گا۔ الی آخر۔ شیخین نے ان سے روایت کی ہے کہ ہر رات ثلث شب کے بعد ہمارا پروردگار آسمان دنیا پر نازل ہوتا ہے اور پکار کر کہتا ہے: کون کون اس وقت میری عبادت میں مصروف ہیں میں ان کی آرزو بر لانا چاہتا ہوں۔...... الخ اس روایت کو بھی شیخین نے ان سے نقل کیا ہے کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: حضرت سلیمانؑ بن داؤد نے کہا: آج رات میں کئی عورتوں سے ہمبستر ہونا چاہتا ہوں تاکہ ہر عورت سے ایک فرزند متولد ہو اور وہ سب مل کر راہ خدا میں جنگ کریں۔ اس وقت ایک فرشتہ نازل ہوا اور اس نے حضرت سلیمانؑ سے کہا کہ انشاء اللہ کہو، مگر حضرت سلیمان نے انشاء اللہ نہیں کہا اور اپنی عورتوں کے ساتھ ہمبستر ہوئے۔ مگر کسی عورت سے کوئی فرزند پیدا نہیں ہوا۔ بجز اس عورت کے جس کا فرزند آدھے بدن سے انسان تھا۔ اس کے بعد ابوہریرہ کہتے ہیں کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر حضرت سلیمانؑ انشاء اللہ کہتے تو وہ مرتکب گناہ نہ ہوتے اور ان کی حاجت بر آری کے امکانات بھی پوری طرح روشن ہوتے۔ شیخین نے ایک اور روایت بھی ان سے نقل کی ہے کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک موقع پر نماز کی ادائیگی کے بعد فرمایا: دوران نماز شیطان مجھ پر ظاہر ہوا اور جبراً مجھ سے نماز توڑنے کے لئے کہا۔ مگر اللہ نے مجھ کو اس پر مسلط کر دیا اور میں نے اس کا گلا گھونٹ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دیا۔ میرا دل چاہتا تھا کہ اسے پکڑ کر کسی ستون سے باندھ دوں تاکہ تم لوگ آکر اس کا تماشا دیکھو۔ اس وقت مجھے حضرت سلیمانؑ کی وہ بات یاد آئی جب انہوں نے کہا تھا "پروردگار مجھے وہ قوت و پادشاہی عطا کر جو میرے بعد کسی اور کے لئے سزاوار نہ ہو۔ شیخین ہی نے ابوہریرہ کے حوالے سے اس قول کو پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منسوب کیا ہے کہ بنی اسرائیل کا ایک گروہ مفقود الاثر ہے نہ جانے ان پر کیا بیتی۔ مجھے یقین ہے کہ وہ چوہوں کی شکل میں بدل گئے ہیں کیونکہ اونٹنی کا دودھ انھیں مرغوب نہیں مگر جب وہ بکری کا دودھ دیکھتے ہیں تو اسے بڑے شوق سے پی جاتے ہیں۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔ الخ۔ بخاری نے ان سے روایت کی ہے کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کافر کے دوشانوں کے درمیان تندرو سوار کے تین دن راہ کا فاصلہ ہے اور مسلم کی روایت میں ہے کہ: کافر کی کھال کی موٹائی ۴۲ گز بحساب ذرع جبار ہے (اللہ اکبر یا حفیظ)! ترمذی اور حاکم کی روایت میں ابوہریرہ سے منقول ہے کہ: کافر کا دانت کوہ احد کی مانند ہے اور اور اس کی نشست گاہ جہنم میں مکہ اور مدینہ کی مسافت کے برابر ہے یہاں پر کافر سے متعلق بے شمار روایتیں نقل ہوئی ہیں جو سب کی سب ابوہریرہ سے منقول ہیں۔ اختصار کی خاطر ہم ان تمام روایات سے صرف نظر کر رہے ہیں۔ شیخین ابوہریرہ سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے کہ خدا نے حضرت آدمؑ کو اپنی صورت پر خلق کیا ان کا قد ساٹھ گز تھا۔ احمد نے ایک دوسری روایت میں ابوہریرہ سے نقل کیا ہے کہ انہوں نے کہا: حضرت آدمؑ ساٹھ گز لمبے اور سات ونٹ چوڑے تھے۔ اور یہ روایت اصحاح اول میں سفر تکوین (عہد قدیم) کے ستائیسویں حصے کا

۱۔ کیونکہ اونٹ کا گوشت اور دودھ دونوں بنی اسرائیل پر حرام ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جزو ہے جس کی نص یہ ہے: پس خداوند عالم نے انسان کو اللہ کی صورت میں خلق کیا اور اس کو نر اور مادہ دو اصناف میں بنایا۔ مسلم نے ابوہریرہ کے ذریعے پیغمبر اکرم ﷺ کا یہ قول نقل کیا ہے کہ جب کبھی تم میں سے کوئی اپنے کسی بھائی سے برسرپیکار ہو تو اس کے چہرے سے کوئی سروکار نہ رکھے اور یہ نہ کہے کہ خدا تیرا چہرہ بگاڑے یا تیری شباہت رکھنے والے شخص کا چہرہ مسخ کرے کیونکہ خداوند عالم نے آدمؑ کو اپنی صورت میں خلق کیا ہے۔ اس روایت کو بخاری نے ادب المفود میں اور اسی طرح احمد نے بھی نقل کیا ہے۔ بخاری نے یہ روایت بھی ابوہریرہ سے نقل کی ہے[۱] کہ پیغمبر اکرم ﷺ نے اللہ کا یہ فرمان سنایا کہ جو بھی کسی ولی سے دشمنی کرے گا۔ میں اس سے برسرپیکار ہوں اور کوئی بندہ کسی وسیلے سے مجھ سے قریب نہیں ہوتا جب تک کہ وہ میری واجب کی ہوئی چیزوں پر عمل پیرا نہ ہو اور میرا بندہ ہمیشہ نوافل کے ذریعے اپنے آپ کو مجھ سے قریب

۱۔ بخاری نے انفرادی طور پر اس روایت کو نقل کیا ہے اس لئے آئمہ حدیث نے ان پر طعنہ زنی کی ہے۔

من باب المثال ذہبی اور ابن رجب کہتے ہیں: یہ روایت بڑی انوکھی ہے۔ بخاری نے اس میں خطا کی ہے، اللہ کے لئے تردد جائز نہیں اور اسی طرح بدا بھی اس کے لئے غیر صحیح ہے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ابوہریرہ نے اس روایت کو اپنے استاد وہب بن منبہ سے لیا ہے چونکہ جس طرح حلیہ میں اس کا متن "وہب" کے ترجمے کی بابت آیا ہے اور وہ کہتا ہے کہ: میں نے انبیاء کی کتب میں دیکھا ہے کہ خداوند تبارک وتعالیٰ فرماتا ہے کہ: میں نے ہرگز کسی امر میں تردد سے کام نہیں لیا۔ مگر مومن کی قبض روح کے موقع پر کہ اس میں مجھے ہمیشہ تردد رہا ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کرتا ہے۔ یہاں تک کہ میں اسے قبول کر لیتا ہوں۔ اس وقت میں اس کے کان بن جاتا ہوں جس سے وہ سنتا ہے اور اس کی آنکھیں بن جاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے اور اس کے ہاتھ بن جاتا ہوں۔ جس سے وہ کام کرتا ہے اور اس کے پیر بن جاتا ہے جس سے وہ چلتا ہے اور میں کبھی کسی چیز میں متردد نہیں ہوتا۔ مگر اس وقت جب کوئی مومن جان کنی کے عالم میں ہوتا ہے اور موت سے کراہت رکھتا ہے میں نہیں چاہتا کہ اس وسیلے سے اسے آزار پہنچاؤں۔

بخاری ہی نے ابوہریرہ سے نقل کیا ہے کہ: میں ایک موقع پر پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پانی، وضو اور قضائے حاجت کا برتن اٹھائے آپ کے تعاقب میں چل رہا تھا۔ ایسے میں پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پکار کر کہا کون ہے جو میرے پیچھے آرہا ہے؟ میں نے اپنا نام لے کر کہا ابوہریرہ: آپؐ نے فرمایا کچھ پتھر مجھے دو تاکہ میں ان سے استنجا کروں مگر ہڈی یا فضلہ نہ دینا۔ میں حسب فرمان پیغمبرؐ پتھر کے چند ٹکڑے اپنی جھولی میں ڈال کرلے آیا اور آپ کے سامنے رکھ کر پیچھے ہٹ گیا۔ یہاں تک کہ حضور ختمی مرتبت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فارغ ہوئے اور میں ان کے ساتھ روانہ ہوا۔ راستے میں میں نے آپؐ سے پوچھا: آخر ہڈی اور فضلہ سے استنجا کرنے میں کیا قباحت ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ہڈی اور فضلہ جن کی غذا ہیں جس وقت نصیبین (ایک مشہور شہر) کے جن کا شمار اچھے جنوں میں ہوتا ہے میرے پاس آئے اور مجھ سے کھانے کی درخواست کی تو میں نے خداوند عالم سے دعا کی کہ ان لوگوں کو کوئی ہڈی یا فضلہ ایسی نہ ملے جس میں ان کی غذا نہ موجود ہو۔ قارئین کرام کو چاہیئے کہ قبل اس کے کہ وہ اس روایت کے معنی پر غور کریں اس کے الفاظ پر غور کریں اور اس کی اہمیت وحقیقت کا اندازہ لگائیں۔ ابوہریرہ نے ارشاد ربانی "طوبیٰ لھم" میں لفظ طوبیٰ کی تفسیر بھی فرمائی ہے اور کہا ہے: طوبیٰ جنت کا ایک درخت

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہے جس سے خداوند عالم فرمائے گا: شگافتہ ہو جا تاکہ میرا بندہ جو کچھ چاہے تیرے باطن وجود سے حاصل کرے۔ یہ سن کر طوبیٰ شگافتہ ہو گا اور اس میں سے زین بندھا گھوڑا مہار لگا اونٹ، پوشاک، اور ہر وہ چیز جس کا بندہ طلبگار ہو گا باہر نکل آئے گی۔[۱]

حدیث مگس

بخاری اور ابن ماجہ نے ابو ہریرہ سے روایت کی ہے کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب کبھی کوئی مکھی تمہارے کھانے کے برتن میں گر جائے تو برتن میں موجود غذا کو اچھی طرح ہلا لو کیوں کہ مکھی کے ایک پر میں درد اور دوسرے میں شفا[۲] ہے۔ یہ حدیث اپنے اچھوتے پن اور انوکھے پن کی وجہ سے محققین کے نزدیک اسقدر مورد بحث و تنقید قرار پائی کہ کسی اور حدیث پر اتنی شدت کے ساتھ تلاش و تحقیق نہیں کی گئی کیوں کہ مکھی بذات خود ایک پلید پر دار کیڑا ہے اور انسان اس کے دیکھنے سے نفرت کرتا ہے۔ ایسی صورت میں

۱۔ تفسیر ابن کثیر۔ ص ۵۱۳۔ ج ۲

۲۔ یہ روایت مختلف الفاظ میں نقل ہوئی ہے کہیں یہ جملہ ہے کہ: ہر گاہ کوئی مکھی تمہارے مشروب میں گرے۔ اور دوسری روایت میں ہے۔ اس کے دو پروں میں سے ایک میں زہر اور دوسرے میں شفا ہے اور شفا، زہر پر مقدم ہے۔ اگر ہم ان تمام روایات کو بیان کرنا چاہیں تو بات بڑی طولانی ہو گی۔ شاید ابو ہریرہ نے اس روایت کو اس وقت وضع کیا جب وہ کسی سفرۂ فاخر پر براجمان ہوں گے۔ کیوں کہ احادیث موقع کی مناسبت سے نقل ہوتے ہیں۔ انہوں نے دیکھا ہو گا کہ کوئی مکھی کھانے کے کسی برتن میں گر گئی ہے اور گھبرا گئے، کہ کہیں دستر خوان پر بیٹھنے والے اس غذا کے کھانے سے صرف نظر نہ کر جائیں جس کے نتیجے میں انھیں بھی ایسا ہی کرنا پڑے لہذا انہوں نے اس روایت کو جعل کیا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ کیونکر ہو سکتا ہے کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس بات کا حکم فرمائیں کہ جب وہ کھانے پینے کے برتن میں گر جائے تو اس کو ہلا کر نوش کیا جائے، یہی وجہ ہے کہ تقریباً دس سال پہلے ڈاکٹر سالم محمد نامی ایک طبیب دانشمند اس موضوع کی طرف متوجہ ہوئے اور انہوں نے استناد موازین علمی وحسی اس روایت کو مورد شک و تردید قرار دیا۔ اس کے بعد دوسرے اطبا نے بھی مکھی کے نقصانات اور اس خرد وضعیف حیوان کی انسان دشمنی کے بارے میں جس کے سبب ہر سال لاکھوں انسان بیماریوں کی لپیٹ میں آتے ہیں۔ اتفاق رائے کیا ہے۔ ایسے میں ایک جامد وسطحی فکر کا حامل شیخ جو کمال تاسف سے ایک غربی دانشگاہ میں فقہ اسلامی کا مدرس بھی ہے اس طبیب دانشمند سے محاذ آرا ہوا اور اسے جہل سے نسبت دی کیونکہ انہوں نے "مقدس بخاری" کو محترم نہیں جانا اور جس حدیث کو بخاری نے اپنی کتاب میں نقل کیا ہے اس کی تردید کی ہے۔ اسی لئے راقم الحروف نے اس موقع پر نجات علم اور حفاظت مقام شارع رسالت کی خاطر اور ساتھ ہی اس محقق و دانشمند طبیب کی تائید میں اپنے قلم کو جنبش دی اور اس سلسلے میں ایک مقالہ ۲۴ دسمبر ۱۹۵۱ء کو شائع ہونے والے مجلہ "الرسالہ" کے ۹۶۴ ویں شمارے میں لکھا جسے ہم عیناً یہاں نقل کرتے ہیں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مکھی کی ہنگامہ آرائی

پچھلے چند مہینوں سے مجلۂ لواء الاسلام اور ڈاکٹر سالم محمدؔ کے درمیان حدیث مگس کے سلسلے میں سخت ہنگامہ آرائی ہو رہی ہے۔ اول الذکر اس حدیث سے تمسک کر کے اس کے اثبات پر مصر ہے اور چاہتا ہے کہ لوگ اس کے دلائل کو قبول کریں اس سلسلے میں وہ تنہا جس بات پر تکی ہے وہ یہ ہے کہ کتب حدیث جن میں صحیح بخاری بھی شامل

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہے اس حدیث کو نقل کیا ہے۔ ادھر موخر الذکر نے اس حدیث کو رد کر دیا ہے اور اس قسم کی گفتگو کو ذات گرامی ختمی مرتبت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دور جانا ہے جن کی سراسر زندگی لغو گفتگو سے یکسر پاک ہے۔ اس حدیث کے لغو و باطل ہونے کی دلیل یہ ہے کہ علم و تجربہ نے مکھی کی مضرت کو ثابت کر دیا ہے اور یہ بات پایہ تحقیق کو پہنچ چکی ہے کہ مکھی بے شمار بیماریوں کے جراثیم کو ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچاتی ہے۔ یہاں پہنچ کر انسان افسوس و اندوہ میں ڈوب جاتا ہے کہ ایسے زمانے میں جبکہ علم کا ٹھاٹھیں مارتا سمندر جنبش میں ہے اور عقل و فکر کو چند ہیا دینے والے اختراعات و کشفیات کے موتی اس کے اعماق قلب سے ہمہ وقت ابھر رہے ہیں جسکے نتیجے میں ہر شخص اپنی استعداد اور صلاحیت کے مطابق تجربہ اور تحقیق کی روشنی میں ان تمام چیزوں سے بہرہ ور ہو رہا ہے جسے قدرت نے اس کائنات میں انسان کے لئے مسخر کر دیا ہے ایک ایسا شخص پیدا ہوتا ہے[۱] جو لوگوں کو عبث اور بیہودہ مباحث میں الجھانا چاہتا ہے جس کا نہ کوئی فائدہ ہے اور نہ حاصل، بلکہ اس کے برعکس لوگ دین کی نسبت حسن بدبینی کا

۱۔ اشارہ اسی جامد و متظاہر شیخ کی طرف ہے جس نے ناحق مذکورہ ڈاکٹر کے خلاف محاذ قائم کر رکھا ہے۔ اتفاق کی بات ہے کہ شیخ لوگوں کے درمیان بے عقلی اور نافہمی میں مشہور ہے اور خود لوگوں میں یہ ظاہر کرتا ہے کہ اس کا تعلق شیوخ دین سے ہے۔ حالانکہ اب ہر شخص جاننے لگا ہے کہ اس کا تعلق شیوخ خرافات سے ہے اور ہمیشہ مریدوں کو اپنے اطراف جمع کر کے اپنی کرامات کا تذکرہ کرتا ہے اور اپنے تئیں یہ سمجھتا اور باور کراتا ہے کہ اس سے ٹکرانے والا ہلاکت کو اپنے لئے دعوت دیتا ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شکار ہو رہے ہیں۔ بہتر تو یہ ہے کہ مجلہ "لواء اسلام" اپنے اوراق کو اس قسم کی لاحاصل بحث سے سیاہ نہ کرے چونکہ ان امور پہ بحث بلاشبہ لوگوں کے دلوں میں شکوک پیدا کرتی ہے جس سے دین دشمن عناصر فائدہ اٹھاتے ہیں اور دین دوست افراد اس سے دست بردار ہو جاتے ہیں ایسے موارد میں بہتر یہ ہے کہ بحث و تحقیق کو علم و تجربہ کے حوالہ کیا جائے کیونکہ علمی مباحث کے نتائج کبھی نقض نہیں ہوتے اور اس کے فیصلے کو رد نہیں کیا جاسکتا۔ علاوہ ازیں اگر علم طریق احاد سے نقل ہونے والی حدیث کے مخالف ہو تو اس سے دین پر کیا اثر پڑتا ہے؟ خاص طور پہ اسوقت جبکہ دنیاوی امور سے اسکا تعلق ہو اور پھر کیا دین نے ہم پر یہ واجب گردانا ہے کہ ہم کتب حدیث کی لکھی ہوئی ہر روائیت کو بغیر تحقیق و تفحص کے قبول کر لیں اور اس پر ایمان لے آئیں؟ تصدیق و اعتقاد کی منزل فقط خبر "متواتر" کے لئے ہے اور بس ہمارے پاس قرآن کریم کے علاوہ ایسی کوئی محکم کتاب نہیں ہے جس پر بطور کامل بغیر رد و کد کے ایمان و یقین رکھا جاسکے کیوں کہ قرآن ہی وہ کتاب ہے جو بطور "تواتر" ہم تک پہنچی، لیکن جو اخبار بطور "احاد" ہم تک پہنچیں وہ ہمارے لئے یقین و اطمینان کا باعث نہیں بلکہ موجب ظن ہے جو ہمیں حق سے بے نیاز نہیں کرتی۔ ایسی حالت میں ہر مسلمان پر لازم ہے کہ اگر وہ کسی حدیث سے قلباً مطمئن ہے تو اسے مان کر اس کی تصدیق کرے وگرنہ تردید کی صورت میں وہ اسے رد کر سکتا ہے اور یہ وہ امر ہے جو صاحبان فکر و نظر کے درمیان مشہور و معروف ہے اور کسی کو اس بات سے اختلاف نہیں بجز گنتی کے چند جمود پسند ظاہر بیں افراد جن کا کام "حمل اسفار" کے علاوہ اور کچھ نہیں مگر خوش قسمتی سے ایسے افراد کا معاشرے میں کوئی خاص مقام نہیں ہے۔ اب اگر ہم حدیث مگس کو اس کے اطلاق کے ساتھ مان لیں اور ذرہ بین نقد و تحقیق کو اس پر مسلط نہ کریں تو جب

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بھی ہم دیکھیں گے کہ اس حدیث کا تعلق "احاد" سے ہے اور احاد احادیث فقط ظن و گمان پر منحصر ہوتے ہیں ان تمام باتوں کو نظر انداز کرتے ہوئے اگر ہم اس راہ سے بھی اس کے باوجود اس حدیث کو رد نہیں کر سکتے کہ ہمیں یقین ہے کہ علم نے اس کے بطلان کو ثابت کر دیا ہے تو ہمارے لئے یہ راستہ کھلا ہوا ہے کہ ہم یہ کہیں کہ علماء فن نے ایسے موارد میں چند اصول مرتب کئے ہیں جس کا مفاد یہ ہے: ایسا نہیں ہے کہ جس حدیث کی سند صحیح نہ ہو اس کا متن بھی غیر صحیح ہو[1] اور اگر یہ کہا جائے کہ اس حدیث کو بخاری نے نقل کیا ہے۔ اور بخاری کسی حدیث کو اس وقت تک نقل نہیں کرتے جب تک کہ وہ صحیح نہ ہو ہم اس قول کو رد کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ بخاری نے ان احادیث کو اپنی کتاب میں نقل کیا ہے جنھیں وہ ظاہر اسناد پر ازروی عمل خود صحیح جانتے تھے نہ یہ کہ وہ واقعاً صحیح تھے اس رو سے یہ ضروری نہیں کہ بخاری جس چیز کو اپنے اوپر لازم قرار دیں دوسروں کے لئے بھی وہ چیز قابل قبول ہو۔ جیسا کہ الزین العراقی نے اپنی کتاب شرح الفیہ میں لکھا ہے: اہل حدیث جب کبھی یہ کہتے ہیں کہ فلاں حدیث صحیح ہے تو اس سے ان کی مراد یہ ہوتی ہے کہ جس طرح من باب عمل ظاہر اسناد سے ہم پر آشکار ہے یہ حدیث صحیح ہے نہ یہ کہ نفس الامر میں اسے قطعیت حاصل ہے کیونکہ ثقہ آدمی بھی جائز الخطاء ہے اور اس سے بھی خطا و نسیان سرزد ہو سکتا ہے اور یہ گفتگو اہل علم اور محققین کے نزدیک معتبر ہے۔ اسی قاعدہ کی رو سے ابن ابی لیلیٰ نے کہا ہے:۔ کوئی شخص اس وقت تک فقیہ نہیں کہلاتا جب تک کہ وہ احادیث میں کسی کو قبول اور کسی کو رد نہ کرے۔ ابو حنیفہؒ بعض احادیث کو رد

۱۔ اس سلسلہ میں مزید معلومات کے لئے ہماری کتاب ما "اضواء علی السنۃ المحمدیہ" سے رجوع فرمائیں چونکہ یہ تمام اصول و قواعد بطور مبسوط اس میں درج ہیں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کرنے کے سلسلے میں لکھتے ہیں : یہ جو میں برخلاف قرآن، پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث نقل کرنے والے کی تردید کرتا ہوں یہ در اصل آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تکذیب نہیں ہے بلکہ اس شخص کی تکذیب و تردید ہے جس نے آپ سے منسوب کر کے امر باطل کو نقل کیا اور درحقیقت ایسا محدث متہم ہے نہ کہ نعوذ باللہ پیغمبر خاتم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ذات گرامی ختمی مرتبت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تمام ارشادات ہمارے سر آنکھوں پر، ہم ان پہ ایمان واثق رکھتے ہیں اور اس بات کی گواہی دیتے ہیں کہ وہ تمام کے تمام حق ہیں۔ ان تمام باتوں کے علاوہ جیسا کہ کہہ چکے ہیں۔ اگر ہم یہ بات تسلیم کر لیں کہ ختمی مرتبت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس حدیث کو اپنی زبان اقدس سے جاری فرمایا اور اس کے بعد علم اور تجربہ کے نقصانات کو ثابت کرے تو اس میں کوئی حرج نہیں کہ ہم اس حدیث کو ایک طرف رکھیں اور اسے نہ مانیں چونکہ اس حدیث کا مفاد دنیاوی امور سے وابستہ ہے اور ان موارد میں ہمیں بھی وہی روش اختیار کرنی چاہیئے جسے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنایا تھا۔ کیوں کہ جس وقت آپ نے دیکھا کہ مدینے کے لوگ کھجور کے درخت کی پیوند کاری کر رہے ہیں تو حکم صادر فرمایا کہ اس کام کو ترک کریں مگر بعد میں جب یہ بات ثابت ہوئی کہ ترک تلقیح سے نامرغوب کھجوریں حاصل ہوتی ہیں اور لوگوں کو اس سے نقصان پہنچا ہے تو آپ نے اپنی مشہور حدیث لوگوں کے گوشگذار کی اور فرمایا: میں نے اس بارے میں محض گمان سے کام لیا آپ لوگ میرے گمان کے بارے میں مجھ سے بازپرس نہ کریں، ہاں البتہ اگر اللہ کی نسبت سے کچھ کہا ہو تو آپ اسے قبول کریں۔" اور ایک دوسری روایت میں ہے کہ: جب کبھی میں دین کے بارے میں آپ کے لئے کوئی حکم صادر کروں تو آپ اسے مان لیں لیکن اگر اپنی رائے سے کوئی بات کہتا ہوں تو آخر میں بھی ایک انسان ہوں اور اس کے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بعد آپ نے اپنی گفتگو کو اس عام اور عظیم قاعدہ پر ختم فرمایا جسے طول اعصار و قرون میں حقیقتاً تمام مسلمانان عالم کے لیئے دستور العمل ہونا چاہیئے۔ ایسا قاعدہ جو بخوبی ثابت کرتا ہے کہ دین اسلام ہر زمانے اور ہر جگہ کے لیئے اپنے اندر صلاحیت رکھتا ہے۔ اور در حقیقت علم و دانش کا دوست اور جہل و نادانی کا دشمن ہے اور وہ قاعدہ یہ ہے کہ آپ نے فرمایا تم لوگ اپنے دنیاوی امور میں زیادہ واقفیت رکھتے ہو[1]۔ پھر اس حدیث کے راوی ہیں "ہماری کتاب کے ہیرو ابوہریرہ" ہی ہیں کہ جن کی روایات خود ان کی زندگی اور ان کی حیات کے بعد بھی جھٹلائی گئیں حتیٰ کہ وہ احادیث جس کے بارے میں ان کی تصریح موجود ہے کہ انہوں نے خود پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے بنفس نفیس سنا ہے جیسے یہ حدیث کہ "خدا نے زمین کو ہفتے کے دن پیدا[2] کیا۔ اب ہم اس چھوٹے سے مقالے کو یہیں ختم کرکے ڈاکٹر سالم محمد کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ ان کی وجہ سے یہ سودمند بحث معرض وجود میں آئی اور ساتھ ہی ان سے اور ان کے دیگر ساتھیوں اور نیز رجال علم میں تمام مہندسین، منجمین، اور جغرافیہ دانوں سے یہ درخواست کرتے ہیں کہ وہ اسلام کے بتائے ہوئے صحیح راستے سے اپنے سودمند علمی مباحث کو آگے بڑھائیں اور کسی سے ہرگز خوف و دہشت نہ کھائیں کیونکہ وہ اپنے دنیاوی امور میں بہتر سوجھ بوجھ کے مالک ہیں۔

منصورہ: محمود البوریہ

۱۔ یہ تمام روایات در اصول شیعہ عقائد و نظریات کے خلاف ہیں، شیعہ محدثین نے ان تمام احادیث کو سند و مفہوم دونوں لحاظ سے کمزور اور جعلی قرار دیا ہے۔ (مترجم)

۲۔ اور نیز اس دور میں جن لوگوں نے حدیث مگس پر اعتراضات کیئے ان میں ایک شخصیت ڈاکٹر محمد توفیق صدقی کی بھی ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اسی دن یعنی ۱۹۵۱/۱۲/۲۴ کو جب یہ مضمون مجلۂ الرسالہ میں شائع ہوا مجھے ڈاکٹر سالم محمد کا جو اس وقت "کفر الشیخ" ہسپتال کے ناظم الامور تھے ایک تار موصول ہوا جسے میں تاریخ کے اوراق میں محفوظ ہونے کے لئے عیناً نقل کرتا ہوں:

"استاد محمود ابوریہ بک۔ منصورہ، آپ کی گفتگو سے بہت خوشی حاصل ہوئی اور میں آپ کا بے حد ممنون ہوں۔ ڈاکٹر سالم محمد۔

لیکن اس جمود پسند ظاہر بیں شیخ کو میرا مقالہ پسند نہ آیا اور اس دن سے اس کے دل میں میرے خلاف کینہ وحسد کی آگ بھڑک اٹھی اور جہاں کہیں کسی عنوان سے میرا تذکرہ ہوا اس نے میری بدگوئی میں کوئی کسر نہ چھوڑی اور نیز ترمذی نے ابوہریرہ سے نقل کیا ہے کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کھجور جنت کا میوہ ہے اور اس میں زہر سے شفا ہے۔[1] شیخین نے جو روایتیں ان سے نقل کی ہیں ان میں یہ روایت بھی ہے کہ آپ نے فرمایا: ایک سے دوسرے میں سرایت کرنے والی بیماری اور اُلّو کی نحوست اور بدشگونی کوئی حقیقت نہیں رکھتی حالانکہ صحابہ نے اس کے برخلاف عمل کیا ہے اور بخاری نے اسامہ بن زید سے روایت کی ہے کہ پیغمبر اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّم نے فرمایا: جب تمہیں یہ خبر ملے کہ طاعون نے کسی سرزمین پر حملہ کیا ہے اور تم وہاں موجود ہو تو خبردار اس ملک سے باہر نہ جانا: اور اس حدیث کو عبدالرحمٰن بن عوف نے بھی نقل کیا ہے۔ اور جس وقت حضرت عمرؓ نے اس حدیث کو سنا تو شام کے راستے سے واپس لوٹے جہاں طاعون پھیلا ہوا تھا اور جب ابوہریرہ کو یہ بات معلوم ہوئی تو انہوں نے ایک اور حدیث پیغمبر اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّم سے یہ روایت کی کہ تندرست آدمی پر کوئی بیماری اثر انداز نہیں ہوتی۔ اس حدیث

۱۔ ص ۲۸ — ج ۲ مطبوعہ ہندوستان۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کو بخاری نے نقل کیا ہے۔ مگر جب حارث بن ابی ذباب نے جو ابوہریرہ کے چچازاد لڑکے تھے ان پر اعتراض کیا اور کہا: تم اس کے ساتھ کہ کوئی بیماری کسی تندرست انسان پر اثرانداز نہیں ہوتی اس دوسری حدیث کو نقل کرتے ہو کہ وبائی امراض، بدشگونی اور الّو کی نحوست کوئی حقیقت نہیں رکھتی؟ تو ابوہریرہ نے لاعلمی کا اظہار کیا اور غصہ سے حبشی زبان میں کچھ کہا جو سمجھ میں نہ آسکا۔[۱]

ابوہریرہ سے اس قسم کی روایات بکثرت موجود ہیں جنھیں اگر ہم جمع کرنا چاہیں تو ایک علیحدہ کتاب مرتب ہوگی۔ اس باب کے اختتام پر انصافاً یہ بھی کہنا پڑے گا کہ ابوہریرہ نے ایسی بھی احادیث نقل کی ہیں جن سے انوار نبوت کی شعاعیں پھوٹتی ہیں مگر ان احادیث کی تعداد بے حد قلیل ہے۔ شاید ان احادیث کو صحیح معنوں میں انہوں نے پیغمبر خاتم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ سے سن کر محفوظ کر لیا ہو جس کی مثال وہ روایت ہے جسے احمد نے اپنے مسند میں نقل کیا ہے کہ آنحضرت صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا۔ اللہ کی راہ میں لڑی جانے والی جنگ سے اٹھنے والے گرد و غبار اور دوزخ کا دھواں، مرد مومن کی ناک میں جمع نہیں ہوسکتے۔ نیز یہ کہ مرد مسلمان کے قلب میں بخل و ایمان یکجا نہیں ہوسکتے۔ اس کے علاوہ دوسری ایک حدیث یہ ہے کہ: بے نیازی اور استغناء مال و دولت کی فراوانی کا نام نہیں بلکہ اس سے مراد نفس کی بے نیازی ہے اور اسی حدیث کو بخاری نے "ادب المفرد" میں نقل کیا ہے ایک

۱۔ اس حدیث کو مسلم نے اور اسی طرح مصر کے عظیم محدث ابن وہب نے قاہرہ میں فرانسیسی علمی انجمن سے ۱۹۳۹ میں شائع ہونے والے جامع الدین کے صفحہ ۱۰۴ پر نقل کیا ہے۔ اس عظیم محدث نے ابوہریرہ سے زیادہ حدیثیں نقل نہیں کی ہیں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور حدیث ہے کہ: مومن اپنے بھائی کا آئینہ دار ہے جب وہ اس میں کوئی برائی یا عیب دیکھتا ہے تو اس کی اصلاح کرتا ہے۔

اکابرین صحابہ کی نقل کردہ روایات

جیسا کہ ہم پہلے کہہ چکے ہیں کہ ابوہریرہ نے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نسبت دے کر ۵۳۷۴ حدیثیں نقل کی ہیں جن میں سے بخاری نے کل ۴۴۶ حدیثوں کو اپنے لئے انتخابات کیا ہے حالانکہ ابوہریرہ کی پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ فقط ایک سال اور چند ماہ کی مصاحبت رہی ہے۔ اب رہ گئی یہ بات: کہ جن لوگوں نے ابوہریرہ سے قبل اسلام قبول کیا۔ انہوں نے کتنی احادیث پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل کی ہیں اس خصوصیت کے ساتھ کہ وہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے زیادہ قریب، قواعد دین سے زیادہ آشنا اور فضیلت و جہاد میں کیا مہاجر کیا انصار سب پر فوقیت رکھنے والے تھے۔

حضرت ابو بکرؓ کی روایات

حضرت ابو بکرؓ، حضرت علی علیہ السلام کے بعد اسلام لانے والے پہلے شخص تھے۔ ان کا شمار شیوخ صحابہ میں ہوتا تھا مگر ذرا ملاحظہ فرمایئے انہوں نے کل کتنی روایتوں کو نقل کیا؟ نووی نے تہذیب میں لکھا ہے۔
حضرت صدیقؓ نے ۱۴۲ حدیثیں پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل کی ہیں جن میں سیوطی نے تاریخ الخلفاء میں ۱۰۴ احادیث کو لیا ہے۔ صحیح بخاری نے دو، مسلم نے ایک، ترمذی نے چھ اور ابو داؤد نے ایک حدیث کو نقل کیا ہے اور شاید قارئین کو یہ بات بھی معلوم ہو کہ حضرت ابو بکرؓ عرب کے نسابوں میں شمار ہوتے تھے اور انھیں تمام قبائل کے نسب نامے بخوبی یاد تھے ایسی صورت میں اگر حضرت ابو بکرؓ، ابوہریرہ کی طرح روایت حدیث کو اپنا پیشہ بناتے اس وصف کے ساتھ کہ وہ مسلسل ۲۳ سال پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کے ہمراہ رہے تو آج یہ ہمارے لئے ایک بڑا ذخیرہ ہوتا۔

حضرت عمرؓ کی بیان کردہ روایات

حضرت عمرؓ نے ہجرت سے چھ سال پہلے اسلام قبول کیا اور سات سال مکہ اور دس سال مدینہ میں رسولِ خداؐ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہمراہ رہے پھر اس کے بعد سنہ ۲۳ ہجری تک زندگی تے ان کے ساتھ وفا کی۔ ان کا کہنا ہے کہ میں اور انصار میں سے میرا ایک ہمسایہ باری باری ایک دن درمیان پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوتے اور وحی سے متعلق آپ کے بیانات کو ایک دوسرے سے تبادلہ کرتے[1]۔ مگر اس کے باوجود حضرت عمرؓ کی حدیثوں کی تعداد بہت قلیل ہے اور جیسا کہ ابن حزم نے لکھا ہے۔ انہوں نے تقریباً ۵۰ احادیث[2] کو نقل کیا ہے۔

حضرت علی علیہ السلام کی روایات

تمام عالم اسلام میں علی علیہ السلام سب سے پہلے مسلم ہیں۔ آپ نے آغوشِ رسالت میں پرورش پائی۔ بعثت سے پہلے پیغمبر کی حمایت کا شرف حاصل رہا اور ان کی سرپرستی میں پروان چڑھے اور اپنی وفات تک پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ رہے اس طرح کہ نہ کبھی حضر اور نہ سفر میں ان سے جدا ہوئے۔ آپ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کے چچازاد بھائی اور آپؐ کی صاحبزادی فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا کے شوہر گرامی تھے۔ آپ نے بجز تبوک باقی تمام لڑائیوں میں حصہ لیا۔ جنگ تبوک پر جاتے ہوئے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انھیں مدینہ میں اپنا جانشین

۱۔ فتح الباری ـ ص ۱۵۰ ـ ج ۱

۲۔ کتاب الفصل فی الملل والنحل ـ ص ۱۳۸

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

چھوڑا۔ حضرت علی علیہ السلام نے عرض کی: اے اللہ کے رسولؐ کیا آپ مجھے عورتوں اور بچوں کا سرپرست بنا رہے ہیں؟ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے علی علیہ السلام کیا تم اس بات سے راضی نہیں ہو کہ تمہاری نسبت مجھ سے وہی ہو جو ہارون کو موسیٰ سے تھی؟ مگر یہ کہ میرے بعد کوئی نبی نہ ہوگا اس حدیث کو شیخین اور ابن سعد نے نقل کیا ہے[1]۔ پھر حضرت علی علیہ السلام جیسی ہمہ گیر شخصیت جو ذکاوت، ہوش و خرد فہم و فراست اور تمام صفات جلیلہ اور فاضلہ سے ہمکنار تھے۔ اس پہ یہ شرف کہ دست پروردہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی تھے اور تقریباً ایک تہائی صدی سے زیادہ آپؑ نے رشد کامل کے ساتھ سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہمراہ گذارے اگر ہر روز ایک حدیث بھی پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محفوظ فرماتے تو آج آپ ۱۲ ہزار احادیث کے راوی ہوتے۔ یہ فقط اس صورت میں تھا کہ آپ ہر روز ایک حدیث نقل فرماتے اور اگر آپ جو کچھ سنتے وہ تمام کی تمام روایت فرماتے تو کیا عالم تھا۔ اور بیان روایات تو در اصل انھیں کا حق بھی تھا۔ کیوں کہ ان کی روایات پر کسی کو مجال کلام نہ تھا۔ یہ نکتہ بھی ملحوظ خاطر رہے کہ حضرت علی علیہ السلام کو لکھنا پڑھنا بھی آتا تھا۔ ایسے عظیم المرتبت پیشوا اور امام الائمہ سے جن کا تمام صحابہ میں علمی اعتبار سے نظیر و مثیل نہیں تھا ابن حزم کی روایت کے مطابق کُل ۵۰ احادیث نقل ہوئی ہیں جن میں سے بخاری اور مسلم نے کل ۲۰ احادیث کو نقل کیا ہے[2]۔

۱۔ طبقات ابن سعد — ص ۱۵۔ ۲۔

۲۔ یہ فقط مسلم اور بخاری کا ذکر ہے۔ مگر ہمارے پاس ان احادیث کی تعداد موجود نہیں ہے۔ جنھیں شیعہ حضرات نے آپؑ سے نقل کیا ہے۔ کیوں کہ ہر قوم کا ایک الگ راستہ اور رہبر ہوا کرتا ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حضرت عثمانؓ کی بیان کردہ روایات

رہے عثمانؓ تو ان کے سلسلہ میں ہمیں صرف اتنا ہی کہنا ہے کہ ان سے بخاری نے ۹ اور مسلم نے ۱۵ احادیث نقل کی ہیں۔

زبیرؓ بن عوام

حضرت زبیرؓ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حواری، آپؐ کے پھوپھی زاد بھائی اور ان دس افراد[1] میں سے ایک ہیں جن کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انھیں جنت کی بشارت دی ہے۔ اس کے علاوہ ان کا تعلق اہل شوریٰ سے بھی ہے۔ بخاری نے ان سے ۷، اور مسلم نے ایک حدیث نقل کی ہے انہوں نے سنہ ۳۶ ہجری میں وفات پائی۔

عبدالرحمٰنؓ بن عوف

یہ بھی ان افراد میں شامل ہیں جنھیں جنت کی بشارت دی گئی اس کے علاوہ عبدالرحمٰن کا شمار اراکین شوریٰ میں بھی ہوتا ہے۔ حضرت عمران سے احادیث سماعت کرتے اور کہتے: تم سرتاپا عدل و رضا ہو اور ان کی تصدیق کرتے مگر انہوں نے حدیث استئذان میں ابو موسی

۱- وہ دس افراد جنھیں پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جنت کی بشارت دی "عشرہ مبشرہ" کہلاتے ہیں جن کو ایک شعر میں اس طرح پیش کیا گیا ہے۔ (البتہ اہل سنت کے عقیدہ کے مطابق)

زبیر و طلح و ابن عوف و عامر　　　وسعدان و الصہران والختنان

زبیرؓ، طلحہؓ، عبدالرحمٰنؓ بن عوف، ابو عبیدہؓ عامر بن الجراحؓ، سعدؓ بن ابی وقاصؓ، سعیدؓ بن نفیلؓ، علیؑ بن ابی طالبؑ علیہ السلام، حضرت عثمانؓ بن عفانؓ، حضرت ابو بکرؓ، اور حضرت عمرؓ،

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اشعری کی تصدیق نہیں کی[1] اور ان سے کہا: گواہ لاؤ. عبدالرحمٰن بن عوف سے صحیحین میں ۲ حدیثیں نقل ہیں اور خود بخاری نے ان سے ۵ احادیث کو نقل کیا ہے.

سعد بن ابی وقاصؓ

ان کا شمار سابقین اولین میں ہوتا ہے وہ کہتے ہیں کہ میری وہ راتیں بھی گزری ہیں جبکہ لوگ مجھے ثلث اسلام میں شمار کرتے تھے. نیز یہ کہ وہ جنگ بدر اور حدیبیہ کے شریک اور اللہ کی راہ میں تیر اندازی کرنے والے پہلے شخص تھے۔ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے احد کے دن ان کے گرفتار شدہ ماں باپ کو فدیہ دے کر آزاد کرایا اور سعد سے کہا: میرے ماں باپ تم پر فدا. تیر اندازی جاری رکھو اور نیز پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے بارے میں فرمایا۔ سعد میرے ماموں ہیں اس کے علاوہ سعد قادسیہ کے ہیرو اور لشکر کسریٰ کو لپسا کرنے والے فرد بھی ہیں اور ان چھ افراد میں بھی شامل ہیں. جنھیں حضرت عمر نے اپنی ضربت کے موقع پر شوریٰ کے لیے منتخب کیا۔ سعد نے سنہ ۵۵ ہجری میں وفات پائی۔ اس وقت ان کی عمر ۸۰ سے متجاوز تھی۔

۱۔ ابوموسیٰ حضرت عمرؓ کی خدمت میں تین مرتبہ اذن طلب ہوئے مگر انھیں اذن باریابی نہ ملا اور وہ واپس لوٹ آئے. حضرت عمرؓ نے ان سے پوچھا تم واپس کیوں لوٹ آئے. ابوموسیٰ نے عرض کی کہ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ تین دفعہ اذن طلبی کے بعد اگر کسی کو اذن باریابی نہ ملے تو اسے واپس لوٹ جانا چاہیے. حضرت عمر نے ان کی تصدیق نہیں کی اور کہا: اگر اس حدیث کی تصدیق میں کوئی گواہ پیش نہ کر سکے تو تازیانوں سے تمہاری خبر لوں گا۔ ابوموسیٰ گئے اور ایک شخص کو حاضر کیا جس نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس حدیث کو سنا تھا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سواری کی رکاب تھاما کرتے تھے۔ کتب روایت میں زید سے کل ۹۲ احادیث نقل ہیں۔ جن میں سے شیخین نے متفقاً ۵ اور بخاری نے منفرداً ۴ احادیث کو نقل کیا ہے۔

سلمانؓ فارسی

سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آپ کے بارے میں فرمایا۔ اگر دین ثریا پہ ہو تو سلمان اُس کو حاصل کرنے والے ہیں۔ حضرت عائشہؓ کہتی ہیں سلمانؑ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ دائم نشست و برخاست رکھتے تھے۔ اور رات کو تنہائی میں آپ سے گفتگو کیا کرتے تھے۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ وہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نزدیکی میں ہم پر غلبہ پا جائیں گے حضرت علی علیہ السلام نے آپ کے بارے میں فرمایا ہے۔ سلمان علم اولین و آخرین کے دارا ہیں اُن کی معلومات دوسروں کے لیے قابل فہم نہیں وہ ایک خشک نہ ہونے والا سمندر ہیں۔ آپ سے مسند بقی میں کل ساٹھ حدیثیں نقل ہیں جن میں سے بخاری نے ۴ اور مسلم نے ۳ حدیثوں کو اپنی کتابوں میں نقل کیا ہے۔ سلمان نے ۳۵ اور بقول ۳۶ ہجری میں رحلت فرمائی۔

۱۔ مزید معلومات کے لیے حافظ مغرب ابن عبد البر کی کتاب الاستیعاب ص ۵۷۲ ـ ج ۲ اور سیرا علام النبلاء ص ۳۶۲ ـ ج ۱ ملاحظہ فرمایئے۔

باقی حاشیہ از مترجم کے لیے دیکھیے ضمیمہ نمبر ۱

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وہ اکابر صحابہ
جنہوں نے
پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم
سے کوئی
روایت نہیں کی

jabir.abbas@yahoo.com

یہ بات پایہ ثبوت کو پہنچ گئی کہ بہت سے اکابر صحابہ نے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کوئی حدیث نقل نہیں کی جن میں یہ دو مشہور ہستیاں بھی ہیں۔ ایک ابو عبیدہ عامر بن جراح جنھیں رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امین امت کا خطاب دیا اور دوسرے سعید بن نفیل جن کا شمار ان دس افراد میں ہوتا ہے جنھیں سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جنت کی بشارت

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دی۔ ہم اس سلسلہ میں گفتگو کو طول دینا نہیں چاہتے کیونکہ جو کچھ عرض کیا جا چکا ہے وہ سوجھ بوجھ کی بالادستی کو تسلیم کرنے والوں کے لئے مفید اور کافی ہے رہی ابوہریرہ کی وفات تو قول صحیح کے مطابق جس طرح نوری نے مسلم کی کتاب پر اپنی شرح میں لکھا ہے یہ واقعہ سنہ ۵۹ ہجری کو قصر عقیق میں پیش آیا جو ان کا ذاتی قصر تھا۔ اس وقت ان کی عمر ۸۰ سال تھی۔ ان کی میت مدینے لائی گئی اور ولید بن عتبہ بن ابی سفیان نے جو اس وقت معاویہ کی طرف سے امیر مدینہ تھا۔ ان پر نماز پڑھی اور جب ولید نے ان کی موت کی اس خبر کو اپنے چچا معاویہ کے لئے بھیجا تو معاویہ نے ولید کو حکم دیا کہ معلوم کرو ابوہریرہ نے کن افراد کو اپنے پیچھے چھوڑا۔ ان کے ساتھ بھلائی سے پیش آؤ اور دس ہزار درہم ان کے ورثاء کے حوالے کرو اور حق دوستی ادا کرو۔ اس طرح بنی امیہ نے ابوہریرہ کی موت کے بعد بھی ان پر احسان کی موت کے بعد بھی ان پر احسان میں کوتاہی نہیں کی۔[1]

۱۔ حالانکہ ابوہریرہ مدینہ میں عقیق کے مقام پر دفن ہیں لیکن اس کے باوجود ان کی ایک قبر مشہور مسجد "مسجد ابوہریرہ" میں بھی موجود ہے۔ جس پر ایک بڑا سا سبز عمامہ رکھا ہوا ہے۔ یہ قبر مصر میں واقع شہر جیزہ کو مشرق و مغرب کی سمت قطع کرنے والی ایک شاہراہ پر واقع ہے جو "خیابان سیدی ابوہریرہ" کے نام سے منسوب ہے میں نے اس قبر کو ۲۳ جنوری ۱۹۶۲ء بروز ہفتہ دیکھا اور وہاں جا بربنائے عبادت ایک سورہ فاتحہ پڑھی مگر میرے ایک دوست نے جو میرے ہمراہ تھا اور دین میں تفقہ و تفحص کا عادی تھا میرے اس عمل پر معترض ہوا اور کہا: تمہارا یہ عمل خلاف سنت پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے کیونکہ مردوں پر فاتحہ کے سلسلے میں، پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کیا صحیح اور کیا جعلی کسی قسم کی کوئی حدیث ہم تک نہیں پہنچی ہے۔ میں نے جواب دیا: میں اس سلسلے میں شیوخ دین کی تقلید کرتا ہوں چونکہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابوہریرہ کے بارے میں ایک مجمل گفتگو

اب جبکہ ہم ابوہریرہ کی تاریخ کے اس مرحلہ تک پہنچ چکے ہیں تو یہ بھی ضروری ہے کہ اس منزل پر ان کے بارے میں فقیہ محدث محمد رشید رضا رحمۃ اللہ کے ارشادات کو بھی اس میں شامل کریں۔ فقیہ موصوف فرماتے ہیں[1] : ابوہریرہ کا اسلام سنہ ۷ ہجری سے شروع ہوا اس بنا پر انہوں نے اپنی بیان کردہ بہت سی احادیث کو ذات گرامی ختمی مرتبت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نہیں سنا بلکہ ان کو دیگر صحابہ اور تابعین سے لیا ہے۔ ایسی صورت میں اگر جس طرح جمہور محدثین کا کہنا ہے کہ صحابہ کل کے کل عدول ہیں[2] تو ان کے تابعین کے سلسلے

وہ ہمیشہ نہ صرف قبور ہی پر بلکہ نام آنے پر بھی فاتحہ پڑھا کرتے تھے۔ مختصر یہ کہ یہ تعجب کی بات نہیں کہ ابوہریرہ کی دو جگہ قبریں ہیں کیوں کہ انہوں نے اس سلسلے میں بھی اپنے استاد کعب الاحبار کی تاسی کی ہے اس لئے کہ اس یہودی کی قبر جیسا کہ سب جانتے ہیں شام کے ایک شہر حمص میں موجود ہے مگر ساتھ ہی اس کی ایک دوسری قبر جس پر ایک بڑا سا قبہ تعمیر کیا گیا ہے قاہرہ میں واقع محلہ ناصریہ کی ایک بڑی مسجد میں ہے اور حیرتناک اور تعجب خیز بات یہ ہے کہ جمہوری متحدہ عرب کا اوقاف مسلمانوں کے سالانہ رقوم کا ایک حصہ رجال دین کی آنکھوں کے سامنے ابوہریرہ اور ان کے استاد کعب الاحبار کے قبور کی تعمیر میں خرچ کر رہا ہے۔

۱۔ المنار ـــ ص ۴۳ ـــ ج ۲۹

۲۔ اس سلسلے میں جمہور مسلمین کا یہ فیصلہ کہ صحابہ کل کے کل عدول ہیں سراسر خطا ہے اور ہم نے اس موضوع کو اپنی کتاب "اضواء علی السنہ المحمدیہ" میں پوری طرح واضح کر دیا ہے اور یہ بات ثابت کر دی ہے کہ عدالت صحابہ اغلبیت رکھتی ہے نہ کہ کلیت۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میں تو ایسا نہیں۔ اور یہ بات پایہ تحقیق کو پہنچ چکی ہے کہ ابو ہریرہ کعب الاحبار سے سنتے اور انھیں سے روایت کیا کرتے تھے۔ ان کی بیشتر احادیث دوسروں سے ماخوذ ہیں مگر ان کا اصرار ہے کہ انھیں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی سے براہ راست ان احادیث کو سنا ہے۔ جس کی مثال یہ حدیث ہے کہ "خدا نے زمین کو ہفتہ کے دن خلق کیا" درآں حالیکہ سب نے تصریح کی ہے کہ انہوں نے اس حدیث کو کعب الاحبار سے لیا ہے[1]۔ اسی طرح مذکورہ محدث وفقیہ ان کے بارے میں فرماتے ہیں[2]۔ نیز ابو ہریرہ باعتبار معانی نقل حدیث کرتے تھے اور ان کی بیشتر احادیث مرسل ہیں کیونکہ انہوں نے ان کو زیادہ تر صحابہ سے اور بعض کو تابعین[3] سے سنا ہے نہ کہ ذات گرامی ختمی مرتبت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس کے علاوہ فقیہ دانشمند ابو ہریرہ کے بارے میں مزید فرماتے ہیں[4]۔ ابو ہریرہ نے بہت سی ایسی احادیث کو نقل کیا ہے جس میں وہ منفرد ہیں اور کسی نے ان کی تائید نہیں کی ہے اور جس کا ایک حصہ مورد انکار یا معرض گمان میں واقع ہے کیونکہ اس کا موضوع بڑا اچھوتا اور عجیب وغریب ہے جیسے فتنوں پر مبنی احادیث یا پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منسوب وہ غیبی اخبار جو آپ کے بعد وقوع پذیر ہونے والا ہے۔ اس کے علاوہ مذکورہ احادیث میں سے بعض فی

۱۔ اس طرح یہ جلیل القدر عالم بھی دوسرے علماء کی طرح یہ ثابت کرتے ہیں کہ ابو ہریرہ دروغگو تھے۔ حتیٰ کہ ان احادیث میں بھی جن پر ان کی تصریح ہے کہ انہوں نے خود ان کو پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہے۔

۲۔ تفسیر المنار۔ ص ۱۶۳ — ج ۸

۳۔ یعنی درحقیقت وہ صحابہ اور تابعین میں سے کسی کا نام نہیں لیتے جن سے انہوں نے روایت کی ہے تاکہ یہ معلوم ہو سکے کہ آیا وہ عادل بھی تھے کہ نہیں۔

۴۔ المنار۔ ص ۹۷۔ ج ۱۹

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

نفسہ غیر قابل قبول ہیں کہ اگر ان کو کوئی غیر صحابی نقل کرتا تو یقیناً وہ نقادان حدیث اور ارباب جرح و تعدیل کے نزدیک ان کی رسم کے مطابق غیر قابل قبول ہوتیں[1]۔ یہی وجہ ہے کہ لوگ ابوہریرہ کے بارے میں چہ میگوئیاں کرتے ہیں[2]۔ فقیہ مذکورہ ابوہریرہ اور عبداللہ بن عباس کے بارے میں جنہوں نے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کثرت کے ساتھ حدیثیں نقل کیں ہیں بغیر اس کے کہ انہوں نے ان کو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رحلت کے موقع پر ابھی کمسن تھے اور جیساکہ کہا گیا ہے انھوں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کل بیس سے زیادہ احادیث کو نہیں سنا ہے مگر بعضوں نے اس تعداد کو ۲۰۰ تک بھی پہنچا دیا ہے اس خوبی سے ساتھ کہ ابن جوزی کے مطابق ان سے ۱۶۶۰ اور مسند بقی میں ۱۶۹۶ احادیث مروی ہیں، کہتے ہیں[3] ابوہریرہ اور ابن عباس نے ہرگز شریعت کے اساس اور اس کے ارکان کی بنیاد نہیں ڈالی ہے اور اس کے لئے کسی اصل اور فرع کو وضع نہیں کیا ہے بلکہ ان دونوں افراد نے دوسرے صحابہ کرام کی طرح فقط حدیثوں کو ہمارے لئے نقل کیا ہے اور اگر ہم احکام شرعی کے بارے میں ابوہریرہ کی روایات کا جمع کریں تو ہمیں معلوم ہوگا کہ ان کی تعداد بہت کم ہے اور ناچیز ہے اور اگر یہ

۱۔ مگر کون ابوہریرہ پر جرح کر سکتا ہے انکا تعلق تو صحابۂ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہے اور ارباب جرح و تعدیل صحابہ پر بند ہے البتہ غیر صحابہ پر اس کا اطلاق یقینی ہے۔

۲۔ لیکن ہمارے زمانے میں ایسے اشخاص پائے جاتے ہیں کہ جہاں کسی نے ابوہریرہ کے بارے میں کچھ کہا اور وہ ان کی نظر میں زندیق بن بیٹھا۔

۳۔ مجلہ المنار۔ ص ۱۰۱۔ ج ۱۹۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ رشید صاحب رحمتہ اللہ نے یہ بات ان مبلغین نصاریٰ کی رد میں کہی ہے۔ جنھوں نے ابوہریرہ اور ابن عباس پر انکی عجیب وغریب احادیث کی بناء پر انتقاد کیا ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

[illegible]

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سے نہ ہو اس لئے کہ ارباب حدیث نے تصریح کی ہے کہ ابوہریرہ نے کعب الاحبار سے بھی روایتیں لیں ہیں۔

یہ ابوہریرہ کی مختصر سی سوانح حیات ہے جس میں ہم نے صرف اس کے بیان پر اکتفا کی ہے اور دور جدید کے اس تحلیلی طرز تحقیق سے کام نہیں لیا ہے۔ حالانکہ ہمیں معلوم ہے کہ آج کل اس تحلیل و تجزیہ کے بغیر کوئی سوانح مکمل نہیں شمار کی جا سکتی اور رجال اور واقعات کے سلسلہ میں اس طرز نو کی پیروی کے بغیر بات مکمل نہیں ہوتی لیکن ہمیں ایسا اس لئے کرنا پڑا کہ ہماری قوم اس منزل پر نہیں پہنچی ہے کہ وہ اس طرح کے کام کے نتائج کو برداشت کر سکے۔ پھر جب موضوع کسی صحابی سے مربوط ہو تو یہ معاملہ اور بھی نازک ہو جاتا ہے کیونکہ ان کے بارے میں تو لوگ یہاں تک کہتے ہیں کہ: یہ سب کے سب عدول ہیں۔ اسی بنا پر کسی کو یہ جرأت نہیں ہوتی کہ علم و برہان و حجت کے ذریعے ان میں سے کسی ایک کی سیرت یا انکی روایات کے بارے میں گفتگو کرے اور ان کے بارے میں یہ بات بھی کہی گئی ہے کہ: افسوس کہ ان کی محفلیں برخاست ہوئیں۔ گویا عدالت و عصمت فقط انہیں میں منحصر تھی۔ وہ بھی اس طرح کہ جیسے وہ درجہ انسانیت سے بالاتر تھے اور یہ لوگ اس سہو و خطا و وہم و اشتباہ سے منزہ تھے جس سے وہ تمام افراد دوچار ہیں۔ مگر جھوٹی بات یا تہمت و بہتان تراشی کے بغیر ہمیں کہنا پڑے گا کہ وہ بھی ان امور سے عاری نہیں تھے۔ اگر ایسا نہیں ہے تو پھر جو کچھ قرآن نے ان کے اعمال و اوصاف کے بارے میں کہا ہے اس کو کس چیز پر محمول کریں گے! ؟ صحابہ سے مخصوص سورۂ منافقین

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کو کیا کہا جائے گا! ؟ سورہ برائت کو جسے سورۂ فاضحہ[۱] بھی کہا جاتا ہے، کیوں کہ اس میں صحابہ کی ایک جماعت کو رسوا کیا گیا ہے. کن افراد کے ساتھ منسوب کیا جائیگا! ؟ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد مرتد ہونے والے افراد کس زمرے میں شمار ہوں گے! ؟ مگر ان تمام معقولات کے باوجود اگر کوئی شخص طرفداران صحابہ کے اس گروہ سے سامنا کر کے اس قسم کے مطالب کو ان کے گوشگذار کرتا ہے تو وہ ان کے غصے، دشنام اور ناسزا گوئی کا شکار بن کر آخر کار مرتد اور زندیق بن جاتا ہے اور سلاح تکفیر کے تیز دھارے اس کو اپنا ہدف بنا لیتے ہیں مگر ہم اس مرحلہ میں بھی ان کے ہم گام بنتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اچھا درست ہے کہ تمام صحابہ معصوم عن الخطا تھے مگر خاص طور پر ابوہریرہ کے سلسلے میں ہم اس قسم کی گفتگو کو ماننے کے لئے ہرگز تیار نہیں ہیں. ان کا معاملہ دیگر صحابہ سے بالکل مختلف ہے کیونکہ اکابر صحابہ نے ان پر جرح کی ہے اور ان کی روایات کو رد کر دیا ہے بلکہ جھٹلایا ہے اور انھیں دروغگو کہا ہے. مختصر یہ کہ جس طرح ہم پہلے کہہ چکے ہیں ابوہریرہ عالم اسلام کے پہلے متہم راوی ہیں۔

۱۔ سورہ برائت کو سورۂ توبہ بھی کہا گیا ہے کیونکہ اس سورہ میں خداوند عالم فرماتا ہے "لقد تاب اللّٰہ علی النبی" الی آخر. بخاری نے سعید بن جبیر سے نقل کیا ہے کہ انہوں نے کہا کہ: میں نے ابن عباس کے سامنے سورۂ توبہ کا نام لیا تو انہوں نے کہا: یہ سورہ فاضحہ ہے کیوں کہ اس میں آیتوں کا ایک سلسلہ ہے جو مسلسل صحابہ کے بارے میں نازل ہوتی رہیں. اس طرح کہ ہمیں ڈر لگنے لگا کہ شاید اب ہم میں سے کوئی بھی ان آیتوں کی زد سے نہ بچ سکے گا۔ اس سورہ کو سورۂ منقرہ بھی کہتے ہیں کیونکہ اس میں منافقین کا پردہ فاش کیا گیا ہے۔ اسی طرح اس سورہ کو مخزیہ، مبثرہ، حافرہ، منکلہ، مدمدمہ، مقشقشہ، مبعثرہ، مشردہ اور سورہ عذاب بھی کہا جاتا ہے۔

(تفسیر کشاف جار اللہ زمخشری - ص ۱۳۶ - ج ۲)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

خاتمۂ

کلام

شیخ المضیرہ کے نام سے یہی وہ کتاب ہے جس کی تالیف میں، میں اللہ سے توفیق کا طالب ہوا اور اس کی بارگاہ میں طلب خیر کی تمنا کی اور جو کچھ میرے بس میں تھا اور جتنا مجھ سے ہو سکا میں نے اس بارے میں تحقیق و تفحص اور وقت نظر سے کام لیا اور خدا کو گواہ بنا کر کہتا ہوں کہ اس امر میں میرا اس کے علاوہ کوئی خاص منشا نہیں تھا کہ لوگ اس صحابی کی سیرت اور تاریخ کے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بارے میں بھی جان لیں جو صحابہ میں ایک خاص وضع کا حامل تھا۔ کیوں کہ میرے نزدیک اس کا جاننا ہر مسلمان کے لئے ضروری ہے۔ اس بنا پر ہم نے ابوہریرہؓ کی قامت سے اس جامۂ روایت کو اتار پھینکا جس کے تلے ان کے بے شمار صفات داعمال مضمر تھے انکی شخصیت اور روش کو بالکل اسی طرح قارئین کرام کی خدمت میں پیش کر دیا جس طرح کہ ہونا چاہیئے تھا خواہ وہ اس دور کی بات ہو جب وہ بکریاں چراتے تھے اور فقط دو وقت کی روٹی کے عوض ابن عفان اور غزوان کی بیٹی بسرہ کی خدمت کیا کرتے تھے یا وہ دور ہو جب پیغمبر صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ کی خدمت میں پہنچ کر انھوں نے اسلام قبول کیا اور جیسا کہ خود ان کا کہنا ہے کہ انکا وقت پیٹ بھرنے اور صفہ میں گذر بسر کرنے میں کٹتا تھا یا اس دور سے متعلق ہو جب وہ علاء الحضرمی کے ساتھ موذن کی حیثیت سے بحرین گئے۔ اور پھر حضرت عمرؓ کی جانب سے والی بحرین مقرر ہوئے اور تھوڑے ہی عرصے کے بعد معزول کر دیئے گئے یا اس کا تعلق اس عہد سے ہو جب بنی امیہ کی حکومت آئی جو اپنے وقت کے بادشاہ تھے اور جن کے ہاتھوں میں امر و نہی، بخشش و حرمان سبھی کچھ تھا کہ اس عہد میں ابوہریرہ۔ مورد نوازش و محبت قرار پائے اور ان کے لئے ایک زمین ذوالحلیفہ اور دوسری عقیق میں الاٹ ہوئی یہاں تک کہ وہ عقیق میں ایک خوبصورت اور عالیشان محل بنانے میں کامیاب ہو گئے مختصر یہ کہ ان پر اتنی بخششوں اور عنایتوں کی بارش ہوئی جس کا وہ خواب میں بھی تصور نہیں کر سکتے تھے۔ اس کے بعد ان کی شادی ایک جلیل القدر خاتون غزوان کی صاحبزادی بسرہؓ سے کر دی گئی جس کے یہاں وہ اپنا پیٹ بھرنے کے لئے ملازم تھے۔ جی ہاں آخر کار ایک بے نام و نشاں زبوں حال خادم نے ایک جلیل القدر اور بااسم و رسم مخدوم کے ساتھ شادی رچالی جو اپنے قبیلہ پر حکمرانی کیا کرتی تھی۔ بایہ ہے اس سنگدل اور غدار زمانے کا طرز سلوک۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بہر حال ہم نے ابو ہریرہ کی تاریخ حیات پر روشنی ڈال کر صاحبان فکر و نظر کے لئے ایک اہم موضوع کو چھیڑ دیا ہے جواب ہر شخص کے لئے موضوع بحث بنا ہوا ہے جس کا اہم ترین حصہ ان کی کثرت روایت ہے جسے انہوں نے براہ راست پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نسبت دی ہے حالانکہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ان کی مصاحبت بہت ہی مختصر رہی ہے۔ اس کے علاوہ ہم نے باوثوق ارباب حدیث کی کتابوں سے یہ بات ثابت کردی ہے کہ وہ اپنی روایات میں تدلیس سے کام لیتے تھے اس لئے ان کی اس طرح کی روایات مراسیل میں شمار ہوتی ہیں اور پھر ہم یہ بھی بیان کر چکے ہیں کہ چونکہ اکابر صحابہ ابو ہریرہ کی روایات میں شان نبوت کے خلاف گفتگو پاتے تھے اسی لئے وہ انھیں متہم قرار دیتے تھے اور یہ اتہام آج بھی اسی طرح ان کے دامن سے وابستہ ہے ہم نے ان تمام مطالب کو دوسری اہم باتوں کے ساتھ اپنی کتاب میں بیان کر دیا ہے تاکہ اس کے صفحات ایک ایسا صاف و شفاف آئینہ بن جائیں جس میں ہر شخص ابو ہریرہ کے چہرے کو ان کے حقیقی روپ میں دیکھ سکے اور اس کی روشنی میں ان کی روایت کے بارے میں صحیح فیصلہ کر سکے۔ یہاں یہ بات بتانا بھی ضروری ہے کہ فطرت و تربیت اور ماحول جس میں ابو ہریرہ نے پرورش پائی تھی ان کی روش اور ان کے گفتار و کردار میں بڑی موثر رہی ہے اور یہ ایک ایسی حقیقت ہے جس میں کسی کو مجال انکار نہیں، چونکہ یہ تمام باتیں ہماری بحث و گفتگو کا محور ہیں اس لئے تھرا جو کچھ ہم نے ابو ہریرہ کی تاریخ حیات کے بارے میں کہا ہے وہ بالکل درست اور بجا ہے ایسی صورت میں چونکہ ابو ہریرہ کی جانب سے ہمارے لئے ان کی نقل کردہ روایات کے علاوہ اور کچھ نہیں بچا ہے اور اسمیں بھی وہ مورد تہمت و تکذیب قرار پاتے ہیں اس کے علاوہ اس طرح کی روایت میں شبہات بھی پائے جاتے ہیں جس کے بارے میں ہم اپنے دور کے لوگوں سے اور نیز جو ہمارے بعد آنے والے ہیں ان سے کہتے ہیں؛ جو

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بھی مذکورہ روایات یا اسی طرح کی دوسری روایات میں کسی ایسے امر کا مشاہدہ کرے جو عقل صریح اور علم صحیح یا حس و تجربہ سے منافات رکھتی ہو یا پھر قرآن حکیم، ذوق سلیم یا اسلام کے مقاصد عالیہ سے اختلاف رکھتی ہو یا یہ کہ اس کا تعلق ایسے مفاہیم سے ہو جو انسان کے دل میں وسوسہ پیدا کرتی ہے اور اس کے دل و دماغ کو مطمئن نہیں کرتی تو اسے چاہیئے کہ وہ اسے ایک طرف رکھ دے اور اسے ہرگز قبول نہ کرے اس پر کسی قسم کا کوئی الزام عائد نہیں کیا جا سکتا کیونکہ ختمی مرتبت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جانب سے درست بیانی، صحیح دستور العمل اور پسندیدہ امور کے علاوہ اور کچھ صادر نہیں ہوتا اور اگر کوئی یہ کہے کہ اگر ابوہریرہ کے علاوہ کسی اور نے بھی اس قسم کی روایتوں کو نقل کیا ہو تو کیا ہوگا تو اس کے لئے بھی ہمارا جواب وہی ہے جو ہم بیان کرتے ہیں۔ خواہ وہ ابوہریرہ ہوں یا غیر ابوہریرہ اس میں کوئی تخصیص نہیں ہے۔ ہم نے ابوہریرہ کو اپنی بحث کا موضوع صرف اس لئے بنایا ہے کہ انہوں نے تمام صحابہ سے زیادہ نقل حدیث کی ہے۔ پھر یہ کہ ان کی منقولہ روایات میں اتنے اشکالات پائے جاتے ہیں جو کسی اور جگہ نہیں ملتے۔ ان اشکالات کی نوعیت بھی ایسی ہے کہ وہ ہر وقت دشمنان اسلام کے لئے ایک اچھا مواد فراہم کرتے رہتے ہیں۔ مختصر یہ کہ اس سلسلے میں آئمہ وارباب حدیث نے تصریح کی ہے کہ.

اصول و ارکان اسلام یہ نہیں کہ جو کچھ کتب روایت میں آیا ہے مسلمان اس پر ایمان لے آئے۔ کیونکہ مذکورہ کتابوں میں جو کچھ آیا ہے وہ بطریق احاد وارد ہوا ہے اور وہ تنہا مفید "ظن" ہے اور ظن و گمان کبھی کسی کو حق سے بے نیاز نہیں کرتا۔ یہی وجہ ہے کہ "عقائد" میں اس طرح کی روایات سے تمسک نہیں کیا جا سکتا۔ کیوں کہ الدلۂ عقائد کو خبر "متواترہ سے لینا پڑتا ہے اور ہمارے پاس اخبار متواترہ کے سلسلے میں قرآن حکیم کے علاوہ اور کوئی کتاب نہیں ہے اور جب بات

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کی نوعیت یہ ہو تو پھر ہر شخص مختار ہے کہ وہ اس طرح کی کتابوں میں وارد ہونے والی روایات میں سے جس کو چاہے قبول کرے اور جسے چاہے ایک طرف رکھدے دونوں حالتوں میں اس پر کسی قسم کا کوئی الزام نہیں آسکتا۔ اس سلسلے میں ہمیں ابو حنیفہ، لیث بن سعد، مالک اور شافعی جیسے پیشوایانِ مذاہب دینی کی تاسی کرنی چاہیئے۔ کیونکہ ان میں سے ہر ایک اپنے لئے ایک حدیث کو قبول کرکے اس پر عمل پیرا ہوتا تھا اور دوسرا اسے رد کرکے کسی اور حدیث کو اپناتا تھا مگر ہر شخص اپنی جگہ درست ہوا کرتا تھا اور جب جمہور کے درمیان مشہور روائیتی کتب ظہور پذیر ہوئے تو تمام مذاہب کے فقہانے انھیں کلی طور پر قبول نہیں کیا بلکہ انہوں نے فقط اپنے ادلۂ مذاہب سے خواہ وہ ان کے محتویات کتب سے مخالف ہی کیوں نہ رکھتے ہوں تمسک کیا ہے مگر اس کے باوجود وہ دین سے خارج نہ ہوئے۔

اور یہی حال اکابرین نحویین کا تھا جو اپنے فن میں احادیث پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو قابل لعنت سے نہیں جانتے تھے بلکہ مسلمانوں کے بہت سے ایسے گروہ ہیں جو مشہور روایتی کتب پر بنیادی طور پر اعتقاد نہیں رکھتے اور روایت و فقہ میں ان کے پاس اپنی کوئی مخصوص کتاب نہیں ہے۔ جس کی وہ پیروی کریں جیسے شیعہ، زیدیہ وغیرہ خاص طور پر فقہ امامیہ جو کسی حدیث کو معتبر نہیں جانتا جب تک کہ وہ اہل بیت اطہار علیہم السلام کے سلسلے سے ان کے جد تک متصل نہ ہو یعنی جس کو حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے انہوں نے اپنے والد بزرگوار امام زین العابدین علیہ السلام سے انہوں نے اپنے والد ماجد امام حسین علیہ السلام سے (انہوں نے اپنے برادر بزرگوار امام حسن علیہ السلام سے) انہوں نے مولائے کائنات حضرت علی علیہ السلام سے اور انہوں نے رسولِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کیا ہو۔ لیکن باوجود روائیتیں ابوہریرہ، سمرہ بن جندب، مروان

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بن الحکم، عمران بن حطان، عمرو بن العاص اور ان جیسے افراد سے منسوب ہوں، وہ فرقہ امامیہ کے نزدیک کوئی اعتبار نہیں رکھتیں[1]. ایسی حالت میں کسی کو حق نہیں پہنچتا کہ وہ ان گروہوں میں سے کسی ایک پر بھی طعنہ زن ہو یا اس کے ایمان میں شک و تردید کرے کیوں کہ وہ سب کے سب اصول اسلام پر معتقد اور حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپؐ کی لائی ہوئی کتاب کے معترف ہیں، مگر ہر قوم کا ایک رہبر اور اس کی ایک الگ راہ ہوا کرتی ہے۔" قاری کو اپنی اس گفتگو پر اطمینان دلانے کے لئے ہم ذیل میں وہ قطعی دلائل اور واضح براہین کو پیش کر رہے ہیں، جو کامل طور پر ہماری گفتگو کی تائید کرتی ہیں اور اسی پر اپنی بحث کو ختم کرنا چاہتے ہیں۔ احمد نے اپنی مسند میں ابوحمید اور ابو اسید سے روایت کی ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب کبھی تم کسی سے ہماری کوئی حدیث سنو اور تمہارے قلوب اس سے آشنا ہوں اور وہ تمہارے ظاہر و باطن میں جذب ہو جائے اور تم اسے اپنے سے قریب پاؤ تو سمجھ لو کہ تمہاری نسبت میں اس سے زیادہ اولیٰ ہوں اور جب کسی ایسی حدیث کو سنو جس سے تمہارے قلوب ناآشنا ہوں اور تمہارا ظاہر و باطن اس سے گریزاں ہو اور تم اسے اپنے سے دور محسوس کرتے ہو تو میں تمہاری نسبت اس سے زیادہ دور ہوں (اس حدیث کی اسناد درست اور صحیح ہیں)۔ حافظ ذہبی تذکرہ الحفاظ میں امیر المومنین علی علیہ السلام کے تذکرہ کے ذیل میں لکھتے ہیں[2]: لوگوں کے لئے کسی ایسی چیز کے بارے میں حدیث کہو جس سے وہ آشنا ہوں اور ناآشنا چیزوں کو ان سے الگ رکھو، کیا تم یہ پسند کرتے ہو کہ خدا اور اس کے رسول کی تکذیب

۱۔ اصل الشیعہ و اصولہا، دسویں اشاعت۔ ص ۱۴۹

۲۔ ص ۲۲۲۔ خداوند عالم مولف کو اس حق گوئی اور پسندیدہ روش پر جزائے خیر عنایت فرمائے۔ (مترجم)

SABEEL-E-SAKINA
www.ziyrat.net
jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ں جائے (اس حدیث کو بخاری نے نقل کیا ہے) ابن مسعود کہتے ہیں: ہم جو بھی حدیث نقل کرتے ہیں اس کی صداقت کے لیے کتاب الٰہی سے گواہی پیش کرتے ہیں[1]۔ ربیع بن خثیم کا کہنا ہے کہ: دن کی روشنی اور چمک کی طرح حدیث کا بھی ایک نور ہوتا ہے۔ جس کے ذریعے آپ اسے مان لیتے ہیں اور تاریکی شب کی طرح ایک ظلمت ہے کہ جسے آپ ہرگز قبول نہیں کریں گے۔ امام ابوحنیفہ اپنی ردکردہ احادیث کے باب میں کہتے ہیں: "یہ جو میں برخلاف قرآن صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل شدہ احادیث کو رد کرتا ہوں تو یہ ردِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نہیں ہے بلکہ یہ اس شخص کا رد ہے جو اس حدیث کو ازروئے باطل آپ سے نقل کرتا ہے۔ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کہی ہوئی ہر بات ہماری سر آنکھوں پر ہے ہمیں اس پر ایمان کامل ہے اور ہم شہادت دیتے ہیں کہ ان کی کہی ہوئی ہر بات حق ہے اور اس بات کی بھی شہادت دیتے ہیں کہ آپ نے ایسی کوئی بات نہیں کہی جو مخالف دستور الٰہی ہو۔ آپ کی ہر بات کلام الٰہی ہے۔ آپ کا تعلق متکفین سے نہیں ہے[2]۔ حدیث کے بارے میں لوگوں کا فریضہ یہی ہے کہ جو بات ان کے قلوب کو مطمئن نہ کر سکے اسے الگ کر دیں اور اس کام میں کسی قسم کی ملامت ان کے گریبان گیر نہ ہو گی، لیکن جس چیز پر بطور کل ایمان لانا ضروری ہے وہ اللہ کی کتاب "قرآن کریم" ہے جس میں ہرگز کسی طرح بھی باطل کو دخل نہیں اور ساتھ ہی وہ احادیث ہیں جو اس کی موافقت میں ہوں۔ یہ ہے اصل مطلب اور مجھے امید ہے کہ میں نے اس کتاب کی تالیف میں حق علم و تاریخ کو ادا کر کے ابوہریرہ کی شخصیت کو کماحقہ آشکار کر دیا ہو گا۔ تاکہ اس ہستی کی تاریخ میں ایک صحیح

۱۔ تفسیر ابن کثیر۔ ص ۵۴۹

۲۔ کتاب مناقب ابوحنیفہ تالیف مکی۔ ص ۹۹

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فضل وجود میں آئے اور اسی کے ساتھ میں بارگاہ رب العزت میں دست بدعا ہوں کہ وہ راہ حق کی پیروی میں ہماری راہنمائی فرمائے اور ہمیشہ سچا نفع رکھنے والی چیزوں میں ہمیں کامیاب بنائے انہ سمیع الدعاء۔

(جیزہ فسطاط۔ شب اول ماہ رمضان ۱۳۸۱ھ ہجری مطابق ۶ فروری ۱۹۶۲ء عیسوی)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ایک اہم گفتگو

اختتام کلام پر ہم اس گفتگو کو ضروری سمجھتے ہیں جو درحقیقت ایک ایسے دقیق نکتہ کا جواب ہے جسے استاد جلیل ڈاکٹر طہٰ حسین نے، میری کتاب "اضواء علی السنۃ المحمدیہ" کی پہلی اشاعت کو پڑھکر بقول خود ان کے مجھے دو مرتبہ یاد دلایا ہے جیسا کہ انہوں نے ۲۵ر نومبر ۱۹۵۸ء کو شائع ہونے والے روزنامہ الجمہوریہ میں اس کی تصریح کی ہے۔ اس ضمن میں استاد موصوف نے اپنے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مقالے میں مذکورہ کتاب اور اس کے مصنف کی تعریف کی ہے اور اسے نیکی سے یاد کیا ہے جس کے لئے مجھے کمال صدق و اخلاص کے ساتھ ان کا شکریہ ادا کرنا چاہیئے۔ رہا وہ دقیق نکتہ جس کی طرف استاد جلیل نے دو مرتبہ میری توجہ معطوف کی ہے وہ یہ ہے کہ ہم داستان حدیث صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں ہمیشہ فعل و انفعلات حدیث اور ان مصیبتوں پر گفتگو کرتے ہیں۔ جو اس کے سر وارد ہوئی ہیں اور جہاں دست جعل و تزویر دراز ہے جس کی تفصیلات ہم مذکورہ کتاب میں کر چکے ہیں۔ حقیقتاً ہم نے اس کتاب کو حدیث کے دفاع میں تالیف کیا ہے حالانکہ ہم نے اسی کتاب میں اس طرح کی احادیث کا دفاع کر کے اثبات مدعا کے دلائل یا جس مطلب کا رد مقصود ہے اس کی نفی میں اسے قرار دیا ہے اور یہ ظاہر امر میں تناقض دکھائی دیتا ہے۔ البتہ یہ نکتہ اسوقت قابل وقت و اعتبار ہے جب ہمیں خود اپنی اشتشہار شدہ احادیث کی صحت پر اعتقاد ہو اور اس بات کا یقین ہو کہ مذکورہ احادیث بالکل درست ہیں اور اس میں کسی قسم کا شک و شبہ نہیں ہے۔ اس تردد اور شبہ کو دور کرنے کے لئے ہم کہتے ہیں یہ جو ہم نے اپنی گفتگو کے درمیان بطور استدلال احادیث کو نقل کیا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ جو حضرات ان روایات کے علاوہ اور کسی استدلال سے ماننے والے نہیں ہیں۔ ان کو اس ذریعے سے قانع کیا جائے کیوں کہ مذکورہ روایات ان کے نزدیک ان مسلمات سے ہیں جس کی وہ تصدیق کرتے ہیں اور ان کے بارے میں کسی قسم کی گفتگو کو روا نہیں سمجھتے اور جب ہم نے اس گفتگو کو چھیڑا ہے تو ساتھ ہی اصول منطق اور اسلوب مناظرہ کا بھی خیال رکھا ہے۔ کیونکہ ان موارد میں ایک قاعدہ مروج ہے جسے "دلیل اقناعی" کہا جاتا ہے اور وہ یہ ہے کہ مقابل کے ساتھ ان وسائل سے احتجاج کیا جائے جو اس کے نزدیک قطعی اور مسلم ہوں جیسے کوئی مسلمان کسی نصرانی سے انجیل کے ذریعہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

استدلال کرے درآں حالانکہ وہ بنیادی طور پر انجیل کا معتقد نہ ہو اس کے علاوہ مد مقابل سے استدلال اور مناظرے کے سلسلے میں ایک باب ہے جسے باب الزام، کہا جاتا ہے اور جس کی مختصر سی تشریح یوں کی جاتی ہے کہ: مد مقابل کو اس محیط میں گھیر لو جسے اسنے اپنے لئے پسند کر رکھا ہے" اور یہ علماء کے درمیان ایک مسلمہ امر ہے جس کے لئے ہم کسی دلیل کی ضرورت محسوس نہیں کرتے: ایسی صورت میں ہماری گفتگو نہ عمومیت رکھتی ہے اور نہ ان تمام احادیث کی تصدیق کرتی ہے جنھیں ہم نے اپنی کتاب میں درج کیا ہے۔ کیوں کہ ان میں بعض علائم صحت سے ہمکنار ہیں اس مفہوم میں کہ یا تو وہ خود قرآن کریم کے ارشادات ہیں۔ یا پھر عقل سلیم ان کو تسلیم کرتی ہے یا یہ کہ نور نبوت کی شعاعیں ان کے درمیان سے پھوٹتی ہیں چاہے یہ شعاعیں ضعیف ہی کیوں نہ ہوں ایسی حالت میں ہم صرف ان احادیث پر بھروسہ کرتے ہیں کہ مذکورہ احادیث عالم روائت میں "احاد" سے تعلق رکھتی ہیں اور درحقیقت ظنی الدلالہ ہیں اور اس طرح وہ درجہ قطعیت تک نہیں پہنچ سکتیں اور دینی عقائد میں ان سے تمسک نہیں کیا جاسکتا۔ اس کے علاوہ یہ احادیث باعتبار معانی روائت ہوئی ہیں نہ ان الفاظ کے ساتھ جنھیں پیغمبر صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ نے اپنے لبہای مبارک سے ادا کیا تھا۔ اس دقیق نکتے کے بارے میں جس طرف ڈاکٹر طہٰ حسین نے ہماری توجہ منعطف کی ہے۔ ہمارا جواب اتنا ہی ہے ہمیں امید ہے کہ ہمارا یہ جواب انھیں اور ان کے ہم عقیدہ تمام دانشمندوں کو مطمئن کر دے گا۔ کیونکہ یہی دانشمندوں کا گروہ میرے لئے کافی ہے اور اس کے علاوہ مجھے کسی سے کوئی سروکار نہیں ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

jabir.abbas@yahoo.com

ضمیمہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ضمیمہ ۱

حضرت سلمان محمدی رضوان اللہ علیہ صحابہ میں سب سے عظیم المرتبت صحابی تھے۔ ان کی اس عظمت و جلالت کے نمونہ کے طور پر ہم اپنے قارئین کی خدمت میں عظیم سنی دانشور اور مشہور اور مستند محقق جناب ڈاکٹر حمید اللہ کی عربی کتاب "الوثائق السیاسیہ" کے اردو ترجمہ ص ۳۳۱ - ۳۳۶ سے حضور ختمی مرتبت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا ایک حکم نامہ پیش کر رہے ہیں۔ جو حضرت سلمان رضوان اللہ علیہ کی جلالت و عظمت کی واضح ترین سند ہے۔ اس کتاب کا یہ ترجمہ جس کے حوالہ سے ہم یہ حکم نامہ پیش کر رہے ہیں مولانا ابو یحیٰی امام خان نوشہروی نے کیا ہے جسے مجلس ترقی ادب نے ۱۹۶۰ عیسوی میں لاہور سے شائع کیا ہے۔

الوثائق السیاسیہ" ڈاکٹر حمید اللہ کا وہ تحقیقی مقالہ ہے جس پر انہوں نے فرانس سے پی، ایچ۔ ڈی کی ڈگری حاصل کی ہے اور جسے تمام مسلمان علماء نے مستند تسلیم کیا۔ نیز اس حکم نامہ کا اصل نسخہ بھی محفوظ ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فرمان نبویؐ

برائے اقارب

سلمان فارسی (المجوسی)

jabir.abbas@yahoo.com



مولف علام نے یہ فرمان حاصل کیا۔ سر جمشید جیتجی بھائی نیت رئیس اعظم از مجوسی ہند بمبئی سے جو کہ ۲۱ ۱۲ یزد مطابق ۱۸۵۱ء میں چھپا (یہ فرمان امیر المومنین علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے قلم سے سرخ رنگ کے چمڑے پر لکھا ہوا ہے۔)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

یہ وثیقہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے ہے۔ مہدی فروح ابن شخسان برادر سلمان رضی اللہ عنہ، ان کے اہل بیت اور جملہ پس ماندگان سلمان مہدی فروح کے لئے۔ ان میں سے جو لوگ اسلام قبول کر لیں اور وہ لوگ بھی جو اپنے قدیم دین پر قائم رہیں دونوں طبقوں کے لئے ہے۔

سلام ھو تم پر!

اللہ تعالیٰ نے مجھے اور تمام بنی نوع بشر کو لا الہ الا اللہ وحدہ لاشریک لہ کہنے کا حکم دیا ہے۔

خدا ہی مخلوق کا پیدا کنندہ اور تمام امور کا سبب ہے اس کے خالق ہونے کے ساتھ تمام مخلوق کی حیات و ممات اس کے ہاتھ میں ہے اور حشر کے بعد سب کو اسی کے سامنے پیش ہونا ہے۔

بالآخر ہر ایک کے لئے زوال و فنا ہے، کل نفس ذائقۃ الموت

اللہ کے امر (حکم) کے خلاف کچھ نہیں ہو سکتا نہ اس کی سلطانی کو زوال کا خطرہ ہے۔ اس کے جلال کی کوئی حد و نہایت نہیں نہ کوئی اس کی بادشاہی میں شریک ہے۔

"سبحان مالک السموات والارض الذی یقلب الامور کما یرید"

(وہ ہر خامی سے منزہ مالک ہے زمین اور آسمان کا اور خود مختار ہے اپنے کاموں کے نفاذ میں)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وہ مخلوق کے اقسام میں تنوع اور اضافہ فرماتا ہے اور منزہ ہے قیل و قال سے، تعریف اس کے اوصاف کا احاطہ کب کر سکتی ہے. ذہن اس کی کنہ کے لئے لاکھ سعی کرے مگر بے سود ہے اس نے اپنی کتاب (قرآن) کو اپنی تعریف سے شروع فرمایا اور ہمارے لئے اس تعریف کو عبادت قرار دیا۔ بندوں کی طرف سے اپنی حمد و شکر پر خوش ہوتا ہے. بنی آدم کی طرف سے اس کی حمد و ثنا اس حد تک پہنچ چکی ہے کہ اس کی حمد کرنے والوں میں سے بھی کوئی اس کا شمار نہیں کر سکتا. میں اس ذات وحدہ لاشریک کا اقرار کرتا ہوں جو ہر عیب و ہنر پر خوبی کے ساتھ نگراں ہے۔

یا ایھا الناس اتقوا و اذکروا اللہ یوم ضغظۃ[۱] الارض ونفح نار الجهنم، والفزع الاکبر والندمۃ والخوف بین یدی رب العالمین انذرکم کما انذر المرسلون لتسئلن عن النباء العظیم ولتعلمن نباء بعد حین.

(اے بنی آدم! خدا سے ڈرو اور اس دن کا تصور کرو جس روز زمین شق ہو جائے گی جہنم کی آتشیں تپش سے فضا گرم نار ہو جائے گی اس خوف ناک دہشت و پشیمانی اور رب العالمین کے حضور جواب طلبی سے میں تمہیں سابقہ رسولوں کی مانند متنبہ کرتا ہوں قیامت کے دن سے جس کا یقین تم بھی ذرا دیر کے بعد کر لو گے.

جو شخص میری رسالت پر ایمان لائے اور مجھ پر خدا کی طرف سے نازل شدہ وحی کی تصدیق کرے وہ ہم میں سے ہے دنیا میں اس سے ہمارا کوئی

۱۔ ض غ ظ ھ غالباً کوئی لفظ نہیں یہ ..... ضغطہ تھا جو ماخذ میں طباعت کی غلطی سے ظ ہوگیا. یہاں اسکے معنی "فشارش" (منتہی الادب) موزوں ہیں. (مترجم)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

متابا نہ ہوگا اور عقبہ میں ملائکہ مقربین اور انبیاء و مرسلین کے پہلو بہ پہلو جنت میں رہے گا۔ عذاب دوزخ سے اسے سدا کے لئے امن اور نجات ہے۔ یہ وعدہ اللہ ہی نے مومنین کے لئے فرمایا: وان اللہ یرحم من یشاء وھو العلیم الحکیم (اللہ تعالیٰ مختار ہے رحم کرنے میں اور وہ رحم کے لئے حکمت کام میں لاتا ہے) عاصی کے لئے اس کی گرفت سخت ہے اور وہ غفور و رحیم ہے۔

(یہ قرآن اگر ہم پہاڑوں پر نازل کرتے تم دیکھتے کہ وہ خشیہ الٰہی سے کس طرح ٹکڑے ٹکڑے ہو کر بکھر جاتے ہیں خدا کا منکر گمراہ اور اس کی طرف سے نازل کردہ دین اور رسول پر ایمان لانے والا بلند درجات پر فائز ہوگا۔

میرے اس فرمان کے مطابق۔ ان لوگوں کے لئے خدا کی امان ہے۔

ان کی اولاد اور مال پر بھی امان ہے جب تک وہ زمین پر آباد ہیں۔

وہ اپنی مقبوضہ زمین کے ہموار اور پہاڑی علاقے، چشموں، چراگاہوں پر ان کا قبضہ اور استحقاق ہمیشہ کے لئے تسلیم ہے ان مراعات میں وہ افراد بھی شامل ہیں جن کے بالواجہ فرمان ہذا پڑھا جائے۔

ہدی فروح اور ان کے پس ماندگان کا فرض ہے کہ وہ اس فرمان میں لکھے ہوئے احکام کی پابندی کا خیال رکھیں۔

مسلمان ان پر ظلم نہ کریں نہ انھیں کسی قسم کی تکلیف میں مبتلا کریں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور ان کے لئے یہ مراعات بھی ہیں۔

۱۔ وہ غلاموں کی مانند پیشانی کے بال نہ کٹوائیں۔

۲۔ اپنا زنار زیب گلو رہنے دیں۔

۳۔ جزیہ انھیں تا قیامت معاف ہے۔

۴۔ ان کے آتش کدوں کی بحالی اور ان کی آمدنی اور فروغ میں انھیں آزادی ہے۔

۵۔ لباس فاخرہ اور ہر قسم کی سواری کا انھیں اختیار ہے۔

۶۔ رہائش کے لیۓ تعمیر مکانات اور اصطبل کی اجازت ہے۔

۷۔ اپنے طریق پر جنازے لے جانے کے مجاز ہیں۔

۸۔ اپنے مذہب کے ہر ایک شعار کی پابندی کا اختیار ہے۔

۹۔ ہمارے تمام ذمیوں کے مقابلے میں وہ معزز و موقر ہیں۔

ان کے لیۓ یہ مراعات سلمان رضی اللہ عنہ کی وجہ سے تمام مومنین رحمہ اللہ پر واجب ہیں ان مراعات پر مجھے وحی الہیٰ سے یہ اطلاع ہوئی ہے کہ :۔

ان الجنۃ لسلمان، اشوق من سلمان الی الجنۃ

(جنت سلمان کے لیۓ ان کی زیارت کی زیادہ مشتاق ہے۔ اس شوق کے مقابلہ میں جو سلمان کو جنت کے بارے میں ہے۔)

سلمان معتمد اور امین و خیر اندیش ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جملہ مومنین کے نزدیک اور وہ ہم ہی میں سے تو ہے۔

اس فرمان میں سلمان کے اہل بیت اور پس ماندگان کے لیے جن مراعات اور احسان کا تذکرہ کیا گیا ہے زنہار کوئی مسلمان ان میں دخل انداز ہو۔ یہ یہ مراعات سلمان کے خاندان میں سے مسلمانان اور ان میں سے اپنے قدیم دین پر قائم رہنے والے ہر دو صنف کے لیۓ یکساں ہیں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مسلمانوں میں سے جو شخص میرے ان احکام پر عمل پیرا ہو اس کے لئے خدا تعالیٰ کی رضامندی ہے اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کرے اس پر تا بہ قیامت خدا کی لعنت ہے۔

جس شخص نے پس ماندگان سلمان کی تعظیم کی اس نے میری تکریم کی اور وہ عنداللہ بھلائی کا حقدار رہا اور جس کسی نے ان کو ایذا پہنچائی اس نے مجھے تکلیف دی میں قیامت کے روز اس سے انتقام لوں گا۔ اس کی جزا جہنم ہے اور میں اس کی شفاعت سے بری ہوں۔

والسلام علیکم والتحیۃ لکم من ربکم

(تم پر سلامتی اور تمہارے رب کی طرف سے انعام ہو)

کاتب : علی بن ابی طالب (آلہ و)

بحکم : رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

بموجودگی۔ ابوبکر، عمر، عثمان، طلحہ، زبیر، عبدالرحمٰن بن عوف سلمان، ابوذر، عمار، حبیب، بلال، مقداد بن اسود بشمول بے شمار مومنین کے۔ رضی اللہ عنہم وعلی الصحابہ اجمعین۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

و عمر نے حدیث بیان کرنے کا منع فرمایا اور مارا ہو
73 پیٹ کی خاطر رسول سے دشمنی کی ۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مہر مدرسۃ المنتظر (رجسٹریشن آفس)

تصدیق صحت متن آیات شیخ المصیرہ

میں نے (شیخ المصیرہ) میں مندرج آیات قرآنیہ کو حرفاً حرفاً پورے غور و امعانِ نظر سے پڑھا۔ میں تصدیق کرتا ہوں کہ ان آیات کے متن میں کوئی کمی بیشی اور کتابت میں کوئی غلطی نہیں ہے۔ انشاء اللہ

حافظ محمد یسین سند یافتہ

امام نائب جامع مسجد لیاقت آباد کراچی

امام نایاب جامعہ مسجد لیاقت آباد کراچی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

انصار حسین واسطی کے اہتمام سے شائع ہونے والی

چند اہم اور معیاری کتابیں

نہج البلاغہ (بزبان انگریزی)

امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام کے کلام پر مشتمل ایک ایسا عظیم الشان مجموعہ ہے جس میں تعمیر انسانیت و اخلاق کی کوشش انسانیت کے لئے دکھوں سے نجات کا فلسفہ اور نوع انسانی کے لئے مکمل ضابطہ حیات موجود ہے۔

مترجم:۔ سید محمد عسکری جعفری قیمت -/۲۰ روپے

اُسوۃ الرسولؐ

حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیات طیبہ پر جلد اول و جلد دوئم۔ جامع اور عظیم کتاب۔

مولف:۔ سید اولاد حیدر فوق بلگرامی قیمت جلد اول -/۳۵ جلد دوئم -/۳

میراثِ انبیاء علیہم السلام

تاریخ کربلا اور قربانی نواسۂ رسولؐ کی منفرد، تعصبات سے اعلیٰ وارفع، مناظرے سے پاک خالص عالمانہ بحث پر مشتمل تاریخ صبر و رضا۔

مولف: سید مجتبیٰ حسین شمس آبادی قیمت -/۲۰ روپے

فقہ اسلامی (مدینہ سے حلہ تک)

اسلامی فقہ کے ارتقائی مدارج اور عہد بہ عہد علماء کے خدمات کا تعارف از: شیخ محمد مہدی آصفی و سید حسین مرتضیٰ

آیات محکمات (حصہ اوّل و دوئم)

(بقیہ حصص زیر طبع ہیں) مولف: سید حسن علی خان
بجواب آیات بیّنات (مولف: نواب محسن الملک) قیمت -/۲۲ روپے

غمِ جاوداں

اُستاد قمر جلالوی کا شاہکار مجموعۂ مراثی
ترتیب:۔ حضرت مجاہد لکھنوی قیمت -/۱۷ روپے

اوجِ قمر

اُستاد قمر جلالوی کا مجموعۂ غزلیات
ترتیب:۔ حضرت مجاہد لکھنوی و انصار حسین واسطی۔ قیمت -/۱۵ روپے

چند زیرِ طبع کتب

طب معصومین تحقیق جدید، صوفی شعراء بارگاہ مرتضوی میں، وادی مہران میں تشیع، مسلم اوّل شہر دان علیؑ، اسوۃ الرسولؐ، مصباح الظلم نیز نادر دستاویز "روح مفکرین شیعہ"

معیاری کتب کی اشاعت کا مرکز **الشہید پرنٹنگ ایجنسی** ۱۸۱/۳ بی۔ لیاقت آباد۔ کراچی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas